وضوء کے مسائل
کا انسائیکلوپیڈیا
حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق
جلد اول
الف - س
مؤلف
مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی
دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
بیت العمار کراچی

وضو کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق

مؤلف

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

(جلد اول)

بیت العمار کراچی

وضو

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف : مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

طباعت : پنجم ۱۴۴۲-۲۰۲۰

ای میل: baitulammar2004@gmail.com
qaasmiesencyclopedia2004@gmail.com

ملنے کے پتے

ملک بھر کے مشہور کتب

خانوں میں دستیاب ہیں

ناشر

بیت العمار کراچی

نوارنی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔ ۷۴۴۰۰

0333-3136872, 0302-2205466
0333-3845224

فہرست

صفحہ نمبر	عنوان
۶۲	آرام کی جگہ پر پاخانہ پیشاب کرنا
۶۳	آسمان کی طرف دیکھنا
۶۳	آسمان کی طرف دیکھنا وضو کے بعد
۶۳	آسمان کی طرف منہ اٹھانا
۶۳	آسمانی کتابوں کو چھونا
۶۴	آشوب چشم
۶۵	آگ پر پکی ہوئی چیز
۶۵	آگے کے مقام کو پہلے دھوئے یا پیچھے کے
۶۶	آمدورفت کی جگہ
۶۶	آنت
۶۶	آنسو
۶۷	آنکھ
۶۹	آنکھ سے پانی خارج ہوتا ہے
۶۹	آنکھ سے مواد خارج ہوتا ہے
۶۹	آہستہ سے چہرہ پر پانی مارے
۶۹	''آیۃ الکرسی'' پڑھنا وضو کے بعد
۶۹	آیت لکھی ہوئی ہو

صفحہ نمبر	عنوان

عنوان	صفحہ نمبر

صفحہ نمبر	عنوان

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر
«.....د.....»	

صفحہ نمبر	عنوان

صفحہ نمبر	عنوان

صفحہ نمبر	عنوان

صفحہ نمبر	عنوان

صفحہ نمبر	عنوان

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر

باسمہ تعالیٰ

عرضِ مؤلف

دین اسلام میں وضو کا بہت بڑا مقام ہے، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اس کے بارے میں آیت نازل فرمائی، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت ساری احادیث بیان فرمائیں، ائمہ کرام اور مجتہدین نے بے شمار مسائل نکالے، ان سے وضو کی اہمیت خود بخود واضح ہو جاتی ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وضو نماز کی کنجی ہے، اس کے بغیر نماز درست نہیں ہوتی، اگر کوئی شخص وضو کے بغیر نماز پڑھنے کو جائز سمجھے گا تو وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا، اور اگر بے وضو نماز کو جائز تو نہیں سمجھتا لیکن سستی کی وجہ سے وضو کے بغیر نماز پڑھ لیتا ہے تو قبر میں سخت عذاب ہوگا۔ اس لئے وضو کے مسائل کو سمجھنا، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق وضو کر کے نماز پڑھنا ضروری ہے، ورنہ وضو شریعت کے مطابق نہ ہونے کی صورت میں نماز نہیں ہوگی، اور آخرت میں سخت عذاب ہوگا، اور آخرت کے عذاب کو برداشت کرنا کسی فرد بشر کے بس کی بات نہیں ہے۔

موجودہ دور میں اسکول، کالج اور یونیورسٹی میں خاطر خواہ دینی تعلیم نہ ہونے کی وجہ سے عمر گزر جاتی ہے، آدمی بوڑھا ہو جاتا ہے، ڈاڑھی سفید ہو جاتی ہے، اعضاء کمزور ہو جاتے ہیں، دنیا کے سرد و گرم کا پختہ تجربہ ہوتا ہے، مگر دینی مسائل کے بارے میں صفر اور زیرو ہوتا ہے، نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وضو اور غسل اور نماز صحیح نہیں ہوتی، مگر صحیح نہ ہونے کا احساس بھی نہیں ہوتا، مثلاً ایک مسجد کے ایک نمازی کے بارے میں یہ معلوم ہوا کہ وہ نماز تو پڑھتا ہے، لیکن نماز کے درمیان کبھی کبھار اگر گیس خارج ہو جائے تو وضو نہیں کرتا، بلکہ نماز کو جاری رکھتا ہے، اور سنت، نوافل وغیرہ پوری نماز سے فارغ ہو کر گھر جاتا ہے، آخر اس کے

[illegible] بوڑھا
[illegible] اور اس نے اس [illegible]
[illegible]
[illegible] آپ کا وضو ٹوٹ گیا ہے، لہٰذا آپ نے وضو نہیں کیا اور
[illegible]
[illegible] تو اس بوڑھے میاں نے تعجب سے جواب دیا، اچھا! ایسا کیں
[illegible] خارج ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ میں تو یہی سمجھتا تھا کہ اس سے وضو نہیں ٹوٹتا، میں
نے تو پوری زندگی گزار دی، اور نماز بھی پڑھتا رہا، اور نماز کے دوران یا اس سے پہلے یا بعد
میں گیس خارج ہوئی تو کبھی بھی دوبارہ وضو نہیں کیا۔

اس کے برعکس ایک بوڑھا آدمی دارالافتاء میں حاضر ہوا، اور ایک مسئلہ دریافت کیا، اور وہ مسئلہ اتنا بڑا مسئلہ نہیں تھا، البتہ اس نے بہت ہی زیادہ اہمیت کے ساتھ پوچھا، کہنے لگے کہ آج کل نئے نئے مولوی بن رہے ہیں اور نئے نئے مسائل بیان کر رہے ہیں، ہم اس کی بات اور انداز سے محسوس کرنے لگے کہ شاید کوئی بہت ہی زیادہ اہم مسئلہ ہوگا جس کی وجہ سے بڑے میاں جوش میں ہیں۔ ہم نے پوچھا وہ نئے نئے مسائل کیا بیان کر رہے ہیں؟ تو اس نے بڑے تعجب سے کہا کہ ایک نئے مولوی صاحب نے مسئلہ بیان کیا کہ گیس خارج ہونے کے بعد غسل کرنے کی ضرورت نہیں، صرف وضو کرنا کافی ہے، حالانکہ ہم تو پوری زندگی گیس خارج ہونے کے بعد غسل کرتے آرہے ہیں۔

یہ ہمارے لوگوں کا حال ہے، ایک تو گیس خارج ہونے کے بعد وضو بھی نہیں کر رہا ہے اور دوسرا گیس خارج ہونے کے بعد غسل کر رہا ہے، حالانکہ ہم مسلمان ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی ہونے کے دعوے دار ہیں، لیکن دین وشریعت کے مسائل سے اتنے زیادہ نا آشنا ہیں کہ جس پر جتنا افسوس کیا جائے کم ہے! حالانکہ ایک دینی مسئلہ معلوم کرنے کا اجر وثواب ایک ہزار رکعات نفل نماز سے زیادہ ہے، اور دینی مسائل کی ایک مجلس ساٹھ سال کی عبادت سے زیادہ بہتر ہے، حدیث شریف ہے کہ: ”اللہ تعالیٰ جس سے خیر و بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو دین کی سمجھ دیتا ہے“، اور وہ دینی مسائل کا عالم بنتا ہے۔

اس لئے بندہ نے وضو کے مسائل کو اپنی استطاعت کے مطابق حروف تہجی کی ترتیب سے مرتب کیا ہے، اللہ تبارک وتعالی اپنے فضل وکرم سے اس کتاب کو قبول فرمائے، اور اس سے افادہ اور استفادہ عام فرمائے، آمین۔

حضرات ائمہ کرام اور خطبہ عظام سے التماس ہے کہ روزانہ مساجد میں فجر یا عصر کی نماز کے بعد نمازیوں کے مجمع میں صرف ایک مسئلہ بیان کریں، اور جمعہ کی نماز میں خطبہ کی اذان سے پہلے پانچ منٹ مسائل بیان کریں ان شاء اللہ بہت ہی زیادہ فائدہ ہوگا اور عوام کی تربیت بھی ہوگی اور دنیا وآخرت دونوں جہاں میں کامیابی بھی ہوگی، اور ثواب کا بہت بڑا ذخیرہ بھی جمع ہوگا۔

آخر میں ان تمام حضرات کا شکر گزار ہوں جن کے تعاون سے یہ کتاب طباعت کے قابل ہوئی، خاص طور پر مفتی عمران ممتاز صاحب کا کہ انہوں نے پوری کتاب کی تخریج میں تعاون کیا، اور مفتی غلام مصطفی صاحب کا کہ انہوں نے کمپوز کرنے میں تعاون کیا، اور مفتی محمد ولی اللہ حسین صاحب کا کہ انہوں نے تصحیح کرنے میں تعاون کیا، اور عزیزم محمد مرزوق انعام سلمہ کا کہ انہوں نے سیٹنگ کرنے میں تعاون کیا، اسی طرح دیگر ان تمام افراد کا جنہوں نے کسی بھی اعتبار سے تعاون کیا، ان سب کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں، اللہ تعالی ان سب کو اجرِ عظیم عطا فرمائیں، آمین!

کتبہ

محمد انعام الحق قاسمی

دار الافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

۱۴۳۷/۱۱/۲۴ھ

مقدمہ

ایمانیات کے بعد اسلام کے اعمال میں سب سے اہم عمل نماز ہے، اور نماز صحیح ہونے کے لیے طہارت شرط ہے، طہارت انسان کا کمال ہے اور ایمان کا آدھا حصہ ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ طہارت اور پاکیزگی کی حالت کو پسند فرماتے ہیں، چنانچہ مسواک کے بارے میں حدیث شریف میں ہے کہ وہ منہ کی صفائی کا اور پروردگار کی خوشنودی کا ذریعہ ہے۔

طہارت کی وجہ سے اللہ کی رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور انسان فرشتوں کے رنگ میں رنگ جاتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کی مقدس بارگاہ کے انوارات سے ہم کنار ہو جاتا ہے، جس سے دل میں خوشی اور سرور کی ایک کیفیت حاصل ہو جاتی ہے۔

طہارت میں بے شمار فوائد ہیں

طہارت میں بے شمار فوائد ہیں، ان میں سے چند یہ ہیں:

① طہارت ایک فطری چیز ہے، کیونکہ یہ ترقی یافتہ شہری تمدن وتہذیب کا ایک اہم مسئلہ ہے۔

② طہارت فرشتوں کے قریب کرنے والی اور شیاطین سے دور کرنے والی ایک صفت ہے، اور انسان کی معراج کا کمال یہ ہے کہ وہ فرشتوں میں شامل ہو جائے اور شیاطین سے دور ہو جائے، اس کی وجہ یہ ہے کہ فرشتے پاک مخلوق ہیں، وہ پاکی کا اہتمام کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں، ناپاک رہنے والوں کو پسند نہیں کرتے اور شیطان پاک نہیں ہے اس لئے وہ ناپاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

③ طہارت قبر کے عذاب کو ہٹاتی ہے، اور ناپاکی قبر کے عذاب میں گرفتار کرتی ہے، حدیث شریف میں ہے کہ پیشاب سے بچو، کیونکہ قبر کا زیادہ تر عذاب اس

[illegible] (۳)

[illegible]

(۴) طہارت [illegible]

[illegible] اس سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہو جاتا ہے [illegible] (۱۰۹) [illegible] اللہ تعالیٰ خوب پاک ہونے والوں کو پسند فرماتے ہیں [illegible] تمام اعمال سے [illegible] اللہ تعالیٰ کا خاص قرب حاصل کرنا ہے لہٰذا ہمیشہ طہارت اور پاکی کا اہتمام کرنا چاہیے۔

۵ وضو اور غسل کی طہارت کی وجہ سے نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور گناہ معاف ہوجاتے ہیں، متعدد احادیث میں اس کا تذکرہ موجود ہے، کیونکہ جب طہارت کی صفت انسان کی فطرت بن جاتی ہے تو انسان میں ملکوتی انوار کا ایک بڑا حصہ جمع ہوجاتا ہے، یہ ان نیکیوں کا نتیجہ ہے جو طہارت کے حصول پر عطا کی جاتی ہیں، اور حیوانیت اور بہیمیت کی تاریکی کا بڑا حصہ مغلوب ہوجاتا ہے، یہ ان گناہوں کی معافی کا اثر ہے۔

۶ طہارت، سعادت اور نیک بختی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور طہارت کا اہتمام دنیا کے کاموں میں مشغول ہوکر آخرت کو بھولنے سے بچاتا ہے۔

۷ طہارت کے اہتمام سے طبیعت، عقل کے تابع ہوجاتی ہے۔[1]

---

(۱) والطهارة : باب من أبواب الارتفاق الثاني، الّذي يتوقف كمال الإنسان عليه، وصار من جبلتهم، وفيها قرب من الملائكة، وبعد من الشيطان وتدفع عذاب القبر، وهو قوله صلى الله عليه وسلم: " استنزهوا من البول، فإنّ عامة عذاب القبر منه " ولها مدخل عظيم في قبول النفس لون الإحسان، وهو قوله تعالى: ﴿ والله يحبّ المطّهّرين ﴾ وإذا استقرّت في النفس وتمكّنت منها، تقررت فيها شعبة من نور الملائكة، وانقهرت شعبة من ظلمة البهيمة وهو معنى كتابة الحسنات، وتكفير الخطايا، وإذا جعلت رسما نفعت من غوائل الرسول، وإذا حافظ صاحبها على ما فيها من هيئات يؤاخذ الناس بها أنفسهم عند الدخول على الملوك، وعلى النيّة المستصحبة، والأذكار، نفعت من سوء المعرفة، وإذا عقل الإنسان، ان هذا كماله، فأداب جوارحه حسبما عقل، من غير داعية حسية، وأكثر من ذلك، كانت تمرينًا على انقياد الطبيعة للعقل. والله اعلم (حجة الله البالغة : (۱/ ۷۲) باب أسرار الوضوء والغسل، ط: كتب خانه رشيديه دهلي)

آخری امت کا حساب کتاب سب سے پہلے

ایک حدیث میں ہے کہ:

ہم دنیا والوں کے لحاظ سے آخری امت ہیں، مگر قیامت میں ہم سب سے پہلے لوگ ہوں گے کہ تمام مخلوق سے پہلے ہمارا حساب وکتاب کیا جائے گا۔

ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں:

ہم آخری امت ہیں، لیکن ہمارا حساب کتاب سب سے پہلے ہوگا، دوسری تمام امتیں ہمارے لیے راستہ چھوڑ کر ایک طرف ہوجائیں گی، اور ہم پاکیزگی اور طہارت کے اثر سے بڑی آسانی سے وہاں گزریں گے۔

ایک اور روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ: وضو کی برکت اور اثر سے ہم وہاں سے سہولت سے گزر جائیں گے، تب دوسری امتیں کہیں گی، یہ ساری امت تو ایسی ہے جیسے سب نبی ہوں۔ (۱)

ایک اور روایت کے الفاظ اس طرح ہیں کہ "ہم سجدوں کے اثر سے روشن اور وضو کے اثر سے جگمگاتے ہوئے چہرے لئے وہاں سے بڑھتے جائیں گے"۔ (۲)

بے وضو نماز پڑھی تھی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

---

(۱) ولي رواية: نحن الآخرون من أهل الدنيا والأولون يوم القيامة، المقضي لهم قبل الخلائق.

وفي رواية: نحن آخر الأمم، وأوّل من يحاسب، تنفرج لنا الأمم عن طريقنا فنمضي غرّ محجلين من أثر الطهور.

وفي رواية من آثار الوضوء، فتقول الأمم: كادت هذه الأمة أن تكون أنبياء كلها.

(السيرة الحلبية: (۳۲۹/۱) باب بيان حين المبعث، وعموم بعثه صلى الله عليه وسلم، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) وفي رواية: "غرا من أثر السجود محجلين من أثر السجود. (السيرة الحلبية: (۳۲۹/۱) باب بيان حين المبعث وعموم بعثه صلى الله عليه وسلم، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص متقی اور پرہیزگار تھا، جب اس کا انتقال ہوا اور دفن کرکے سب لوگ روانہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے عذاب کے فرشتے کو حکم دیا کہ اس کو سو درے مارو، فرشتوں نے درہ مارنے کا ارادہ کیا تو اس نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کا تابعدار اور عبادت گزار بندہ ہوں، پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کی حکم ہوا کہ اس کو پچاس درے مارو پھر دعا کی اور درہ میں کمی ہوئی، یہاں تک کہ حکم ہوا کہ ایک درہ مارو، فرشتے نے ایک درہ مارا تو اس کی قبر آگ سے بھر گئی اور عذاب قبر میں مبتلا ہوا، جب بندہ افاقہ ہوا تو فرشتے سے پوچھا کہ مجھے کس گناہ کے عوض درہ مارا گیا ہے، فرشتے نے جواب دیا کہ ایک دن تو نے وضو کے بغیر نماز پڑھی تھی، اور تو ایک دن مظلوم کے پاس سے گزرا وہ فریاد کرتا تھا، تو نے اس کی مدد نہیں کی۔ (۱)

وضو، غسل کا حکم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں بھی تھا

وضو اور غسل کا طریقہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں موجود تھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درمیان کافی لمبا زمانہ گزرنے کی وجہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت آہستہ آہستہ مٹ گئی، اور عربوں میں رواج کی صورت میں تھوڑی چیزیں باقی رہ گئی تھیں، اسلام نے ملت ابراہیمی کو

---

(۱) واخرج ابن ابی شیبة، وهناد، وابن ابی الدنیا، عن عمرو بن شرحبیل، قال: مات رجل، یرون ان عنده ورعا، فأتی فی قبره، فقیل: انا جالدوک مائة جلدة من عذاب الله، فقال: لم تجلدونی؟ لقد كنت اتوقی اتورّع، فقیل: خمسون، فلم یزالوا یناقصون حتی صار الی جلدة، فجلد، فالتهب القبر علیه نارا، وهلك الرجل ثم اعید فقال: لم جلدتمونی؟ قال: صلیت یوما وانت علی غیر وضوء، ومررت بمظلوم یستغیث فلم تغثه.

واخرج البخاری وابو الشیخ فی كتاب التوبیخ، عن ابن مسعود عن النبی ﷺ قال: أمر بعبد من عباد الله ان یضرب فی قبره مائة جلدة، فلم یزل یسأل الله ویدعوه حتی صارت واحدة، فامتلأ قبره علیه نارا، فلما ارتفع عنه افاق، فقال: علام جلدتمونی؟ قالوا انك صلیت صلاة بغیر طهور ومررت علی مظلوم فلم تنصر. (شرح الصدور بشرح حال الموتی والقبور: (ص: ۲۰۹) باب عذاب القبر، ط: المكتبة التوفیقیة، مصر)

ختم نہیں کیا جاتا، اس کو بحال کیا ہے، اس لئے بعض علماء نے لکھا ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں بھی عرب ناپاکی کی حالت میں غسل کیا کرتے تھے، اور غسل کے دوران کلی کرنے، ناک میں پانی دینے اور مسواک کرنے کی پابندی کیا کرتے تھے۔[1]

اسلام میں وضو کی ابتداء

ابن اسحاق سے روایت ہے کہ بعض علماء نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نماز فرض ہوئی یعنی معراج سے کافی پہلے، تو حضرت جبرئیل علیہ السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اس وقت آپ مکہ کے بالائی حصے میں تھے، جبرئیل علیہ السلام نے وادی کے ایک حصے میں اپنی ایڑی ماری، جس سے اسی وقت وہاں پانی کا ایک چشمہ پھوٹ نکلا، پھر جبرئیل علیہ السلام نے اس چشمے سے وضو کیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے رہے کہ نماز کے لیے کیسے پاکی حاصل کی جاتی ہے، جبرئیل علیہ السلام نے وضو میں اپنا منہ دھویا، پھر کہنیوں تک ہاتھ دھوئے پھر اپنے سر کا مسح کیا اور ٹخنوں تک اپنے پیر دھوئے، جب کہ بعض روایات میں یہی الفاظ ہیں۔

ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پہلے تین مرتبہ اپنے ہاتھ دھوئے، پھر کلی کی، پھر ناک میں پانی ڈالا، پھر منہ دھویا، پھر کہنیوں تک اپنے ہاتھ دھوئے، پھر اپنے سر کا مسح کیا، اور پھر اپنے پیر دھوئے، اور یہ سب کام تین تین بار کیے، اس کے بعد انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا، اور جبرئیل علیہ السلام کی طرح آپ نے بھی وضو کیا۔

اسکے بعد جبرئیل علیہ السلام نماز کے لئے کھڑے ہوئے اور ان کے ساتھ

---

(۱) وفي كلام بعضهم: كانت العرب في الجاهلية يغتسلون من الجنابة ويداومون على المضمضة والاستنشاق والسواك، والله اعلم. (السيرة الحلبية: (۲۷۲/۱) باب ذكر وضوئه و صلاته صلى الله عليه وسلم لأول البعثة، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی دو رکعت نماز پڑھی۔ (۱)

ابتداء میں ہر نماز کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر الگ الگ وضو کرنا ضروری تھا

حدیث شریف میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لئے علیحدہ وضو کیا کرتے تھے، جیسا کہ آیت کے ظاہری الفاظ سے یہ مطلب نکلتا ہے، آیت کے الفاظ یہ ہیں کہ ''اے ایمان والو! جب تم نماز کو اٹھنے لگو تو اپنے چہرے دھو لیا کرو اور کہنیوں تک ہاتھ بھی......الخ''، ان الفاظ سے ظاہری مطلب یہی نکلتا ہے کہ جب بھی نماز کے لیے کھڑے ہوں تو وضو کرنا چاہیے، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہر نماز کے لئے علیحدہ وضو کیا کرتے تھے، لیکن فتح مکہ کے دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی بار ایک ہی وضو سے پانچوں نمازیں پڑھیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ نئی بات دیکھی تو آپ سے عرض کیا: ''آپ نے آج ایک ایسی بات کی ہے جو پہلے آپ نے کبھی نہیں کی!'' آپ نے فرمایا: ''اے عمر! میں نے ایسا جان بوجھ کر کیا ہے''۔

یعنی جان بوجھ کر ایسا کیا ہے تا کہ امت کو یہ معلوم ہو جائے کہ اگر وضو توڑنے والی کوئی بات پیش نہ آئے تو ایک وضو سے پانچوں نمازیں بھی پڑھی جا سکتی ہیں۔

اس بات سے یہ ظاہر ہو گیا کہ ہر نماز کے لئے علیحدہ وضو کرنے کا جو حکم تھا وہ

---

(۱) فعن ابن اسحٰق : حدثني بعض اهل العلم " ان الصلاه حين افترضت على النبى صلى الله عليه وسلم : اى قبل الاسراء اتاه جبرئيل ورسول الله صلى الله عليه وسلم بمكة فهمز له بعقبه في ناحية الوادي فانفجرت منه عين، فتوضأ جبرئيل ورسول الله صلى الله عليه وسلم ينظر ليريه كيف الطهور ـ اي الوضوء للصلاة ـ اي فغسل وجهه ويديه إلى المرفقين ومسح برأسه وغسل رجليه إلى الكعبين " كما في بعض الروايات اي وفي رواية : " فغسل كفيه ثلاثًا " ثم تمضمض واستنشق، ثم غسل وجهه، ثم غسل يديه إلى المرفقين، ثم مسح رأسه، ثم غسل رجليه ثلاثًا ثلاثًا، ثم امر النبيَّ صلى الله عليه وسلم فتوضأ مثل وضوئه ..... ثم قام جبرئيل فصلى به صلى الله عليه وسلم ركعتين الخ. (السيرة الحلبية : (۳۷٦/۱) ، باب ذكر وضوئه و صلاته صلى الله عليه وسلم اوّل البعثة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

اس وقت منسوخ ہوگیا۔ (۱)

وضو کب فرض ہوا؟

حدیث شریف میں ہے کہ جب حضرت جبرئیل علیہ السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو "اقراء باسم ربک الله الذی خلق پڑھوا" چکے تو انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: "پہاڑ سے نیچے اتر آیئے!"

چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ پہاڑ سے اتر کر نیچے میدانی جگہ پر آگئے، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اس کے بعد جبرئیل علیہ السلام نے مجھے ایک قالین پر بٹھایا اور پھر اپنا پیر زمین پر مارا جس سے فوراً اس جگہ سے پانی کا ایک چشمہ پھوٹ نکلا اور جبرئیل علیہ السلام نے اسے وضو کیا۔

اس سے معلوم ہوا کہ پانچ نمازوں سے پہلے جو نماز فرض ہوئی اس کے ساتھ ہی وضو بھی فرض ہوا، اور یہ اس وقت کی بات ہے جب جبرئیل علیہ السلام "اقراء......الخ" لے کر آئے تھے۔

علامہ ابن عبد البر رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ اس پر تمام سیرت نگاروں کا اتفاق

---

(۱) وجاء انه صلى الله عليه وسلم كان يتوضا لكل صلاة، اي عملاً بظاهر قوله تعالى: ﴿إذا قمتم إلى الصلاة﴾ [المائدة: ٦] فلما كان يوم الفتح صلى الصلوات الخمس بوضوء واحد، فقال له سيدنا عمر رضي الله تعالى عنه: لقد صنعت شيئاً لم تكن تفعله، فقال عمداً فعلته يا عمر" اي للاشارة إلى جواز الاقتصار على وضوء واحد للصلوات الخمس، وجواز ذلك ظاهر في نسخ وجوب الوضوء عليه لكل صلاة، ويوافقه قول بعضهم: قيل كان ذلك الوضوء لكل صلاة واجبا عليه ثم نسخ، هذا كلامه: اي ويؤيد ذلك ظاهر ماجاء انه امر بالوضوء لكل صلاة طاهرًا كان او غير طاهر، فلما شق ذلك عليه صلى الله عليه وسلم وضع عنه الوضوء الا من حدث، اي ويكون وقت المشقة يوم فتح مكة، لما علمت انه لم يترك الوضوء لكل صلاة الاحتياط وهذا السياق يدل على ان وجوب الوضوء لكل صلاة كان من خصوصيته صلى الله عليه وسلم. (السيرة الحلبية: (١/ ٣٧٩) باب ذكر وضوئه وصلاته صلى الله عليه وسلم اول البعثة، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی وضو کے بغیر نماز نہیں پڑھی، اس کا مطلب یہ ہے کہ وضو مکہ میں فرض ہوا تھا، اور اسی وقت فرض ہوا تھا جب معراج سے پہلے دو نمازیں فرض ہوئی تھیں، البتہ سورۂ مائدہ کی آیت: ٦، مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اور وہ آیت یہ ہے:

﴿يايها الّذين آمنوا إذا قمتم إلى الصلوٰة فاغسلوا وجوهكم وأيديكم إلى المرافق وامسحوا برؤوسكم وأرجلكم إلى الكعبين﴾

[المائدة: ٦، ركوع: ٥، پارة: ٦]

اس سے معلوم ہوا کہ وضو ہجرت سے تیرہ سال پہلے مکہ میں فرض ہوا، لیکن قرآن مجید کی آیت تیرہ سال بعد مدینہ منورہ میں ہجرت کے بعد نازل ہوئی اس سے بظاہر اختلاف نظر آتا ہے۔

اس اختلاف کا جواب دیتے ہوئے علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے ''الاتقان'' میں لکھا ہے کہ سورۂ مائدہ کی یہ آیت ان آیتوں میں سے ہے جن کا حکم پہلے آچکا تھا، اور آیت بعد میں نازل ہوئی۔

بہر حال علماء کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سورۂ مائدہ کی یہ آیت مدنی ہے، یعنی مدینہ میں نازل ہوئی اور وضو مکہ میں نماز کیساتھ فرض ہوا، اب یہ کہنا پڑے گا کہ وضو فرضیت کے لحاظ سے تو مکی ہے، اور آیت تلاوت کے لحاظ سے مدنی ہے۔

واضح رہے کہ ایک چیز کا حکم پہلے نازل ہونے کے بعد اس کے متعلق بعد میں آیت نازل کرنے کی حکمت یہ ہے کہ اس حکم کا قرآنی ہونا ثابت ہوجائے۔ (1)

... وماجاء "أنه لما اقرأه" ﴿اقرأ باسم ربك﴾ [العلق: ١] قال له جبرئيل: انزل عن الجبل، فنزل معه إلى قرار الأرض قال: فاجلسني على درنوك ـ بالدال المهملة والراء والنون: أي وهو نوع من البسط ذو حمل ـ ثم ضرب برجله الأرض فنبعت عين ماء، فتوضأ منها جبرئيل" الحديث. =

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو وضو اور نماز کی تعلیم

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، جبرئیل علیہ السلام سے وضو اور نماز کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد گھر تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سارا واقعہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو سنایا، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے یہ سن کر (اپنے عظیم شوہر پر اللہ کی رحمت اور یہ اعزاز دیکھ کر) خوشی سے پھولی نہیں سمائی، اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سامنے وضو کیا تاکہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو بھی بتلادیں کہ نماز پڑھنے کے لئے کس طرح پاکی حاصل کی جاتی ہے، جیسا کہ جبرئیل علیہ السلام نے آپ کو بتلایا تھا۔

یہ دیکھ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے بھی اسی طرح وضو کیا جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا، پھر آپ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو اپنے ساتھ کھڑا

= لمشروعية الوضوء، كانت مشروعية الصلاة التي هي غير الخمس، وان ذلك كان في يوم نزول جبرئيل بالوحي، وهو مخالف لقول ابن حزم: لم يشرع الوضوء الا بالمدينة.

ومما يرد ما قاله ابن حزم نقل ابن عبد البرّ اتفاق أهل السير على انه لم يصل صلى الله عليه وسلم قط الا بوضوء، قال: وهذا مما لايجهله عالم. هذا كلامه، الا أن يقال مراد ابن حزم انه لم يشرع وجوبا الا في المدينة، وهو الموافق لقول بعض المالكية انه كان قبل الهجرة مندوبا: اي وانما وجب بالمدينة بآية المائدة: ﴿ يايها الذين آمنوا اذا قمتم الى الصلوة فاغسلوا وجوهكم وايديكم ﴾ [المائدة: ٦] الآية.

ويرده ما في الاتقان ان هذه الآية تاخر نزوله عن حكمه يعني قوله تعالى: ﴿يايها الذين آمنوا اذا قمتم الى الصلوة فاغسلوا﴾ [المائدة: ٦] الى قوله: ﴿لعلكم تشكرون﴾ [المائدة: ٦] فالآية مدنية اجماعا، وفرض الوضوء كان بمكة مع فرض الصلاة: اي فالوضوء على هذا مكي بالفرض، مدني بالتلاوة.

قال: والحكمة في ذلك: اي في نزول الآية بعد تقدم العمل ليتبدّ عليه ان تكون فرضيته متلوة هذا كلامه. (السيرة الحلبية: (١/٣٧٧، ٣٧٨) باب ذكر وضوئه وصلاته صلى الله عليه وسلم اول البعثة. ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

کر کے نماز پڑھائی جیسا کہ جبرئیل علیہ السلام نے آپ کو پڑھوائی تھی۔ (۱)

حافظ دمیاطی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ اس دن کا ہے جس دن جبرئیل علیہ السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس "اقراء" کی وحی لے کر آئے تھے۔ اس لئے کہ حافظ دمیاطی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت (یعنی نبوت کا ظہور) پیر کے دن ہوا، اور پیر کے دن کے آخری حصہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت خدیجہ نے نماز پڑھی۔ (۲)

غسل اور وضو میں اعضاء کو دھونے کے اعتبار سے فرق

جنابت سے پاک ہونے کے لئے تمام اعضاء کو دھونا ضروری ہے، اور حدث سے پاک ہونے کے لیے پورے بدن کو دھونا ضروری نہیں، صرف تین اعضاء کو دھونا اور ایک عضو پر مسح کرنا ضروری ہے، حالانکہ دونوں حالتوں میں جسم سے نجاست باہر آتی ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ جنابت کی حالت میں چونکہ آدمی سر سے لے کر پیر تک لذت میں غرق ہو جاتا ہے اور اللہ کے ذکر سے غفلت میں گم ہو جاتا ہے، اس لیے جنابت کو دور کرنے کے لیے تمام بدن کا دھونا فرض ہوا، اور وضو میں صرف تین اعضاء کو دھو کر اور ایک عضو کو مسح کر کے پاکی حاصل کرنے کا حکم ہوا، کیونکہ پیشاب اور پاخانہ میں جنابت جیسی لذت اور غفلت نہیں ہوتی، اس لیے دونوں کے حکم میں فرق ہے۔

---

(۱) ولما صلى رسول الله عليه وسلم بصلاة جبرئيل ، قال جبريل هكذا الصلاة يا محمد، ثم انصرف جبريل، فجاء رسول الله صلى الله عليه وسلم خديجة وأخبرها، فغشي عليها الفرح، فتوضأ لها ليريها كيف الطهور للصلاة كما أراه جبريل فتوضأت كما توضأ رسول الله عليه وسلم، ثم صلى بها رسول الله صلى الله عليه وسلم كما صلى به جبريل عليه الصلاة والسلام.

(۲) وفي سيرة الحافظ الدمياطي مايفيد ان ذلك كان في يوم نزول جبريل عليه الصلاة والسلام له بـ ﴿ اقرأ باسم ربك ﴾ [العلق : ۱] حيث قال : بعث النبي صلى الله عليه وسلم يوم الاثنين وصلى فيه ، وصلت خديجة آخر يوم الاثنين . (السيرة الحلبية : (۲۷۷/۱) باب ذكر وضوئه وصلاته صلى الله عليه وسلم أول البعثة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

جنابت والا سونے سے پہلے غسل کرے ورنہ کم سے کم وضو کر کے سوئے

انسان کے انتقال کے وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لاتے ہیں، اگر کوئی شخص جنابت کی حالت میں ہے اور سونے سے پہلے غسل کرنا ممکن نہ ہو تو کم سے کم وضو کرے، تاکہ اگر موت مقدر ہے تو استقبال کے لئے حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لاسکیں، جنابت والے آدمی کے پاس رحمت کے فرشتے نہیں آتے، اس لیے ایسا نہ ہو کہ دنیا سے جاتے ہوئے آخری وقت میں حضرت جبرئیل علیہ السلام روح کے استقبال کے لیے نہ آئیں۔ (١)

کتبہ

محمد انعام الحق قاسمی

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

٢٢/١١/١٤٣٧ھ

---

(١) واخرج الطبراني عن ميمونة بنت سعد قالت: قلت: يا رسول الله! أينام الجنب؟ قال ما أحب ان ينام الجنب حتى يتوضأ، إني أخاف ان يتوفى فلا يحضره جبريل، فدلّ هذا الحديث بمفهومه على ان جبريل عليه الصلاة والسلام يحضر الموتى، وعلى ان الجنابة مانعة لحضوره دون الحدث الأصغر الخ. (الفتاوى الحديثية: (ص: ٢٢٠)، مطلب: في ان جبريل يحضر الموتى، ط: قديمى كتب خانه)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿......آ......﴾

آبدست کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا

پیشاب، پاخانہ قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرکے کرنا منع ہے، البتہ آبدست کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا مکروہ تنزیہی ہے۔ (١)

آبدست کے وقت وہم نہ کرے

''وہم نہ کرے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (٣٨٦/٢)

آب زمزم سے وضو کا حکم

''زمزم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (٣٩٢/١)

---

(١) (كما كره) تحريما (استقبال قبلة واستدبارها لـ) اجل (بول او غائط) فلو للاستنجاء لم يكره.

وفي الرد: (قوله: لم يكره) اى تحريما لما في المنية: ان تركه ادب ولما مر في الغسل ان من آدابه ان لا يستقبل القبلة لانه يكون غالبا مع كشف العورة حتى لو كانت مستورة لا بأس به ولقولهم يكره مد الرجلين الى القبلة في النوم وغيره عمدا وكذا في حال مواقعة أهله.

ردالمحتار: (٣٤١/١) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستنجاء، قبيل مطلب: القول مرجح على الفعل ط: سعيد

(٢) ومن الآداب أن يجلس للاستنجاء متوجها (إلى يمين القبلة أو إلى يسارها) كيلا يستقبل القبلة أو يستدبرها حال كشف العورة فاستقبالها أو استدبارها حالة الاستنجاء ترك أدب ومكروه كراهة تنزيه.

حلبی کبیر: (ص:٢٨) آداب الوضوء ط: سهيل اكيڈمی

(٣) البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس: (٢٤٣/١) ط: سعيد

(٤) چوں کہ کوئی دلیل نہی کی نہیں، اس لیے جائز ہے (مگر نہ کرنا موجب ثواب ہے)

(٥) امداد الفتاوی، (١٤٦/١) نجاست کے احکام، فصل فی الاستنجاء، ط: مکتبہ دار العلوم کراچی۔

آداب

''آداب'' ادب کی جمع ہے، اس کا معنی عقلمندی، قاعدہ، طریقہ، ڈھنگ ہے۔ اور اصطلاح میں اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی چیز کو ایسے ڈھنگ سے کرنا جو اعلیٰ ہو، اچھا ہو، اور وہ چیز خواہ بولنے کی ہو یا کرنے کی، اور ہر اس کام کو بھی کہتے ہیں جو احتیاط، سلیقہ، دور اندیشی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کیا جائے۔ (۱)

آرام کی جگہ پر پاخانہ پیشاب کرنا

جہاں پر لوگوں کے آرام کے لئے درخت وغیرہ کا سایہ موجود ہو وہاں پر پاخانہ پیشاب کرنا حرام ہے۔ (۲)

[illegible] والادب ادب النفس والدرس والادب الظرف وحسن التناول
[illegible]ن العرب: (۱/۲۴۵) حرف الباء، المادة: ا،د،ب، ط: دار الكتب العلمية، بيروت
ﮦ مظاہر حق: (۳/۳۶۵) کتاب الآداب ط: دار الاشاعت

(۲) عن معاذ بن جبل قال: قال رسول الله ﷺ: اتقوا الملاعن الثلاثة: البراز في الموارد وقارعة الطريق والظل. (سنن ابي داود: (۱/۵) كتاب الطهارة، باب المواضع التي نهى عن البول فيها ط: رحمانيه)

ويكره على طرف نهر.....او في ظل ينتفع بالجلوس فيه. (البحر الرائق: (۱/۲۴۳) كتاب الطهارة، باب الانجاس، قبيل كتاب الصلاة ط: سعيد)

ﮦ الفتاوى الهندية: (۱/۵۰) كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ط: رشيديه

و كذا يكره ..... وعلى طرف نهر او بئر او حوض او عين او تحت شجرة مثمرة او في زرع او في ظل. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱/۳۴۳) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء ط: سعيد)

ﮦ (ويكره تحريما استقبال القبلة) بالفرج حال قضاء الحاجة ..... (واستدبارها ..... وأن يبول في الماء ..... والظل) الذي يجلس فيه ..... والطريق والمقبرة؛ لقوله عليه السلام: "اتقوا الملاعنين" قالوا: وما اللاعنان يا رسول الله؟ قال: الذي يتخلى في طريق الناس، او ظلهم. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۵۲، ۵۳) كتاب الطهارة، فصل فيما يجوز به الاستنجاء، ط: قديمي)

آسمان کی طرف دیکھنا

وضو کرنے کے بعد کلمہ شہادت پڑھتے وقت آسمان کی طرف دیکھنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ [۱]

آسمان کی طرف دیکھنا وضو کے بعد

وضو مکمل کرنے کے بعد مسنون دعائیں پڑھتے وقت آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنا مستحب ہے۔ [۲]

آسمان کی طرف منہ اٹھانا

پاخانہ پیشاب کرتے وقت آسمان کی طرف سر نہ اٹھائے۔ [۳]

آسمانی کتابوں کو چھونا

قرآن مجید کے علاوہ اور آسمانی کتابوں میں مثلاً توریت، انجیل اور زبور

---

(۱) عن عمر بن الخطاب قال: قال رسول الله ﷺ: من توضأ فأحسن الوضوء ثم قال: أشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن محمداً عبده ورسوله اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين فتحت له ثمانية أبواب الجنة يدخل من أيها شاء. (سنن الترمذي: (۱/ ۱۸) كتاب الطهارة، باب فيما يقال بعد الوضوء ط: الحلبي)

سنن النسائي: (۱/ ۳۵) كتاب الطهارة، القول بعد الفراغ من الوضوء ط: الحلبي.

(۲) وأن يقول بعد فراغه "سبحانك اللهم وبحمدك، أشهد أن لا إله إلا أنت، أستغفرك وأتوب إليك وأشهد أن محمداً عبدك ورسولك ناظراً إلى السماء". (رد المحتار: كتاب الطهارة، مندوبات الوضوء (۱/ ۱۲۸) ط: سعيد)

الفتاوى الهندية: كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث (۱/ ۸) ط: رشيدية.

البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/ ۲۸) ط: سعيد.

(۳) ولا يرفع بصره إلى السماء. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۵۰) ط: رشيدية)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس (۱/ ۲۰۳) ط: سعيد.

رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء (۱/ ۳۴۵) ط: سعيد.

وغیرہ کے صرف اس مقام کو چھونا مکروہ ہے جہاں لکھا ہوا ہو، سادے مقام کو چھونا مکروہ نہیں ہے۔[1]

آشوب چشم

آشوب چشم کی وجہ سے آنکھ سے جو صاف پانی آتا ہے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا کیونکہ آشوب چشم کے پانی کا زخم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

نیز یہ کہ منہ کی طرح آنکھ اصلی رطوبت کا محل ہے، منہ میں زخم ہونے کی صورت میں جب تک پیپ کا یقین نہ ہو، یا خون نظر نہ آئے اس وقت تک لعاب کی وجہ سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے، اگرچہ کسی بیماری کی وجہ سے لعاب کثرت سے خارج ہو، یہی حکم آنکھ کے پانی کا بھی ہے۔[2]

---

(١) (قوله: ومسه) اى مس القرآن وكذا سائر الكتب السماوية. قال الشيخ اسماعيل: وفي المبتغى ولايجوز مس التوراة والانجيل والزبور وكتب التفسير اهـ وبه علم انه لايجوز مس القرآن المنسوخ تلاوة وإن لم يسم قرآنا متعبدا بتلاوته خلافا لما بحثه الرملي فان التوراة ونحوها مما نسخ تلاوته وحكمه معا، فافهم. (ردالمحتار: (١٧٣/١) كتاب الطهارة، باب الحيض مطلب: يطلق الدعاء على ما يشتمل الثناء ط: سعيد)

(ويحرم مسها) أي الآية، لقوله تعالى: ﴿لايمسه إلاّ المطهرون﴾، سواء كتب على القرطاس أو درهم أو حائط (إلاّ بغلاف). (قوله: ويحرم مسها) ...... وكذا سائر الكتب السماوية كما في القهستاني عن الذخيرة، نعم ينبغي أن يخص ما لم يبدل منها، وفيما عدا المصحف إنّما يحرم مس الكتابة لا الحواشي، ويحرم الكل في المصحف؛ لأنّ الكل تبع له. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ١٤٣) كتاب الطهارة، باب الحيض والنفاس والاستحاضة، ط: قديمي)

:: لايجوز مس المصحف كله المكتوبة وغيره بخلاف غيره فإنّه لايمنع إلاّ بمنع المكتوب. (البحر الرائق: (٢٠١/١) كتاب الطهارة، باب الحيض، ط: سعيد)

(٢) ولو كان في عينه رمد او عمش يسيل منهما الدموع قالوا يؤمر بالوضوء لوقت كل صلاة لاحتمال أن يكون صديدا أو قيحا اهـ وهذا التعليل يقتضي انه امر استحباب فان الشك والاحتمال في كونه ناقضا لا يوجب الحكم بالنقض اذ اليقين لا يزول بالشك، نعم اذا علم من طريق غلبة الظن باخبار الاطباء او بعلامات تغلب على ظن المبتلى يجب. (البحر الرائق، =

آگ پر پکی ہوئی چیز

آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۱)

آگے کے مقام کو پہلے دھوئے یا پیچھے کے

امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک پہلے پاخانے کے مقام کو دھویا جائے، کیونکہ وہ جگہ زیادہ گندی ہے، نیز یہ کہ پاخانہ کے مقام اور اس کے ساتھ کی جگہ کو ملنے سے پیشاب کے قطرے آجاتے ہیں، اس لئے پہلے پاخانے کے مقام کو دھویا جائے پھر اس کے بعد اگلے مقام کو دھویا جائے، ورنہ اگلے مقام کو پہلے دھونے کا کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ (۲)

کتاب الطهارة ۱/۳۳-۳۲ ط: سعید)

تبیین الحقائق، کتاب الطهارة، ۱/۴۹ ط: سعید.

الفتاوی الهندية: کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس ۱/۱۱ ط: رشیدیه.

(۱) حدثنا عبدالله بن یوسف قال اخبرنا مالک عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن عبدالله بن عباس ان رسول الله اکل کتف شاة ثم صلی ولم یتوضأ. (صحیح البخاری: (۱/۳۴) کتاب الوضوء، باب من لم یتوضأ من لحم الشاة والسویق ط: قدیمی)

بیان الحکم وهو اکل ما مسته النار لا یوجب الوضوء وهو قول الثوری والاوزاعی وابی حنیفة ومالک واحمد واسحاق وابی ثور واهل الشام واهل الکوفة والحسن بن الحسن واللیث بن سعد وابو عبید وداؤد بن علی وابن جریر الطبری. (عمدة القاری: (۳/۱۱۸) کتاب الوضوء، باب من لم یتوضأ من لحم الشاة والسویق ط: رشیدیة)

حدثنا شعیب عن محمد بن المنکدر قال: سمعت جابر بن عبد الله رضی الله عنه قال: کان آخر الامرین من رسول الله صلی الله علیه وسلم ترک الوضوء مما مست النّار. (إعلاء السنن: (۱/۱۷۱) کتاب الطهارة، نواقض الوضوء، باب ترک الوضوء مما مست النّار، ط: إدارة القرآن)

(۲) الفتاوی الحجة: ثم عند ابی حنیفة رحمه الله یغسل دبره اولا ثم یغسل قبله بعده، وعندهما یغسل قبله اولاً. (الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الاول، نوع منه فی بیان سنن الوضوء، ومن السنة الاستنجاء (۱/۱۰۲) ط: ادارة القرآن)

الفتاوی الهندية، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/۴۹) ط: رشیدیة.

ویبدأ بالقبل ثم الدبر. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/۳۴۵) ط: سعید)

آمد و رفت کی جگہ

لوگوں کی آمد و رفت کی جگہ پر پاخانہ پیشاب کرنا حرام ہے۔ (١)

آنت

پیچھے کے راستے سے آنت کا کوئی حصہ نکل کر دوبارہ اندر چلا جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (٢)

آنسو

آنسو پاک ہے اس لئے آنکھ سے آنسو نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (٣)

---

(١) عن معاذ بن جبل قال: قال رسول الله ﷺ: اتقوا الملاعن الثلاثة: البراز في الموارد وقارعة الطريق والظل. (سنن ابی داود، کتاب الطهارة، باب المواضع التی نهی عن البول فيها (١/١٥) ط: رحمانیه)

⇐ ویکره ...... فی طرق المسلمين. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس (١/٢٤٣) ط: سعید)

⇐ الفتاوی الهندية، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (١/٥٠) ط: رشیدیه.

⇐ الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء (١/٣٤٣) ط: سعید.

(٢) الماخرج دبره ان عالجه بيده او بخرقة حتى ادخله تنتقض طهارته لانه يلتزق بيده شيء من النجاسة، وذكر الشيخ الامام شمس الائمة الحلوانی رحمه الله تعالى ان بنفس خروج الدبر ينتقض وضوءه. (الفتاوى الهندية، کتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (١/١٠) ط: رشیدیة)

⇐ الفتاوی التاتارخانية، کتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، (١/١٢٦) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

⇐ رد المحتار، کتاب الطهارة (١/١٣٦) ط: سعید.

(٣) ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة، لما قالوا: لو مسح الدم كلما خرج ولو تركه لسال نقض وإلا لا، كما لو سال في باطن عين ...... وكدمع وعرق وفي الرد: اى بلا علة. (ردالمحتار مع الدر: (١/١٣٥) كتاب الطهارة ط: سعید)

⇐ فالعلة للنقض هي النجاسة بشرط الخروج. (البحر الرائق: (١/٣٠) كتاب الطهارة، ط: سعید)

⇐ تبيين الحقائق، کتاب الطهارة (١/٣٥) ط: سعید.

آنکھ

وضو میں آنکھ کے اندر دھونا فرض نہیں ہے، البتہ دونوں اطراف جہاں میل جمع ہوتا ہے اس کو صاف کر کے دھونا لازم ہے۔ (۱)

☆ اگر آنکھ سے درد کے ساتھ پانی نکلتا ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

☆ آشوب چشم کی وجہ سے آنکھ سے جو پانی نکلتا ہے وہ ناپاک نہیں ہے اس لئے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔

واضح رہے کہ آشوب چشم کے پانی کا زخم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ (۲)

---

(۱) وایصال الماء الی داخل العین لیس بواجب ولا سنة...... ویجب ایصال الماء الی المآقی، کذا فی الخلاصة. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول (۱/۴) ط: رشیدیة)

ح البحر الرائق، کتاب الطهارة (۱/۱۱) ط:سعید.

ح ردالمحتار، کتاب الطهارة (۱/۹۷) ط:سعید.

(۲) وفی التبیین: والقیح الخارج من الاذن او الصدید ان کان بدون الوجع لا ینقض ومع الوجع ینقض لانه دلیل الجرح روی ذلک عن الحلوانی اھ وفیه نظر بل الظاهر اذا کان الخارج قیحاً او صدیداً ینقض سواء کان مع وجع او بدونه لانهما لا یخرجان الا عن علة نعم هذا التفصیل حسن فیما اذا کان الخارج ماء لیس غیر وفیه ایضاً ولو کان فی عینیه رمد او عمش یسیل منهما الدموع قالوا یؤمر بالوضوء لوقت کل صلاة لاحتمال ان یکون صدیدا او قیحا اھ وهذا التعلیل یقتضی انه امر استحباب فان الشک والاحتمال فی کونه ناقضا لا یوجب الحکم بالنقض اذ الیقین لا یزول بالشک، نعم اذا علم من طریق غلبة الظن باخبار الاطباء او بعلامات تغلب علی ظن المبتلی یجب. (البحر الرائق، کتاب الطهارة ۱/۳۳-۳۲) ط: سعید)

ح ولو خرج دم من قرحة فی عینه ولم یخرج من العین لایفسد وضوءه. (کشف الاسرار: (۱/ ۸۳) الدلیل الأوّل : الکتاب ، المشکل ، ط: دار الکتب العلمیة)

ح (کما) لاینقض (لو خرج من أذنه) ونحوها کعینه وثدیه (قیح) ونحوه کصدید وماء سرة و عین (لا بوجع وإن) خرج (به) أي بوجع (نقض)؛ لأنّه دلیل الجرح، فدمع من بعینه رمد أعمش ناقض. وفي الرد: (قوله: لابوجع) نقید لعدم الوجع بخروج ذلک. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱/ ۱۴۷، ۱۴۸) کتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم یرتکب مکروه مذهبه، ط: سعید)

ح تبیین الحقائق، کتاب الطهارة (۱/ ۴۹) ط: سعید.

ح الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول ، الفصل الخامس (۱/ ۱۱) ط: رشیدیه.

☆ تیز روشنی، دھوپ کی تپش، پیاز کاٹنے اور کھانسی روکنے سے آنکھوں سے جو پانی نکل آتا ہے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

☆ اگر آنکھ دکھنے لگی، اور اس وقت چکنا پانی یا پیپ نکلے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

☆ آنکھ سے درد اور تکلیف کے بغیر پانی نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔[۱]

☆ آنکھ سے آنسو نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا کیونکہ آنسو پاک ہے۔[۲]

☆ آنکھ کے اندر اگر کوئی پھنسی، دانہ وغیرہ ٹوٹ گیا اور باہر نہیں نکلا تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر باہر نکل آیا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

☆ اگر کسی کی آنکھ کے اندر کوئی دانہ وغیرہ تھا اور وہ ٹوٹ گیا، یا خود اس نے توڑ دیا، اور اس کا پانی بہہ کر آنکھ میں تو پھیل گیا لیکن آنکھ سے باہر نہیں نکلا تو اس کا وضو نہیں ٹوٹا اور اگر وہ پانی آنکھ سے باہر نکل آیا تو وضو ٹوٹ گیا۔[۳]

☆ سرمہ کی تیزی یا اس کی چوٹ سے جو پانی آنکھ سے نکلتا ہے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔[۴]

☆ آنکھوں سے جو پانی درد کے ساتھ نکلتا ہے اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

☆ دکھتی آنکھ سے جو پانی نکلتا ہے جب تک اس میں تغیر نہ ہو مثلاً اس میں سرخی وغیرہ نہ ہو بلکہ صاف پانی ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور ناپاک بھی نہیں ہوگا۔

☆ اگر نزلہ کی وجہ سے آنکھ سے پانی بہتا ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

---

(۱) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۲، على الصفحة: ٦٧، (وفي الشين والقيح الخارج).

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱، على الصفحة: ٦٦، (عن معاذ بن جبل).

(۳) اذا كان في عينه قرحة ووصل الدم منها الى جانب آخر من عينه لا ينقض الوضوء لانه لم يصل الى موضع يجب غسله، كذا في الكفاية. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثالث (۱۱/۱) ط: رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱۳۵/۱) ط: سعيد.

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة (۳۲/۱) ط: سعيد.

(۴) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱، على الصفحة: ٦٧، (وايصال الماء الى داخل العين).

اگر آنکھ سے کسی زخم کی وجہ سے پانی نکلتا ہے تو وضوٹوٹ جائے گا، خواہ وہ زخم ظاہر میں معلوم ہوتا ہو یا کسی طبیب اور ڈاکٹر وغیرہ کی تشخیص سے معلوم ہو۔ (۱)

آنکھ سے پانی خارج ہوتا ہے

اگر آنکھ میں تکلیف اور درد کی وجہ سے مواد یا پانی خارج ہوکر ایسی جگہ تک آجاتا ہے جس کو وضو یا غسل میں دھونا ضروری ہے تو اس سے وضوٹوٹ جائے گا، اور نماز پڑھنے کیلئے دوبارہ وضو کرنا لازم ہوگا۔

اور اگر درد اور تکلیف کے بغیر پانی نکلے گا تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۲)

آنکھ سے مواد خارج ہوتا ہے

"آنکھ سے پانی خارج ہوتا ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۶۹/۱)

آہستہ سے چہرہ پر پانی مارے

"چہرہ پر پانی آہستہ سے مارے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۵/۱)

"آیۃ الکرسی" پڑھنا وضو کے بعد

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت ہے کہ جو وضو کے بعد "آیۃ الکرسی" پڑھے گا اللہ پاک اسے چالیس عالم کا ثواب دے گا، اور چالیس درجہ بلند کرے گا اور چالیس حوروں سے اس کی شادی ہوگی۔ (۳)

آیت لکھی ہوئی ہو

"قرآن مجید کی آیت لکھی ہوئی ہو" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۲/۱)

(۱، ۲) انظر الحاشیة السابقة، رقم: ۱، علی الصفحة: ٦٧، (وایصال الماء الی داخل العین)

(۳) عن نافع عن ابن عمر رفعه: "من قرا آیة الکرسي علی اثر وضوئه اعطاه الله عز وجل اربعین عالما ورفع له اربعین درجة و زوجه اربعین حوراء. (کنز العمال: (۶۶۵/۹) رقم الحدیث: ۲۶۹۸۹، کتاب الطهارة من قسم الأفعال، باب الوضوء، أذکار الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة) =

﴿......الف......﴾

احترام کے قابل چیزوں سے استنجاء کرنا

وہ چیزیں جو شریعت کی رو سے احترام کے قابل ہیں ان سے استنجاء کرنا مکروہ تحریمی ہے، اور قابل احترام چیزیں یہ ہیں:

① آدمی کے بدن کا کوئی بھی حصہ، خواہ کسی مسلمان کا ہو یا کافر کا دونوں قابل احترام ہیں۔(۱)

② لکھا ہوا کاغذ، کیونکہ وہ بھی قابل احترام ہیں چاہے کسی بھی زبان کے الفاظ لکھے ہوئے ہوں۔

③ اور ایسا کاغذ جس پر کچھ بھی تحریر نہ ہو، لیکن اس پر لکھا جا سکتا ہو۔

البتہ ایسے کاغذ جن پر لکھائی نہ کی جا سکے ان سے استنجاء کرنا بلا کراہت جائز ہے۔(۲)

= تذکرة الموضوعات للفتنی: (۱/۷۹) کتاب العلم، باب فضل القرآن والنظر فیہ ... الخ، ط: إدارة الطباعة المنيرية.

النوائد المجموعة: (۱/۳۱۲) كتاب الفضائل، باب فضائل القرآن، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

(۱) (وكره) تحريما (بعظم ... و) شيئ محترم

وفي الرد: (قوله وشيئ محترم) اى ماله احترام واعتبار شرعا فيدخل فيه كل متقوم الاالماء كما قدمناه ويدخل فيه جزء الآدمى ولو كافرا او ميتا. (الدر المختار مع ردالمحتار: (۱/ ۳۴۰) كتاب الطهارة، باب الانجاس ط: سعيد)

(۲) ومفاده الحرمة بالمكتوب مطلقا واذا كانت العلة في الابيض كونه آلة للكتابة كما ذكرناه يؤخذ منها عدم الكراهة فيما لايصلح لها اذا كان قالعاً للنجاسة غير متقوم كما قدمناه من جوازه بالخرق البوالى (ردالمحتار: (۱/ ۳۴۰) كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء ط: سعيد)

ولا يستنجى بكاغذ وان كانت بيضاء، كذا في المضمرات. (الفتاوى الهندية: (۱/ ۵۰) كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ط: رشيدية) =

④ جس چیز کی مال ہونے کے اعتبار سے کوئی قیمت ہے [illegible]
لیے استعمال کرنے سے تلف ہو جائے گا یا اس کی قیمت کم ہو جائے گی تو اس سے بھی استنجاء کرنا مکروہ تحریمی ہے، کیونکہ اس طرح مال ضائع کرنا لازم آئے گا اور مال ضائع کرنا منع ہے۔

ہاں اگر وہ چیز ایسی ہے کہ استعمال کے بعد دھونے یا خشک ہونے کے بعد پہلے کی طرح پاک صاف ہو جائے گی تو اس کے استعمال میں کراہت نہیں ہے۔ (۱)

⑤ پختہ اینٹ، ٹھیکرا، شیشہ، کوئلہ اور چکنے پتھر سے استنجا کرنا مکروہ ہے اور اگر اس کا استعمال نقصان دہ ہو تو مکروہ تحریمی ہے، کیونکہ نقصان دینے والی چیزوں کو استعمال کرنا جائز نہیں ہے، اور اگر ان چیزوں کے استعمال سے نقصان نہ ہو تو مکروہ تنزیہی ہے۔

ان چیزوں کو استنجا کے لئے استعمال کرنا مکروہ ہونے کی وجہ یہ ہے ان کے استعمال سے وہ جگہ صاف نہیں ہوتی، اور سنت یہ ہے کہ اس جگہ کو صاف ستھرا کیا جائے۔ (۲)

= ⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/۲۴۳) ط: سعيد.

(۱) (وكره) تحريما (بعظم ...... و) شيئ محترم

وفي الرد: ينبغي تقييد الكراهة فيما له قيمة بما اذا أدى إلى إتلافه اما لو استجى به من بول او مني مثلا وكان يغسل بعده فلا كراهة الا اذا كان شيئا ثمينا تنقص قيمته بغسله . . . . (ردالمحتار: (۱/ ۳۴۰) كتاب الطهارة، باب الانجاس ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۵۰) ط: رشيدية

⇐ فتح القدير: (۱/ ۱۸۷) كتاب الطهارة، باب الأنجاس وتطهيرها، فصل في الاستنجاء، ط: رشيدية.

(۲) (وكره) تحريما (بعظم ...... وآجر وخزف وزجاج ...... وفحم)

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۳۳۹-۳۴۱) ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ۱/ ۵۰ ط: رشيدية

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول، نوع منه في بيان سنن الوضوء، ومن السنة الاستنجاء (۱/ ۹۹) ط: ادارة القرآن. =

احتلام بلا ناغہ ہونے پر تیمم کرنا

اگر کسی آدمی کو سردی کے موسم میں ہر رات بلا ناغہ احتلام ہوتا ہے، اور روزانہ صبح کو غسل کرنے سے نمونیہ کا اندیشہ ہو تو اگر ایسی حالت میں گرم پانی سے غسل کرنے کی صورت میں بیمار ہونے کا اندیشہ نہیں ہے تو گرم پانی سے غسل کر کے صبح کی نماز کو وقت پر ادا کرے، اور اگر گرم پانی سے غسل کرنے کی صورت میں بیمار ہونے کا خوف گمانِ غالب کے ساتھ ہو، یا گرم پانی مضر نہ ہو مگر اس کا انتظام نہ ہو، تو تیمم کر کے صبح کی نماز وقت پر ادا کرے اور بعد میں ظہر سے پہلے غسل کرے اور باقی نمازیں اپنے اپنے وقت پر ادا کرے۔ (۱)

احتلام مسجد میں ہوگیا

''مسجد میں احتلام ہوگیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۰۱/۲)

= ⇐ ويكره الاستنجاء بعظم...... وخزف...... و فحم...... و زجاج، وجص، لأنه يضر المحل. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۵۰) كتاب الطهارة، فصل فيما يجوز به الاستنجاء، ط: قديمي)

⇐ الفقه الإسلامي وأدلته: (۱/۳۰۵) الباب الأوّل: الطهارة، الفصل الثالث: الاستنجاء، رابعًا: مندوبات الاستنجاء، ط: دار الفكر.

⇐ البحر الرائق: (۱/۲۴۳) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: سعيد.

⇐ وليستنجي بعظم و روث ...... وكذا بخزف وآجر و فحم و زجاج فلو استجى بهذه الأشياء جاز مع الكراهة لمالايكون مقيمًا للسنة. (مجمع الأنهر: (۱/۱۰۰) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: دار الكتب العلمية)

(۱) (من عجز)...... (عن استعمال الماء)......(او لمرض) يشتد او يمتد بغلبة ظن او قول حاذق مسلم ولو بتحرك...... (او برد) يهلك الجنب او يمرضه ولو في المصر اذا لم تكن له اجرة حمام ولا ما يدفئه ...... (الدر المختار مع رد المحتار: كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/۲۳۲-۲۳۴) ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول (۱/۲۸) ط: رشيدية.

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/۱۴۰-۱۴۱) ط: سعيد.

اخبار میں لکھی ہوئی آیات

مسئلہ: اخبار وغیرہ میں جہاں پر قرآن مجید کی آیت لکھی ہوئی ہو، صرف اس جگہ کو بے وضو ہاتھ لگانا منع ہے دوسری جگہوں کو بے وضو ہاتھ لگانا جائز ہے۔ (۱)

ازالۂ نجاست

"مخرج نجاست" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۹۱/۲)

استبراء

"استبراء" کا مطلب باہر نکلنے والی چیز سے برأت طلب کرنا۔

اور اس سے مراد یہ ہے کہ پیشاب کا قطرہ یا پاخانہ جو ابھی تک مخرج پر لگا ہوا ہے اس کو پورے طور پر خارج ہونے دیا جائے، یہاں تک کہ یہ گمان غالب ہو جائے کہ اس جگہ کچھ باقی نہیں ہے، عورت پر یہ عمل واجب نہیں ہے البتہ پیشاب پاخانہ سے فارغ ہونے کے بعد تھوڑی دیر توقف کرے جلد بازی نہ کرے تاکہ قطرات ٹپک جائیں اس کے بعد صرف ڈھیلہ یا صرف پانی یا دونوں سے استنجا کرے۔

اور استبراء کیلئے کوئی بھی ایسا طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے جس سے نجاست کا اثر زائل ہونے کا یقین ہو جائے۔

اور نجاست کا اثر زائل ہونے کا اطمینان لوگوں کی طبیعت میں اختلاف ہونے

---

(۱) لا یجوز مس المصحف کله المکتوب وغیره بخلاف غیره فانه لا یمنع الا مس المکتوب.
(البحر الرائق: (۱/۲۰۱) کتاب الطهارة، باب الحیض، ط:سعید)
↩ رد المحتار، کتاب الطهارة، باب الحیض (۱/۲۹۳) ط:سعید.
↩ ویکره ایضا للمحدث ونحوه مس تفسیر القرآن وکتب الفقه وکذا کتب السنن، لأنها لاتخلوا عن آیات، وهذا التعلیل یمنع مس شروح النحو ایضا والأصح انه لایکره عند ابی حنیفة رحمه الله تعالی. (کبیری: (ص: ۵۲) فی آخر باب الغسل ط:مکتبه نعمانیه)
↩ امداد الفتاوی، کتاب الطهارة، مسائل منثورة (۱/۱۴۷) ط:مکتبه دار العلوم.

کی وجہ سے مختلف ہے، کسی کو جلدی پاکیزگی حاصل ہوجاتی ہے اور کسی کو دیر سے، اور یہ کسی کو چلنے سے حاصل ہوتی ہے کسی کو کھنکھارنے سے۔(۱)

☆ پیشاب و پاخانہ کے بعد جو کچھ رہ جائے اس کو خارج کرنا یہاں تک کہ یہ گمان غالب ہوجائے کہ اب کچھ باقی نہیں ہے، یہ واجب ہے۔

بعض لوگوں کی عادت میں داخل ہے کہ چلنے، پھرنے، کھڑے ہونے، یا الگ حرکت کرنے سے جس کے وہ عادی ہیں پیشاب کے رکے ہوئے قطرے نکل جاتے ہیں ایسے لوگوں پر اپنی عادت کے مطابق استبراء کرنا واجب ہے، اگر پیشاب کے قطرے بند ہوئے یا نہیں اس میں شبہ ہو تو وضو کرنا جائز نہیں ہے، اگر کسی نے تسلی کے بغیر اسی حالت میں وضو کرلیا اور پیشاب کا قطرہ آگیا تو وضو صحیح نہیں ہوگا۔

غرض کہ نجاست رکی ہوئی ہونے کا شبہ ہو تو اس کو خارج کرنا واجب ہے یہاں تک کہ یہ گمان غالب ہوجائے کہ اب کچھ باقی نہیں رہا۔(۲)

---

(۱) یجب الاستبراء بمشی او تنحنح او نوم علی شقه الایسر، ویختلف بطباع الناس.
(قوله: یجب الاستبراء الخ) هو طلب البراءة من الخارج بشیء مما ذکره الشارح حتی یستیقن بزوال الاثر --- ومحله اذا امن خروج شیء بعده فیندب ذلک مبالغة فی الاستبراء او المراد الاستبراء بخصوص هذه الاشیاء من نحو المشی والتنحنح، اما نفس الاستبراء حتی یطمئن قلبه بزوال الرشح فهو فرض وهو المراد بالوجوب ولذا قال الشرنبلالی: یلزم الرجل الاستبراء حتی یزول اثر البول ویطمئن قلبه. (رد المحتار: (۱/۳۴۵-۳۴۴) کتاب الطهارة، باب الانجاس، مطلب فی الفرق بین الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء ط: سعید)

:- البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/۲۴۰) ط: سعید.

:- الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/۴۹) ط: رشیدیة.

:- ان المرأة کالرجل إلا فی الاستبراء فإنه لا استبراء علیها بل کما فرغت تصبر ساعة لطیفة ثم تستنجی. (شامی: ۱/۳۴۴) کتاب الطهارة، باب الأنجاس، مطلب فی الفرق بین الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء، ط: سعید)

(۲) والاستبراء واجب حتی یستقر قلبه علی انقطاع العود، کذا فی الظهیریة، قال بعضهم یستنجی بعد ما یخطو خطوات، وقال بعضهم یرکض برجله علی الارض ویتنحنح ویلف رجله

استبراء مردوں کے لئے

[پا]خانہ پیشاب سے پاکی کے مسائل مرد و عورت دونوں کے لئے یکساں ہیں
البتہ استبراء مردوں پر واجب ہے عورتوں پر واجب نہیں ہے، اور استبراء سے مراد یہ
ہے کہ پیشاب کا قطرہ یا پاخانہ جو ابھی تک مخرج پر لگا ہوا ہے اس کو پورے طور پر
خارج ہونے دیا جائے، یہاں تک کہ یہ گمان غالب ہو جائے کہ اس جگہ کچھ باقی
نہیں ہے، عورت پر یہ عمل واجب نہیں ہے البتہ یہ واجب ہے کہ پیشاب پاخانہ سے
فارغ ہونے کے بعد تھوڑی دیر توقف کرے جلد بازی نہ کرے تا کہ قطرات ٹپک
جائیں، اس کے بعد ڈھیلہ استعمال کرے، یا پانی سے استنجاء کرے، یا دونوں
استعمال کرے۔ (۱)

استجمار

☆اگر نجاست کو پانی کے علاوہ کسی اور چیز مثلاً ڈھیلے یا ٹشو پیپر وغیرہ سے

... الیمنی علی الیسری وینزل من الصعود إلى الہبوط ، والصحیح ان طباع الناس مختلفة فمتی
[و]قع فی قلبہ انہ تمّ استفراغ ما فی السبیل یستنجی ، ھکذا فی شرح منیة المصلی لابن امیر
[ا]لحاج والمضمرات. (الفتاوی الھندیة، کتاب الطھارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۴۹)
ط: رشیدیة)

... البحر الرائق، کتاب الطھارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۰)ط:سعید.

... ردالمحتار، کتاب الطھارة، باب الانجاس، مطلب فی الفرق بین الاستبراء والاستنقاء و
الاستنجاء (۱/ ۳۴۵-۳۴۴) ط:سعید.

... ان المراة کالرجل الا فی الاستبراء فانہ لا استبراء علیھا بل کما فرغت تصبر ساعة لطیفة ثم
[ت]ستنجی. (ردالمحتار: (۱/ ۳۴۴) کتاب الطھارة، باب الانجاس، مطلب فی الفرق بین
الاستبراء والاستنقاء و الاستنجاء ط:سعید)

... البحر الرائق، کتاب الطھارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۰) ط:سعید

... فتح القدیر، کتاب الطھارة، باب الانجاس وتطھیرھا، فصل فی الاستنجاء (۱/ ۱۸۸) ط: رشیدیة.
[و]انظر ایضا الحاشیة السابقة.

صرف پتھر سے (زائل) کرنے کو "استجمار" کہتے ہیں۔(۱)

☆ مزید "مخرج نجاست" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۹۱/۲)

استعمال کیا ہوا ڈھیلہ

☆ "ڈھیلہ استعمال کیا ہوا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۵۹/۱)

استنجاء

☆ اگر نجاست کو پانی سے زائل کیا جائے تو اسے "استنجاء" کہتے ہیں۔(۲)

☆ مزید "مخرج نجاست" عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔(۱۹۱/۲)

استنجاء ان چیزوں سے بلا کراہت درست ہے

پانی، مٹی کا ڈھیلہ اور ہر وہ چیز جو پاک ہو اور نجاست کو دور کر دے بشرطیکہ مال اور محترم نہ ہو، ایسی تمام چیزوں سے استنجا کرنا بلا کراہت درست ہے۔(۳)

---

(۱) والاستجمار في الاستنجاء استعمال الجمرات و الجمار وهي الصغار من الاحجار، جمع جمرة (المغرب في ترتيب المعرب، باب الجيم، الجيم مع الميم (ص: ۱۵۶) ط: ادارة دعوة الاسلام)

(۲) النجو ما يخرج من البطن ... يقال "نجا" و "انجى" اذا احدث واصله من النجوة لانه يستتر بها وقت قضاء الحاجة ثم قالوا: استنجى اذا مسح موضع النجو او غسله. (المغرب في ترتيب المعرب، باب النون، النون مع الجيم (ص: ۴۹۱) ط: ادارة دعوة الاسلام)

(۳) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء (۳۳۴/۱) ط: سعيد.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۲۴۰/۱) ط: سعيد.

(ويجوز فيه الحجر وما قام مقامه يمسحه حتى ينقيه) لان المقصود هو الانقاء فيعتبر ما هو المقصود.

وفي الفتح: فان كان للمزال به حرمة او قيمة كره كقرطاس وخرقة وقطنة وخل قيل: يورث ذلك الفقر. (الهداية مع فتح القدير: (۱۸۷/۱) كتاب الطهارة، باب الانجاس وتطهيرها فصل في الاستنجاء ط: رشيدية)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۴۸/۱) ط: رشيدية.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۲۴۱/۱) ط: سعيد.

استنجاء ان چیزوں سے درست نہیں

☆ ہڈی، کھانے کی چیزیں، لید، گوبر، پختہ اینٹ، ٹھیکرا، شیشہ، لوہا، چاندی، سونا، پیتل، کوئلہ، چونا اور ہر ناپاک چیز سے استنجاء کرنا درست نہیں ہے۔

☆ اور وہ ڈھیلہ یا پتھر جس سے ایک مرتبہ استنجاء ہو چکا ہو، اس سے بھی استنجاء کرنا درست نہیں۔

☆ ایسی چیزوں سے بھی استنجاء کرنا درست نہیں جو نجاست کو صاف نہ کرسکیں جیسے سرکہ وغیرہ۔

☆ وہ چیزیں جن کو جانور وغیرہ کھاتے ہوں جیسے بھس اور گھاس وغیرہ اور ایسی چیزیں جو قیمتی ہوں خواہ تھوڑی قیمت ہو یا بہت جیسے کپڑا وغیرہ ان سے استنجاء کرنا درست نہیں، البتہ جو کپڑا اور کاغذ استنجاء سکھانے کے لئے بنائے گئے ہیں ان سے استنجاء کرنا جائز ہے۔ (۱)

استنجاء ان چیزوں سے مکروہ ہے

☆ آدمی کے اجزاء جیسے بال، ہڈی، گوشت وغیرہ، حیوان کا وہ جزء جواس

---

(۱) (وکرہ) تحریما (بعظم..... وآجر وخزف وزجاج..... ولحم). (الدرالمختار مع ردالمحتار: (۱/ ۳۳۱-۳۳۹) کتاب الطهارة، باب الانجاس ط: سعید)

(۲) الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الاول، نوع منه فی بیان سنن الوضوء، ومن السنة الاستنجاء (۱/ ۹۹) ط: ادارة القرآن.

(۳) فان ما یکره الاستنجاء به ثلاثة عشر کما فی السراج الوهاج: العظم والروث والرجیع والفحم والطعام والزجاج والورق والخزف والقصب والشعر والقطن والخرقة وعلف الدواب مثل الحشیش وغیره ... وقیل: الحجر الذی قد استنجی به. (البحرالرائق، کتاب الطهارة، باب الأنجاس (۱/ ۲۴۳) ط: سعید)

(۴) الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۳۳۱-۳۳۹) ط: سعید.

(۵) الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۵۰) ط: رشیدیة.

سے متصل ہو، مسجد کی چٹائی وغیرہ، درختوں کے پتوں سے، کاغذ خواہ لکھا ہوا ہو یا سادہ، زمزم کا پانی، وضو کا بچا ہوا پانی، اور دوسرے کی چیزوں سے اجازت کے بغیر، اور تمام ایسی چیزیں جن سے انسان یا ان کے جانور نفع اٹھائیں، ان تمام چیزوں سے استنجاء کرنا مکروہ ہے۔ (۱)

☆ سادہ کاغذ یا کچھ لکھے ہوئے کاغذ سے ڈھیلے کا کام لینا مکروہ ہے۔ (۲)

استنجاء بائیں ہاتھ سے کرے

☆ استنجاء دائیں ہاتھ سے نہ کرے بلکہ بائیں ہاتھ سے کرے، کیونکہ دایاں ہاتھ عام طور پر کھانا وغیرہ کھانے کے لئے ہے۔ (۳)

---

(۱) (و كره) تحريما (بعظم ..... و) شيء محترم

وفي الرد: (قوله: وشيء محترم) اى ماله احترام واعتبار شرعا فيدخل فيه كل متقوم الاالماء كما قدمناه ..... ويدخل فيه جزء الآدمي ولو كافرا او ميتا ..... وصرح بعض الشافعية بان من المحترم جزء حيوان متصل به ولو فارة بخلاف المنفصل عن حيوان غير آدمي اهـ وينبغي ان يدخل فيه كناسة مسجد ولذا لا تلقى في محل ممتهن ودخل ايضا ماء زمزم كما قدمنا اول فصل المياه ويدخل ايضا الورق، قال في السراج: قيل انه ورق الكتابة وقيل ورق الشجر وايهما كان فانه مكروه اهـ والخ في البحر وغيره وانظر ما العلة في ورق الشجر ولعلها كونه علفا للدواب او نعومته فيكون ملوثا غير مزيل. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۳۳۹) ط: سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس (۱/ ۲۴۳) ط: سعيد.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۵۰) ط: رشيدية.

(۲) ولا يستنجي بكاغذ وان كانت بيضاء، كذا في المضمرات. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۵۰) ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۳) ط: سعيد.

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء (۱/ ۳۴۰) ط: سعيد.

(۳) (ولا) يستنجي ..... (ولا بيمينه) لان النبي ﷺ نهى عن الاستنجاء باليمين. (الهداية مع فتح القدير، كتاب الطهارات، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء (۱/ ۱۹۰) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۵۰) ط: رشيدية.

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۳) ط: سعيد.

☆ استنجاء کے وقت طہارت کرنے سے پہلے بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو تر کرلیا جائے تاکہ دھوتے وقت نجاست اس سے زیادہ نہ لگے، اسی طرح فراغت کے بعد بائیں ہاتھ کو کسی پاک کرنے والی چیز سے دھولینا بھی مستحب ہے۔ [1]

☆ استنجاء کے وقت اعضاء کو ڈھیلا چھوڑ دینا مستحب ہے، تاکہ آسانی کے ساتھ نجاست کو زائل کیا جاسکے۔ [2]

استنجاء خود نہیں کرسکتا

اگر کوئی آدمی بیمار یا لاغر ہونے کی وجہ سے اپنے ہاتھ سے خود استنجاء نہیں کرسکتا تو بیوی استنجاء کراسکتی ہے، اگر بیوی کے علاوہ کوئی اور کرائے تو اس کو کپڑے وغیرہ کے بغیر ہاتھ لگانا اور دیکھنا درست نہیں ہے۔ [3]

استنجاء ڈھیلے سے سکھانے کے وقت سلام کرنا

''ڈھیلے سے استنجاء سکھانے کے وقت سلام کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

---

(۱) ویبدأ بغسل یدیہ ثلاثا ......ثم یدلک یدہ علی حائط او ارض طاهرة ثم یغسلها ثلاثا. (رد المحتار: (۱/ ۳۴۶-۳۴۵) کتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل فی الاستنجاء ط: سعید)
☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۴۹) ط: رشیدیة.
☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۰) ط: سعید.

(۲) فالاولی ان یقعد مسترخیا کل الاسترخاء الا ان یکون صائما وکان الاستنجاء بالماء. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۰) ط: سعید)
☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۵۰) ط: رشیدیة.
☆ رد المحتار، کتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل فی الاستنجاء (۱/۳۴۵) ط: سعید.

(۳) الرجل المریض اذا لم یکن له امرأة ولا امة وله ابن او اخ وهو لا یقدر علی الوضوء فانه یوضئه ابنه او اخوه غیر الاستنجاء فانه لا یمس فرجه وسقط عنه الاستنجاء، کذا فی المحیط. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۵۰) ط: رشیدیة)
☆ فتاوی قاضیخان، کتاب الطهارة، باب الوضوء والغسل، فصل فی صفة الوضوء، (۱/ ۳۳) ط: رشیدیة.
☆ الحلبی الکبیر، شرائط الصلاة، الشرط الاول، فروع فی بعض الفوائد (ص: ۳۵) مکتبه نعمانیه.

استنجاء سے عاجز کا حکم

اگر کوئی مریض ایسا ہے کہ اس کے دونوں ہاتھ شل ہیں، یا ایک ہاتھ شل ہے مگر استنجاء کے وقت پانی ڈالنے والا کوئی نہیں ہے، اور جاری پانی بھی نہیں ہے جس میں بیٹھ کر صحیح ہاتھ سے استنجاء کر سکے، اور استنجاء کرنے کے لئے عورت کا شوہر، یا مرد کی بیوی بھی نہیں ہے تو استنجاء معاف ہے، اور اگر استنجاء کرانے کی کوئی صورت ہوگی تو استنجاء معاف نہیں ہوگا۔ (۱)

استنجاء سے مراد

☆ استنجاء سے مراد آگے یا پیچھے کی راہ یعنی پیشاب، یا پاخانہ، کے مقام سے جو گندگی اور نجاست خارج ہوئی ہے، اس کو ان مقامات سے دور کرنا، اس کو پانی، ڈھیلے اور ٹشو وغیرہ سے بھی دور کیا جا سکتا ہے۔

☆ پیٹ سے دونوں راستوں کے ذریعے جو نکلتا ہے اس کو "نجو" کہتے ہیں، استنجاء کا معنی ہے گندگی کی جگہ کا صاف کرنا، خواہ پونچھ کر، خواہ دھو کر دونوں طرح ہو سکتا ہے، یعنی پیشاب و پاخانہ کی جگہ سے پانی، ڈھیلہ، اور ٹشو وغیرہ سے نجاست کو دور کرنا۔ (۲)

---

(۱) فلو مشلولة ولم يجد ماء جاريا ولا صابًا ترک الماء ولو شلتا سقط اصلا كمريض و مريضة لم يجدا من يحل جماعه. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱/ ۳۴۰-۳۴۱) كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل فى الاستنجاء ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية: (۱/ ۴۹) كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ط: رشيدية.

☆ فتاوى قاضيخان: (۱/ ۳۳) كتاب الطهارة، باب الوضوء والغسل، فصل فى صفة الوضوء، ط: رشيدية

(۲) النجو مايخرج من البطن ...... يقال "نجا" و "انجى" اذا احدث واصله من النجوة لانه يستتر بها وقت قضاء الحاجة ثم قالوا: استنجى اذا مسح موضع النجو او غسله. (المغرب فى ترتيب المعرب: (ص: ۴۹۱) باب النون، النون مع الجيم ط: ادارة دعوة الاسلام)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل فى الاستنجاء (۱/ ۳۳۴) ط: سعيد.

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۰) ط: سعيد.

استنجاء کا افضل طریقہ

استنجاء کا افضل طریقہ یہ ہے کہ پہلے ڈھیلے سے نجاست زائل کی جائے اور اس کے بعد پانی استعمال کیا جائے، اور یہ گاؤں دیہات میں ٹھیک ہے۔

البتہ آج کل شہروں میں گٹر سسٹم، فلش، کموڈ، ڈبلیوسی وغیرہ کی وجہ سے ڈھیلے کا استعمال بہت ہی تکلیف کا باعث ہے، ڈھیلے پھینکنے سے پانی اور گٹر کا راستہ بند ہوجاتا ہے جو بہت ہی زیادہ سخت تعفن اور ایذاء کا باعث بنتا ہے۔ پھر ان کی صفائی میں بھی بہت وقت پیش آتی ہے، لہٰذا ایسے مواقع میں ڈھیلے کا استعمال ہرگز نہ کریں بلکہ ڈھیلے کی جگہ ٹشو وغیرہ استعمال کریں کیونکہ ڈھیلا استعمال کرنا سنت ہے، متبادل ٹشو وغیرہ موجود ہونے کی صورت میں اپنے آپ کو اور دوسروں کو مصیبت میں ڈالنا حرام ہے، کسی سنت کام کی خاطر حرام کا ارتکاب کرنا جائز نہیں ہے، اس لئے پہلے ٹشو پیپر استعمال کریں پھر اس کے بعد پانی استعمال کریں۔ (1)

---

(1) وعن انس اخرجه ابن ابي شيبة من حديث قتادة عنه، قال: كانت شجرة على طريق الناس فكانت تؤذيهم فعزلها رجل عن طريقهم، قال النبي صلى الله عليه وسلم: رايته يتقلب في ظلها في الجنة. واعلم ان الشخص يؤجر على إماطة الأذى وكل مايؤذى في الطريق. وفيه دلالة على ان طرح الشوك في الطريق والحجارة والكناسة والمياه المفسدة للطريق وكل مايؤذي الناس يخشى عليه في الدنيا والآخرة. (عمدة القاري: (۱۳/۲۳) كتاب المظالم والغصب، باب من اخذ الغصن ومايؤذى الناس في الطريق فرمى به، ط: دار إحياء التراث العربي)

فاذا فرغ يعصر ذكره من اسفله الى الحشفة ثم يمسح بثلاثة احجار...... فاذا استيقن بانقطاع اثر البول يقعد للاستنجاء بالماء موضعا آخر. (ردالمحتار: (۱/۳۴۵) كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء ط: سعيد)

والافضل ان يجمع بينهما، كذا في التبيين قيل هو سنة في زماننا وقيل على الاطلاق وهو الصحيح وعليه الفتوى، كذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/۴۸) ط: رشيدية)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/۲۴۱) ط: سعيد. =

استنجاء کا حکم

☆ اگر پاخانہ، پیشاب مخرج یعنی جس جگہ سے نکلا ہے اس سے آگے بچھ‍ نہ لگا ہو تو پانی سے دھونا، یا پانی کے بجائے صرف ڈھیلے سے صاف کرنا سنت مؤکدہ ہے، اور یہ حکم مرد اور عورت دونوں کے لئے برابر ہے، چنانچہ اگر کوئی عاقل وبالغ انسان گندگی نکلنے کی جگہ کو پانی سے بھی نہیں دھوئے گا اور ڈھیلے سے بھی صاف نہیں کرے گا تو مکروہ ہوگا۔

اور "مخرج" سے مراد وہ جگہ ہے جہاں سے نجاست خارج ہو اور وہ جگہ بھی اس میں شامل ہے، جیسے پاخانہ کے مقام کا وہ حلقہ جو کھڑے ہونے کے وقت چھپ جاتا ہے، اور اس کا کوئی حصہ نظر نہیں آتا، اسی طرح مردوں کے عضو مخصوص کا وہ حلقہ جو سوراخ کے ارد گرد ہوتا ہے اور جہاں سے پیشاب خارج ہوتا ہے۔ (۱)

استنجاء کا طریقہ

استنجاء یعنی طہارت کا اصل طریقہ تو یہ ہے کہ پانی استعمال کیا جائے، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے سابقہ انبیاء کرام کی امتوں پر صرف پانی سے پاکی

= ⇐ درء المفاسد مقدم على جلب المصالح غالبا، واعتناء الشرع بالمنهيات أشد من اعتنائه بالمأمورات، ولذا قال عليه الصلاة والسلام: ما نهيتكم عنه فاجتنبوه، وما أمرتكم به فأتوا منه ما استطعتم. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ۴۹) كتاب الطهارة، فصل فيما يجوز به الاستنجاء، ط: قديمی)

(۱) (ويجب) اى يفرض غسله (ان جاوز المخرج نجس) مائع ويعتبر القدر المانع لصلاة (فيما وراء موضع الاستنجاء) لان ما على المخرج ساقط شرعا وان كثر ولهذا لا تكره الصلاة معه (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء (۱/۳۳۸، ۳۳۹) ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/۴۸) ط: رشيدية.

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/۲۴۲) ط: سعيد.

حاصل کرنے کا حکم تھا، لیکن دین اسلام نے عوام کی سہولت کے پیش نظر ڈھیلے اور ایسی چیزوں سے پاکی حاصل کرنے کی اجازت دی ہے جن سے کوئی ضرر نہ ہو۔(۱)

استنجاء کرتے وقت جسم ڈھیلا چھوڑنا

☆ اگر آدمی روزہ دار نہیں ہے تو استنجاء کرتے وقت جسم کو ڈھیلا چھوڑنا مستحب ہے۔

☆ اور اگر آدمی روزہ دار ہے تو استنجاء کرتے وقت جسم کو ڈھیلا نہ چھوڑے کیونکہ پانی اندر پہونچانے میں زیادہ مبالغہ سے کام لیا جائے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔(۲)

(۱) (وقیل هو) ای استعمال الماء سنة فی زماننا قاله الحسن البصری..... الاستجاء بالماء سنة مؤكدة فی كل زمان لاشتماله على النظافة المواظبة. (فتح القدير: (۱۸۹/۱) كتاب الطهارات، باب الانجاس وتطهيرها، فصل فی الاستجاء ط: رشيديه)

☆ البحر الرائق: (۲۴۱/۱) كتاب الطهارة، باب الانجاس ط: سعيد.

☆ ردالمحتار: (۳۳۸/۱) كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل فی الاستجاء ط: سعيد.

☆ والأصل فی الاستجاء أن يكون بالماء فقد كان الاستجاء بالماء فقط مشروعا فی الأمم التي من قبلنا روى أن أوّل من استنجى بالماء وهو سيدنا إبراهيم عليه وعلى نبينا الصلاة والسلام ولكن سماحة الدين الإسلامی، وسهولته قد قضت بإباحة الاستجاء بالأحجار ونحو ذلک من كل مالايضر. (الفقه على المذاهب الأربعة: (۹۳/۱) كتاب الطهارة، مباحث الاستجاء، تعريف الاستجاء، المكتبة الحقيقية)

☆ فصح أن الاستنجاء بالحجر من خصوصيات هذه الأمة كما ذكره ابن سراقة والسيوطي. وعبارة السيوطي نصها: قلت: ذكر ابن سراقة فی الاعداد وغيره أن اجزاء الحجر فی الاستجاء من خصوصيات هذه الأمة الشريفة. (نهاية المحتاج إلى شرح المنهاج: (۱۴۴/۱) فصل فی احكام الاستجاء وآدابه، ط: دار الفكر)

☆ السيرة الحلبية: (۳۸۷/۳) باب ذكر نبذ من معجزاته صلى الله عليه وسلم، ط: دار المعرفة)

☆ الفقه على المذاهب الأربعة: (۹۳/۱) كتاب الطهارة، مباحث الاستجاء، تعريف الاستجاء، ط: المكتبة الحقيقية.

(۲) فالاولى ان يقعد مسترخيا كل الاسترخاء الا ان يكون صائما كان الاستجاء بالماء. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس ۲۳۰/۱ ط: سعيد) =

استنجاء کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا

استنجاء کرتے وقت بھی قبلہ کی جانب منہ یا پیٹھ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ (۱)

استنجاء کرتے وقت کلمہ یا آیات پڑھنا

استنجاء کرتے وقت زبان سے کلمہ یا کوئی آیت یا حدیث پڑھنا مکروہ ہے۔ (۲)

☜ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ۱/ ۴۹ ط: رشیدیة.

☜ ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل فی الاستنجاء ۱/ ۳۴۵ ط: سعید.

(۱) ويكره استقبال القبلة بالفرج في الخلاء واستدبارها...... ولايختلف هذا عندنا في البنيان والصحراء، كذا في شرح الوقاية. (الفتاوی الهندية: (۱/ ۵۰) كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ط: سعيد)

☜ الدر المختار مع رد المحتار: (۱/ ۳۴۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس ط: سعيد

☜ البحر الرائق: (۱/ ۲۴۳) كتاب الطهارة، باب الأنجاس ط: سعيد

☜ (كما كره) تحريما (استقبال قبلة واستدبارها لـ)اجل (بول او غائط) فلو للاستنجاء لم يكره وفي الرد: (قوله: لم يكره) اى تحريما لما في المنية ان تركه ادب ولما مر في الغسل ان من آدابه ان لا يستقبل القبلة لانه يكون غالبا مع كشف العورة حتى لو كانت مستورة لا باس به ولقولهم يكره مد الرجلين الى القبلة في النوم وغيره عمدا وكذا في حال مواقعة أهله. (رد المحتار: (۱/ ۳۴۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، قبيل مطلب: القول مرجح على الفعل، ط: سعيد)

☜ و من الآداب أن يجلس للاستنجاء متوجها (الى يمين القبلة أو الى يسارها) كيلا يستقبل القبلة أو يستدبرها حال كشف العورة فاستقبالها أو استدبارها حالة الاستنجاء ترك أدب و مكروه كراهة تنزيه.

حلبی كبير، آداب الوضوء (ص: ۲۸) ط: سهيل اكيڈمی.

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۳) ط: سعيد

☜ چوں کہ کوئی دلیل نہی کی نہیں، اس لیے جائز ہے (گو نہ کرنا موجب ثواب ہے......)

☜ امداد الفتاوی، نجاست کے احکام، فصل فی الاستنجاء، (۱/ ۱۴۱) ط: مکتبہ دار العلوم کراچی۔

(۲) ولا يذكر الله. (البحر الرائق: (۱/ ۲۴۳) كتاب الطهارة، باب الانجاس ط: سعيد)

☜ الفتاوی الهندية: (۱/ ۵۰) كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ط: رشيديه.

☜ و يستحب ان لا يتكلم بكلام قط من كلام الناس أو غيره ...... و اما غيره من الذكر والدعاء فلأنه في مصب الماء المستعمل و محل الأوساخ و الأقذار. (حلبی كبير: (ص: ۴۵) كتاب الطهارة، الغسل ط: نعمانيه)

استنجاء کے بعد تری کا نکلنا

''تری نکلنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۱۵/۱)

استنجاء کے بعد ہاتھ کو صابن سے دھونا

''صابن سے ہاتھ دھونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۶۲/۲)

استنجاء کیسے کرے؟

استنجاء اس طرح کیا جائے کہ پیشاب کی چھینٹیں نہ اڑیں [1]، اور قطرے کپڑے اور بدن پر نہ لگیں، قطرے بند ہونے کی جو تدبیریں ہیں انہیں اور ان کے علاوہ تجربہ سے جو مفید معلوم ہو اس کو اختیار کیا جائے، تا کہ دل مطمئن ہو جائے۔ [2]

غرض یہ کہ اس سلسلے میں بڑے اہتمام، توجہ اور فکر کی ضرورت ہے، اس کو ہرگز ہلکا نہیں سمجھنا چاہئے۔

لماذا اراد ان یبول وکانت الارض صلبة دلها بحجر او حفر حفیرة حتی لا یترشرش علیه البول. (الفتاوی الهندیة : (۵۰/۱) کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ط:رشیدیه)

البحر الرائق : (۲۴۳/۱) کتاب الطهارة، باب الانجاس ط:سعید.

ردالمحتار : (۳۴۳/۱) کتاب الطهارة، فصل فی الاستنجاء ط:سعید.

(۲) والاستبراء واجب حتی یستقر قلبه علی انقطاع العود، کذا فی الظهیریة، قال بعضهم یستنجی بعد ما یخطو خطوات، وقال بعضهم یرکض برجله علی الارض ویتنحنح ویلف رجله الیمنی علی الیسری وینزل من الصعود الی الهبوط والصحیح ان طباع الناس مختلفة فمتی وقع فی قلبه انه تمّ استفراغ ما فی السبیل یستنجی، هکذا فی شرح منیة المصلی لابن امیر الحاج والمضمرات. (الفتاوی الهندیة: (۴۹/۱) کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، ط: رشیدیة)

البحر الرائق: (۲۴۰/۱) کتاب الطهارة، باب الانجاس، ط:سعید.

ردالمحتار: (۳۴۵/۱-۳۴۴) کتاب الطهارة، باب الانجاس، مطلب فی الفرق بین الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء ط:سعید.

استنجاء کی وجہ تسمیہ

☆ ''استنجاء'' کا لفظ عربی زبان کے ایک لفظ سے لیا گیا ہے، جب درخت کو جڑ سے کاٹ دیا جائے تو عرب کے لوگ کہتے ہیں ''نجوت الشجرۃ'' یعنی درخت کو جڑ سے کاٹ دیا ہے، اور استنجاء کا مفہوم بھی یہی ہے کہ ناپاکی اور گندگی کو اس کی جڑ سے کاٹ دیا جائے۔ (۱)

☆ پیٹ کے دونوں راستوں سے جو کچھ نکلتا ہے اس کو ''نجو'' کہتے ہیں۔ (۲)

استنجاء کے چار ارکان

استنجاء کے ارکان چار ہیں، اور استنجاء کی بنیاد ان چار چیزوں پر ہے۔
① استنجاء کرنے والا۔ ② وہ گندگی جس سے پیشاب پاخانہ کی جگہ گندہ ہو ③ وہ جگہ جس کو صاف کرنا ہے یعنی پیشاب پاخانہ کا مقام۔ ④ پانی اور ڈھیلے ٹشو وغیرہ۔
یہ چار چیزیں ہیں جن کے بغیر استنجاء نہیں ہوسکتا۔ (۳)

---

(۱) واستنجيت الشجرة قطعتها من اصلها ونجا غصون الشجرة نجوا واستجاها قطعها، قال شمر: وارى الاستنجاء في الوضوء من هذا لقطعه العذرة بالماء. (لسان العرب: (۱۵/۳۰۲م باب الواو والياء، المادة:نجا ط:دارصادر بيروت)

(۲) النجو مايخرج من البطن...... يقال "نجا" و "انجى" اذا احدث واصله من النجوة لانه يستتر بها وقت قضاء الحاجة ثم قالوا :استجى اذا مسح موضع النجو او غسله.(المغرب في ترتيب المعرب: (ص: ۴۹۱)باب النون، النون مع الجيم ط:ادارة دعوة الاسلام)

: رد المحتار: (۱/۳۳۵) كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستجاء ط:سعيد.

: البحر الرائق: (۱/۲۴۰) كتاب الطهارة، باب الانجاس ط: سعيد.

(۳) (واركانه) اربعة شخص (مستنج و) شيء (مستجى به) كماء وحجر(و) نجس(خارج) من احد السبيلين وكذا لو اصابه من خارج وان قام من موضعه على المعتمد.(الدر المختار مع رد المحتار: (۱/۳۳۶) كتاب الطهارة، باب الان-س. فصل في الاستجاء ط:سعيد) =

استنجاء میت

"میت کا استنجاء" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۵۱/۲)

استنجاء میں وسوسہ آئے

حضرت خواجہؒ نے حضرت تھانوی رحمہ اللہ سے عرض کیا کہ مجھے استنجاء میں بڑے وسوسے آتے ہیں، بہت دیر میں مشکل سے پورا خشک ہوتا ہے، اور مقام استنجاء (عضو مخصوص) ملنے سے کچھ نہ کچھ نکلتا ہی رہتا ہے۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے فرمایا ایسا ہرگز مت کیجئے، معمولی طور سے استنجاء کر کے دھو لینا چاہئے۔ (ملنا نہیں چاہئے)

عوارف المعارف میں لکھا ہے کہ اس کا حال تھن جیسا ہے کہ جب تک ملتے ہیں کچھ نہ کچھ نکلتا رہتا ہے (یعنی جیسا دودھ تھن سے دوہا (نکالا) جاتا ہے، تو دودھ جانور کے تھن میں آتا ہے اور دوہنا بند کر دیا جاتا ہے تو دودھ بھی آنا بند ہو جاتا ہے، اگر یوں ہی چھوڑ دیں تو کچھ نہیں نکلتا یہی حال پیشاب کا بھی ہے۔

حضرت خواجہ صاحبؒ نے عرض کیا کہ بعد کو قطرہ نکل آتا ہے، فرمایا کہ کچھ خیال نہ کیجئے، چاہے بعد کو نمازوں کا اعادہ کر لیجئے گا لیکن جب تک جبر کر کے وسوسہ کے خلاف نہیں کریں گے یہ مرض نہیں جائے گا، اس وجہ سے تو آپ بڑی تکلیف میں ہیں۔

= وأركان الاستنجاء اربعة: مستنج، وهو الشخص ومستجى به: وهو الخارج النجس الذي يلوث القبل او الدبر ومستجى به: وهو الماء او الحجر ومستجى فيه وهو القبلة او الدبر فهذه هي الأركان التي لايتحقق الاستنجاء إلاّ بتحققها. (الفقه على المذاهب الأربعة: (۹۳/۱) كتاب الطهارة، مباحث الاستنجاء وآداب قضاء الحاجة، ط: المكتبة الحقيقية)

حاشية الطحطاوي على الدر: (۱۶۳/۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: المكتبة العربية.

خولہ صاحب نے کہا رطوبت کی وجہ سے ایک وقت کے وضو میں دوسرے وقت کے وضو کیلئے شک پڑ جاتا ہے، اس کی وجہ سے پاجامہ کا رومال بھی دھونا پڑتا ہے؟

حضرت تھانوی رحمہ اللہ علیہ نے فرمایا نہ وضو کیجئے نہ رومال دھویا کیجئے، چند روز جتکلف بے التفاتی کرنے سے وسوسے جاتے رہیں گے۔ (۱)

اس سے معلوم ہوا کہ استبراء (پاکی حاصل کرنے) میں زیادہ غلو اور شدت مذموم ہونے کے علاوہ صحت کے لئے بھی مضر ہے، اور ذہنی انتشار اور دماغی پریشانی کا باعث بھی ہے۔ (۲)

استنجے کا افضل طریقہ

استنجے کا افضل طریقہ یہ ہے کہ پہلے ڈھیلے سے استنجاء کرے پھر پانی سے استنجاء کرے، اور اگر صرف ڈھیلے سے یا صرف پانی سے استنجاء کرے تو یہ بھی کافی ہے اور استنجاء کی سنت بھی ادا ہو جائے گی۔ (۳)

استنجے کا بچا ہوا پانی

استنجے کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا درست ہے، اور وضو کے بچے ہوئے

(۱) (کمالات اشرفیہ: (ص: ۲۶۵) عنوان: وسوسہ طہارت کا علاج، ط: ادارہ تالیفات اشرفیہ)

(۲) احسن الفتاوی: (۱۰۷/۲-۱۰۶) کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، فصل فی الاستنجاء ط: سعید.

(۳) اذا اراد أن يتوضأ بعد ما احدث فانه يغسل موضع النجاسة فان ترك الاستنجاء بالماء واستنجى بالحجر او بالمدر جاز. (فتاوى قاضي خان: (۳۲/۱) كتاب الطهارة باب الوضوء والغسل فصل في صفة الوضوء، ط: رشيدية

الفتاوى الهندية: (۴۸/۱) كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ط: رشيدية

الدر المختار مع رد المحتار: (۳۳۷/۱) كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء ط: سعيد.

پانی سے استنجاء کرنا بھی درست ہے لیکن بہتر نہیں ہے۔ (۱)

استنجے کا ڈھیلہ

اگر استنجاء کا استعمال کیا ہوا ڈھیلا تھوڑی مقدار پانی میں گر جائے تو وہ پانی ناپاک ہو جائے گا۔ (۲)

استنجے میں ڈھیلے طاق عدد ہونے چاہئیں

''ڈھیلے کا عدد'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۶۵/۱)

اسٹیشن کا پانی

''غیر مسلم پانی دینے والا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۸۹/۲)

اسٹیل کے برتن میں بھرے ہوئے پانی سے وضو کرنا

''برتن'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۳/۱)

اسراف

''اسراف'' کا مفہوم یہ ہے کہ کسی وجہ اور خاص نفع کے بغیر ضرورت سے زائد

---

(۱) بہشتی زیور، استنجے کا بیان: (ص:۱۲۳)، دوسرا حصہ، ط: دارالاشاعت۔

(۲) فتاوی دارالعلوم دیوبند: (۱۳۸/۱ و ۱۴۰) کتاب الطهارة، الباب الثالث، فصل اول، ط: دارالاشاعت.

ونزل عليكم من السماء ماء ليطهركم به، دل بعبارته على كون ماء المطر مطهرا و بدلالته على كون سائر المياه المطلقة مثله مطهرة مالم يعرض لها عارض يزيل ذلك الحكم عنها. (الحلبي الكبير: (ص: ٧٧) الشرط الاول الطهارة من الحدث، فصل في بيان احكام المياه، ط: مكتبه نعمانيه)

ولو وقع في البئر خرقة او خشبة نجسة، ينزح كل الماء. (الخانية على هامش الهندية (١/ ٩) كتاب الطهارة، فصل: فيما يقع في البئر، ط: رشيديه)

وإذا وقعت في البئر نجاسة نزحت وكان نزح ما فيها من الماء طهارة لها بإجماع السلف (الهداية: (١/ ٢١) كتاب الطهارة، فصل في البئر، ط: المصباح)

حلبي كبير: (ص: ١٥٦) كتاب الطهارة، فصل في البئر، ط: سهيل اكيڈمى لاهور.

خرچ کرنا۔

کھانے کا اسراف یہ ہے کہ پیٹ بھرا ہوا ہے پھر بھی کھانے پر لگا ہوا ہے، مکان اور تعمیر کا اسراف یہ ہے کہ ضرورت کے موافق مکان ہے، پھر بھی ضرورت کے بغیر کمرہ پر کمرہ بنا رہا ہے، اسی طرح پانی کا اسراف یہ ہے کہ ضرورت سے زائد پانی بہاتا جاتا ہے، اور نلوں سے وضو کرتے وقت عام طور پر نل کھلا رکھتا ہے، پانی گرتا رہتا ہے، اسے پروہ ہی نہیں ہے، پانی کے اسراف کا خیال نہیں رکھتا، بالفرض اگر پانی خرید کر وضو کرنا پڑتا تو جس احتیاط سے بچت کر کے وضو کرتا نل کے پانی سے وضو کرتے وقت بھی اسی طرح احتیاط کرنی چاہیے۔[1]

اسکارف کے اوپر مسح کرنا

"عمامہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۷۶/۲)

اسلام پر موت ہوتی ہے

"سوتے وقت وضو کی فضیلت" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۹/۱)

---

(۱) ومكروهه : لطم الوجه ...... بالماء ...... والإسراف ...... فيه تحريما ولو بماء النهر والمملوك له . أمّا الموقوف على من يتطهر به ، ومنه ماء المدارس فحرام .

(قوله : والإسراف) أي بأن يستعمل منه فوق الحاجة الشرعية ، لما أخرج ابن ماجه وغيره عن عبد الله بن عمرو بن العاص أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم : مر بسعد وهو يتوضأ فقال : ما هذا السرف ؟ فقال : أفي الوضوء إسراف ؟ فقال نعم ، وإن كنت على نهر جار . (الدر مع الرد: (۱/ ۱۳۱ ، ۱۳۲) كتاب الطهارة ، مطلب في الإسراف ، ط: سعيد)

☆ حاشية الطحطاوي على المراقي : (ص: ۸۰) كتاب الطهارة ، فصل في المكروهات ، ط: قديمي.

☆ ومن الآيات الدالة على منع الإسراف قوله : ولا تسرفوا انّه لايحب المسرفين فإنّه بعمومه يدلّ على انّ الإسراف مطلقًا منهي عنه ، فثبت من هذا كله أنّ نفس الإسراف في الوضوء حرام. (السعاية : (۱/ ۱۸۳) البحث في حكم الطهارة ، استحباب مسح الرقبة ، ط: سعيد)

اعضاء پر کوئی چیز لگ جائے

وضو میں جن اعضاء کا دھونا فرض ہے اگر ان پر کوئی چیز لگ جائے جو پانی کو پہنچنے سے منع نہ کرے تو اس کو چھڑانا فرض نہیں ہے، مثلاً منہ یا ہاتھ پیر پر مٹی وغیرہ لگ جائے تو اس کا چھڑانا فرض نہیں ہے جب کہ پانی پہنچ جائے، اور اگر ایسی چیز لگی ہے جو پانی کو پہنچنے سے منع کرتی ہے تو اس کو چھڑانا اور صاف کرنا لازم ہوگا ورنہ پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے وضو نہیں ہوگا۔ (۱)

اعضاء پھٹ گئے

''اعضاء وضو میں زخم ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۹۵/۱)

اعضاء کو خشک کرتے جانا

☆ وضو اور غسل میں پہلا عضو دھونے کے بعد خشک ہونے سے پہلے دوسرا عضو دھونا سنت ہے، اسی طرح مسح کے بعد اور تیمم میں اتنی دیر کرنا کہ اس وقت اگر کوئی عضو دھویا ہوتا تو وہ خشک ہو جاتا سنت کے خلاف ہے۔

☆ وضوء کے اعضاء دھونے میں موالات (پے در پے) سنت ہے فرض نہیں، اس لئے پہلے عضو کو پانی سے دھونے کے بعد خشک ہونے پر دوسرے عضو کو دھونا

---

(۱) (ویجب) ای یفرض (غسل) کل ما یمکن من البدن بلا حرج مرة کاذن و (سرة وشارب وحاجب و) اثناء (لحیة) .... (ولا یمنع) الطهارة (ونیم) ای خرء ذباب و برغوث لم یصل الماء تحته (وحناء) ولو جرمه، به یفتی (ودرن ووسخ) عطف تفسیر و کذا دهن ودسومة (وتراب) وطین ولو (فی ظفر مطلقا) .... (و) لا یمنع (ما علی ظفر صباغ و) لا (طعام بین اسنانه) او فی سنه المجوف، به یفتی، وقیل ان صلبا منع وهو الاصح. ((الدر المختار مع رد المحتار: (۱/ ۱۵۲-۱۵۴) کتاب الطهارة ط: سعید)

:: الفتاوی الهندیة: (۱/ ۴) کتاب الطهارة، الباب الاول ط: رشیدیة.

:: البحر الرائق: (۱/ ۱۳) کتاب الطهارة، ط: سعید.

مکروہ تو ہے تاہم وضو درست ہو جائے گا۔

سنت یہ ہے کہ مثلاً چہرہ دھولیا، تو فوراً ہی ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھولیا جائے اور ہاتھوں کے خشک ہونے سے پہلے سر کا مسح کیا جائے، پھر اس کے بعد فوراً دونوں پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھولیا جائے، اگر چہرہ دھو کر اتنا وقفہ کیا کہ چہرہ پر جو وضو کا پانی تھا وہ خشک ہو گیا تو وضو صحیح ہو جائے گا لیکن مکروہ ہوگا۔

☆ وضو کے دوران عذر کی وجہ سے اعضاء کا خشک کرتے جانا بلا کراہت جائز ہے، وضو مکمل ہو جائے گا اور اس سے نماز پڑھنا درست ہوگا، البتہ عذر کے بغیر ایسا کرنا سنت کے خلاف ہوگا، نماز پھر بھی اس وضو سے صحیح ہو جائے گی۔ (۱)

اعضاء میں درد ہو

''اعضاء وضو میں زخم ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۹۵/۱)

اعضاء وضو کو ایک ایک مرتبہ دھونا

وضو کرتے ہوئے سر کے مسح کے علاوہ باقی تمام اعضاء کو تین تین مرتبہ دھونا سنت ہے، اگر اتفاق سے پانی کم ہو، وضو کے اعضاء کو تین تین مرتبہ دھونے سے دوسری ضرورتوں میں حرج ہو، یا وقت کی تنگی ہو، مثلاً سفر کے مختصر اور محدود وقفہ میں وضو کر کے جلدی سے نماز پڑھنی ہو، تو ایسے موقع پر ایک ایک مرتبہ عضو دھونے پر اکتفا

(۱) ومنها الموالاة وهى التتابع، وحده ان لايجف الماء على العضو قبل ان يغسل ما بعده في زمان معتدل ولا اعتبار بشدة الحر والرياح ولا شدة البرد ويعتبر ايضا استواء حالة المتوضئ كذا في الجوهرة النيرة. و انما يكره التفريق في الوضوء اذا كان بغير عذر اما اذا كان بعذر بان فرغ ماء الوضوء فيذهب لطلب الماء او ما اشبه ذلك فلا باس بالتفريق على الصحيح وهكذا اذا فرق في الغسل والتيمم، كذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية: (۸/۱) كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثاني ط: رشيدية)

(۲) البحر الرائق: (۲۷/۱) كتاب الطهارة ط: سعيد.

(۳) ردالمحتار: (۱۲۲/۱) كتاب الطهارة ط: سعيد.

کر کے جلدی سے نماز پڑھنا سنت کے خلاف نہیں ہوگا اور کسی قسم کی کراہت اور قباحت بھی نہیں ہوگی۔ (۱)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو میں ایک ایک مرتبہ (اعضاء کو) دھویا۔ (۲)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ایک مرتبہ دھوتے ہوئے دیکھا۔ (۳)

اعضاءِ وضو کی دعاؤں کی تحقیق

وضو کے دوران مختلف اعضاء دھوتے وقت جو دعائیں کتابوں میں منقول ہیں، وہ ضعیف ہیں، مضبوط سند والی احادیث سے ثابت نہیں ہیں، اگر ضعیف حدیث متعدد سندوں سے منقول ہو تو فضائل اعمال میں اس کا اعتبار کرنا درست ہے، نیز یہ کہ یہ تمام دعائیں سلف صالحین سے پڑھنا ثابت ہے، لہٰذا ان کو پڑھنے میں کوئی حرج

(۱) ومنها تكرار الغسل ثلاثًا فيما يفرض غسله نحو اليدين والوجه والرجلين...... ولو توضأ مرة لعزة الماء أو للبرد أو لحاجة لايكره ولا يأثم وإلّا فيأثم. (الفتاوى الهندية: (۷/۱) كتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الثاني في سنن الوضوء، ط: رشيديه)
والدر مع الرد: (۱۱۸/۱) كتاب الطهارة، مطلب في منافع السواك، ط: سعيد.
والمحيط البرهاني: (۱٦۸/۱) كتاب الطهارات، الفصل الأوّل في الوضوء، ط: إدارة القرآن.

(۲) عن ابن عباس قال: توضأ النبيّ صلى الله عليه وسلم مرّة مرة. (صحيح البخاري: (۲۷/۱) كتاب الوضوء، باب الوضوء مرة، ط: قديمى)
وجامع الترمذي: (۱٦/۱) أبواب الطهارة، باب ماجاء في الوضوء مرة مرة، ط: قديمى.
وسنن أبي داود: (۳۰/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء مرة مرة، ط: رحمانيه.

(۳) عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه، قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم توضأ مرّة مرّة. (الطحاوي: (۲٦/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء للصلوة مرة مرة وثلثا و ثلثا، ط: مكتبة حقانيه.
وجامع الترمذي: (۱٦/۱) أبواب الطهارة، باب ماجاء في الوضوء مرّة مرّة، ط: قديمى.
ومسند احمد: (۲۹۳/۱) رقم الحديث: ۱۲۹، مسند عمر بن الخطاب رضي الله عنه، ط: مؤسسة الرسالة.

نہیں ہے، اور اسلاف سے دعا منقول ہونے کی وجہ سے پڑھنے میں ثواب سے محروم نہیں ہوگا۔ (۱)

نوٹ: حدیث قوی یا ضعیف ہونے کا مدار نص پر نہیں بلکہ اجتہاد پر ہے اور اجتہاد میں اختلاف ہوسکتا ہے، اس لئے ایک حدیث کچھ محققین کی تحقیق کے مطابق ضعیف ہونے کے باوجود دوسرے محققین کی تحقیق کے مطابق قوی ہوسکتی ہے۔ (۲)

---

(۱) أمّا الدعاء على أعضاء الوضوء فلم يجيء فيه شيء عن النبيّ صلى الله عليه وسلم، جاء عن السلف. (كتاب الأذكار: (ص: ۱۱۷) باب مايقول على وضوئه، ط: دار ابن كثير)

☆ أمّا الدعاء على أعضاء الوضوء فلم يجيء فيه شيء عن النّبي صلى الله عليه وسلم، وقال: في الروضة لاأصل له. (اتحاف السادة: (۳۵۲/۲) كتاب اسرار الطهارة، باب آداب قضاء الحاجة، كيفية الوضوء، ط: مؤسّسة التاريخ العربي)

☆ عن علي من طرق ضعيفة جدًا أوردها المستغفري في الدعوات وابن عساكر في أماليه، في اسناده من لايعرف. ورواه ابن حبان في الضعفاء وفيه عباد بن صهيب وهو متروك. وروى المستغفري من حديث البراء بن عازب وليس بطوله وإسناده واه. (تلخيص الحبير: (۱/ ۲۹۷، ۲۹۸) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، ط: دار الكتب العلمية)

☆ انها ضعيفة ولم يثبت منها شيء عن رسول الله صلى الله عليه وسلم لا من قوله ولا من فعله، طرقه كلها لا تخلوا عن متهم بوضع. ونسبة هذه الأدعية إلى السلف الصالح اولىٰ من نسبتها إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ۷۶) كتاب الطهارة، باب آداب الوضوء، ط: قديمى)

☆ (والدعاء الوارد عنده) أى عند كل عضو وقد رواه ابن حبان وغيره عنه عليه السلام من طرق، وقال محقق الشافعية الرملي فيعمل به فضائل الأعمال وإن أنكره النووي. (الدر المختار مع الرد: (۱/ ۱۲۷، ۱۲۸) كتاب الطهارة، ط: سعيد)

☆ وقد تعقبه صاحب المهمات فقال ليس كذلك بل روى من طرق. (اتحاف السادة المتقين بشرح إحياء علوم الدين: (۳۵۲/۲) كتاب اسرار الطهارة، باب آداب قضاء الحاجة، كيفية الوضوء، ط: مؤسّسة التاريخ العربى)

(۲) ويجوز عند أهل الحديث وغيرهم التساهل في الأسانيد و رواية ما سوى الموضوع من الضعيف، والعمل به من غير بيان ضعفه في غير صفات الله تعالىٰ والأحكام كالحلال والحرام، ومما لايتعلق له بالعقائد والأحكام. (تدريب الراوي: (ص: ۲۵۲) أنواع الحديث، النوع الثاني والعشرون: المقلوب، شروط العمل بالأحاديث الضعيفة، ط: قديمى) =

اعضاء وضو میں زخم ہے

وضو میں جن اعضاء کا دھونا فرض ہے، اگر ان میں زخم ہو یا پھٹ گئے ہوں یا درد وغیرہ ہو تو اگر ایسی حالت میں ان اعضاء کو پانی سے دھونے سے تکلیف نہیں ہوتی ہے اور نقصان بھی نہیں ہوتا ہے تو دھونا فرض ہے، اور اگر تکلیف ہوتی ہے یا نقصان ہوتا ہے تو مسح کرے، اور اگر مسح کرنے سے بھی تکلیف ہوتی ہے، یا نقصان ہوتا ہے تو مسح بھی نہ کرے اور اسی حالت میں نماز پڑھ لے۔[1]

اعوذ باللہ وضو سے پہلے پڑھنا

وضو سے پہلے "اعوذ باللہ" پڑھنا سنت کے خلاف نہیں بلکہ افضل ہے۔[2]

= ⁽ᶜ⁾ رسائل لکھنوی: (۳/۱۰۳) الرسالة الخامسة: الأجوبة الفاضلة، ط: إدارة القرآن.

قال العلماء من المحدثين والفقهاء وغيرهم: يجوز ويستحب العمل في الفضائل والترغيب والترهيب بالحديث الضعيف مالم يكن موضوعا. (الأذكار للنووي: (ص: ٦٦) فصل في الأمر بالإخلاص وحسن النيات، ط: دار ابن كثير، بيروت)

(۱) في أعضائه شقاق غسله ان قدر والا مسحه والا تركه. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱/ ۱۰۲) كتاب الطهارة ط: سعيد)

وفي مجموع النوازل اذا كان برجله شقاق فجعل فيه الشحم وغسل الرجلين ولم يصل الماء الى ما تحته ينظر ان كان يضره ايصال الماء الى ماتحته يجوز وان كان لا يضره لا يجوز. (المحيط البرهاني: (۱/ ۱٦۹) كتاب الطهارات، الفصل الأول ط: ادارة القرآن)

الفتاوى الهندية: (۱/ ۵) كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول في فرائض الوضوء ط: رشيدية.

(۲) وقيل الافضل بسم الله الرحمن الرحيم بعد التعوذ وفي المجتبى يجمع بينهما. (رد المحتار: (۱/ ۱۰۹) كتاب الطهارة ط: سعيد)

وعن الوبرى يتعوذ لم يبسمل وذكر الزاهدى انه ان جمع بين ما تقدم والبسملة فحسن وفي المحيط السنة مطلق الذكر كالحمدلله او لا اله الا الله. (البحر الرائق: (۱/ ۱۸) كتاب الطهارة ط: سعيد)

فتح القدير: (۱/ ۱۹) كتاب الطهارة ط: رشيديه.

التقاء ختانین

التقاء ختانین (مرد عورت کی شرمگاہوں کے ملاپ) سے دونوں پر غسل واجب ہو جاتا ہے، بشرطیکہ سپاری فرج میں غائب ہو جائے۔[۱]

الٹالیٹ کر سونا

الٹالیٹ کر سونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ اس صورت میں قوت ماسکہ (روکنے والی قوت) باقی نہیں رہتی، اور اگر ایسی نیند ہو کہ اس سے قوت ماسکہ باقی رہتی ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[۲]

الٹا ہاتھ زمین پر مارا

اگر کسی نے تیمم کرتے وقت الٹا ہاتھ زمین پر مار کر چہرے اور ہاتھوں پر مسح

(۱) عن عائشة رضي الله عنها قالت: اذا جاوز الختان الختان وجب الغسل فعلته انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم فاغتسلنا. (سنن الترمذي: (۳۰/۱) كتاب الطهارة، باب ما جاء اذا التقى الختان وجب الغسل ط: قديمي)

⇐ (و) عند (ايلاج حشفة) هي مافوق الختان (آدمي) احترازعن الجني يعني اذالم تنزل.....(او ايلاج (قدرها من مقطوعها) ولولم يبق منه قدرها....(في احد سبيلي آدمي) حي (يجامع مثله) عليهما. (الدرالمختارمع الرد: (۱/۱۶۱، ۱۶۲) كتاب الطهارة ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية: (۱/۱۵) كتاب الطهارة، الباب الثاني، الفصل الثالث ط: رشيدية.

⇐ البحر الرائق: (۱/۵۸) كتاب الطهارة ط: سعيد.

(۲) وعن معاوية بن ابي سفيان ان النبي ﷺ قال: انما العينان وكاء السه فاذا نامت العين استطلق الوكاء، رواه الدارمي. (مشكاة المصابيح: (۱/۴۱) كتاب الطهارة، باب ما يوجب الوضوء، ط: قديمي)

⇐ وعن ابن عباس رضي الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ: ان الوضوء على من نام مضطجعا فانه اذا اضطجع استرخت مفاصله، رواه الترمذي وابوداؤد. (ايضا)

⇐ (ونوم مضطجع ومتورك) بيان للنواقض الحكمية بعد الحقيقية.....ويلحق به المستلقي على قفاه والنائم المستلقي على وجهه. (البحر الرائق: (۱/۳۷) كتاب الطهارة ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية: (۱/۱۲) كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس ط: رشيدية.

⇐ رد المحتار: (۱/۱۴۱) كتاب الطهارة، ط: سعيد.

کرلیا، تب بھی تیمم ہوجائے گا لیکن سنت کے خلاف ہونے کی وجہ سے مکروہ ہوگا۔ [1]

الگ الگ پانی لینا ہر مرتبہ کلی میں

"کلی میں ہر مرتبہ الگ الگ پانی لینا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۱۴۰)

اللہ خوش ہوتا ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو تم میں سے وضو کرتا ہے (سنتوں کی رعایت کے ساتھ) اچھی طرح کامل وضو کرتا ہے، پھر نماز ہی کے واسطے مسجد آتا ہے، تو اس سے اللہ تعالیٰ اس طرح خوش ہوتے ہیں جس طرح کوئی اپنے غائب کے آنے سے خوش ہوتا ہے۔ [2]

---

(۱) الحنفية قالوا: إذا كان المسح بيده فإنه يشترط ان يمسح بجميع يده او أكثرها والمفروض إنما هو المسح سواء كان باليد او لما يقوم مقامها ...... ويكون المسح بضربتين او بما يقوم مقامها ركن من اركان التيمم، وإن لم يذكر الضرب في الآية الكريمة إلا أنه ذكر في الحديث قال: التيمم ضربتان: مسح جميع الوجه ولو بيد واحدة او إصبع. (الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/ ۱٦٦) مباحث التيمم، اركان التيمم، ...... ط: المكتبة الحقيقية)

☆ ولكن الوجه الصحيح ان المفروض هو المسح باليد فاكثر الأصابع يقوم مقام الكل فإذا استعمل في مسح الراس او الخف او التيمم ثلاثة أصابع كان كالماسح بجميع يده فيجوز، وإلا فلا. (المبسوط للسرخسي: (۱/ ٦٣) باب الوضوء والغسل، ط: دار المعرفة)

(۲) عن سعيد بن يسار انه سمع ابا هريرة يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايتوضأ احدكم فيحسن وضوءه ويسبغه، ثم ياتي المسجد لايريد إلا الصلاة فيه، إلا تبشبش الله إليه كما يتبشبش اهل الغائب بطلعته. (صحيح ابن خزيمة: (۲/ ۳۷۳) رقم الحديث: ۱۴۹۱، كتاب الإمامة في الصلاة، باب ذكر فرح الرب تعالى بمشي عبده إلى المسجد متوضئا، ط: المكتب الإسلامي، بيروت)

☆ مسند احمد: (۱۳/ ۳۲۷) رقم الحديث: ۸۰٦۵، مسند ابي هريرة رضي الله عنه، ط: مؤسسة الرسالة.

☆ كنز العمال: (۷/ ۵۷۵) رقم الحديث: ۲۰۳۱۹، كتاب الصلاة، من قسم الأقوال، الباب الخامس: الفصل الأول في الترغيب فيها، ط: مؤسسة الرسالة.

''اللہ'' کا نام دوسری زبانوں میں تحریر ہو

اگر اللہ کا نام دوسری زبانوں میں تحریر ہو تو اس کی تعظیم کرنا بھی واجب ہے۔ (۱)

اللہ کے نام کی برکت

''بسم اللہ سے پورے جسم کی طہارت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۷/۱)

''اللہ'' کے نام والا لاکٹ

''لاکٹ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۰/۲)

امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پہچان

قیامت کے دن لاکھوں نبیوں کی امتیں ہوں گی، ان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے وضو کے اعضاء وضو کرنے کی وجہ سے چمکدار اور روشن ہو جائیں گے، اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کو پہچان لیں گے، وضو کرنے کی وجہ

(۱) من الأسماء التوقيفية علم، ومنها ألقاب وأوصاف و ترجمة اللفظ بمنزلته، فالأسماء العجمية ترجمة تلك الألقاب والأوصاف، ولذا انعقد الإجماع على إطلاقها. (امداد الفتاح: (۵۱۳/۳) مسائل شتى، ...... ط: دار العلوم كراجي)

(۲) قال الله تعالى: ﴿ولله الأسماء الحسنى فادعوه بها﴾ ...... عن ابي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله تعالى تسعة و تسعين اسمًا، مائة إلا واحدة من احصاها دخل الجنة. (التفسير المظهري: (۴۳۶/۳) سورة الأعراف، الآية: ۱۷۹، ط: حافظ كتب خانه)

(۳) هي معظمة في كل لغة مرجعها إلى ذات واحدة، فإن اسم الله لا يعرف العرب وغيره، وهو بلسان فارسي "خدا" وبلسان الحبشة "واق" وبلسان الفرنجي "كريطرد روا" بحث على ذلك في سائر الألسن، تجد ذلك الإسم الإلهي معظمًا في كل لسان من حيث لا يدل عليه. (المبوابيت والجواهر: (ص: ۷۸) ...... ط: مصر)

(۴) (امداد الاحكام، كتاب العلم، فصل في تعليم القرآن وتلاوته ومطالعته (۲۴۳/۱) ط: دار العلوم كراجي)

سے اعضاء کا روشن ہونا صرف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی خصوصیت ہوگی، وضو اور طہارت کا حکم تو تمام امتوں کے لئے ہے لیکن وضو کے اعضاء کا روشن ہونا صرف اس امت کے ساتھ خاص ہے۔ (۱)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے حوض کی لمبائی ''ایلہ'' سے ''عدن'' تک ہے اس کا پانی برف سے زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے زیادہ میٹھا، دودھ سے زیادہ سفید اور اس کے پیالے آسمان کے ستاروں سے زائد، اپنے حوض سے لوگوں ہٹاؤں گا جیسا کہ لوگوں کے اونٹوں کو اپنے حوض سے ہٹایا جاتا ہے لوگوں نے کہا اے اللہ کے رسول: اس دن آپ (اپنی امت کو) پہچان لیں گے، کہاں ہاں، ایسے نشانات ہوں گے جو دوسری امتوں کے نہیں ہوں گے، وضو کے چمکتے ہوئے سفید نشانات کے ساتھ تم حوض پر آؤ گے۔ (۲)

---

(۱) لقوله صلى الله عليه وسلم: "لكم سيما ليست لأحد من الأمم تردون عليّ غرًّا محجلين من اثر الوضوء" اما السيما فهي العلامة..... وقد استدلّ جماعة من اهل العلم بهذا الحديث على انّ الوضوء من خصائص هذه الأمة زادها الله تعالىٰ شرفًا وقال آخرون: ليس الوضوء مختصًا وانّما الذي اختصت به هذه الأمة الغرة والتحجيل واحتجوا بالحديث الآخر هذا وضوئي و وضوء الأنبياء قبلي. (شرح النووى على مسلم: (۱/ ۱۲۶) كتاب الطهارة، باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء، ط: قديمى)

☆ قيل: إنّ الوضوء لم يكن في الأمم السابقة، وقيل كان ولكن الغرة والتحجيل من خصائص الأمة المرحومة، والمختار القول الثاني فإنّ التوضي في الأمم السابقة ثابت بلا ريب بالروايات المستفيضة. (عرف الشذي: (۱/ ۱۳۳) أبواب السفر، باب ماذكر من سيماء هذه الأمة من آثار السجود والطهور يوم القيامة، ط: سعيد)

☆ مرقاة المفاتيح: (۱۰/ ۲۲۶) كتاب احوال القيامة و بدء الخلق، باب الحوض والشفاعة، الفصل الأوّل، ط: دار الكتب العلمية.

(۲) عن ابي هريرة رضي الله عنه انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إنّ حوضي لأبعد من ايلة من عدن لهو اشد بياضًا من الثلج، واحلى من العسل باللبن، ولآنيته اكثر من عدد النجوم وإنّي لأصد الناس عنه، كما يصد الرجل إبل النّاس عن حوضه، قالوا: يا رسول اللّٰه أتعرفنا يومئذٍ؟ قال: نعم، لكم سيما ليست لاحد من الأمم تردون عليّ غرا محجلين من اثر الوضوء. (الصحيح لمسلم: (۱/ ۱۲۶) كتاب الطهارة، باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء، ط: قديمى) =

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا امت کے جن لوگوں کو آپ نے نہیں دیکھا انہیں کیسے پہچانیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چمک کے نشانات سے، وضو کے نشانات سے کہ وہ مقام چمکدار ہوں گے۔ (۱)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ہماری امت کو نشانات کے چمکنے سے پہچانا جائے گا، بس جو چاہے اس کے نشانات بڑھے ہوئے ہوں تو وہ ایسا کرے۔ (۲)

انتظار میں نماز کا ثواب

وضو کے ساتھ مسجد میں نماز کا انتظار کرنے سے جتنا وقت انتظار میں گزرتا ہے

= ⇦ مشكاة المصابيح: (ص: ۴۸۷) كتاب الفتن، باب الحوض والشفاعة، الفصل الأوّل، ط: قديمي.

⇦ كنز العمال: (۴۲۲/۱۴) رقم الحديث: ۳۹۱۴۲، كتاب القيامة، من قسم الأقوال، البعث والحشر، الحوض، ط: مؤسسة الرسالة.

(۱) عن جابر رضي الله عنه قال: قيل يا رسول الله! كيف تعرف من لم تر من امّتك، قال: غرًا احسبه قال: محجلون من آثار الوضوء. (كشف الأستار: (۱۳۴/۱) رقم الحديث: ۲۵۴، كتاب الطهارة، باب مايجزئ من الماء للوضوء والغسل، ط: مؤسسة الرسالة، بيروت)

⇦ مجمع الزوائد: (۲۲۵/۱) رقم الحديث: ۱۱۴۲، كتاب الطهارة، باب فضل الوضوء، ط: مكتبة القدس، القاهرة.

⇦ مسند أحمد: (۳۷۱/۶) رقم الحديث: ۳۸۲۰، مسند عبد الله بن مسعود رضي الله عنه، ط: مؤسسة الرسالة.

(۲) عن نعيم المجمر قال: رقيت مع ابي هريرة على ظهر المسجد، فتوضأ، فقال: إنّي سمعت النّبي صلى الله عنه وسلم يقول: إنّ امّتي يدعون يوم القيامة غرا محجلين من آثار الوضوء فمن استطاع منكم أن يطيل غرته فليفعل. (الصحيح للبخاري: (۲۵/۱) كتاب الوضوء، باب فضل الوضوء والغر المحجلون من آثار الوضوء، ط: قديمي)

⇦ الصحيح لمسلم: (۱۲۶/۱) كتاب الطهارة، باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء، ط: قديمي.

⇦ مشكاة المصابيح: (ص: ۳۹) كتاب الطهارة، الفصل الأوّل، ط: قديمي.

وہ سب نماز میں شمار ہوتا ہے، اور نماز پڑھنے کے برابر ثواب ملتا ہے۔ [۱]

انجکشن

☆ وریدی انجکشن (INTERAYENDUS) یعنی وہ انجکشن جو رگ میں لگایا جاتا ہے اس سے وضو ٹوٹ جائے گا کیونکہ سوئی رگ میں پہونچنے کا یقین اس وقت ہوتا ہے جب سرنج (SYRINGE) پچکاری میں خون آجائے، جب تک سرنج میں خون نہیں آتا اس وقت تک دوا بدن میں داخل نہیں کی جاتی، اس لئے رگ میں انجکشن لگانے سے وضو ٹوٹ جائے گا۔

☆ عام طور پر عضلاتی (MUSCULLAR) اور جلدی انجکشن (SUBQUITENIUS) میں خون نہیں نکلتا اس لئے اگر عضلاتی اور جلدی انجکشن میں خون نہیں نکلا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور اگر خون نکلے گا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ [۲]

(۱) عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ قال: الا اخبركم بما يمحو الله به الخطايا ويرفع به الدرجات اسباغ الوضوء على المكاره قال اسحاق في المكاره وكثرة الخطا الى المساجد وانتظار الصلاة بعد الصلاة فذلكم الرباط فذلكم الرباط فذلكم الرباط. (مسند احمد: (۳۰۳/۲) مسند ابی هريرة، رقم الحديث: ۸۰۰۸ ط: مؤسسة القرطبة، القاهرة)

☆ صحيح ابن حبان: (۳۱۳/۳) كتاب الطهارة، باب فضل الوضوء، ذكر حط الخطايا ورفع الدرجات باسباغ الوضوء على المكاره، رقم الحديث: ۱۰۳۸، ط: مؤسسة الرسالة.

☆ المؤطا للامام مالک: (۱۶۱/۱) كتاب قصر الصلاة في السفر، باب انتظار الصلاة والمشي اليها، رقم الحديث: ۳۸۴، ط: داراحياء التراث العربي، مصر.

(۲) (وينقضه خروج) كل خارج (نجس) بالفتح ويكسر (منه) اى من المتوضي الحي معتادا اولا من السبيلين اولا (الى ما يطهر) بالبناء للمفعول اى يلحقه حكم التطهير ...... (وكذا ينقضه علقة مصت عضوا وامتلأت من الدم ومثلها القراد ان) كان (كبيرا) لانه حينئذ (يخرج منه دم مسفوح) سائل (والا) تكن العلقة والقراد كذلک (لا) ينقض. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱۳۹/۱ - ۱۳۴) كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، ط: سعيد)

☆ البحر الرائق: (۲۹/۱) كتاب الطهارة، ط: سعيد.

☆ الفتاوى الهندية: (۱۱/۱ - ۱۰) كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس ط: رشيدية.

☆رگ میں لگائے جانے والے انجکشن میں خون نکل کر سرنج میں دوائی کے ساتھ شامل ہوجاتا ہے، اور دواء ناپاک ہوجاتی ہے تو یہ علاج کے لئے جائز ہے، دوسری وجہ یہ ہے کہ انجکشن خارجی استعمال میں داخل ہے۔یہی وجہ ہے کہ اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، اور خارجی طور پر حرام چیز سے دواء کرنا جائز ہے۔ (۱)

☆پہلے زمانے میں آلہ فصد انجکشن کی طرح ایک سینگی ہوتی تھی، آج کے جدید دور میں انجکشن اسی آلہ فصد کی بدلی ہوئی صورت ہے، اسی طرح جونک (خون چوسنے والے جانور) کے ذریعہ خون نکالا جاتا تھا اس کا بھی یہی حکم ہے، موجودہ دور میں ان سب کا ترقی یافتہ طریقہ حجامہ ہے۔ (۲)

انجکشن سے خون نکالا

انجکشن کے ذریعہ خون نکالنے سے اگر نکلا ہوا خون بہہ پڑنے کی مقدار ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۳)

انجکشن کے ذریعہ خون نکالنا

انجکشن کے ذریعہ بدن سے خون نکالنے سے وضو ٹوٹ جائے گا، خواہ وہ خون نکلنے کے بعد بدن کے کسی حصہ پر لگے یا نہ لگے دونوں صورتوں میں وضو ٹوٹ جائے گا کیونکہ یہ خون اگر سرنج یا تھیلے میں نہ جاتا تو وہ یقیناً جسم پر بہہ جاتا، تھیلا اور سیرنج ہونا

---

(۱) الفارة لو ماتت في السمن ان كان جامدا......وان كان مائعا لم يؤكل وينتفع به من غير جهة الاكل مثل الاستصباح ودبغ الجلد ، هكذا في الخلاصة (الفتاوى الهندية : (۴۵/۱) كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الأول ، ط:رشيدية)

(۲) البحر الرائق: (۲۳۳/۱) كتاب الطهارة، باب الانجاس ط:سعيد.

(۳) المبسوط للسرخسي : (۲۲۴/۱) ط: غفاريه.

(۴) انظر إلى الحاشية السابقة، رقم: ۲، على الصفحة: ۱۰۱ ، ((وبنفسه خروج))

ایک خارجی مانع ہے اس سے وضو ٹوٹنے کے حکم میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ (۱)

انگلی شرم گاہ کے باہر کے حصہ پر لگائی

''شرم گاہ کے باہر کے حصہ پر انگلی لگائی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴۸/۲)

انگلی شرم گاہ میں داخل کی

''شرم گاہ میں انگلی داخل کی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴۹/۲)

انگلی مقعد میں ڈالی

''مقعد میں انگلی ڈالی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۴۲/۲)

انگلیوں کو کشادہ نہیں رکھا

اگر تیمم کرتے وقت ہاتھوں کو زمین پر مارتے ہوئے انگلیوں کو کشادہ نہیں رکھا لیکن دوسرے ہاتھ کی انگلیوں سے ان کے اندر خلال اور مسح کرلیا تب بھی تیمم صحیح ہوجائے گا۔ (۲)

---

(۱) أنظر إلى الحاشية السابقة، رقم: ۲، على الصفحة: ؟؟؟؟؟؟؟، ((وينقضه خروج))

فالاحسن مافي النهر عن بعض المتاخرين من ان المراد السيلان ولو بالقوة: أى فان دم الفصد ونحوه سائل الى مايلحقه حكم التطهير خكمًا تامل. (رد المحتار: (۱/۱۳۲) كتاب الطهارة، نواقض الوضوء، ط: سعيد)

القراد اذا مص عضو الإنسان فامتلأ دما ان كان صغيرًا لاينقض وضوء كما لو مصت الذباب أو البعوض، وان كان كبيرًا ينقض وكذا العلقة اذا مصت عضو انسان حتى امتلأت من دمه انتقض وضوء كذا في المحيط السرخسي. (الفتاوى الهندية: (۱/۱۱) كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، ط: رشيدية)

خلاصة الفتاوى: (۱/۱۷) الفصل الثالث: نواقض الوضوء، ط: قديمي.

(۲) وسننه ثمانية..... وتفريج اصابعه وفي الرد: (قوله: وتفريج اصابعه) تعليلهم سنية التفريج بدخول الغبار اثناء اصابعه يفيد انه لو ضرب على حجر املس لا يفرج الا ان يقال العلة تراعى في الجنس. (ردالمحتار: (۱/۲۳۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد) =

انگوٹھی

تیمم میں بھی تنگ انگوٹھی اور کنگن کو ہلا لینا کافی ہے کیونکہ اس کے ہلانے ہی سے اس کے نیچے کی جگہ کا تیمم ہو جاتا ہے، اور فرض صرف مسح کرنا ہے، گرد وغبار دھول کا وہاں پہونچانا ضروری نہیں ہے۔ (۱)

اوڑھنی کے اوپر مسح کرنا

''عمامہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۷۶/۲)

اونٹ کا گوشت

اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۲)

= الفتاوی الهندية: (۳۰/۱) كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث ، ط:رشيدية.

البحر الرائق: (۱۳۶/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم ، ط:سعيد.

ويجب تخليل الاصابع ان لم يدخل بينها غبار ، كذا في التبيين. (الفتاوی الهندية: (۲۶/۱) كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول ، ط:رشيدية)

(۱) ولابد من نزع الخاتم والسوار، هكذا في الخلاصة. (الفتاوی الهندية: (۲۶/۱) كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول ، ط:رشيدية)

الحلبي الكبير: (ص: ۶۳) فصل في التيمم ط:سهيل اكيڈمی.

خلاصة الفتاوی: (۳۵/۱) جنس آخر في كيفية التيمم ط:امجد اكيڈمی.

(۲) عن جابر بن سمرة ان عمر بن الخطاب اكل من لحوم الابل ثم صلى ولم يتوضأ. (مصنف عبد الرزاق، كتاب الصلاة، باب الصلاة في مراح الدواب، ولحوم الابل هل يتوضأ، رقم الحديث ۱۵۹۸، (۸۰/۱)، المجلس العلمي)

بيان الحكم وهو اكل ما مسته النار لا يوجب الوضوء وهو قول الثوري والاوزاعي وابي حنيفة ومالك واحمد واسحاق وابي ثور واهل الشام واهل الكوفة والحسن بن الحسن والليث بن سعد وابو عبيد وداؤد بن علي وابن جرير الطبري. (عمدة القاري: (۱۱۸/۳) كتاب الوضوء، باب من لم يتوضأ من لحم الشاة والسويق ط:رشيدية)

سنن ابي داود: (۲۷/۱) كتاب الطهارة، باب في ترك الوضوء مما مست النار، ط: رحمانيه

اونگھنا

اگر کوئی شخص اس طرح اونگھتا ہے کہ وہ اپنے پاس کی جانے والی بات چیت کا اکثر حصہ سمجھتا ہے تو اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

ایڑی

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض لوگوں کو دیکھا کہ وہ وضو کر چکے تھے، مگر ایڑیاں کچھ خشک رہ گئی تھیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ''بڑا عذاب ہے ایڑیوں کو دوزخ کا'' (ایڑیاں خشک رہنے والوں پر جہنم کا بڑا عذاب ہوگا اس لئے وضو کرتے وقت دوسرے اعضاء کی طرح پاؤں کو بھی اچھی طرح دھونا ضروری ہے ورنہ وضو صحیح نہیں ہوگا، اور نماز بھی صحیح نہیں ہوگی اور آخرت میں عذاب ہوگا اس لئے سردی کے زمانہ میں خاص طور پر اس کا خیال رکھنا ضروری ہے تا کہ بال برابر جگہ بھی خشک نہ رہے)۔ (۲)

---

(۱) النعاس لا ینقض الوضوء وهو قلیل نوم لایشتبه علیه اکثر ما یقال ویجری عنده. (الفتاوی الخانیة علی هامش الهندیة: (۱/ ۴۲) کتاب الطهارة، باب الوضوء والغسل، فصل فی النوم ط: رشیدیة)

ردالمحتار: (۱/ ۱۴۳) کتاب الطهارة، ط: سعید.

الفتاوی الهندیة: (۱/ ۱۲) الباب الاول، الفصل الخامس ط: رشیدیة.

(۲) عن عبد الله بن عمرو قال تخلف عنا النبی صلی الله علیه وسلم فی سفرة سافرناها فادرکنا وقد ارهقتنا الصلاة ونحن نتوضأ فجعلنا نمسح علی ارجلنا فنادی باعلی صوته: ویل للاعقاب من النار مرتین او ثلاثا. (صحیح البخاری: (۱/ ۱۴) کتاب العلم، باب من رفع صوته بالعلم ط: قدیمی)

الصحیح لمسلم: (۱/ ۱۲۴) کتاب الطهارة، باب وجوب غسل الرجلین بکمالهما ط: قدیمی.

سنن ابی داود: (۱/ ۲۴) کتاب الطهارة، باب فی اسباغ الوضوء ط: رحمانیة.

☆ اگر وضو کرتے وقت ایڑی پر یا کسی اور جگہ پر پانی نہیں پہونچا اور وضو کرنے کے بعد معلوم ہوا تو وہاں صرف گیلا ہاتھ پھیرنا کافی نہیں ہے بلکہ پانی پہونچانا اور بہانا ضروری ہے۔[۱]

ایڑیوں کو رگڑنا

وضو کے دوران پاؤں دھوتے وقت ایڑیوں کو رگڑ کے دھونا چاہیے، خاص طور پر سردی کے موسم میں اس کا بہت زیادہ خیال رکھنا چاہیے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو فرماتے تو انگلیوں کا خلال فرماتے، ایڑیوں کو رگڑتے، اور فرماتے انگلیوں کا خلال کرو، اللہ تعالیٰ ان کے درمیان جہنم کی آگ داخل نہیں کرے گا۔[۲]

---

(۱) ولو بقيت على العضو لمعة لم يصبها الماء فصرف البلل الذي على ذلك العضو الى اللمعة جاز، كذا في الخلاصة. واذا حول بلة عضو الى عضو في الوضوء لا يجوز وفي الغسل يجوز ان كانت البلة متقاطرة، كذا في الظهيرية. (الفتاوى الهندية: (۱/ ۵) كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول، ط: رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية: (۱/ ۹۴) كتاب الطهارة، الفصل الاول في الوضوء، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

(۲) عن عائشة قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ ويخلل بين اصابعه ويدلك عقبيه، ويقول: خللوا اصابعكم، لا يخلل الله تعالىٰ بينها بالنّار ويل للأعقاب من النّار. (سنن الدار قطني: (۱/ ۱۶۶) رقم الحديث: ۳۱۷) كتاب الطهارة، باب وجوب غسل القدمين والعقبين، ط: مؤسسة الرسالة بيروت)

☆ عن ابي ذر قال: اشرف علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم ونحن نتوضأ، فقال: ويل للعراقيب من النّار. فطفقت اغسلها غسلاً وادلكها دلكاً. (كنز العمال: (۹/ ۳۲۰) رقم الحديث: ۲۶۸۲۷، حرف الطاء، كتاب الطهارة، من قسم الأفعال، باب الوضوء، فرائض الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة)

☆ مصنف عبد الرزاق: (۱/ ۲۲) رقم الحديث: ۶۳) كتاب الطهارة، باب غسل الرجلين، ط: المكتب الإسلامي، بيروت.

ایسی جگہ پر بند ہو جہاں پانی نہیں ہے

''بند ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۳۱/۱)

ایک ایک مرتبہ اعضاء کو دھونا

''اعضاء وضو کو ایک ایک مرتبہ دھونا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۲/۱)

ایک تیمم وضو اور غسل دونوں کے لئے کافی ہے

''وضو اور غسل کے لئے ایک تیمم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۰۱/۲)

ایک جگہ پر متعدد بار تیمم کرنا

ایک جگہ پر بار بار تیمم کرنا صحیح ہے۔[1]

ایک ڈھیلہ پر متعدد بار تیمم کرنا

ایک ڈھیلہ پر بار بار تیمم کرنا درست ہے، اور اس پر نجاست حکمی کا اثر نہیں ہوتا۔[2]

ایک ڈھیلہ کو دو مرتبہ استعمال کرنا

جس ڈھیلہ سے ایک مرتبہ استنجاء کرلیا ہے وہ ناپاک ہوگیا، اس کو دوبارہ استعمال کرنا منع ہے البتہ اگر اس کی دوسری جانب استعمال نہ کی ہو تو اس کو دوسری جانب سے استعمال کرنا درست ہے، اسی طرح اگر اس کو گھس دیا جائے تب استعمال

---

(۱) ولو تیمم اثنان من مكان واحد جاز لانه لم يصر مستعملا لان التيمم انما يتادى بما التزق بيده لا بما فضل كالماء الفاضل في الاناء بعد وضوء الاول. (البحر الرائق: (۱۴۷/۱) كتاب الطهارة، ط: سعيد)

(۲) رد المحتار: (۲۵۴/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم ، ط: سعيد.

(۳) الفتاوى الهندية: (۳۱/۱) كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث ، ط: رشيدية.

کرنا درست ہوگا۔ (۱)

ایک ڈھیلے سے چند آدمیوں کا تیمم کرنا

ایک ڈھیلے سے چند آدمیوں کے لئے یکے بعد دیگرے تیمم کرنا درست ہے۔ (۲)

ایک مقام سے چند آدمیوں کا تیمم کرنا

ایک مقام سے چند آدمیوں کے لئے یکے بعد دیگرے تیمم کرنا درست ہے۔ (۳)

ایک وضو سے متعدد نمازیں پڑھنا

وضو ہونے کے باوجود ہر نماز کے لیے نیا وضو کرنا مستحب ہے، اس پر دس نیکیاں ملتی ہیں، (۴) اور ایک وضو سے متعدد نمازیں پڑھنا بھی جائز ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر ایک وضو سے پانچ نمازیں

---

(۱) وكذا لا يستنجي بحجر استنجى به مرة هو أو غيره الا اذا كان حجرا له احرف له أن يستنجي كل مرة بطرف لم يستنج به فيجوز من غير كراهة، كذا في المحيط. (الفتاوى الهندية كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/۵۰) ط: رشيدية)

☆ رد المحتار: (۱/۳۳۹) كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، ط: سعيد.

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/۲۴۳) ط: سعيد.

(۲، ۳) ولو تيمم اثنان من مكان واحد جاز لانه لم يصر مستعملا لان التيمم انما يتأدى بما التزق بيده لا بما فضل كالماء الفاضل في الاناء بعد وضوء الاول. (البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/۱۴۷) ط: سعيد)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/۲۵۳) ط: سعيد.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث (۱/۳۱) ط: رشيدية.

(۴) عن أبي غطيف الهذلي: قال كنت عند عبد الله بن عمر فلما نودي بالظهر توضأ فصلى فلما نودي بالعصر توضأ فقلت له فقال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من توضأ على طهر كتب الله له عشر حسنات. (سنن ابي داود: (۱/۲۰) كتاب الطهارة، باب الرجل يجدد الوضوء من غير حدث، ط: رحمانيه)

☆ سنن ابن ماجه: (ص: ۳۹) كتاب الطهارة وسننها، باب الوضوء على طهارة، ط: قديمي

☆ سنن الترمذي: (۱/۱۹) أبواب الطهارة، باب الوضوء لكل صلاة، ط: قديمي.

پڑھی نہیں۔ (۱)

ایک ہاتھ سے مسح کرنا

معذوری کے وقت صرف ایک ہاتھ سے سر اور دونوں کانوں کا مسح کرسکتا ہے۔ (۲)

ایک ہاتھ سے منہ دھونا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے وضو میں دونوں ہاتھوں سے چہرہ مبارک کو دھونا

---

(۱) عن سليمان بن بردة عن أبيه قال: صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم فتح مكة خمس صلوات بوضوء واحد، ومسح على خفيه، فقال له عمر: صنعت شيئاً يا رسول الله لم تكن تصنعه، فقال: عمداً فعلته يا عمر. (شرح معاني الآثار: (۳۵/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء هل يجب لكل صلاة أم لا؟ ط: حقانيه)

مشكاة المصابيح: (ص: ۳۰) كتاب الطهارة، باب مايوجب الوضوء، الفصل الأول، ط: قديمي.

وفيه دليل على أن من قدر أن يصلي صلوات كثيرة بوضوء واحد لاتكره صلاته إلا أن يغلب عليه الأخبثان. (مرقاة المفاتيح: (۳۱/۲) كتاب الطهارة، باب مايوجب الوضوء، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

(۲) وليس في أعضاء الطهارة عضوان لا يستحب تقديم الأيمن منهما على الأيسر إلا الأذنان ولو لم يكن له إلا يد واحدة أو بإحدى يديه علة ولا يمكنه مسحهما معاً يبدأ بالأذن اليمنى ثم باليسرى، كذا في الجوهرة النيرة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث (۸/۱) ط: رشيدية)

البحر الرائق، كتاب الطهارة (۲۸/۱) ط: سعيد.

ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱۲۴/۱) ط: سعيد.

سوال. فقط داہنے ہاتھ سے بلا عذر وضو تمام کرے جائز ہے یا مکروہ؟

الجواب: اس کی کراہت کی نہ کوئی روایت نظر سے گزری نہ درایت اس کی موجب معلوم ہوتی ہے بلکہ بعضے اعضاء تو دونوں ہاتھ سے دھل بھی نہیں سکتے، جیسے یدین الی المرفقین اور بعضے اعضاء میں تعسر ہے جیسے رجلین اور روایت بھی اکتفاء کے مجوز کی مؤید ہے۔ في الدر المختار في الآداب غسل رجليه بيساره في ردالمحتار عن شرح الشيخ إسمعيل قال يفرغ الماء بيمينه على رجليه ويغسلهما بيساره. (امداد الفتاوی، کتاب الطهارة، (۶۶/۱-۶۵) ط: مکتبہ دار العلوم)

ثابت ہے اس لئے بلاعذر ایک ہاتھ سے منہ دھونا سنت کے مطابق نہیں۔ (۱)

ایک ہاتھ سے وضو کرنا

بلاعذر صرف ایک ہاتھ سے وضو کرنا مکروہ نہیں ہے، بلکہ بعض اعضاء مثلاً ہاتھ کو کہنی تک دونوں ہاتھ سے دھو نہیں سکتے، خاص طور پر اگر گاؤں دیہات میں لوٹے سے وضو کرنے کا رواج ہے تو ایک ہاتھ سے لوٹا پکڑنے کی صورت میں دونوں ہاتھ سے دھونے میں مشکلات اور دشواری ہے۔ (۲)

ایک ہاتھ والا کانوں کا مسح کیسے کرے؟

''کانوں کا مسح ایک ساتھ کرنے پر قادر نہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

(۱۳۳/۲)

اینٹ

''پکی اینٹ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۸۰/۱)

---

(۱) باب غسل الوجه باليدين من غرفة واحدة،عن ابن عباس انه توضأ فغسل وجهه اخذغرفة من ماء فتمضمض بها واستنشق ثم اخذغرفة من ماء فجعل بهاهكذا اضافها الى يده الاخرى فغسل بهما وجهه ......، ثم قال : هكذا رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ. (الجامع الصحيح للبخاری کتاب الطهارة،باب غسل الوجه باليدين من غرفة واحدة (۲۶/۱) ط: قديمی)

⇐ السنن الكبرى: (۸۹،۸۸/۱) کتاب الطهارة، باب غسل الوجه ، ط: إدارة تاليفات اشرفيه

⇐ اعلاء السنن/احکام، کتاب الطهارة، فصل فی سنن الوضوء وآدابه ومكروهاته ۳۴۷/۱ ط:مكتبه دار العلوم.

(۲) ومن الآداب ...... وغسل رجليه بيساره.

وفي الرد: يفرغ الماء بيمينه على رجليه و يغسلهما بيساره . (رد المحتار، کتاب الطهارة (۱/ ۱۳۰) ط:سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثالث (۸/۱) ط:رشيدية.

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه (۱/ ۱۱۲-۱۱۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

﴿......ب......﴾

بارش

☆ اگر کوئی شخص بہتے ہوئے پانی یا بڑے حوض یا بارش میں اتنی دیر ٹھہرا رہے جتنا وقت غسل اور وضو کرنے میں لگتا ہے، اور اس کے دل میں غسل یا وضو کی نیت بھی تھی، تو اس کے غسل اور وضو کی سنتیں خود بخود ادا ہو جائیں گی۔

☆ جاری پانی اور بارش میں پانی کا بار بار بدن سے ہو کر گزرنا تین مرتبہ پانی بہانے کے قائم مقام ہو جائے گا۔

☆ ٹھہرے ہوئے اور رکے ہوئے پانی میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے یا نہانے والے کے صرف حرکت کرنے سے یہ سنت ادا ہو جائے گی۔

علامہ نوویؒ نے لکھا ہے کہ ٹھہرے ہوئے پاک پانی میں تمام بدن کو تین مرتبہ ہلا دینا کافی ہے اگرچہ پاؤں ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف منتقل نہ ہو، اس وجہ سے کہ حرکت میں ہر دفعہ نیا پانی بدن سے ملے گا۔[1]

بازو تک پانی پہنچانا

''کہنیوں سے اوپر پانی پہنچانا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۷/۲)

---

[1] قال النووي رحمه الله : مذهبنا ان دلک الأعضاء في الغسل وفي الوضوء سنة ليس بواجب فلو افاض الماء عليه فوصل به ولم يمسه بيديه او انغمس في ماء كثير او وقف تحت ميزاب او تحت المطر ناويا فوصل شعره و بشره اجزاه وضوئه و غسله وبه قال العلماء كافة إلا مالكا والمزني فإنهما شرطاه في صحة الغسل والوضوء . (المجموع شرح المهذب للنووي : (المتوفى : ٦٧٦ھ) ، (١٨٥/٢) باب صفة الغسل ، كتاب الطهارة ، ط: دار الفكر)

[2] و إذا اصاب الرجل المطر او وقع في نهر جار جاز وضوءه وغسله ايضا ان اصاب الماء جميع بدنه وعليه المضمضة والاستنشاق ، كذا في السراجية. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول (٥/١) ط: رشيدية)

بال

وضو کرتے وقت چہرہ کے جن بالوں کا دھونا واجب ہے، تیمم میں ان کا مسح کرنا واجب ہے، اور وضو میں جن بالوں کو دھونا واجب نہیں ہے تیمم میں ان کا مسح کرنا واجب نہیں ہے، لہذا جو بال چہرے کے ساتھ ساتھ لگے ہوئے ہیں تیمم کے دوران ان پر مسح کرنا لازم ہے، اور داڑھی کے جو بال ٹھوڑی سے نیچے کی طرف لمبے لٹکے ہوئے ہیں تیمم میں ان کا مسح کرنا واجب نہیں ہے۔ (۱)

بال کاٹنا

☆ وضو کرنے کے بعد بال کاٹنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

☆ وضو کرنے کے بعد سر کے بال، ڈاڑھی کے بال یا بھنویں کٹوائی جائیں، تو اس سے وضو یا سر کا مسح باطل نہ ہوگا یعنی اس جگہ کو دوبارہ دھونے یا مسح کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ (۲)

---

(۱) والصحیح وجوب غسلها بمعنی افتراضه وهذا كله في الكثة اما الخفيفة التي ترى بشرتها فيجب ايصال الماء الى ما تحتها وهذا كله في غير المسترسل واما المسترسل فلا يجب غسله ولا مسحه لكن ذكر في منية المصلي انه سنة. (البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/ ۱٦) ط: سعيد)

ب ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱/ ۱۰۰) ط:سعيد.

ت الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول (۱/ ۳) ط:رشيدية.

(۲) (ولا يعاد الوضوء) بل ولا بل المحل (بحلق راسه ولحيته كما لا يعاد) لاغسل للمحل ولا الوضوء (بحلق شاربه وحاجبه وقلم ظفره) و كشط جلده.

وفي الرد: (قوله: ولا بل المحل) عبر بالبل ليشمل المسح والغسل. (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱/ ۱۰۱) ط:سعيد)

ت الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول (۱/ ۹۳) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

ج الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول (۱/ ۳) ط:رشيدية.

واضح رہے کہ ڈاڑھی کے بال ایک مشت سے کم کرنا اور بھویں کٹوانا جائز نہیں ہے، حرام ہے۔ (۱)

بال منڈانا

☆ وضو کرنے کے بعد سر منڈانے سے وضو باطل نہیں ہوتا۔

☆ سر پر مسح کرنے کے بعد بال منڈانے سے وضو باطل نہیں ہوتا، سر پر دوبارہ مسح کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ (۲)

بالوں پر تیل لگا ہوا ہو

اگر بالوں میں تیل لگا ہوا ہو اور پانی ڈھلک جائے تو وضو اور غسل ہو جائے

---

(۱) واما الاخذ من اللحية، وهي مادون القبضة كما يفعله بعض المغاربة ومخنثة الرجال، فلم يبحه احد، واخذ كلها فعل مجوس الاعاجم واليهود والهنود وبعض اجناس الافراج كما في الفتح. (درر الحكام شرح غرر الافكار (۱/ ۲۰۸) كتاب الصوم، باب موجب الافساد في الصوم ط: دار احياء الكتب العربية.

☆ الدر المختار مع رد المحتار (۲/ ۴۱۸) كتاب الصوم، باب مايفسد الصوم ومالايفسده، مطلب في الاخذ من اللحية، ط: سعيد.

☆ فتح القدير (۲/ ۲۷۰) كتاب الصوم، باب مايوجب القضاء والكفارة، ط: رشيدية.

☆ عن ابن عمر رضى الله عنهما : انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : لعن الله الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة. (الصحيح لمسلم : (۲/ ۲۰۴) كتاب اللباس، باب تحريم فعل الواصلة والمستوصلة، ط: قديمى)

☆ صحيح البخاري : (۲/ ۸۷۹) كتاب اللباس، باب الموصولة، ط: قديمى.

☆ ووصل الشعر بشعر الآدمى حرام سواء كان شعرها او شعر غيرها لقوله صلى الله عليه وسلم: لعن الله الواصلة والمستوصلة، والواشمة والمستوشمة، والواشرة والمستوشرة، والنامصة والمتنمصة. (الدر المختار مع رد المحتار: (۶/ ۳۷۲) كتاب الحظر والإباحة، فصل في النظر والمس، ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية : (۵/ ۳۵۸) كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر في الختان، ط: رشيديه.

گی۔ (۱)

باوضو رہنا

☆ باوضو رہنے سے آدمی شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ (۲)

☆ ہر وقت باوضو رہنا کامل مومن کے علاوہ کسی اور سے نہیں ہوسکتا۔ (۳)

☆ باوضو مسجد میں نماز کا انتظار کرنے سے جتنا وقت انتظار میں گزرتا ہے!!
سب نماز میں شمار ہوتا ہے، اور نماز کا ثواب ملتا ہے۔ (۴)

واذا ادهن رجله و توضا وامر الماء على رجله فلم يقبل الماء لمكان الدسومة جاز الوضوء
(الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول (۱/۹۴) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية
- الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول ما لفصل الاول (۱/۵) ط:رشيدية
- رد المحتار، كتاب الطهارة (۱/۹۸) ط:سعيد
- وقال عمر رضي الله عنه ان الوضوء الصالح يطرد عنك الشيطان. (احياء علوم الدين،
كتاب اسرار الطهارة، القسم الثاني، فضيلة الوضوء (۱/۱۸۱) ط:دار الحديث)
- ذكر ما يستفاد منه: فيه أن الذكر يطرد الشيطان و كذا الوضوء والصلاة. (عمدة القاري
كتاب التهجد، باب عقد الشيطان على قافية الرأس اذا لم يصل بالليل، (۲۸۴/۷) ط:رشيدية)
- فتح الباري، كتاب التهجد، باب عقد الشيطان على قافية الرأس اذا لم يصل بالليل (۳/۳۴)
ط: دار الكتب العلمية
- التمهيد لما في الموطا من المعاني والأسانيد، باب العين، تابع حرف العين، تابع عبد الله بن
ذكوان. حديث تاسع واربعون لأبي الزناد (۱۹/۴۵) ط:مؤسسة القرطبة
- عن ثوبان رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: استقيموا ولن تحصوا
واعلموا ان خير اعمالكم الصلاة ولا يحافظ على الوضوء الا مؤمن، رواه مالك واحمد وابن
ماجة والدارمي (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، الفصل الثاني (ص:۳۹) قديمي)
- المستدرك على الصحيحين، كتاب الطهارة، رقم الحديث:۴۴۷ (۱/۲۲۰) ط:دار الكتب العلمية
- صحيح ابن حبان، كتاب الطهارة، رقم الحديث:۱۰۳۷ (۳/۳۱۱) ط:مؤسسة الرسالة
- حدثنا موسى بن اسماعيل قال حدثنا عبد الواحد قال: حدثنا اعمش قال: سمعت ابا صالح
يقول: سمعت ابا هريرة يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "صلاة الرجل في الجماعة
تضعف على صلاته في بيته وفي سوقه خمسا وعشرين ضعفا، وذلك انه اذا توضأ فاحسن
الوضوء، ثم خرج الى المسجد لا يخرجه الا الصلاة لم يخط خطوة الا رفعت له بها درجة وحط
عنه بها خطيئة، فاذا صلى لم تزل الملائكة تصلي عليه مادام في مصلاه: اللهم صل عليه،

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم ہر وقت وضو سے رہنے کی طاقت رکھتے ہو تو ایسا کرو، (۱) اور جس کو باوضو ہونے کی حالت میں موت آئے گی اس کو شہادت کا ثواب ملے گا۔ (۲)

☆ باوضو حالت میں موت آنے کی صورت میں حضرت جبرئیل علیہ السلام استقبال کے لئے آتے ہیں۔ (۳)

= اللهم ارحمه، ولايزال احدكم في صلاة ما انتظر الصلاة. (صحيح البخاري، باب فضل صلاة الجماعة، رقم الحديث: ۶۴۷، (۱/۱۳۱) ط: دار طوق النجاة)

☆ صحيح ابن حبان، كتاب الطهارة، باب الفضل الوضوء، ذكر حط الخطايا ورفع الدرجات باسباغ الوضوء على المكاره، رقم الحديث: ۱۰۳۸، (۳/۳۱۳) ط: مؤسسة الرسالة.

☆ الموطا للامام مالك، كتاب قصر الصلاة في السفر، باب انتظار الصلاة والمشي اليها، رقم الحديث: ۳۸۳، (۱/۱۶۱) ط: دار احياء التراث العربي، مصر.

(۱) عن ابي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إنّ امّتي يدعون يوم القيامة غرًا محجلين عن اثار الوضوء، فمن استطاع منكم ان يطيل غرته فليفعل. (صحيح البخاري: (۱/۲۵) كتاب الوضوء، باب فضل الوضوء والغر المحجلون، ط: قديمي)

☆ مشكاة المصابيح: (ص: ۳۹) كتاب الطهارة، الفصل الأوّل، ط: قديمي.

☆ قوله: فمن استطاع منكم أن يطيل غرته، يعني يديمها، فالطول والدوام بمعنى متقارب أي من استطاع أن يواظب على الوضوء لكل صلاة، فإنّه يطيل غرته اي يقوى نوره، ويتضاعف بهاؤه، فكنى بالغرة عن نور الوجه يوم القيامة. (شرح صحيح البخاري لابن بطال: (۱/۲۲۲) كتاب الوضوء، باب الوضوء والغر المحجلين من آثار الوضوء، ط: مكتبة الرشد)

(۲) أخبرنا الباغندي، حدثنا سليمان بن سلمة الخبائري حدثنا يونس بن عطاء بن عثمان بن سعيد بن زياد بن الحارث الصدائي حدثنا سلمة الليثي، وشريك بن أبي نمر، قالا: حدثنا أنس بن مالك رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من بات على طهارة ثم مات من ليلته مات شهيدا. (عمل اليوم والليلة لابن السني: (۱/۵۶۵) رقم الحديث: ۷۴۳، باب فضل من بات طاهرًا، ط: دار القبلة للثقافة الإسلامية)

☆ كنز العمال: (۱۵/۳۳۷) رقم الحديث: ۴۱۲۹۰، حرف الميم، كتاب المعيشة والعادات، الباب الرابع في معايش متفرقة، الفصل الأوّل في النوم و آدابه وأذكاته، ط: مؤسسة الرسالة)

☆ فيض القدير: (۶/۱۱۸) رقم الحديث: ۸۵۳۵، حرف الميم، ط: دار الكتب العلمية.

(۳) واخرج الطبراني عن ميمونة بنت سعد قالت: قلت: يارسول الله! اينام الجنب؟ قال: ما أحب أن ينام الجنب حتى يتوضا إنّي اخاف أن يتوفى فلايحضره جبريل. فدل هذه الحديث بمفهومه على أنّ =

باوضو رہنے پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا مقام

''بلال رضی اللہ عنہ کی فضیلت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۹/۱)

باوضو رہنے میں شہادت کا ثواب

''شہادت کا ثواب'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۵٤/۲)

باوضو سونے سے شہادت کی موت نصیب ہوتی ہے

''شہادت کی موت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۵٤/۲)

باوضو گھر سے مسجد جانے پر حج کا ثواب

گھر سے وضو کر کے مسجد جانے کا بہت بڑا ثواب ہے، اور یہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کی عادت ہے، اور ایسے لوگ اللہ کے مہمان ہوتے ہیں، اور ایسے لوگوں کو اتنا ثواب ملتا ہے، جتنا حاجیوں کو احرام کی حالت میں ملتا ہے۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے گھر سے وضو کر کے فرض نماز کے لئے مسجد کی طرف نکلتا ہے، اس کا ثواب اس حاجی کے مانند ہوتا ہے جو احرام کی حالت میں ہو۔[1]

= جبريل عليه الصلاة والسلام يحضر الموتى، وعلى أنّ الجنابة مانعة لحضوره دون الحدث الأصغر. (الفتاوى الحديثية لخاتمة الفقهاء والمحققين شيخ الإسلام احمد بن محمد بن علي بن حجر الهيثمي المكي المصري: (ص: ۲۲۰) مطلب في أنّ جبريل يحضر الموتى، ط: قديمي كتب خانه)

(۱) عن أبي أمامة أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من خرج من بيته متطهرًا إلى صلوة مكتوبة فأجره كأجر الحاج المحرم. (سنن أبي داود: (۹۳/۱) كتاب الطهارة، باب ماجاء في فضل المشي إلى الصلاة، ط: رحمانيه)

و: المعجم الكبير: (۱۸۲/۸) رقم الحديث: ۷۷۵۵) ما اسند ابو امامة، القاسم بن عبد الرحمٰن، ط: مكتبه ابن تيمية.

و: السنن الكبرى للبيهقي: (۸۹/۳) رقم الحديث: ۴۹۷۳، جماع أبواب فضل الجماعة والعذر بتركها، باب ماجاء في فضل المشي إلى المسجد للصلوة، ط: دار الكتب العلمية.

باوضو مسجد جانے سے ہر قدم پر دس نیکیاں

''ہر قدم پر دس نیکیاں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۴۰۰)

باوضو مسجد جانے کی فضیلت

وضو کر کے مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے جانے کا بہت بڑا ثواب ہے، ہر قدم پر ایک گناہ معاف ہوتا ہے، اور ایک درجہ بلند ہوتا ہے، اور ایک نیکی لکھی جاتی ہے، اس لئے دور سے مسجد میں آنے والے کو ثواب زیادہ ملے گا۔[1]

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان اچھی طرح (سنت و مستحبات کی رعایت کرتے ہوئے) وضو کرتا ہے، پھر نماز کے لئے (مسجد) جاتا ہے، تو اس کے لیے ہر قدم پر ایک نیکی لکھی جاتی ہے، اور ایک درجہ بلند کیا جاتا ہے اور ایک گناہ معاف ہوتا ہے۔

حضرات صحابہ کرام فرماتے ہیں اس وجہ سے ہم چلنے میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہیں۔[2]

---

(۱) عن سعيد بن المسيب قال : حضر رجلاً من الأنصار الموت ، فقال : إني محدثكم حديثًا ما أحدثكموه إلا احتسابًا ، سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : إذا توضأ أحدكم فأحسن الوضوء ، ثم خرج إلى الصلاة لم يرفع قدمه اليمنى إلا كتب الله عز وجلّ له حسنة ولم يضع قدمه اليسرى إلا حط الله عز وجلّ سيئة فليقرب أحدكم أو ليبعد ...... الحديث . (سنن أبي داود : (۱/ ۹۳) كتاب الصلاة ، باب ماجاء في الهدى في المشي إلى الصلاة ، ط: رحمانيه)

☆ الترغيب في الفضائل: (۱/ ۲٦) رقم الحديث : ٦٠ ، باب فضل صلاة الجماعة والخطا إليها، ط: دار الكتب العلمية .

☆ كنز العمال : (۷/ ۲۹٦) رقم الحديث : ۱۸۹۵۵ ، حرف الصاد ، كتاب الصلاة ، الباب الأول ، الفصل الثاني : في فضائل الصلاة ، ط: مؤسسة الرسالة .

(۲) عن أبي الأحوص عن عبد الله قال : من سره أن يلقى الله عز وجلّ غدًا مسلمًا فليحافظ على هؤلاء الصلوات الخمس حيث ينادى بهن فإن الله قد شرع لنبيكم صلى الله عليه وسلم =

باوضو نماز کے لئے جانے پر فرشتوں کی دعا

"فرشتوں کی دعا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۲/۲)

بائیں ہاتھ میں عذر ہے

اگر بائیں ہاتھ میں عذر ہے جیسے زخم وغیرہ، یا فالج ہونے کی وجہ سے بایاں ہاتھ کام نہ کرتا ہو تو مجبوری کی وجہ سے استنجاء کے لئے دایاں ہاتھ استعمال کرنا درست ہے۔(۱)

بایاں ہاتھ زمین پر مارا

"الٹاہاتھ زمین پر مارا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹٦/۱)

= سنن الهدى، وإنّهن من سنن الهدى، وإنّي لا أحسب منكم أحدا إلّا له مسجد يصلي فيه في بيته، ولو صليتم في بيوتكم وتركتم مساجدكم لتركتم سنة نبيكم صلى الله عليه وسلم ولو تركتم سنة نبيكم لضللتم، وما من مسلم يتوضأ فيحسن الوضوء ثم يمشي إلى الصلاة إلّا كتب له بكل خطوة يخطوها حسنة ويرفع بها درجة ويكفر عنه بها خطيئة حتى انّ كا لنقارب بين الخطى...... الخ. (مسند أبي داود الطيالسي: (۲۴۷/۱) رقم الحديث: ۳۱۱، ما أسند عبد الله بن مسعود رضي الله عنه، ط: دار الهجر مصر)

⇐ سنن ابن ماجه: (ص: ٥٦) كتاب الطهارة، باب المشي إلى الصلوة، ط: قديمي.

⇐ المعجم الكبير: (۱۱٦/۹) رقم الحديث: ۸٥۹٦، خطبة ابن مسعود ومن كلامه، ط: مكتبة ابن تيمية، القاهرة.

(۱) وفي فوائد أبي حفص الكبير أنه سئل عن رجل شلت يده اليسرى ولا يقدر أن يستنجي بها كيف يستنجي بها؟ قال: يستنجي بيمينه. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه (۱۰۳/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية)

⇐ وإن كان باليسرى عذر يمنع الاستنجاء بها جاز أن يستنجي بيمينه من غير كراهة، كذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (٥۰/۱) ط: رشيدية)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۲۴۳/۱) ط: سعيد.

بتلانے کے لئے تیمم کر کے دکھلایا

''سکھانے کے لئے تیمم کر کے دکھلایا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۵/۱)

بچا ہوا پانی پینے کا راز

''وضو کا بچا ہوا پانی پینے کا راز'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۲/۲)

بچہ نے پانی میں ہاتھ ڈال دیا

اگر کوئی بچہ اپنا ہاتھ پانی میں ڈال دے تو پانی ناپاک نہیں ہوتا، البتہ اگر یہ معلوم ہو جائے کہ اس کے ہاتھ پر نجاست (ناپاکی) لگی ہوئی تھی تو پانی ناپاک ہو جائے گا، لیکن چھوٹے بچوں کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اس لئے جب تک کوئی اور پانی دستیاب ہو اس کے ہاتھ ڈالے ہوئے پانی سے وضو نہ کرنا بہتر ہے۔[1]

بچھو

''مچھر'' عنوان تحت دیکھیں۔(۱۹۰/۲)

بخار کا اندیشہ

اگر کسی آدمی کو ٹھنڈے پانی سے وضو کرنے سے سردی لگ کر بخار ہونے کا اندیشہ ہے اور گرم پانی سے بخار ہونے کا اندیشہ نہیں ہے، لیکن اس کو اور اس کی بیوی کو اکثر و بیشتر پانی گرم کرنے میں تکلیف ہوتی ہے تو بھی تیمم کرنا درست نہیں ہوگا بلکہ

---

(۱) اذا ادخل الصبی یدہ فی کوز ماء او رجلہ فان علم ان یدہ طاهرة بیقین یجوز التوضؤ بہ وان کان لا یعلم انها طاهرة او نجسة فالمستحب ان یتوضأ بغیرہ ومع هذا لو توضأ اجزاہ، کذا فی المحیط. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثانی (۲۵/۱) ط: رشیدیة)

(۲) ردالمحتار، کتاب الطهارة، مطلب فی دلالة المفهوم (۱۱۲/۱) ط: سعید.

(۳) المبسوط للسرخسی، کتاب الطهارة، باب الوضوء والغسل (۲۱۳/۱) ط: المکتبة الغفاریة.

پانی گرم کر کے وضو کرنا لازم ہوگا۔ (۱)

بخار میں تیمم کرنا

اگر بخار ایسا ہے کہ پانی سے وضو یا غسل کرنے کی صورت میں نقصان ہونے کا، اور مرض میں اضافہ ہونے کا اندیشہ ہے تو تیمم کر کے نماز پڑھنا درست ہوگا۔ (۲)

بدخوابی سے محفوظ

"سوتے وقت وضو کی فضیلت" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۱۹/۱)

بدعتی وضو کے لئے پانی دے تو

بدعتی وضو کے لئے پانی دے یا اس کا انتظام کرے تو اس سے وضو کرنا درست ہے اور وضو کرنے والوں کی نماز میں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ (۳)

---

(۱) ويجوز التيمم اذا خاف الجنب اذا اغتسل بالماء ان يقتله البرد او يمرضه هذا اذا كان خارج المصر اجماعا فان كان في المصر فكذا عند ابي حنيفة خلافا لهما والخلاف فيما اذا لم يجد ما يدخل به الحمام فان وجد لم يجز اجماعا وفيما اذا لم يقدر على تسخين الماء فان قدر لم يجز. هكذا في السراج الوهاج (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول (۱/ ۲۸) ط: رشيدية)

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز (۱/ ۲۴۳) ط: إدارة القرآن والعلوم الاسلامية.

رد المحتار. كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/ ۲۳۴) ط: سعيد.

(۲) ولو كان يجد الماء الا انه مريض يخاف ان استعمل الماء اشتد مرضه او ابطأ برؤه يتيمم (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول (۱/ ۲۸) ط: رشيدية)

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز (۱/ ۲۴۳) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

رد المحتار. كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/ ۲۳۴-۲۳۳) ط: سعيد.

(۳) (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودية والعيون والآبار والبحار) لقوله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله عليه السلام الماء طهور لا ينجسه شيء الا ما غير لونه او طعمه او ريحه وقوله عليه السلام في البحر هو الطهور ماؤه والحل ميتته ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه (الهداية مع فتح القدير،

بدن سے خالص پانی نکلے

اگر بدن کے کسی حصہ سے خالص پانی نکل آئے اور وہ خون یا پیپ سے مخلوط نہ ہو تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

بدن سے کھیلنا

پاخانہ پیشاب کرتے وقت اپنے بدن سے نہیں کھیلنا چاہیے۔ (۲)

= کتاب الطهارة، باب الماء الذی یجوز به الوضوء وما لایجوز (۱/ ۲۱- ۲۰) ط:رشیدیة)

:: البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/ ۶۶) ط:سعید.

:: ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب المیاه (۱/ ۱۷۹) ط:سعید.

:: فتاویٰ دار العلوم : (۱/ ۱۳۸) کتاب الطهارة ، الباب الثالث في المیاه ، فصل اول ، ط: مکتبه امدادیه ملتان.

(۱) ولو دخل الماء اذن رجل فی الاغتسال ومکث ثم خرج من انفه لا وضوء علیه، کذا فی المحیط. وفی النصاب: وهو الاصح کذا فی التاتارخانیة، الا اذا صار قیحا فحینئذ ینقض، کذا فی المضمرات. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۰) ط: رشیدیة)

:: الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثانی، نوع آخر (۱/ ۱۲۷) ط:ادارة القرآن والعلوم والعلوم الاسلامیة.

:: وفی مجموع النوازل: جرح لیس فیه شیئ من الدم والقیح والصدید دخل صاحبه الحمام او الحوض فدخل الماء الجرح فعصر الرجل الجرح وخرج منه الماء وسال لا ینقض الوضوء. (الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثانی، نوع آخر (۱/ ۱۲۵) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة)

:: وعن الحسن ان ماء النفطة لا ینقض قال الحلوانی وفیه توسعة لمن به جرب او جدری، کذا فی المعراج...... وفیه نظر بل الظاهر اذا کان الخارج قیحا او صدیدا ینقض سواء کان مع وجع او بدونه لانهما لا یخرجان الا عن علة نعم هذا التفصیل حسن فیما اذا کان الخارج ماء لیس غیر. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/ ۳۲) ط:سعید)

:: تبیین الحقائق مع حاشیة الشلبی، کتاب الطهارة (۱/ ۴۸) ط:سعید

:: ردالمحتار، کتاب الطهارة، مطلب فی حکم کی الحمصة (۱/ ۱۳۹) ط:سعید

:: ولا یعبث بذلك. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/ ۵۰) ط: رشیدیة)

:: ردالمحتار کتاب الطهارة، فصل فی الاستنجاء (۱/ ۳۴۳) ط:سعید.

:: البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۳) ط: سعید.

بدن کے کسی حصے کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا

☆ بدن کے کسی بھی حصے کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، خواہ چھونے والا اور جس کو چھوا گیا ہے دونوں ننگے ہوں، چنانچہ اگر کوئی شخص وضو کر کے اپنی بیوی کے ساتھ ایک ہی پلنگ یا بیڈ وغیرہ پر لیٹ گیا اور وہ دونوں ننگے تھے، اور ایک کا وجود دوسرے سے لگ گیا، تو دونوں میں سے کسی کا وضو نہیں ٹوٹے گا، بشرطیکہ دو باتیں پیش نہ آئی ہوں، ایک یہ کہ مذی وغیرہ خارج نہ ہوئی ہو دوسرے یہ کہ شرم گاہیں آپس میں نہ لگی ہوں، ایسی صورت میں اگر مرد کو ایستادگی ہوئی اور دونوں کے درمیان بدن کی حرارت کے احساس سے مانع ہونے والی کوئی چیز حائل نہیں تھی تو مرد کا وضو ٹوٹ جائے گا، اور اس حالت میں محض شرم گاہوں کے آپس میں چھونے سے عورت کا وضو بھی ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

(۱) (ومباشرة فاحشة) بتماس الفرجين ولو بين المرأتين والرجلين مع الانتشار (للجانبين المباشر والمباشر ولو بلا بلل على المعتمد.

وفي الرد: (قوله: بتماس الفرجين) اى من غير حائل من جهة القبل او الدبر، شرح المنية.---- (قوله: مع الانتشار) هذا في حق نقض وضوله لا وضوئها فانه لا يشترط في نقضه انتشار آلة الرجل، قنية. وفي الشرنبلالية: زاد الكمال في تفسيرها المعانقة وتبعه صاحب البرهان فقال وهي ان يتجردا معا معانقين متماسي الفرجين (قوله: للجانبين) فينقض وضوء المرأة .... (قوله: على المعتمد) وهو قولهما لانها لا تخلو عن خروج مذى غالبا وهو كالمتحقق في مقام وجوب الاحتياط اقامة للسبب الظاهر مقام الامر الباطن وقال محمد : لاتنقض مالم يظهر شيء وصححه في الحقائق .... في شرح الشيخ اسماعيل عن شرح البرجندي واكثر الكتب متظافرة على ان الصحيح المفتى به قول محمد وعدم ذكر صاحب الهداية لها في النواقض يشعر باختياره (ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱/۱۴۷-۱۴۶) ط: سعيد)

ﷺ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱/ ۱۳) ط: رشيدية.

ﷺ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر (۱/۱۴۳) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

برتن

ہر قسم کے برتن میں بھرے ہوئے پانی سے وضو کرنا درست ہے، خواہ وہ پتھر کے ہوں یا دھات کے یا موجودہ زمانے میں پلاسٹک، اسٹیل یا شیشے کے یا کسی اور چیز کے بنے ہوئے برتن ہوں سب میں پانی بھر کر وضو کرنا جائز ہے۔[۱]

برتن میں پیشاب پاخانہ کر کے پانی میں ڈالنا

برتن میں پاخانہ، پیشاب کر کے پانی میں ڈالنا، یا ایسی جگہ پاخانہ، پیشاب کرنا جہاں سے وہ بہہ کر پانی میں چلا جائے مکروہ ہے، البتہ گندی نالی یا گٹر لائن میں ڈالنا مکروہ نہیں ہے۔[۲]

برتن میں پیشاب کرنا

حدیث شریف میں ہے کہ "نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں لکڑی کا ایک

---

(۱) بيان استنباط الأحكام ...... الثالث : فيه أنّ الأواني كلها، سواء كانت من الخشب أو من جواهر الأرض طاهرة، فلا كراهة في استعمالها، وذكر أبو عبيد في كتاب الطهور عن ابن سيرين : كانت الخلفاء يتوضأون في الطشت، وعن الحسن رأيت عثمان يصب عليه من إبريق يعني نحاسًا. قال أبو عبيد : وعلى هذا أمر النّاس في الرخصة والتوسعة في الوضوء في آنية النحاس وأشباهه من الجواهر. (عمدة القاري : (۸۹/۳) كتاب الوضوء، باب الغسل والوضوء في المخضب والقدح والخشب والحجارة، ط: دار إحياء التراث العربي)

☆ إتحاف السادة المتقين بشرح إحياء علوم الدين : (۳۷۲/۲) كتاب أسرار الطهارة، باب آداب قضاء الحاجة، كيفية الوضوء، ط: مؤسسة التاريخ العربي، بيروت)

☆ شرح ابن ماجه لمغلطائي : (۳۹۲/۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء في الصفر، ط: مكتبه نزار مصطفى الباز.

(۲) وكذا إذا بال في اناء ثم صبه في الماء او بقرب النهر فجرى اليه فكله مذموم قبيح منهي عنه. (رد المحتار، كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء (۳۴۲/۱) ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۵۰/۱) ط: رشيديه

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الانجاس (۲۴۳/۱) ط: سعيد

پیالہ تھا، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پلنگ کے نیچے رکھا رہتا تھا، اس میں رات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم پیشاب کیا کرتے تھے"

یعنی سردی کے موسم میں یا کسی اور وجہ سے رات کو اٹھ کر باہر نکلنا چوں کہ پریشانی کا باعث ہوتا تھا، اس لئے رات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم لکڑی کے اس پیالہ میں پیشاب کیا کرتے تھے جو اسی کام کے لئے آپ کے پلنگ کے نیچے رکھا رہتا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمل دراصل امت کو یہ بتانے کے لئے تھا کہ اگر سردی کے موسم میں یا کسی اور پریشانی کی صورت میں یا ہسپتال میں ایسا کرلیا جائے تو آسانی ہوگی اور راحت مل جائے گی۔ (۱)

حقیقت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت پر بے حد شفیق و مہربان تھے۔ (۲)

چنانچہ دینی احکام و مسائل میں جتنی بھی آسانی اور راحت ہوسکتی تھی اس کو

(۱) عن حکیمة بنت امیمة بنت رقیقة عن امها انها قالت کان للنبی صلی الله علیه وسلم قدح من عیدان تحت سریره یبول فیه باللیل. (سنن ابی داود، کتاب الطهارة، باب فی الرجل یبول باللیل فی الاناء ثم یضعه عنده (۱/۵) ط: رحمانیه)

☆ السنن الکبری للبیهقی، کتاب الطهارة، باب البول فی الطست وغیر ذلک، رقم الحدیث ۴۸۵، (۱/۹۹) ط: مکتبة دار الباز، مکة المکرمة.

☆ المستدرک للصحیحین، کتاب الطهارة، رقم الحدیث: ۵۹۳، (۱/۱۶۷) ط: دار الکتب العلمیة، بیروت.

☆ مظاهر حق جدید، (۱/۳۱۲) ط: دار الاشاعت.

☆ قال الله تعالیٰ: ﴿لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ماعنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤوف رحیم﴾. [سورة التوبة: ۱۲۸]

☆ وقال ایضًا: ﴿وما ارسلنک إلا رحمة للعلمین﴾. [سورة الأنبیاء: ۱۰۷]

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ماعنتم حریص علیکم بالمؤمنین رء وف رحیم﴾. [سورة التوبة: ۱۲۸]

☆ وقال ایضًا: ﴿وما ارسلنک إلا رحمة للعلمین﴾. [سورة الأنبیاء: ۱۰۷]

آپ ضرور فرمادیتے تھے۔ (۱)

واضح رہے کہ شہر میں چونکہ باتھ روم گھر کے اندر ہوتا ہے اس لئے وہاں برتن میں پیشاب کرنے کی ضرورت ہی نہیں البتہ گاؤں دیہات میں اس کی ضرورت ہوتی ہے کبھی سردی ہوتی ہے، کبھی تاریک رات ہوتی ہے، کبھی موذی جانوروں کا ڈر ہوتا ہے وغیرہ وہاں کے لئے یہ حکم ہے۔

اسی طرح ہسپتال میں بھی مریضوں کے لئے برتن میں پیشاب کرنا جائز ہے۔

برش سے مسواک کی سنت ادا نہیں ہوگی

دانتوں کی صفائی کے لئے برش استعمال کرنا جائز ہے لیکن اس سے مسواک کی سنت ادا نہیں ہوگی۔

واضح رہے کہ مسواک کے بہت سارے فوائد میں سے ایک اہم فائدہ دانتوں کی صفائی ہے، لیکن مسواک کا استعمال صرف دانتوں کی صفائی کے لئے نہیں بلکہ اس میں سب سے اہم اور بنیادی بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی اتباع ہے، اور ''برش'' میں وہ خصوصیات اور صفات نہیں پائی جاتیں جو مسواک میں موجود ہوتی ہیں اس لئے ''برش'' کرنے سے مسواک کی سنت ادا نہیں ہوگی۔ (۲)

---

(۱) عن سعيد بن ابي بردة عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم بعث معاذا وابا موسى الى اليمن فقال: يسرا ولا تعسرا و بشرا ولا تنفرا وتطاوعا ولا تختلفا. (الصحيح البخاري: (۱/ ۴۲۶) كتاب الجهاد، باب مايكره من التنازع، ط: قديمي)

(۲) مصنف عبد الرزاق: (۳/ ۳۵۶) رقم الحديث: ۵۹۵۹.

(۲) ثم المستحب ان يكون من شجرة مرة لزيادة ازالة تغير الفم قالوا: ويستاك بكل عود الا الرمان والقصب. وافضله الاراك ثم الزيتون، و ان يكون طوله شبرا الى غلظ الخنصر. (كبيرى، شرائط الصلاة، باب آداب الوضوء، فى بيان فضيلة السواك (ص: ۲۹) ط: مكتبه نعمانيه)

(۳) الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول (۱/ ۱۰۷) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية. =

برف کا ٹکرا لے کر سر پر مسح کیا

اگر مسح کی غرض سے برف کا ٹکرا لے کر سر پر پھیرا تو مسح ہو جائے گا۔ (۱)

برہنہ

"ننگا ہونا" اور "ننگے ہونے کی حالت میں وضو کرنا" عنوانات کے تحت دیکھیں۔

بڑھاپے کی وجہ سے تیمم کرنا

اگر کسی آدمی کو ضعف، بیماری، یا بڑھاپے کی وجہ سے پانی سے ضرر ہو یا ضرر

= ﴿ (قوله والسواك) بالكسر بمعنى العود الذي يستاك به (رد المحتار، كتاب الطهارة، سنن الوضوء (۱۱۳/۱) ط:سعيد)

﴿ وفي النهر: ويستاك بكل عود الا الرمان والقصب وافضله الاراك ثم الزيتون. (رد المحتار، كتاب الطهارة، سنن الوضوء (۱۱۵/۱) ط:سعيد)

﴿ ولا يقوم الأصبع مقام الخشبة فإن لم توجد الخشبة فحينئذ يقوم الأصبع من يمينه مقام الخشبة...... والعلك يقوم مقامه للمرأة. (الفتاوى الهندية: (۷/۱) كتاب الطهارة، الباب الأول في الوضوء، الفصل الثاني في سنن الوضوء، ط: رشيديه)

﴿ ويستحب أن يكون السواك عودًا لينًا ينقي الفم ولا يجرحه ولا يضره ولا يتفتت فيه كالإدراك والعرجون ولا يستاك بعود الرمان ولا الآس ولا الأعواد الزكية...... وإن استاك بإصبعه أو خرقة فقد قيل: لا يصيب السنة، لأنّ الشرع لم يرد به ولا يحصل الإنقاء به حصوله بالعود والصحيح أنه يصيب بقدر ما يحصل من الإنقاء ولا يترك القليل من السنة للعجز عن كثيرها. والله أعلم. (المغني لابن قدامة: (۷۲/۱) كتاب الطهارة، باب السواك وسنة الوضوء، مسألة السواك بعد الزوال للصائم، ط: مكتبة القاهرة)

﴿ الشرح الكبير على متن المقنع: (۱۰۲/۱) كتاب الطهارة، باب السواك وسنة الوضوء، ط: دار الكتاب العربي.

(۱) ومن مسح رأسه بالثلج اجزاه مطلقا ولم يفصلوا بين بلل قاطر او غير قاطر. كذا في الفتاوى البرهانية. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الأول (۶/۱) ط:رشيديه)

﴿ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول، (۹۳/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

﴿ حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ۶۰) كتاب الطهارة، فصل في: احكام الوضوء، ط: قديمي.

خوف ہو یعنی وضو یا غسل کرنے سے اس کا مرض بڑھ جائے گا یا پھیل جائے گا یا سردی کی وجہ سے ہلاک یا بیمار ہو جائے گا تو تیمم کرنا جائز ہوگا۔

اور اگر پانی سے وضو یا غسل کرنے کی صورت میں مرض بڑھنے یا پھیل جانے یا بیمار ہونے کا اندیشہ نہ ہو، تو صرف ٹھنڈا پانی بُرا یا گراں معلوم ہونے یا اس سے تکلیف ہونے کی وجہ سے تیمم کرنا درست نہیں ہے۔ (۱)

بڑے حوض

''بارش'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۱/۱)

بسم اللہ پڑھنا وضو کے شروع میں

''وضو کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۵۷/۲)

بسم اللہ سے پورے جسم کی طہارت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

(۱) ولو كان يجد الماء الا انه مريض يخاف ان استعمل الماء اشتد مرضه او ابطا برؤه يتيمم. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول (۲۸/۱) ط: رشيدية)
الفتاوى التاتار خانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز (۲۴۳/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.
رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم (۲۳۳-۲۳۴/۱) ط: سعيد.
ويجوز التيمم اذا خاف الجنب اذا اغتسل بالماء ان يقتله البرد او يمرضه هذا اذا كان خارج المصر اجماعا فان كان في المصر فكذا عند ابي حنيفة خلافا لهما والخلاف فيما اذا لم يجد ما يدخل به الحمام فان وجد لم يجز اجماعا وفيما اذا لم يقدر على تسخين الماء فان قدر لم يجز، هكذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول (۲۸/۱) ط: رشيدية)
الفتاوى التاتار خانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز (۲۴۳/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.
رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم (۲۳۴/۱) ط: سعيد.

فرمایا: جو وضو کرے اور اللہ کا نام لے (یعنی بسم اللہ پڑھے) اس کا پورا جسم پاک ہوجاتا ہے، اور جس نے وضو کیا اور بسم اللہ نہیں پڑھا اس کے صرف وضو کے اعضاء ہی پاک ہوتے ہیں۔

اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے جس نے وضو کیا اور بسم اللہ پڑھا اس کا پورا جسم پاک ہوا، اور جس نے وضو کیا اور بسم اللہ نہیں پڑھا اس کا صرف وضو کا مقام پاک ہوا۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے نام کی برکت سے پورا جسم سر سے پاؤں تک پاک ہوجاتا ہے، غیر مسلموں کے پاس یہ نعمت کہاں ہے؟ (۱)

بسم اللہ کہنا بھول گیا

اگر وضو کی ابتداء میں "بســـم اللہ" کہنا بھول گیا، تو درمیان میں کہنے سے سنت ادا نہیں ہوگی، کیونکہ پورا وضو ایک عمل ہے، البتہ کھانا ایک عمل نہیں، اس کا ہر لقمہ اور ہر گھونٹ الگ الگ عمل ہے، اس لئے کھانے کے درمیان میں "بسم اللہ" کہنے سے سنت ادا ہوجائے گی۔

---

(۱) عن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من توضا وذكر اسم الله تطهر جسده كله، ومن توضا ولم يذكر اسم الله لم يتطهر إلاّ موضع الوضوء.

عن ابن عمر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من توضا فذكر اسم الله على وضوئه كان طهورًا لجسده قال: ومن توضا ولم يذكر اسم الله على وضوئه كان طهورًا لأعضائه. (سنن الدار قطني: (۱/۱۲۳، ۱۲۵) رقم الحديث: ۲۳۲، ۲۳۳، كتاب الطهارة، باب التسمية على الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة بيروت)

☜ السنن الكبرى للبيهقي: (۱/۷۳، ۷۴) رقم الحديث: ۱۹۹، ۲۰۰) كتاب الطهارة، باب التسمية على الوضوء، ط: دار الكتب العلمية، بيروت.

☜ كنز العمال: (۹/۲۸۲) رقم الحديث: ۲۶۰۲۲، ۲۶۰۲۳، حرف الطاء، كتاب الطهارة الباب الثاني: في الوضوء، الفصل الأوّل، الفرع الأوّل في وجوب الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة

تاہم وضو کے دوران بھی جب بھی یاد آئے ''بسم اللہ'' پڑھ لینی چاہیے۔ (۱)

بسم اللہ ہر عضو کے دھوتے وقت پڑھے

''ہر عضو کے دھوتے وقت بسم اللہ پڑھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۹/۲)

بلال رضی اللہ عنہ کی فضیلت

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن حضرت بلال کو بلوایا اور فرمایا کہ کیا بات ہے کہ تم جنت میں مجھ سے آگے تھے، میں گزشتہ رات جنت میں داخل ہوا، تو میں نے اپنے آگے تمہاری لکڑی کی جوتی کی آواز کو سنا، اس پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کبھی ایسا نہیں ہوا کہ میرا وضو ٹوٹا ہو اور میں نے وضو نہ کیا ہو اور وضو کر کے دو رکعت نماز نہ پڑھی ہو (یعنی ہمیشہ باوضو رہا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسی وجہ سے تم نے یہ مرتبہ پایا۔

اس سے معلوم ہوا کہ ہمیشہ باوضو رہنا اور ہر دفعہ وضو کرنے کے بعد پابندی سے دو رکعت تحیۃ الوضو کی نماز پڑھنے کی عادت بنانا بہت بڑی فضیلت کی بات ہے۔ (۲)

---

(۱) ومنها التسمية، وتعتبر عند ابتداء الوضوء حتى لو نسيها ثم ذكر بعد غسل البعض وسمى لا يكون مقيما للسنة بخلاف الاكل ونحوه، هكذا في التبيين، فان نسيها في اول الطهارة اتى بها متى ذكرها قبل الفراغ حتى لا يخلو الوضوء عنها، كذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثالث (۶/۱) ط: رشيدية)

ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱۰۹/۱) ط: سعيد.

حلبى كبير، شرائط الصلاة، الشرط الاول سنن الوضوء (ص: ۲۰) ط: مكتبه نعمانيه.

(۲) عن عبد الله بن بريدة قال: سمعت ابي بريدة يقول: اصبح رسول الله صلى الله عليه وسلم فدعا بلالاً، فقال: يا بلال بم سبقتني إلى الجنة؟ ما دخلت الجنة قط إلا سمعت خشخشتك امامي، انّي دخلت البارحة الجنة سمعت خشخشتك..... قال (اي بلال) ما احدثت إلا توضأت وصليت ركعتين. فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بهذا. (مسند احمد: (۱۰۱/۳۸) رقم الحديث: ۲۲۹۹۶، تتمه مسند الأنصار، حديث بريدة الأسلمى، ط: مؤسسة الرسالة) =

بلغم

☆ بلغم نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا، خواہ منہ بھر کر بھی نکلے تب بھی وضو نہیں ٹوٹتا۔

☆ اگر بلغم، کھانے یا پت یا ایسی چیز کے ساتھ نکلے جو قے میں نکلی ہو، اور وہ پاک ہو، تو اس صورت میں اگر بلغم زیادہ ہو اور وہ چیز کم ہو، اور اس قدر ہو جس سے منہ بھر نہ سکے تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر بلغم اور دوسری چیز برابر ہے مگر دونوں میں سے کوئی اس قدر نہ ہو جس سے منہ بھر سکے تب بھی وضو نہیں ٹوٹے گا۔

☆ اگر قے میں بلغم نکلے تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور سابقہ وضو باقی رہے گا۔ (۱)

بلغم کی قے

بلغم کی قے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۲)

بناء عید کی نماز میں کرنا

وضو کر کے عید یا جنازہ کی نماز شروع کرنے کے بعد درمیان میں وضو ٹوٹ گیا تو اگر وضو کر کے آنے کی صورت میں عید یا جنازہ کی نماز فوت ہو جانے کا خطرہ ہو تو تیمم کر کے بناء کر سکتا ہے، یعنی امام کے ساتھ نماز میں شامل ہو سکتا ہے، اور تیمم کر کے

= : صحيح ابن خزيمة : (۲/۲۱۳) رقم الحديث : ۱۲۰۹، جماع أبواب صلاة التطوع، باب فضل صلاة التطوع في عقب كل وضوء يتوضأ المحدث، ط: المكتب الإسلامي بيروت.
: الترغيب والترهيب : (۱/۹۹) رقم الحديث : ۳۵٦، كتاب الطهارة، الترغيب في الركعتين بعد الوضوء، ط: دار الكتب العلمية، بيروت.

(۱) (لا) ينقضه قيئ من (بلغم) على المعتمد (اصلا) الا المخلوط بطعام فيعتبر الغالب ولو استويا فكل على حدة. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء (۱/۱۳۸) ط: سعيد)

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱/۱۱) ط: رشيدية.
(۲) الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر في مسائل القيئ وما يتصل به (۱/۱۳۰-۱۲۹) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

بناء کرنے والا امام ہو یا مقتدی دونوں کا حکم ایک ہے، کیونکہ تیمم جائز ہونے کا مدار اس پر ہے کہ ایسی نماز فوت ہونے کا ڈر ہو جس کی قضا نہیں ہے۔ (۱)

بند ہو

جو شخص کسی ایسی جگہ پر بند ہو جہاں پر پانی نہیں ہے، اور نماز کا وقت نکلنے والا ہو تو اس وقت تیمم کر کے نماز پڑھ لے اور بعد میں وضو کر کے دوبارہ پڑھے۔ (۲)

بواسیر

☆ بعض دفعہ بواسیر کی پھنسی سے مواد نکلنے کے بعد دانہ کی طرح ہو جاتا ہے، اور اس کے اندر رطوبت ہوتی ہے مگر بہتی نہیں ہے، البتہ اٹھتے بیٹھتے کپڑے کو لگتی ہے، تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا اور کپڑا ابھی ناپاک نہیں ہوگا، کیونکہ جو رطوبت زخم سے

---

(۱) التيمم لصلاة العيد...... ولو احدث احدهما بعد الشروع فيها بالتيمم تيمم وبنى بلا خلاف وكذلك بعد الشروع بالوضوء ان خاف ذهاب الوقت بالاجماع وان لم يخف ذهابه فان كان يرجو ادراک الامام قبل الفراغ لا يباح له التيمم بالاجماع وان لم يرج ادراكه قبل الفراغ تيمم وبنى عند ابي حنيفة رحمه الله خلافا لهما هكذا في النهاية. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث (۱/ ۳۱) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يتيمم عنه (۱/ ۲۲۸) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/ ۲۴۲-۲۴۱) ط: سعيد.

(۲) المحبوس في السجن يصلي بالتيمم ويعيد بالوضوء لان العجز انما تحقق بصنع العباد وصنع العباد لايؤثر في اسقاط حق الله تعالى، ولو حبس في السفر يتيمم و يصلي ولا يعيد لانه انضم عذر السفر الى العجز الحقيقي والغالب في السفر عدم الماء فتحقق العدم من كل وجه، كذا في محيط السرخسي. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۸) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يتيمم عنه (۱/ ۲۴۲) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/ ۲۵۳) ط: سعيد.

باہر نہ بہے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا اور کپڑا بھی ناپاک نہیں ہوتا، فقہاء کرام کے یہاں قاعدہ کلیہ ہے "مالیس بحدث لیس بنجس" جو حدث نہیں ہے یعنی جس سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے وہ ناپاک بھی نہیں ہے۔

☆ اگر کسی بواسیر والے کے بواسیر کے مسّے مقعد سے باہر نکل آئے، تو اگر اس نے اپنے ہاتھ سے انہیں اندر کر دیا تب تو اس کا وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر وہ خود اندر چلے گئے ہیں تو وضو نہیں ٹوٹے گا، البتہ اگر نجاست ظاہر ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

☆ اگر بواسیر والے یا کسی عام آدمی کے پاخانہ کے مقام سے کانچ نکل آئی، اور خود بخود نکل کر اندر چلی گئی اور نجاست ظاہر نہیں ہوئی تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور اگر ہاتھ یا کپڑا وغیرہ سے اندر کریں گے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[1]

☆ مزید "قعدہ اور سجدہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔

---

(۱) ما یخرج من بدن الانسان اذا لم یکن حدثا لا یکون نجسا کالقیئ القلیل والدم اذا لم یسل، کذا فی التبیین. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱/۱۲-۱۱) ط: رشیدیة)

☆ رد المحتار، کتاب الطهارة (۱/۱۴۰) ط:سعید.

☆ وعن الحسن ان ماء النفطة لا ینقض قال الحلوانی وفیه توسعة لمن به جرب او جدری، کذا فی المعراج...... وفیه نظر بل الظاهر اذا کان الخارج قیحا او صدیدا ینقض سواء کان مع وجع او بدونه لانهما لا یخرجان الا عن علة نعم هذا التفصیل حسن فیما اذا کان الخارج ماء لیس غیر. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۳۲) ط:سعید)

☆ تبیین الحقائق مع حاشیة الشلبی، کتاب الطهارة (۱/۳۸) ط:سعید.

☆ ردالمحتار، کتاب الطهارة، مطلب فی حکم کی الحمصة (۱/۱۳۹) ط:سعید.

☆ اذا خرج دبره ان عالجه بیده او بخرقة حتی ادخله تنتقض طهارته لانه یلتزق بیده شیئ من النجاسة، وذکر الشیخ الامام شمس الائمة الحلوانی رحمه الله تعالی ان بنفس خروج الدبر ینتقض وضوءه. (الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثانی فی بیان ما یوجب الوضوء، (۱/۱۲٦) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة)

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱/۱۰) ط:رشیدیة.

☆ رد المحتار، کتاب الطهارة (۱/۱۳٦) ط:سعید.

بواسیر کی بیماری پیدا ہوتی ہے

''دیر تک نہ بیٹھئے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۵۱/۱)

بواسیر کے مریض کے وضو کا حکم

اگر بواسیر کے مریض کا مرض اتنا شدید ہے کہ ہر وقت ریح (گیس) یا خون وغیرہ نکلتا ہی رہتا ہے، تو ایسا مریض معذور کے حکم میں ہے، وہ ہر نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد نیا وضو کرے گا، اور اس وضو سے وقت کے اندر جتنی نمازیں پڑھنا چاہے گا پڑھ سکے گا۔

اور اگر ریح یا خون ہمیشہ نہیں نکلتا ہے بلکہ وقفہ وقفہ سے نکلتا ہے تو یہ معذور کے حکم میں نہیں ہوگا اور بواسیر کی وجہ سے نکلنے والی ریح اور خون دونوں ناقض وضو ہوں گی۔[1]

بوسہ

اگر وضو کی حالت میں بیوی کا بوسہ لینے سے مذی خارج نہیں ہوئی تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر مذی خارج ہوئی تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[2]

---

(۱) (وصاحب عذر من به سلس) بول لا يمكنه امساكه (او استطلاق بطن او انفلات ريح...... ان استوعب عذره تمام وقت صلاة مفروضة) بان لا يجد في جميع وقتها زمنا يتوضأ ويصلي فيه خاليا عن الحدث، ولو حكما...... (حكمه الوضوء) ... (لكل فرض) اللام للوقت (ثم يصلي) به (فيه فرضا ونفلا) ... (فاذا خرج الوقت بطل). (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، باب الحيض، مطلب في احكام المعذور (۱/ ۳۰۶-۳۰۵) ط: سعيد)

☆ تبيين الحقائق، كتاب الطهارة، باب الحيض (۱/ ۱۸۰) ط: سعيد.

☆ البناية شرح الهداية، كتاب الطهارة، باب الحيض (۱/ ۶۷۲) ط: رشيدية.

(۲) عن عروة عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم قبل بعض نسائه ثم خرج الى الصلاة ولم يتوضأ، قال قلت: من هي الا انت؟ قال فضحكت. (سنن الترمذي، كتاب الطهارة، باب ما ترك الوضوء من القبلة (۱/ ۲۵) ط: قديمي) =

بہتا ہوا پانی

''بارش'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۱/۱)

بھڑ

''مچھر'' عنوان کو دیکھیں۔(۱۹۰/۲)

بھنوؤں کے قریب تک پیشانی کے بال ہیں

''پیشانی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۰۹/۱)

بھنویں

بھنویں یا ڈاڑھی یا مونچھ اگر اس قدر گھنی ہوں کہ ان کے نیچے کی جلد چھپ جائے اور نظر نہ آئے تو ایسی صورت میں اس قدر بالوں کا دھونا واجب ہے جن سے جلد چھپی ہوئی ہے، باقی بال جو جلد کے آگے بڑھ گئے ہیں ان کا دھونا واجب

=: سنن ابن ماجة، كتاب الطهارة، باب الوضوء من القبلة،رقم الحديث: ۵۰۲ (ص: ۳۸) ط: قديمی

: سنن النسائی، كتاب الطهارة، باب ترك الوضوء من القبلة،رقم الحديث: ۱۷۰ (۳۹/۱) ط: قديمی

: مس الرجل المرأة والمرأة الرجل لا ينقض الوضوء، كذا في المحيط. (الفتاوی الهندية كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱۳/۱) ط:رشيدية)

: الفتاوی التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثانی فی بيان ما يوجب الوضوء، نوع آخر من هذا الفصل (۱۴۳/۱) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

: تبيين الحقائق، كتاب الطهارة (۵۸/۱) ط:سعيد.

: المذی ينقض الوضوء. (الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱۰/۱) ط:رشيدية)

: تبيين الحقائق، كتاب الطهارة (۷۲/۱) ط:سعيد.

البناية شرح الهداية، كتاب الطهارة،فصل فی الغسل (۲۸۸/۱) ط:رشيدية.

نہیں۔[1]

بھنویں کٹوادیں

وضو کرنے کے بعد بھنویں کٹوادی جائیں، تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا، دوبارہ اس جگہ کو دھونے کی ضرورت نہیں ہے۔[2]

بیت الخلاء سے نکلتے وقت کی دعا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب حاجت سے فارغ ہوکر بیت الخلاء سے باہر آتے تو یہ دعا پڑھتے تھے: "اَللّٰھُمَّ غُفْرَانَکَ" اے اللہ میں تیری بخشش اور معافی چاہتا ہوں۔

تشریح: بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد بخشش اور معافی چاہنے کی دو وجہیں ہیں: ایک تو یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر ہر وقت اللہ کا ذکر رہتا تھا، قضاء حاجت کرنے جیسی حاجت کے علاوہ اور کسی حالت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم

---

(۱) (ليجب غسل المياقي...... لاغسل باطن العينين) والانف و الفم واصول شعر الحاجبين واللحية والشارب.

وفي الرد: (قوله: واصول شعر الحاجبين) يحمل هذا على ما اذا كانا كثيفين اما اذا بدت البشرة فيجب كما ياتي له قريبا عن البرهان وكذا يقال في اللحية والشارب. (ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱/۹۸-۹۷) ط: سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول (۱/۳) ط: رشيدية.

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول (۱/۸۸) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

(۲) (ولا يعاد الوضوء) بل ولا بل المحل (بحلق راسه ولحيته كما لا يعاد) لاغسل للمحل ولا الوضوء (بحلق شاربه وحاجبه وقلم ظفره) وكشط جلده.

وفي الرد: (قوله: ولا بل المحل) عبر بالبل ليشمل المسح والغسل. (الدر مع الرد: (۱/۱۰۱) كتاب الطهارة، مطلب في معنى الاشتقاق، ط: سعيد)

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول (۱/۹۳) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول (۱/۳) ط: رشيدية.

اللہ کے ذکر کو موقوف نہیں رکھتے تھے۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء میں اللہ کا ذکر قضاء ہو جانے کو بھی اتنی اہمیت دیتے تھے کہ وہاں سے نکلتے ہی اللہ تعالیٰ سے مغفرت اور معافی چاہتے تھے۔

دوسری وجہ یہ کہ انسان کا پاخانہ سے فراغت پانا اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے، آدمی جو کچھ بھی کھاتا ہے، اور اپنے پیٹ میں اتارتا ہے وہ ہضم ہو جائے، پھر خون، کیلشیم، آئرن وغیرہ کی صورت میں اس کا جوہر جسمانی قوت وطاقت کا سبب بن جائے، اور فضلہ یعنی زہریلا مواد آسانی کے ساتھ باہر نکل آئے یہ اللہ کی عظیم نعمت ہے ورنہ ڈاکٹروں کے پاس جانا، ہسپتال میں داخل ہونا اور ان زہریلے مواد کو خارج کرنے کے لئے علاج کرنا پڑتا، اور بھاری رقم خرچ کرنی پڑتی تو کتنی بڑی پریشانی ہوتی، اور کتنی زیادہ تکلیف ہوتی۔

اگر کوئی اس پر غور وفکر کرے تو یہ اتنی بڑی نعمت ہے کہ اس کا شکر ادا نہیں ہوسکتا، اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء سے نکلتے ہی اللہ تعالیٰ سے مغفرت اور معافی چاہتے تھے کہ پروردگار آپ نے جس کرم ونعمت سے نوازا اور یہ کام آسانی سے کروا دیا تو اس کا شکر ادا نہیں ہوسکتا، اس کو معاف فرما دیجئے۔ (۱)

---

(۱) عن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا خرج من الخلاء قال: غفرانك. (سنن الترمذی، کتاب الطهارة، باب ما يقول اذا خرج من الخلاء (۱/۷) ط: قديمی)

☆ سنن ابی داود، کتاب الطهارة، باب ما يقول اذا خرج من الخلاء (۱/۶) ط: قديمی.

☆ مسند احمد، باقی مسند الانصار، حديث السيدة عائشة رضی الله عنها رقم الحديث ۲۵۲۶۱، (۶/۱۵۵) ط: مؤسسة القرطبة بالقاهرة.

☆ فان قلت ما الحكمة فی قوله: غفرانك اذا خرج من الخلاء؟ قلت: قد ذكروا فيه وجوها واحسنها انه انما يستغفر من تركه ذكر الله تعالى مدة مكثه فی الخلاء ويقرب منه ما قيل لشكر النعمة التی انعم عليه بها اذ اطعمه وهضمه فحق على من خرج سالما مما استعاذه ان يؤدی شكر النعمة فی اعاذته واجابة سؤاله وان يستغفر الله تعالى خوفا ان لا يؤدی شكر تلك النعم (عمدة القاری، کتاب الوضوء، باب ما يقول عند الخلاء (۲/۲۱۵) ط: رشيدية) =

بیت الخلاء سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھے

بیت الخلاء سے باہر نکلتے وقت پہلے سیدھا پاؤں باہر نکالے، اور باہر نکل کر یہ دعا پڑھے۔

(۱) اَللّٰهُمَّ غُفْرَانَكَ.

(۲) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ". (۱)

بیت الخلاء شیاطین کے اڈے ہیں

''شیاطین کے اڈے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

بیت الخلاء کی ٹینکی کا پانی

بیت الخلاء کی ٹینکی کا پانی پاک ہوتا ہے، اس سے وضو کرنا اور پینا جائز ہے۔ (۲)

بیت الخلاء کی دعا

''شیاطین کے اڈے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

= تحفة الاحوذی، کتاب الطهارة، باب ما یقول عند الخلاء (۱/۵۵) ط: قدیمی.

مظاهر حق جدید، (۱/۳۱۱) ط: دار الاشاعت.

(۱) عن انس بن مالک قال: کان النبی صلی الله علیه وسلم اذا خرج من الخلاء قال: الحمد لله الذی اذهب عنی الاذی وعافانی. (سنن ابن ماجة، کتاب الطهارة، باب ما یقول اذا خرج من الخلاء، رقم الحدیث: ۳۰۱، (ص: ۲۶) ط: قدیمی.

وانظر ایضا، الحاشیة السابقة.

(۲) (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودیة والعیون والآبار والبحار) لقوله تعالی وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله علیه السلام: الماء طهور لا ینجسه شیء الا ما غیر لونه او طعمه او ریحه وقوله علیه السلام فی البحر هو الطهور ماؤه والحل میتته ومطلق الاسم ینطلق علی هذه المیاه. (الهدایة مع فتح القدیر، کتاب الطهارة، باب الماء الذی یجوز به الوضوء وما لا یجوز (۱/ ۲۱-۲۰) ط: رشیدیة)

البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۶۶) ط: سعید

ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب المیاه (۱/۱۷۹) ط: سعید

بیت الخلاء کے لوٹے

بیت الخلاء کے لوٹے اگر پاک ہیں تو ان میں پانی بھر کر طہارت حاصل کرنا اور وضو کرنا جائز ہے، اگر اتفاق سے ناپاک ہونے کا اندیشہ ہو تو پہلے ان کو تین مرتبہ دھولیں پھر ان میں پانی بھر کر طہارت حاصل کی جاسکتی ہے۔[۱]

بیت الخلاء میں جانے سے پہلے دعا پڑھنا بھول گیا

اگر کوئی شخص بیت الخلاء میں جانے سے پہلے دعا پڑھنا بھول جائے اور اندر جا کر یاد آئے تو اگر باہر آ کر دعا پڑھ کر دوبارہ بیت الخلاء جاسکتا ہے تو باہر نکل کر دعا پڑھ کر دوبارہ داخل ہو، اور اگر حالت ایسی ہے کہ باہر آنا مشکل ہے تو اندر زبان سے دعا نہ پڑھے بلکہ دل دل میں دعا پڑھ لے۔[۲]

---

(۱) (ولا بأس بالتوضؤ من جب يوضع كوزه في نواحي الدار مالم يعلم انه قذر) لانه عمل الناس ويلحقهم الحرج في النزوع عن هذه العادة والاصل فيه الطهارة فيتمسك به ما لم يعلم بالنجاسة، وفي الحديث ان النبي صلى الله عليه وسلم في حجة الوداع استسقى العباس رضي الله تعالى عنه فقال الا نأتيك بالماء من بعض البيوت فان الناس يدخلون ايديهم في ماء السقاية فقال النبي صلى الله عليه وسلم: نحن منهم. (المبسوط للسرخسي، كتاب الطهارة، باب الوضوء والغسل (۱/۲۱۴) ط: المكتبة الغفارية)

ـ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني (۱/۲۵) ط: رشيدية.

(۲) (وسننه..... والبداءة بالتسمية قولا..... قبل الاستنجاء وبعده) الا حال انكشاف وفي محل نجاسة فيسمي بقلبه ولو نسيها فسمى في خلاله لاتحصل السنة بل المندوب

(قوله: الا حال انكشاف الخ) الظاهر ان المراد ان يسمي قبل رفع ثيابه ان كان في غير المكان المعد لقضاء الحاجة والا فقبل دخوله فلو نسي فيهما سمى بقلبه ولا يحرك لسانه تعظيما لاسم الله تعالى. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء (۱/۱۰۹) ط: سعيد)

ـ حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء ۱/۶۷ ط: رشيدية.

ـ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الثالث (۱/۵۰) ط: رشيدية.

بیٹھ کر وضو کرنا افضل ہے

وضو بیٹھ کر کرنا افضل ہے کیونکہ یہ وضو کے آداب میں سے ہے۔ [۱]

بیٹھنے اور سجدہ کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

جس شخص کا بیٹھنے اور سجدہ کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اور رکوع اور سجدہ بھی نہیں کرسکتا ہے، تو ایسا مریض کھڑے ہوکر اشارہ سے نماز پڑھے، چت لیٹ کر نماز نہ پڑھے۔ [۲]

بیٹھنے کا طریقہ

جب استنجے کے لئے بیٹھنے کے قریب ہو تب کپڑے وغیرہ کھولے، کھڑے کھڑے نہ کھولے، اور دونوں پاؤں کشادہ کرکے بیٹھے اور بائیں جانب پر جھک کر بیٹھے، اور پیشاب و پاخانہ سے فارغ ہوکر جب اس جگہ سے ہٹ جائے تو دعا

---

(۱) (والجلوس فی مكان مرتفع) تحرزا عن الماء المستعمل وعبارة الكمال: وحفظ ثيابه من القاطر، وهي اشمل. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، آداب الوضوء، (۱/۱۲۷) ط: سعيد)

حلبي كبير، شرائط الصلاة، الشرط الاول، باب في آداب الوضوء، (ص: ۲۸) ط: مكتبه نعمانيه.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثالث (۱/۹) ط: رشيدية.

(۲) (قوله: وقد يتحتم القعود الخ) اى يلزمه الإيماء قاعدا لخلفه عن القيام الذى عجز عنه حكما إذ لو قام لزم فوت الطهارة او الستر او القراءة او الصوم بلا خلف حتى لو لم يقدر على الايماء قاعدا كما كان بحال لو صلى قاعدا يسيل بوله او جرحه ولو صلى مستلقيا لايسيل منه شىء فانه يصلي قائما بركوع وسجود كما نص عليه في المنية، قال شارحها لان الصلاة بالاستلقاء لاتجوز بلاعذر كالصلاة مع الحدث فيترجح ما فيه الاتيان بالاركان وعن محمد انه يصلي مضطجعا ولا اعادة في شىء مما تقدم اجماعا. (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام (۱/۴۴۵) ط: سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الصلاة، الباب الرابع عشر (۱/۱۳۸) ط: رشيدية.

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الصلاة، الفصل الحادى والثلاثون، (۲/۱۳۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

پڑھے۔ (۱)

بیٹھنے کی جگہ نہیں

اگر بیٹھ کر وضو کرنے کی جگہ نہیں ہے تو کھڑے ہو کر وضو کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن چھینٹوں سے پرہیز کرنا چاہئے۔ (۲)

بیڑی

☆ اگر وضو کرنے کے بعد بیڑی پینے سے نشہ نہیں آیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا البتہ نماز پڑھنے سے پہلے منہ کی صفائی کر لینی چاہئے تاکہ بدبو کی وجہ سے نماز مکروہ نہ ہو۔

☆ اگر وضو کرنے کے بعد بیڑی پینے سے اتنا نشہ ہو گیا کہ اچھی طرح چلا نہیں جاتا اور قدم ادھر ادھر بہکتا اور ڈگمگاتا ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۳)

---

(۱) عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وسلم کان اذا اراد حاجة لایرفع ثوبه حتی یدنو من الارض. (سنن ابی داود، کتاب الطهارة، باب کیف التکشف عند الحاجة (۱/۱۴) ط:رحمانیه)

⇐ ولایکشف قبل ان یدنو الی القعود ثم یوسع بین رجلیه ویمیل علی رجله الیسری (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل فی الاستنجاء، (۱/۳۴۵) ط:سعید)

⇐ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۲۴۳) ط:سعید.

⇐ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/۵۰) ط:رشیدیة.

(۲) عن ابن عباس رضی الله عنه قال: بتُّ عند خالتي ميمونة ليلة فقام النّبي صلى الله عليه وسلم من الليل فلما كان في بعض الليل قام رسول الله صلى الله عليه وسلم فتوضأ من شن معلق وضوءً خفيفًا— الحديث. (صحيح البخاري: (۱/۲۵) كتاب الوضوء، باب التخفيف في الوضوء، ط: قديمي)

⇐ وفيه ايضًا: (۱/۳۰) كتاب الوضوء، باب قراءة القرآن بعد الحدث وغيره، ط: قديمي.

⇐ ومن آدابه...... استقبال القبلة، ودلك أعضائه...... والجلوس في مكان مرتفع تحرزًا عن الماء المستعمل، وعبارة الكمال: وحفظ ثيابه من التقاطر، وهي أشمل. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱/ ۱۲۴، ۱۲۷) كتاب الطهارة، مطلب: في مباحث الاستعانة في الوضوء بالغير، ط: سعيد)

(۳) ومنها الاغماء والجنون والغشی والسكر ...... وحد السكر فی هذا الباب ان لایعرف الرجل من المرأة عند بعض المشایخ وهو اختیار الصدر الشهید والصحیح ما نقل عن شمس الائمة الحلوانی انه اذا دخل فی بعض مشیه تحرك، كذا فی الذخیرة.

بیسن

"کھڑے ہوکر وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۲/۲)

بیسن میں وضو کرنا

موجودہ دور میں منہ ہاتھ دھونے کے لئے بیسن لگائے جاتے ہیں، جن میں کھڑے ہوکر منہ ہاتھ دھویا جاتا ہے، ان میں وضو کرنا جائز ہے لیکن ادب کے خلاف ہے۔(۱)

بے عقل

بے عقل پر وضو واجب نہیں ہے، اگر وہ وضو کرے گا تو وضو صحیح نہیں ہوگا، چنانچہ اگر کسی فاتر العقل (جس کی عقل میں خرابی آگئی ہو) نے وضو کرلیا، پھر اس کے تھوڑی دیر بعد اس مرض سے نجات مل گئی تو اس وضو سے نماز درست نہیں ہوگی۔(۲)

= (الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱۲/۱) ط: رشيدية)

= الفتاوی التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني نوع آخر في النوم والغشي والجنون، (۱/ ۱۳۸) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

= ردالمحتار، كتاب الطهارة (۱۲۴/۱) ط: سعيد.

(۱) (والجلوس في مكان مرتفع) تحرزا عن الماء المستعمل وعبارة الكمال: وحفظ ثيابه من الغطر، وهي اشمل. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، آداب الوضوء، (۱۲۷/۱) ط: سعيد)

= حلبی کبیر، شرائط الصلاة، الشرط الاول، باب في آداب الوضو، (ص: ۲۸) ط: مكتبه نعمانيه.

= الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثالث (۹/۱) ط: رشيدية.

(۲) وأما شروط وجوبه وصحته معا فمنها العقل . فلايجب الوضوء على مجنون (الحنفية قالوا: الجنون والصرع ونحوهما مما ذكر من نواقض الوضوء، فهي تنافي صحة الوضوء ...... وإن توضأ واحد من هؤلاء فإن وضوءه لايصح، بحيث لو توضأ المعتوه ثم بعد لحظة برئ من مرضه هذا فإنه لاتصح صلاته بهذا الوضوء، ومثله المجنون . (الفقه على المذاهب الأربعة: (۵۵/۱) كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، شروط الوضوء، ط: مكتبة الحقيقة) =

بیمار ہو جانے کے وہم پر تیمم کرنا

''وہم ہو تو تیمم کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۸۷)

بیماری کی وجہ سے وضو میں کلی نہ کرنا

''کلی وضو میں نہ کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۱۴۱)

بینائی میں اضافہ

مسواک بینائی کو تیز کرتا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسواک منہ کی صفائی اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا باعث ہے اور اس سے بینائی روشن ہو جاتی ہے۔[1]

حضرت شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ مسواک بینائی کو تیز کرتا ہے اور منہ کی صفائی کا باعث ہے۔[2]

= ☜ الفقه الإسلامي وأدلته: (۱/۳۳۹) الباب الأوّل : الطهارات، الفصل الرابع : الوضوء وما يتبعه، المطلب الثالث: شروط الوضوء ، ط: دار الفكر .

☜ شرط الوجوب العقل . (قوله : العقل) فلاتجب على مجنون ولا على كافر. (الدر مع الرد: (۱/۸٦) كتاب الطهارة، مطلب في اعتبارات المركب التامّ ، ط: سعيد)

(۱) وعن ابن عباس انّ رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم قال : السواک مطهرة للفم ، مرضاة للرب و مجلاة للبصر . (مجمع الزوائد : (۱/۲۲۰) رقم الحديث : ۱۱۱۵ ، كتاب الطهارة، باب في السواک ، ط: مكتبة القدس ، القاهرة)

☜ كنز العمال : (۹/۳۱۰) رقم الحديث : ۲٦۱۵۷ ، حرف الطاء ، كتاب الطهارة من قسم الأقوال ، الباب الثاني : الفصل الثاني : في آداب الوضوء ، السوک ، ط: مؤسسة الرسالة .

☜ المعجم الأوسط: (۷/۲۷۸) رقم الحديث : ۷۴۹٦ ، باب الميم ، من اسمه : محمد ، ط: دار الحرمين القاهرة.

(۲) عن الشعبي قال: السواک مطهرة للفم جلاء للعينين . (مصنف ابن ابي شيبة : (۱/۱۵٦) رقم الحديث : ۱۷۹٦ ، كتاب الطهارة ، ما ذكر في السواک ، ط: مكتبة الرشد ، الرياض)

بے نمازی سے وضو کے لئے پانی لینا

☆ بے نمازی سے پانی لے کر وضو کرنا درست ہے، اور وضو کرنے والوں کی نمازوں میں کچھ نقصان نہیں ہوگا، بے نمازی وضو کے لئے پانی دے تو اس سے وضو کرنا درست ہے۔ (۱)

بے وضو

بے وضو مرد اور عورت کے لئے قرآن کریم کی طرح تورات اور تمام آسمانی کتابوں کو ہاتھ لگانا ممنوع ہے۔ (۲)

بے وضو قرآن پڑھانا

"قرآن بے وضو پڑھانا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۰۶/۲)

---

(۱) (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودية والعيون والآبار والبحار) لقوله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله عليه السلام الماء طهور لا ينجسه شئ الا ما غير لونه او طعمه او ريحه وقوله عليه السلام في البحر هو الطهور ماؤه والحل ميته ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه. (الهداية مع فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الماء الذى يجوز به الوضوء وما لايجوز (۱/ ٦١-٦٠) ط: رشيدية)

(۲) البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲٦/۱) ط: سعيد.

(۳) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱/۱۷۹) ط: سعيد.

(۴) قوله: (ومسه) اى مس القرآن وكذا سائر الكتب السماوية. قال الشيخ اسماعيل: وفي المبتغى ولايجوز مس التوراة والإنجيل والزبور وكتب التفسير اهـ وبه علم انه لايجوز مس القرآن المنسوخ تلاوة وإن لم يسمّ قرآنا متعبدا بتلاوته خلافا لما بحثه الرملى فان التوراة ونحوها مما نسخ تلاوته وحكمه معا، فافهم. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/ ۱۷۳) ط: سعيد)

(۵) وايضا فيه: (۲۹۳/۱) كتاب الطهارة، باب الحيض، مطلب: لو افتى مفت بشئ من هذا الأقوال في مواضع الضرورة ..... الخ ط: سعيد)

(٦) حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۱۴۳) كتاب الطهارة، باب الحيض والنفاس والاستحاضة، ط: قديمى.

بے وضو قرآن پڑھنا

☆اگر کسی حافظ پر غسل فرض نہیں ہے، اور وہ وضو نہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید کو ہاتھ لگائے بغیر یاد سے پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے ثواب ملے گا۔

اور اگر کوئی حافظ یا غیر حافظ اس طرح یاد سے قرآن مجید تلاوت کر کے میت کو ثواب پہنچانا چاہے تو پہنچا سکتا ہے، میت کو ثواب ملے گا۔[۱]

بے وضو قرآن لکھنا

''وضو نہ ہونے کی حالت میں قرآن لکھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۸۰/۲)

بیوی کے علاوہ کوئی اور استنجاء کرائے

''استنجاء خود نہیں کر سکتا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۷۹/۱)

بے ہوش

بے ہوش کو ہوش میں آنے کے بعد غسل کرنا مستحب ہے۔[۲]

---

(۱) المحدث لا یمس المصحف...... ولا بأس بان یقرأ القرآن. (الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثانی بیان احکام المحدث (۱۴۷/۱) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة)

(۲) ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب الحیض (۲۹۳/۱) ط:سعید.

(۳) کبیری: (ص: ۶۰) فروع: ان اجنبت المرأة، ط: سهیل اکیڈمی لاهور.

(۴) ومن المندوب علی ما ذکره بعض المشایخ رحمهم الله ...... والمجنون اذا افاق. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الثانی، الفصل الثالث (۱۶/۱) ط: رشیدیة)

(۵) الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثالث نوع آخر من هذا الفصل فی المتفرقات، (۱۶۱/۱) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة.

(۶) رد المحتار، کتاب الطهارة (۱۷۰/۱) ط:سعید.

بے ہوشی

☆ اگر وضو کرنے کے بعد بے ہوشی طاری ہوگئی تو وضو ٹوٹ جائے گا، ہوش میں آنے کے بعد نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضو کرلازم ہوگا۔

☆ بے ہوشی خواہ تھوڑی دیر ہی رہی ہو، وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

(۱) ومنها الاغماء والجنون والغشی والسکر، الاغماء ینقض الوضوء قلیله وکثیره وکذا الجنون والغشی. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱/ ۱۲) ط رشیدیة)

ⁿ الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثانی، نوع آخر فی النوم والغشی والجنون (۱/ ۱۲۸) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة.

ⁿ ردالمحتار، کتاب الطهارة (۱/ ۱۴۴) ط: سعید.

﴿......پ......﴾

پاجامہ میں پیشاب نکل جائے

☆ اگر پاجامہ یا لنگی میں پیشاب نکل جائے اور پاجامہ تر ہو جائے، پھر پاجامہ کی وہ تری بدن کو لگ جائے، تو اگر وہ درہم کی مقدار سے زیادہ جگہ میں لگی ہے، تو بدن کا دھونا ضروری ہے، اگر بدن کو دھوئے بغیر دوسرے کپڑے بدل کر نماز پڑھی ہے تو وہ نماز نہیں ہوگی، اس نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہوگا۔

☆ اگر کپڑے میں ناپاکی کی مقدار ایک درہم کی مقدار سے زیادہ ہے، تو کپڑے کو دھو کر پاک کر کے نماز پڑھے ورنہ اس کپڑے کے ساتھ نماز پڑھنے سے نماز نہیں ہوگی۔ (۱)

پاخانہ برتن میں بھر کر پانی میں ڈالنا

''برتن میں پیشاب پاخانہ کر کے پانی میں ڈالنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

---

(۱) الفصل الثاني في الاعيان النجسة وهي نوعان الاول المغلظة وعفي منها قدر الدرهم— والصحيح ان يعتبر بالوزن في النجاسة المتجسدة وهو ان يكون وزنه قدر الدرهم الكبير المثقال وبالمساحة في غيرها وهو قدر عرض الكف. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع (۱/ ۴۵) ط:رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة،الفصل السابع،النوع الثاني، (۱/۲۹۷) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/۳۱۸–۳۱٦) ط:سعيد.

☆ تطهير النجاسة من بدن المصلي وثوبه والمكان الذي يصلي عليه واجب . (الفتاوى الهندية: (۱/ ۵۸) كتاب الصلاة ، الباب الثالث في شروط الصلاة ، ط: رشيديه)

☆ حلبي كبير : (ص: ۱۷۷) شروط الصلاة ، الشرط الثاني ، ط: سهيل اكيڈمی لاهور.

☆ الهداية : (۱/٦۸) كتاب الطهارات ، باب الأنجاس وتطهيرها ، ط: رحمانيه.

پاخانہ پیشاب قبر پر کرنا

''قبر پر پاخانہ پیشاب کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۰۱/۲)

پاخانہ پیشاب کرتے وقت تھوکنا

''تھوکنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۱۹/۱)

پاخانہ پیشاب کرتے وقت دعا کب پڑھے

''پیشاب پاخانہ کرتے وقت دعا کب پڑھے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

پاخانہ پیشاب کرتے وقت ناک صاف کرنا

''ناک صاف کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۶۸/۲)

پاخانہ ٹھہرے ہوئے پانی میں کرنا

''ٹھہرے ہوئے پانی میں پاخانہ پیشاب کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

پاخانہ قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرکے کرنا

''قبلہ کی طرف منہ کرکے پیشاب کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۰۵/۲)

پاخانہ کرتے وقت ان چیزوں سے بچے

''پیشاب کے وقت ان چیزوں سے بچنا چاہیے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

پاخانہ کرتے وقت بات کرنا

پاخانہ کرتے وقت بات کرنا مکروہ ہے۔[1]

---

[1] ولا یتکلم (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۵۰/۱) ط: رشیدیة)

[2] البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس (۲۴۳/۱) ط: سعید.

[3] ردالمحتار کتاب الطهارة، فصل فی الاستنجاء، (۳۴۵/۱) ط: سعید.

پاخانہ کرتے وقت بولنا

"رفع حاجت کے وقت بولنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳٦٨/١)

پاخانہ کرتے وقت کلمہ یا آیت پڑھنا

پاخانہ کرتے وقت زبان سے کلمہ یا کوئی آیت یا حدیث پڑھنی مکروہ ہے۔ [1]

پاخانہ کرتے وقت وضو کرنا

پاخانہ کرتے وقت وضو کرے تو وضو نہیں ہوگا۔ [2]

پاخانہ کرتے ہوئے ذکر کرنا

پاخانہ کرتے ہوئے ذکر کرنا منع ہے۔ [3]

پاخانہ کرتے ہوئے کچھ کھانا پینا

پاخانہ، پیشاب کرتے وقت کچھ کھانا پینا مکروہ ہے۔ [4]

---

(١) ولا يذكر الله. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (٢٤٣/١) ط: سعيد)

الفتاوى الهندية (كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (٥٠/١) ط: رشيديه)

ردالمحتار كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء (٣٤٥/١) ط: سعيد.

(٢) (ولا يجوز) أي لا يصح (له الشروع في الوضوء حتى يطمئن بزوال رشح البول) ، لأن ظهور الرشح برأس السبيل مثل تقاطره يمنع صحة الوضوء. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ٣٣) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فروع في الاستنجاء، ط: سعيد)

(٣) شامي: (٣٤٤/١) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، فروع في الاستنجاء، ط: سعيد.

الفقه الإسلامي وأدلته: (٢٩٨/١) الباب الأوّل: الطهارات، الفصل الثالث: الاستنجاء، حكم الاستنجاء، ط: دار الفكر.

(٤) ومن آدابه أن لا يأكل ولا يشرب في الخلاء. (شرح البخاري للسفيري: (٣٢٢/٢) المجلس الثاني والأربعون، ط: دار الفكر)

پاخانہ کی طرف دیکھنا

"پیشاب کی طرف دیکھنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۰۵/۱)

پاخانہ کے تقاضا کے وقت نماز نہ پڑھنے کی وجہ

"پیشاب، پاخانہ کے تقاضا کے وقت نماز نہ پڑھنے کی وجہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۹۵/۱)

پاخانہ کے لئے جانے کے وقت یہ دعا پڑھنا مستحب ہے

پاخانہ کو جانے کے وقت "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ" پڑھنا اس لئے مستحب ہے کہ اس جگہ شیاطین جمع رہتے ہیں، کیونکہ ان کو نجاست اچھی لگتی ہیں اور نکلتے وقت "غُفْرَانَکَ" کہے، کیونکہ پاخانہ میں اللہ کا ذکر ترک ہوجاتا ہے اور شیاطین سے اختلاط کا وقت ہوتا ہے اس لئے اس سے مغفرت طلب کرنا مناسب ہے۔[1]

---

(۱) عن عائشة قالت كان النبی صلی الله علیه وسلم اذا خرج من الخلاء قال: غفرانک. (سنن الترمذی، کتاب الطهارة، باب ما یقول اذا خرج من الخلاء (۷/۱) ط: قدیمی)

☆ سنن ابی داود، کتاب الطهارة، باب ما یقول اذا خرج من الخلاء، (۱۶/۱) ط: قدیمی

☆ مسند احمد، باقی مسند الانصار، حدیث السیدة عائشة رضی الله عنها برقم الحدیث: ۲۵۲۶۱، (۱۵۵/۶) ط: مؤسسة القرطبة، القاهرة

☆ فان قلت ما الحكمة فی قوله: غفرانک اذا خرج من الخلاء؟ قلت: قد ذكروا فیه اوجها واحسنها انه انما یستغفر من تركه ذكر الله تعالی مدة مكثه فی الخلاء ویقرب منه ما قیل انه لشكر النعمة التی انعم علیه بها اذ اطعمه وهضمه لحق علی من خرج سالما مما استعاذه منه ان یؤدی شكر النعمة فی اعاذته واجابة سؤاله وان یستغفر الله تعالی خوفا ان لا یؤدی شكر تلک النعم. (عمدة القاری، کتاب الوضوء، باب ما یقول عند الخلاء (۲۱۵/۲) ط: رشیدیة)

☆ تحفة الاحوذی، کتاب الطهارة، باب ما یقول عند الخلاء (۵۵/۱) ط: قدیمی

☆ مظاہر حق جدید، (۳۱۱/۱) ط: دار الاشاعت۔

☆ المصالح العقلیة: (ص: ۶۱) باب نواقض الوضوء والتیمم، ط: مكتبة البشری.

پاخانہ کے مقام پر انگلی ڈال لی

''مقعد میں انگلی ڈالی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۴۲/۲)

پاخانہ کے مقام سے کیڑا نکلنے کا حکم

''کیڑا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۸/۲)

پاخانہ مسجد میں کرنا

مسجد میں یا مسجد کی چھت پر پیشاب پاخانہ کرنا حرام ہے۔[1]

پاخانہ نہر اور تالاب کے کنارے پر کرنا

''نہر کے کنارے پر پاخانہ پیشاب کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۲/۲)

پاکی میں وسوسہ کو ختم کرنے کی ترکیب

اگر کوئی شخص یقینی طور پر کسی ناپاک چیز کو دھوتا ہے، مگر ایک شک ختم نہیں ہوتا کہ دوسرا شروع ہو جاتا ہے، اس وجہ سے ہر وقت ذہن پریشان رہتا ہے تو اس شک کو ختم کرنے کا علاج یہ ہے کہ ناپاک چیز کو تین بار دھولیا جائے، اگر نچوڑنے والی چیز ہو تو ہر بار نچوڑا بھی جائے، اس کے بعد یہ سمجھے کہ پاک ہو گئی۔

اس کے بعد اگر شک ہوا کرے تو اس کی کوئی پرواہ نہ کرے بلکہ شیطان کو یہ کہہ کر دھتکار دے کہ ''او مردود! جب اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پاک کہ

(۱) قال رسول الله ﷺ: ... ان هذه المساجد لا تصلح لشيء من هذا البول ولا القذر انما هي لذكر الله والصلاة وقراءة القرآن. (الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب وجوب غسل البول الخ، (۱/ ۱۳۸) ط: قديمي)

: وكذا يكره... و بجنب مسجد ومصلى عيد. (الدر المختار، كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، (۱/ ۳۴۳) ط: سعيد)

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۱) ط: رشيدية

رہے ہیں تو میں تیری شک اندازی کی پرواہ کیوں کروں''؟[1]

اگر اس تدبیر پر عمل کرلیا جائے تو ان شاء اللہ شک اور وہم کی بیماری سے نجات مل جائے گی۔

پاکی ناپاکی کا قاعدہ

'قاعدہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۸/۲)

پاگل

''مجنون''(۱۸۹/۲) اور''جنون''عنوانات کے تحت دیکھیں۔(۲۸٤/۱)

پانی

بارش کے پانی، ندی، نالے، چشمے، کنویں، تالاب اور دریاؤں کے پانی سے وضو اور غسل کرنا درست ہے، چاہے میٹھا پانی ہو یا کھاری نمکین پانی سب سے وضو اور غسل کرنا درست ہے۔[2]

---

(۱) عن ابی کعب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: ان للوضوء شیطانا یقال لہ الولہان فاتقوا وسواس الماء. (سنن الترمذی، کتاب الطهارة، باب کراهیة الاسراف فی الوضوء (۱۹/۱) ط: قدیمی)

☆ ویستعمل الماء إلى أن یقع في غالب ظنه أنه قد طهر ولا یقدر بالمرات إلّا إذا كان موسوسًا فيقدر بالثلث في حقه. (الهداية: (۷۹/۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، ط: المصباح)

☆ تبیین الحقائق: (۷۸/۱) کتاب الطهارة، في آخر باب الأنجاس، ط: امدادیہ ملتان.

(۲) (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودية والعيون والآبار والبحار) لقوله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا ولقوله عليه السلام الماء طهور لا ينجسه شيء الا ما غير لونه او طعمه او ريحه ولقوله عليه السلام في البحر هو الطهور ماؤه والحل ميتته، ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه. (الهداية مع فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لا يجوز (۱/ ۲۱-۲۰) ط: رشیدیہ)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۶۶/۱) ط: سعید.

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱۷۹/۱) ط: سعید.

☆ جو پانی آنکھ، ناک اور کان وغیرہ سے درد کے ساتھ نکلے وہ وضو کو توڑ دیتا ہے۔

☆ نزلہ زکام کی وجہ سے جو پانی ناک سے بہتا ہے وہ ناپاک نہیں ہے، اس سے وضو نہیں ٹوٹتا کیونکہ وہ کسی زخم سے خارج نہیں ہوتا، اور کسی زخم کے اوپر سے گزر کر نہیں آتا۔

''آشوب چشم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٦٤/١)

پانی آہستہ آہستہ آتا ہے

اگر پانی آہستہ آہستہ آرہا ہے تو بہت جلدی جلدی وضو نہ کرے تاکہ جو پانی استعمال ہوکر گر رہا ہے وہی ہاتھ میں دوبارہ نہ آجائے۔[1]

پانی آہستہ سے مارے چہرہ پر

''چہرہ پر پانی آہستہ سے مارے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٢٩٥/١)

پانی اور مٹی دونوں کے استعمال پر قادر نہیں

اگر کوئی شخص پانی یا مٹی نہ ہونے کی وجہ سے یا کسی بیماری کی وجہ سے پانی اور مٹی کے استعمال پر قادر نہیں تو وہ وضو اور تیمم کے بغیر نماز پڑھ لے، پھر جب پانی یا مٹی

---

(١) الماء الذی جریه ضعیف لاتستبین فیه الحرکة قال بعضهم ان کان بحال لو القی فیه تبنة لاتذهب من ساعتها لایجوز فیه التوضؤ الا ان یمکث بین کل غرفتین مقدار مایغلب علی ظنه ذهاب ما وقع فیه من الماء المستعمل. (فتاوی قاضی خان علی هامش الهندیة، کتاب الطهارة (١/ ٣) ط: رشیدیة)

(٢) الفتاوی الهندیة، کتاب لطهارة، الباب الاول، الفصل الاول، (١/ ١٧) ط: رشیدیة.

(٣) فتح القدیر، کتاب الطهارة، باب الماء الذی یجوز به الوضوء ومالایجوز، (١/ ٧١) ط: رشیدیة.

کے استعمال پر قادر ہو جائے تو وضو یا تیمم کر کے اس نماز کو دوبارہ لوٹا لے۔ [1]

پانی اور مٹی نہ ملے تو

جس شخص کو وضو اور غسل کے لئے پانی نہ ملے، اور تیمم کے لئے مٹی وغیرہ بھی نہ ملے اس کو فقہ میں "فاقد الطهورين" کہتے ہیں، یعنی ایسا شخص جس کو پاک کرنے والے پانی اور مٹی میں سے کوئی چیز بھی نہ ملے، تو اس پر وضو اور تیمم کے بغیر رکوع اور سجدہ کر کے نماز ادا کرنا لازم ہے، پھر جب پانی پر قادر ہو تو وضو کر کے اور اگر پانی پر قادر نہ ہو مٹی پر قادر ہو تو تیمم کر کے اس نماز کو دوبارہ ادا کرے۔

مثلاً کسی کو اس طرح باندھ دیا گیا ہے کہ ہاتھ ہلا نہیں سکتا، یا ایسا مریض ہے کہ ہل نہیں سکتا اور کوئی وضو یا تیمم کرانے والا بھی موجود نہیں ہے، یا اس قسم کی کوئی اور مجبوری ہو مثلاً ہوائی جہاز میں ہے، وضو کے لئے پانی نہیں، تیمم کرنے کے لئے مٹی نہیں تو اس قسم کی تمام صورتوں میں جب پانی اور مٹی وغیرہ کی امید نہ رہے تو وضو اور تیمم کے بغیر نماز پڑھے، اگر رکوع سجدے پر قادر ہے تو رکوع سجدے کر کے ورنہ بیٹھ کر اشارہ سے فرض نماز ادا کرے لیکن اس میں قرأت وغیرہ کچھ نہ پڑھے اور پھر جب پانی اور تیمم کرنے کی چیزیں مل جائیں تو وضو یا تیمم کر کے اس نماز کو دوبارہ ادا کرے۔ [2]

---

(۱) ((والمحصور فاقد)) الماء والتراب (الطهورين) بان حبس في مكان نجس ولا يمكنه اخراج تراب مطهر وكذا العاجز عنهما لمرض (يؤخرها عنده، وقالا يتشبه) بالمصلين وجوبا فيركع ويسجد ان وجد مكانا يابسا والا يؤمي قائما لم يعيد كالصوم (به يفتي واليه صح رجوعه) اي الامام كما في الفيض. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/۲۵۲-۲۵۳) ط: سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۶۳) ط: سعيد.

فتح القدير، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۲۵) ط: رشيدية.

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱، على الصفحة: ؟؟؟؟، ((والمحصور فاقد))

پانی بہنے کی جگہ پر پاخانہ پیشاب کرنا

جہاں سے پانی بہہ کر آتا ہو وہاں پر پاخانہ پیشاب کرنا حرام ہے۔ (۱)

پانی پونچھنا

وضو کرنے کے بعد وضو کے اعضاء کو تکبر اور بڑائی کے اظہار کے لئے کپڑے وغیرہ سے پونچھنا مکروہ ہے، اور اگر تکبر کے ارادہ سے نہیں تو مکروہ نہیں ہے۔ (۲)

پانی جنگل میں ملا

''جنگل میں تھوڑا پانی ملا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۸۳/۱)

پانی جھاڑنا

''جھاڑنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۸۷/۱)

پانی دینے والا غیر مسلم ہے

''غیر مسلم پانی دینے والا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۸۹/۲)

---

(۱) یکرہ علی طرف نهر او بئر او حوض او عین. (البحر الرائق، کتاب الطهارة باب الانجاس (۱/ ۲۴۳) ط: سعید)

الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/ ۵۰) ط: رشیدیة.

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، فصل فی الاستنجاء، (۱/ ۳۴۳) ط: سعید.

(۲) ومن الآداب ...... التمسح بمندیل ...... (قوله: والتمسح بمندیل) ...... ففی الخانیة: ولا بأس به للمتوضی والمغتسل. (الدر مع الرد: (کتاب الطهارة، مطلب فی التمسح بمندیل، ط: سعید)

الخانیة علی هامش الفتاوی الهندیة: (۱/ ۱۵) کتاب الطهارة، فصل فی الماء المستعمل، ط: رشیدیه.

حلبی کبیر: (ص: ۵۲) سنن الوضوء، ط: سهیل اکیڈمی لاهور.

مظاہر حق جدید، کتاب الطہارۃ ۱/ ۳۳۰ ط: دار الاشاعت۔

انظر الحاشیة الآتیة، رقم: ؟؟، علی الصفحة: ؟؟؟؟، (عن عائشة قالت:)

پانی زیادہ بہانا وضو میں

''وضو میں زائد پانی بہانا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۷۷/۲)

پانی سپید نکلے

''سپید پانی نکلے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۱۴/۱)

پانی سے استنجاء کرنا

اگر قطرہ آنے کا مرض نہیں ہے تو صرف پانی سے دھونے سے کامل پاکی حاصل ہو جاتی ہے، اور اگر قطرہ آنے کا مرض ہے تو پہلے ڈھیلے یا ٹشو وغیرہ سے صفائی کرنی چاہئے یا کوئی اور تدبیر کرنی چاہئے جس سے قطرہ آنے کا احتمال باقی نہ رہے پھر اس کے بعد پانی سے دھولینا چاہئے۔[1]

پانی سے استنجاء کرنے کی دو شرطیں ہیں

پانی سے استنجاء (پاکی حاصل ہونے) کی دو شرطیں ہیں۔

① پہلی شرط یہ ہے کہ پانی پاک کرنے والا ہو۔

② دوسری شرط یہ ہے کہ وہ پانی نجاست کو دھو کر صاف کرنے کے لئے کافی ہو۔

اگر پانی تھوڑا ہے نجاست کو اس کی جگہ سے زائل کرنے کے لئے کافی نہیں

---

(۱) ((وغسله بالماء أحب) أي غسل موضع الاستنجاء بالماء افضل، لأنه يقطع النجاسة، والحجر يخففها فكان اولى، والافضل ان يجمع بينهما، لقوله تعالى: ﴿فيه رجالٌ يحبّون ان يتطهّروا والله يحبّ المطّهّرين﴾. (تبيين الحقائق: (۷۷/۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: امداديه ملتان)

(۲) مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۳۵) كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، ط: قديمى.

(۳) الهداية: (۷۹/۱) كتاب الطهارات، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، ط: المصباح.

(۴) امداد الاحكام، كتاب الطهارة، فصل في النجاسة واحكام التطهير، (۴۰۰/۱) ط: مكتبه دار العلوم، كراچى.

ہے تو ایسی صورت میں وہ پانی استعمال نہ کیا جائے بلکہ ڈھیلہ یا ٹشو وغیرہ سے استنجا کرلیا جائے، کیونکہ اگر نجاست، نکلنے کی جگہ سے اوپر نیچے پھیلی نہیں تو پانی موجود ہونے کے باوجود ڈھیلہ یا ٹشو وغیرہ سے صفائی کرلینا کافی ہے تاہم ڈھیلہ استعمال کرنے کے بعد پانی استعمال کرنا سب سے بہتر ہے۔ (۱)

پانی سے گزر ہو تو تیمم ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

''تیمم جن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۲۹/۱)

پانی کا چھینٹا

وضو کرنے کی حالت میں یا وضو کرنے کے بعد اگر وضو کے مستعمل پانی کی چھینٹیں وغیرہ جسم یا کپڑے وغیرہ پر گرجائیں تو اس پانی سے جسم یا کپڑا ناپاک نہیں ہوگا۔ (۲)

---

(۱) فالماء الذي يصح به الاستنجاء، فإنه يشترط له شرطان: أحدهما: أن يكون طهورًا فلا يصح الاستنجاء بالماء الطاهر فقط كما لا تصح إزالة النجاسة به (الحنفية قالوا: إن الاستنجاء بالماء الطهور لا يجب بل يكفي الاستنجاء بالماء الطاهر وقد عرفت الفرق بين الماء الطاهر و الماء الطهور بما ذكرنا لك مفصلاً في "مباحث المياه"۔ ثانيهما: أن يكون الماء مزيلاً للنجاسة فإذا كان معه ماء قليل لا يزيل النجاسة عن المحل بحيث يعود كما كان قبل النجاسة فإنه لا يستعمل الماء في الماء في هذه الحالة. (الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/۱۰۲، ۱۰۳) كتاب الطهارة، مباحث الاستنجاء، شروط صحة الاستنجاء والاستجمار بالماء والأحجار ونحوها، ط: المكتبة العلمية)

⇐ تبيين الحقائق: (۱/۷۷) كتاب الطهرة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، ط: امدادیہ ملتان

⇐ الهداية: (۱/۷۹) كتاب الطهارات، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، ط: المصباح.

(۲) اتفق أصحابنا رحمهم الله أن الماء المستعمل ليس بطهور حتى لا يجوز التوضؤ به واختلفوا في طهارته قال محمد رحمه الله هو طاهر وهو رواية عن أبي حنيفة رحمه الله وعليه الفتوى، كذا في المحيط. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۱/۲۲) ط: رشيدية)

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع، نوع آخر في بيان المياه التي لا يجوز الوضوء بها، (۱/۲۱۲) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

⇐ البحر الرائق: (۱/۹۳) كتاب الطهارة، ط: سعيد.

پانی کتنا ملنے سے تیمم ٹوٹتا ہے

"تیمم کتنا پانی ملنے سے ٹوٹتا ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۴۳/۱)

پانی کم ہے

اگر کسی کے پاس صرف وضو کے قابل پانی ہے، اور اس پر غسل بھی واجب ہے، اور جسم بھی ناپاک ہے، تو وہ ناپاک جسم کو دھولے، پھر غسل اور وضو کے لئے تیمم کرے۔ (۱)

پانی کو تولیہ وغیرہ سے خشک کرنا

وضو اور غسل کرنے کے بعد رومال اور تولیہ وغیرہ سے بدن خشک کرنا جائز ہے، اس سے ثواب میں کمی نہیں ہوگی، البتہ خشک کرنے میں زیادہ مبالغہ نہ کرنا بہتر ہے، بلکہ اس طرح خشک کرے کہ پانی کا کچھ اثر باقی رہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کپڑا تھا جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کے بعد اعضاء خشک فرماتے تھے۔ (۲)

---

(۱) ان الرجل اذا كان بثوبه او بجسده نجاسة اكثر من قدر الدرهم واحدث ولم يجد ماء وتيمم لم وجد ماء يكفي لاحدهما فانه يصرف الى غسل النجاسة ثم يعيد تيممه للحدث. (الفتاوى التاتارخانية، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يبطل به التيمم، (۲۵۶/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية)

☆ مسافر محدث نجس الثوب معه ماء يكفي لاحدهما يغسل به النجاسة ويتيمم للحدث. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۲۹/۱) ط: رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۵۶/۱) ط: سعيد.

(۲) عن عائشة قالت: كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم خرقة ينشف بها بعد الوضوء. (سنن الترمذي، كتاب الطهارة، باب المنديل بعد الوضوء، (۱۸/۱) ط: قديمي)

☆ المستدرك على الصحيحين، كتاب الطهارة، (۲۵۶/۱)، رقم الحديث: ۵۵۰ ط: دار الكتب العلمية بيروت) =

پانی کے استعمال پر قدرت نہ ہونے کی صورتیں

''تیمم کی اجازت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۴۷/۱)

پانی کے استعمال سے معذور ہونے کی صورتیں

پانی کے استعمال سے معذور ہونے کی صورتیں یہ ہیں:

① پانی ایک میل (ایک کلومیٹر اور چھ سودس میٹر) یا ایک میل سے زیادہ فاصلہ پر ہو اور جو پانی موجود ہے وہ وضو یا غسل کے لئے کافی نہ ہو۔[1]

= ☆ مصنف عبدالرزاق، کتاب الطهارة، باب المسح بالمنديل رقم الحديث: ٧١٣ (١٨٣/١)
ط: المكتب الاسلامي، بيروت)

ومن الآداب ...... والتمسح بمنديل.

وفي الرد: مطلب التمسح بمنديل: (قوله: والتمسح بمنديل) ذكره صاحب المنية في الغسل وقال في الحلية ولم ار من ذكره غيره وانما وقع الخلاف في الكراهة ففي الخانية ولا باس به للمتوضي والمغتسل. روى عن رسول الله انه كان يفعله ومنهم من كره ذلك ومنهم من كرهه للمتوضي دون المغتسل، والصحيح ما قلنا الا انه ينبغي ان لا يبالغ ولا يستقصي فيبقي اثر الوضوء على اعضائه اهـ (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (١٣١/١) ط: سعيد)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول، (١٢٥/١) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الرابع، (٩/١) ط: رشيدية.

(١) وهذا شروع في بيان شرائطه فمنها ان لا يكون واجدا للماء قدر ما يكفي لطهارته في الصلاة التي تفوت الى خلف وما هو من اجزائها. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (١٣٩/١) ط: سعيد)

☆ فتح القدير، كتاب الطهارة، باب التيمم، (١٠٦/١) ط: رشيدية.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (٢٧/١) ط: رشيدية

☆ ومن لم يجد الماء وهو مسافر او خارج المصر بينه و بين المصر ميل او اكثر تيمم بالصعيد. (الهداية: (٢٩/١) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: المصباح)

☆ مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ١١٣) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي.

② پانی موجود ہے مگر کسی کی امانت یا کسی کا غصب کیا ہوا ہے۔ (۱)

③ پانی کی قیمت معمول سے زیادہ مہنگی ہو۔

④ پانی خریدنے کے لئے پیسے نہ ہوں، خواہ پانی ادھار ملے یا نہ ملے، اور ادھار لینے کی صورت میں رقم ادا کرنے کی قدرت ہو یا نہ ہو بہر صورت معذور ہوگا۔

ہاں اگر اس کے ملک میں کسی اور جگہ مال ہے، اور ایک متعین مدت کے بعد پر ادھار ملے تو پانی ادھار خرید کر وضو یا غسل کر لینا چاہئے۔ (۲)

---

(۱) كمن توضأ بماء مغصوب فإنّه يسقط به الفرض وإن أثم. (شامي: (۱/ ۳۴۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، مطلب: إذا دخل المستنجي في ماء قليل، ط: سعيد)

☆ تنبيه: لو وجد ماء للغير أو ماء مسبلا للشرب خاصة هل يعد فاقدا للماء، لأن الفقد الشرعي كالفقد الحسي وقاله الشافعية أو لا؟ لم أر فيه نصًا والظاهر أنّه فاقد للماء ويتيمم..... وسئل سحنون عمن حمل على دابة وديعة عنده تعديًا هل يتوضأ به؟ قال: لا ويتيمم وإن توضأ به لم يعد وبئس ما صنع. (مواهب الجليل في شرح مختصر الخليل: (۱/ ۳۳۳) كتاب الطهارة، فصل في التيمم، ط: دار الفكر)

☆ قال أصحابنا: ولو كان مع المحتاج إلى ماء الطهارة ماء مغصوب أو مرهون أو وديعة تيمم وصلى ولا إعادة عليه ويحرم عليه أن يتوضأ به. وهذا وإن كان ظاهرًا فذكرته، لأنّ بعض النّاس قد يتساهل فيه فإن خالف وتوضأ به صح وإن كان عاصيا وأجزأته صلاته والله أعلم. (المجموع شرح المهذب: (۲/ ۲۵۷) كتاب الطهارة، باب صفة الغسل، فصل في الاغتسال المسنونة، ط: دار الفكر)

☆ لايجوز التصرف في مال غيره بلاإذنه وولايته. (الدر المختار مع رد المحتار: (۶/ ۲۰۰) كتاب الغصب، مطلب: فيما يجوز التصرف بمال الغير بدون إذن صريح، ط: سعيد)

☆ وأما من وجد الماء، وعجز عن استعماله لسبب من الأسباب الشرعية، فإنه كفاقد الماء يتيمم لكل ما يتوقف على الطهارة. (الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/ ۹۱) كتاب الطهارة، مباحث التيمم، الأسباب التي تجعل التيمم مشروعًا، ط: دار الغد الجديد)

(۲) (قوله: وإن لم يعطه الا بثمن مثله وله ثمنه لا يتيمم والا يتيمم) هذه المسئلة على ثلاثة اوجه اما ان اعطاه بمثل قيمته فى اقرب موضع من المواضع الذى يعز فيه الماء او بالغبن اليسير او بالغبن الفاحش ففى الوجه الاول والثانى لايجزئه التيمم لتحقق القدرة فان القدرة على البدل قدرة على الماء كالقدرة على ثمن الرقبة فى الكفارة تمنع الصوم وفى الوجه الثالث يجوز له التيمم لوجود الضرر فان حرمة مال المسلم كحرمة نفسه والضرر فى النفس مسقط فكذا فى المال. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۶۲) ط: سعيد) =

⑤ پانی کے استعمال سے بیمار ہونے یا بیماری میں اضافہ ہونے کا خوف ہو یعنی پانی استعمال کرنے کی صورت میں تندرست ہونے میں دیر لگے گی۔ (۱)

⑥ سردی اس قدر زیادہ ہو کہ پانی استعمال کرنے سے کوئی عضو ضائع ہونے یا بیماری پیدا ہونے کا خوف ہو، اور گرم پانی کا کوئی انتظام نہ ہو۔ (۲)

⑦ کسی دشمن یا درندہ کا خوف ہو، مثلاً پانی ایسے مقام پر ہو جہاں پر درندے وغیرہ آتے ہوں، یا راستہ میں چور ڈاکو کا خوف ہو یا اس پر کسی کا قرض ہو، یا کسی سے عداوت ہو اور یہ خیال ہو کہ اگر پانی لینے جائے گا تو وہ قرض خواہ یا وہ دشمن اس کو قید کر لے گا، یا کسی قسم کی تکلیف دے گا، یا کسی فاسق کے پاس پانی ہو، اور عورت کو اس

= ⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول ، (۱/ ۲۹-۲۸) ط: رشيدية.

⇦ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان شرائطه ، (۱/ ۲۳۳) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

⇦ وإن لم يعطه إلاّ بثمن مثله لزمه شراؤه به ...... إن كان الثمن معه وكان فاضلاً عن نفقته وأجرة حمله فهذه شروط ثلاثة للزوم الشراء ، فلايلزم الشراء لو طلب الغبن الفاحش ، أو طلب ثمن المثل وليس معه فلايستدين الماء أو احتاجه لنفقته. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۱۲۳، ۱۲۵) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي)

(۱) ولو كان يجد الماء الا انه مريض يخاف ان استعمل الماء اشتد مرضه او ابطأ برؤه يتيمم. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول ، (۱/ ۲۸) ط: رشيدية)

⇦ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز ، (۱/ ۲۳۳) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

⇦ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱/ ۲۳۲-۲۳۳) ط: سعيد.

(۲) ويجوز التيمم اذا خاف الجنب اذا اغتسل بالماء ان يقتله البرد او يمرضه هذا اذا كان خارج المصر اجماعا فان كان في المصر فكذا عند ابي حنيفة خلافا لهما والخلاف فيما اذا لم يجد ما يدخل به الحمام فان وجد لم يجز اجماعا وفيما اذا لم يقدر على تسخين الماء فان قدر لم يجز، هكذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۸) ط: رشيدية)

⇦ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز ، (۱/ ۲۳۳) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

⇦ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱/ ۲۳۳) ط: سعيد.

سے پانی لینے میں اپنی بے حرمتی کا خوف ہو۔ (۱)

⑧ پانی کھانے پینے کی ضرورت کے لئے رکھا ہو، وضو یا غسل میں خرچ کر دینے کی صورت میں کھانے پینے میں حرج ہوگا، مثلاً پانی آٹا گوندھنے یا گوشت وغیرہ پکانے کے لئے رکھا ہو، یا پانی اس قدر ہو کہ وضو یا غسل میں استعمال کر لینے کے صورت میں پیاس کا خوف ہو، خواہ اپنی پیاس کا یا کسی اور آدمی کی پیاس کا یا اپنے جانور کی پیاس کا، بشرطیکہ کوئی ایسی تدبیر نہ ہو سکے جس سے استعمال کیا ہوا پانی جانوروں کے کام آسکے۔ (۲)

⑨ کنویں سے پانی نکالنے کی کوئی چیز نہ ہو، اور کوئی کپڑا بھی نہ ہو جس کو کنویں میں ڈال کر تر کر کے نچوڑ کر پانی حاصل کر سکے، یا پانی مٹکے یا برتن وغیرہ میں ہو، اور پانی نکالنے کے لئے کوئی چیز نہ ہو، اور مٹکا اور پانی کے برتن کو جھکا کر پانی لینے کی کوئی صورت نہ ہو، اور ہاتھ بھی ناپاک ہوں اور دوسرا کوئی آدمی بھی ایسا نہ ہو جو پانی

---

(۱) ویتیمم لخوف سبع او عدو سواء کان خائفا علی نفسه او علی ماله، هکذا فی العنایة او لخوف حیة او نار، هکذا فی التبیین. وکذا لو کان عند الماء لص او ظالم یؤذیه یتیمم، کذا فی القنیة. وفی المنتقی یتیمم لخوف ضیاع الودیعة او قصد غریم لا وفاء بدینه، کذا فی الزاهدی والکفایة. وکذا اذا خافت المرأة علی نفسها بان کان الماء عند فاسق، کذا فی البحر الرائق والنهر الفائق. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/۲۸-۲۷) ط: رشیدیة)

☆ الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر فی بیان شرائطه، (۱/ ۲۳۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة.

☆ رد المحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۲۳۴-۲۳۳) ط: سعید.

(۲) وکذا اذا خاف العطش علی نفسه او رفیقه المخالط له او آخر من القافلة او دابته او کلابه لماشیته او صیده فی الحال او ثانی الحال وکذا اذا کان محتاجا الیه للعجن دون اتخاذ المرقة. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/۲۸) ط: رشیدیة)

☆ الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر فی بیان من یجوز له التیمم ومن لا یجوز، (۱/۲۳۲) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة.

☆ رد المحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۲۳۵) ط: سعید.

نکال کر دیدے یا اس کے ہاتھ دھلا دے۔ (۱)

⑩ وضو یا غسل کرنے میں ایسی نماز کے چلے جانے کا خوف ہو جس کی قضا نہیں ہے جیسے عیدین اور جنازہ کی نماز۔ (۲)

⑪ پانی کا بھول جانا مثلاً کسی کے پاس پانی ہو، اور وہ اس کو بھول گیا ہو، اور اس کے خیال میں ہو کہ میرے پاس پانی نہیں ہے۔ (۳)

---

(۱) قوله: ولو لم يمكنه الاغتراف... الخ) في البحر والنهر عن المضمرات: لو بداه نجستان لم يمر بالاغتراف والصب، فإن لم يجد أدخل منديلا فيغسل بما تقاطر منه، فإن لم يجد رفع الماء بفيه، فإن لم يقدر تيمم وصلى ولا إعادة عليه اهـ. (شامي: (۱/ ۱۱۲) كتاب الطهارة، سنن الوضوء، ط: سعيد)

☆ حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ٦٥) كتاب الطهارة، فصل في سنن الوضوء، ط: قديمي

☆ المسافر اذا انتهى الى بئر وليس معه دلو كان له ان يتيمم وكذا اذا كان معه دلو وليس معه رشاء فالوا هذا اذا لم يكن معه منديل فان كان معه منديل لا يتيمم. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۸) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان شرائطه (۱/ ۲۳۵) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۳۶) ط: سعيد.

(۲) والاصل ان كل موضع يفوت فيه الاداء لا الى خلف فانه يجوز له التيمم وما يفوت الى خلف لا يجوز له التيمم كالجمعة، كذا في الجوهرة النيرة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/ ۲۹) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يتيمم عنه، (۱/ ۲۴۷) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۴۲-۲۴۱) ط: سعيد

(۳) تيمم وفي رحله ماء لا يعلم به او نسيه فصلى اجزأه عندهما خلافا لابي يوسف رحمه الله تعالى، كذا في محيط السرخسي. والخلاف فيما اذا وضعه بنفسه او وضعه غيره بامره او بغير امره بعلمه وان كان بغير علمه لا يعيد اتفاقا، كذا في التبيين. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/ ۳۱) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان شرائطه، (۱/ ۲۳۶) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۵۰) ط: سعيد.

پانی کے ساتھ استنجاء کرنا

پانی کے ساتھ استنجاء کرنا مسنون ہے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرتے تھے البتہ ڈھیلے وغیرہ سے بھی استنجاء کرنا درست ہے۔ (۱)

پانی کے ضرر کا اعتبار کب ہوگا

''ضرر کا اعتبار کب ہوگا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٦٤/٢)

پانی گرم کرنا

وضو کرنے کے لئے پانی گرم کرنا جائز ہے۔

جلیل القدر صحابی حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے متعلق مروی ہے کہ ان کے لئے وضو کرنے کے لئے پانی گرم کیا جاتا تھا۔ (۲)

زید بن اسلم نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس

---

(۱) الاستنجاء بالماء سنة مؤكدة في كل زمان لافادته المواظبة. (فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الانجاس وتطهيرها، (١٨٩/١) ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (١٦٨/١) ط: سعيد.

☆ يجوز الاستنجاء بنحو حجر منق كالمدر والتراب والعود والخرقة والجلد وما أشبهها. (الفتاوى الهندية: (٣٨/١) كتاب الطهارة، الباب السابع في النجاسة، الفصل الثالث في الاستنجاء، ط: رشيديه)

(۲) عن سلمة - يعني ابن الأكوع - أنه كا يسخن له الماء ليتوضأ. رواه الطبراني. (مجمع الزوائد: (٢١٣/١) رقم الحديث: (١٠٧٣، كتاب الطهارة، باب الوضوء بالماء المسخن، ط: المكتبة القدس، القاهرة)

☆ المعجم الكبير للطبراني: (٥/٧) رقم الحديث: ٦٢١٩، من اسمه: سلمة، ط: مكتبه ابن تيميه.

☆ مصنف ابن ابي شيبة: (٣١/١) رقم الحديث: ٢٦١، كتاب الطهارة، باب الوضوء في الماء الساخن، ط: مكتبة الرشد، الرياض.

ایک پیتل کا برتن تھا جس میں پانی گرم کیا جاتا تھا۔[1]

پانی مٹی دونوں نہ ملیں

"فاقد الطہورین" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۱/۲)

پانی مل گیا تیمم کے بعد

"تیمم کے بعد پانی مل گیا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۵۱/۱)

پانی میں دودھ مل گیا

"دودھ پانی میں مل گیا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۴۶/۱)

پانی میں کوئی اور چیز مل گئی

جس پانی میں کوئی اور چیز مل گئی ہو، یا پانی میں کوئی چیز پکائی گئی ہو، جس کے بعد پانی ایسا ہو گیا کہ اب بول چال میں اس کو پانی نہیں کہتے بلکہ اس کا نام کچھ اور ہو گیا ہے، تو اس سے وضو اور غسل درست نہیں جیسے شربت، شیرہ، شوربا، سالن، سرکہ، عرق گلاب وغیرہ، ان سے وضو درست نہیں ہے۔[2]

(۱) عن زید بن اسلم عن اسلم مولی عمر ان عمر بن الخطاب : كان يسخن له ماء في قمقم ويغتسل به. (سنن الدار قطني: (۵۰/۱) رقم الحديث: ۸۵، كتاب الطهارة، باب الماء المسخن، ط: مؤسسة الرسالة، بيروت)

☆ اتحاف السادة المتقين بشرح إحياء علوم الدين : (۳۷۲/۲) كتاب أسرار الطهارة، باب آداب قضاء الحاجة ، كيفية الوضوء ، ط: مؤسسة التاريخ العربي ، بيروت.

☆ مصنف ابن ابي شيبة : (۳۱/۱) رقم الحديث : ۲۶۱ ، كتاب الطهارة ، باب الوضوء بالماء الساخن ، ط: مكتبة الرشد ، الرياض.

(۲) (ولا) يجوز (بماء غلب عليه غيره فأخرجه عن طبع الماء كالاشربة والخل وماء الباقلاء والمرق وماء الورد وماء الزردج) لانه لا يسمى ماء مطلقا والمراد بماء الباقلاء وغيره ما تغير بالطبخ فان تغير بدون الطبخ يجوز التوضي به. (فتح القدير مع الهداية، كتاب الطهارة، (۶۲/۱) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني ، (۲۱/۱) ط: رشيدية.

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۶۸/۱) ط: سعيد.

پانی میں کوئی پاک چیز پڑی ہے

جس پانی میں کوئی پاک چیز پڑی اور پانی کے رنگ یا مزہ یا بو میں سے کسی ایک میں کچھ فرق آگیا، لیکن وہ چیز پانی میں پکائی نہیں گئی، اور پانی کے پتلے اور سیال ہونے میں کچھ فرق نہیں آیا، جیسے کہ بہتے ہوئے پانی میں کچھ ریت ملی ہوتی ہے، یا درخت کے پتے گر گئے، یا پانی میں زعفران مل گیا، اور اس کا بہت ہی ہلکا سا رنگ آگیا، یا صابن مل گیا، یا اسی طرح کوئی چیز پانی میں مل گئی، تو ان سب صورتوں میں وضو اور غسل درست ہے۔[1]

پانی میں کوئی چیز پکائی گئی ہے

''پانی میں کوئی اور چیز مل گئی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (١٦٤/١)

پانی میں کوئی چیز ڈال کر پکائی گئی

''پکائی گئی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (١٧٩/١)

پانی میں نجاست پڑ جائے

☆ اگر حوض کے چاروں طرف چالیس ہاتھ سے کم ہے، اور اس میں نجاست گر جائے تو وہ پانی ناپاک ہو جائے گا، اس سے وضو، غسل کچھ بھی درست نہیں، چاہے گری ہوئی نجاست کی مقدار کم ہو یا زیادہ دونوں صورتوں میں پانی ناپاک

(١) ولا يجوز الطهارة بماء خالطه شيء طاهر فغير احد اوصافه كماء المد والماء الذي اختلط به اللبن او الزعفران او الصابون او الاشنان ...... فان تغير بالطبخ بعد ما خلط به غيره لا يجوز التوضي به ..... الا اذا طبخ فيه ما يقصد به المبالغة في النظافة كالاشنان ونحوه. (فتح القدير مع الهداية، كتاب الطهارة، (٦٤/١-٦٢) ط: رشيدية)

ﷺ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (٢١/١) ط: رشيدية.

ﷺ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (٦٨/١) ط: سعيد.

ہو جائے گا۔ (۱)

☆ اگر حوض کے چاروں طرف چالیس ہاتھ یا اس سے زیادہ ہے، یا بہتا ہوا پانی ہے تو وہ نجاست گرنے سے اس وقت تک ناپاک نہیں ہوتا جب تک کہ اس کے رنگ یا مزے یا بُو میں سے کسی ایک میں فرق نہ آجائے، جب نجاست گرنے کی وجہ سے رنگ یا مزہ بدل گیا یا بُو آنے لگی تو بہتا ہوا پانی بھی ناپاک ہو جائے گا، اس سے وضو، غسل درست نہیں ہوگا، اور جو پانی گھاس، تنکے، پتے وغیرہ کو بہا کر لے جائے وہ بہتا ہوا پانی ہے چاہے کتنا ہی آہستہ آہستہ بہتا ہو۔ (۲)

پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمم کیا پھر مرض پیش آگیا

”تیمم کرنے کے بعد مرض پیش آگیا“ عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۴۴/۱)

پانی نہ ملے تو......

☆ جس طرح بے وضو آدمی پانی نہ ملنے کی صورت میں تیمم کر کے نماز پڑھ

---

(۱) یجب ان یعلم ان الماء الراکد اذا کان کثیرا فهو بمنزلة الماء الجاری لا یتنجس جمیعه بوقوع النجاسة فی طرف منه الا ان یتغیر لونه او طعمه او ریحه، علی هذا اتفق العلماء، وبه اخذ عامة المشایخ رحمهم الله، فان کان قلیلا فهو بمنزلة الحباب والاوانی، یتنجس بوقوع النجاسة فیه وان لم یتغیر احد اوصافه. (الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الرابع، (۱۶۸/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة)

☆ فتاوی قاضیخان علی هامش الهندیة، کتاب الطهارة، فصل فی الطهارة بالماء، (۳/۱) ط: رشیدیة.

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الاول، (۱۷/۱-۱۶) ط: رشیدیة

(۲) یجوز التوضی بالماء الجاری، وفی الخانیة: اذا کان قوی الجری لا یحکم بتنجسه لوقوع النجاسة فیه مالم یتغیر طعمه او لونه او ریحه ..... وقال بعضهم: اذا کان بحال لو القی فیه تبن او ورق یذهب به فهو جار. (الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الرابع، (۱۶۳/۱-۱۶۴) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة)

☆ فتاوی قاضیخان علی هامش الهندیة، کتاب الطهارة، فصل فی الطهارة بالماء، (۳/۱) ط: رشیدیة

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الاول، (۱۸/۱) ط: رشیدیة.

سکتا ہے اسی طرح جس کو نہانے کی ضرورت ہو وہ پانی نہ ملنے کی صورت میں غسل کے لئے تیمم کرسکتا ہے۔ [۱]

☆ اگر لمبے عرصہ تک بھی پانی دستیاب نہ ہو تو پاک مٹی یا اس کے قائم مقام چیز مستقل پانی کا قائم مقام بنی رہے گی، اور وضو اور غسل کے لئے تیمم کرنا جائز ہوگا۔ [۲]

پانی ہوتے ہوئے قرآن پڑھنے کے لئے تیمم کرنا

تندرست آدمی کے لئے پانی ہوتے ہوئے قرآن شریف پڑھنے کے لئے تیمم کرنا درست نہیں ہے۔ [۳]

---

(۱) (والحدث والجنابة فيه سواء) وكذا الحيض والنفاس لما روى ان قوما جاء وا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وقالوا انا قوم نسكن هذه الرمال ولا نجد الماء شهرا او شهرين وفينا الجنب والحائض والنفساء فقال عليه السلام: عليكم بارضكم. (فتح القدير، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۱۱) ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۴۶) ط: سعيد.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول، (۱/ ۲۶) ط: رشيديه.

(۲) عن ابى ذر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: ان الصعيد الطيب طهور المسلم وان لم يجد الماء عشر سنين فاذا وجد الماء فليمسه بشرته فان ذلك خير. (سنن الترمذى، كتاب الطهارة، باب التيمم للجنب اذا لم يجد الماء، (۱/ ۳۲) ط: قديمى)

☆ سنن النسائى، كتاب الطهارة، باب الصلوات بتيمم واحد، (۱/ ۶۱) ط: قديمى.

☆ سنن ابى داود، كتاب الطهارة، باب الجنب يتيمم، (۱/ ۵۹) ط: رحمانيه.

☆ فتح القدير، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۱۱) ط: رشيدية.

(۳) ومنها عدم القدرة على الماء. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۷) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر فى بيان شرائطه، (۱/ ۲۲۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۳۸) ط: سعيد.

پاؤڈر

''سرخی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴۰۱/۱)

پاؤں اور سر پر تیمم مشروع نہ ہونے کی وجہ

''تیمم میں پاؤں اور سر پر مسح مشروع نہ ہونے کی وجہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۵۴/۱)

پاؤں پر زخم ہے

''ہاتھوں پر زخم ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۹۶/۲)

پاؤں پھٹ گیا

''پھٹ گیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۱/۱)

پاؤں دو ہیں

اگر کسی آدمی کے ایک جان (ایک ساتھ) دو پیر ہیں، تو اگر وہ دونوں پیروں سے کام لیتا ہے، چل سکتا ہے تو دونوں پیروں کو دھونا فرض ہے۔

اور اگر دونوں سے کام نہیں لے سکتا تو اگر دونوں جڑے ہوئے انگوٹھے ہوں تب بھی دونوں کا دھونا فرض ہے، اور اگر ملے ہوئے نہ ہوں بلکہ جدا جدا ہوں، تو صرف اس کا دھونا فرض ہے جس سے چل سکتا ہے۔[1]

---

(۱) ولو خلق له يدان ورجلان فلو يبطش بهما غسلهما ولو باحداهما فهي الأصلية فيغسلها.
وفي ردالمحتار: (قوله: فلو يبطش)... والبطش قاصر على اليدين فلو قال: ويمشي بهما نظرا الى الرجلين لكان حسنًا. ط... والظاهر انه يعتبر البطش اولاً، فان بطش بهما وجب غسلهما والا فان كانتا تامتين متصلتين وجب غسلهما وان كانتا منفصلتين لا يجب الا غسل الأصلية التي يبطش بها وهو حسن جمعاً بين العبارتين. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، : (۱۰۲/۱) ط: سعيد)=

پاؤں دھوتے وقت اہتمام سے پانی پہنچانا

''پیر دھونے میں اہتمام سے پانی پہنچانا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۷/۱)

پاؤں کشادہ کر کے بیٹھے

''بیٹھنے کا طریقہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۳۹/۱)

پاؤں کو ٹخنوں تک دھونے کا راز

''ٹخنوں تک پاؤں دھونے کا راز'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۶۵/۱)

پاؤں کھڑے ہو کر دھونا

''کھڑے ہو کر وضو کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۲/۲)

پاؤں کے درمیان دوسرا پاؤں جما ہوا ہو

اگر پیر کے درمیان دوسرا پیر جما ہوا ہو تو اس کا دھونا فرض ہے بشرطیکہ اس مقام سے جما ہوا ہو جس کا دھونا وضو میں فرض ہے، مثلاً پیر میں ٹخنے کے نیچے سے جما ہو تو دھونا فرض ہے، اور اگر ٹخنے کے اوپر سے جما ہو تو اس قدر حصہ کا دھونا فرض ہے جو ٹخنے کے حصے کے مقابل میں ہو۔ (۱)

---

(۱) والظاهر أنه يعتبر البطش أولاً فإن يبطش بهما وجب غسلهما وإلا فإن كانتا تامتين متصلتين وجب غسلهما وإن كانتا منفصلتين لا يجب غسل إلا الأصلية التي يبطش بها، وهو حسن جمعاً بين العبارتين. (حاشية الطحطاوي على الدر المختار، كتاب الطهارة، (۶۵/۱)، ط: رشيديه)

﴿ البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱۳/۱) ط: سعيد.

(۱) وكذا الزائدة إن نبتت من محل الفرض كأصبع وكف زائدتين وإلا فما حاذى منهما محل الفرض غسله وما لا فلا لكن يندب. مجتبى (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۰۴) ط: سعيد)

﴿ ويجب غسل كل ما كان مركبا على أعضاء الوضوء من الأصبع الزائدة والكف الزائدة، =

پاؤں کے شگاف میں دوائی لگانے کے بعد وضو کا حکم

سردی کے موسم میں ہاتھ پاؤں پھٹ جاتے ہیں، اور پھٹے ہوئے شگافوں کو دوائی سے بھر دیا جاتا ہے، اگر وضو کرتے وقت ایسی حالت میں زخموں کے اندر پانی پہنچنے سے نقصان کا خطرہ ہو تو ہاتھ پاؤں کی جلد پر صرف پانی بہانا وضو صحیح ہونے کے لئے کافی ہوگا، زخموں سے دوائی کو ہٹا کر پانی پہنچانا لازم نہیں ہوگا۔ (۱)

پاؤں گیلے ہیں

وضو کر کے گیلے پاؤں سے ایسی جگہ سے گذرا جہاں جوتے رکھتے ہیں، پھر اس کے بعد مسجد کی صف سے گذرا تو اس صورت میں پاؤں ناپاک نہیں ہوئے، مگر

= كذا في السراج الوهاج. ولو خلق له يدان على المنكب فالتامة هي الأصلية يجب غسلها والأخرى زائدة فما حاذى منها محل الفرض يجب غسله وإلا فلا. كذا في فتح القدير. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول في الوضوء، الفصل الأول في فرائض الوضوء، (۱/۴) ط: رشيديه)

⇐ حاشية الطحطاوي، كتاب الطهارة، فصل في أحكام الوضوء، (۱/۵۹) ط: قديمي.

(۱) في أعضائه شقاق غسله إن قدر وإلا مسحه وإلا تركه. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة: (۱/۱۰۲) ط: سعيد)

⇐ وفي مجموع النوازل إذا كان برجله شقاق فجعل فيه الشحم وغسل الرجلين ولم يصل الماء إلى ما تحته ينظر إن كان يضره إيصال الماء إلى ما تحته يجوز وإن كان لا يضره لا يجوز. (المحيط البرهاني، كتاب الطهارات، الفصل الأول، (۱/۱۶۹) ط: إدارة القرآن)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول في فرائض الوضوء (۱/۵) ط: رشيديه)

⇐ (في أعضائه شقاق غسله إن قدر وإلا مسحه) ولو كان في رجله فجعل فيه الدواء يكفيه إمرار الماء فوقه ولا يكفيه المسح. (رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۰۲) ط: سعيد)

⇐ وإذا كان برجله شقاق فجعل فيه الشحم أو المرهم إن كان لا يضره إيصال الماء لا يجوز غسله ووضوءه وإن كان يضره يجوز إذا أمر الماء على ظاهر ذلك. (كبيري، الطهارة الكبرى، فرائض الغسل (ص: ۴۳) ط: نعمانيه)

سب پاک ہیں وضو اور نماز سب کی صحیح ہے۔[1]

پاؤں مصنوعی ہیں

"مصنوعی پاؤں" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۳۲)

پاؤں میں پھٹن ہے

"پھٹن" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۸۲)

پاؤں ہاتھ کٹے ہوئے ہوں

"ہاتھ پاؤں کٹے ہوئے ہوں" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۸۸)

پتھر

پتھر پر گرد و غبار ہو یا نہ ہو، دونوں صورتوں میں اس پر تیمم کرنا جائز ہے۔[2]

---

(۱) مشى فى حمام ونحوه لا ينجس مالم يعلم انه غسالة نجس.

وفى الرد: اى كما لو مشى على الواح مشرعة بعد مشى من برجله قذر لا يحكم بنجاسة رجله مالم يعلم انه وضع رجله على موضعه للضرورة، فتح. وفيه عن التجنيس: مشى فى طين او اصابه ولم يغسله وصلى تجزيه مالم يكن فيه اثر النجاسة لانه المانع الا ان يحتاط . اما فى الحكم فلا يجب. (رد المحتار، كتاب الطهارة، فصل فى الاستنجاء، (۱/۳۵۰) ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب سابع، الفصل الثانى فى الاعيان النجسة (۱/۴۷) ط: رشيدية.

☜ فتح القدير، باب الانجاس وتطهيرها، مسائل شتى، (۱/۲۱۱) ط: دار الكتب العلمية.

(۲) (يطاهر من جنس الأرض و إن لم يكن عليه نقع وبه بلا عجز)...... اى يتيمم بطاهر من جنس الأرض كالتراب والحجر. (تبيين الحقائق، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/۱۲۲) ط: سعيد)

☜ فيجوز التيمم بالتراب...... وبالحجر عليه غبار او لم يكن. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع فى التيمم، الفصل الأول (۱/۲۶، ۲۷) ط: رشيديه)

☜ (قوله: من جنس الأرض) دخل فيه الحجر...... (قوله: وان لم يكن عليه نقع) اى غبار، وهو واصل بما قبله.

☜ (حاشية الطحطاوى على الدر، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۲۷) ط: رشيديه)

پتھر پر آیت لکھی ہوئی ہو

اگر پتھر پر قرآن مجید کی کوئی آیت لکھی ہوئی ہے، تو اس صورت میں ...
صرف اسی مقام کو چھونا مکروہ ہے جس پر آیت لکھی ہوئی ہے، اس کے علاوہ ...
مقام کو چھونا مکروہ نہیں ہے۔ (۱)

پتھر پر بے وضو قرآن لکھنا

''وضو نہ ہونے کی حالت میں قرآن لکھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/ ۲۸۰)

پتھر پر گرد نہ ہو

اگر پتھر پر بالکل گرد وغبار نہ ہو، تب بھی تیمم اس پر درست ہے، ہاتھ ...
گرد وغبار لگنا ضروری نہیں ہے۔ (۲)

پتہ ناپاک ہے

پتہ کا پانی ناپاک ہے۔ (۳)

---

(۱) (و) یحرم (بہ) ای بالأکبر (وبالأصغر) مس مصحف ای ما فیہ آیۃ کدرھم وجدار.
وفی رد المحتار: قال ح: لکن لا یحرم فی غیر المصحف الا بالمکتوب ای موضع الکتابۃ کذ
فی باب الحیض من البحر. (رد المحتار، کتاب الطہارۃ، (۱/ ۱۷۳) ط: سعید)
☆ ومحل الخلاف فی المصحف اما غیرہ فلا یحرم منہ الا المکتوب، کذا فی باب الحیض ...
البحر. (حاشیۃ الطحطاوی، کتاب الطہارۃ، (۱/ ۹۹) ط: رشیدیہ)
(۲) یجوز بجنس الأرض وان لم یکن علیہ غبار. (تبیین الحقائق، کتاب الطہارۃ، باب التیمم
(۱/ ۱۳۲) ط: سعید)
☆ ثم لا یشترط أن یکون علیہ غبار عند أبی حنیفۃ. (الہدایۃ مع فتح القدیر، کتاب الطہارۃ
باب التیمم، (۱/ ۱۳۳) ط: دار الکتب العلمیۃ)
☆ الفتاوی الہندیۃ، کتاب الطہارۃ، الباب الرابع فی التیمم، الفصل الأول (۱/ ۲۶، ۲۷) ط: رشیدیہ
(۳) ومرارۃ کل شیء کبولہ، کذا فی الظہیریۃ. (الفتاوی الہندیۃ، کتاب الطہارۃ، الباب السابع
فی النجاسۃ واحکامہا، الفصل الثانی فی الاعیان النجسۃ، (۱/ ۴۶) ط: رشیدیہ) =

پٹی

اگر وضو کے اعضاء میں سے کوئی عضو ٹوٹ جائے یا زخمی ہو جائے، یا کسی اور وجہ سے اس پر پٹی باندھی جائے تو اس کی تین صورتیں ہیں:

① پہلی صورت: پٹی کا کھولنا مضر ہو، خواہ جسم کا دھونا مضر ہو یا نہ ہو، جیسے ٹوٹے ہوئے ہاتھ پیر کی پٹی کا کھولنا مضر ہوتا ہے، تو ایسی حالت میں اگر پٹی پر مسح کرنا نقصان نہ کرے تو تمام پٹی پر مسح کرے خواہ وہ پٹی زخم کے برابر ہو یا زخم سے زیادہ اور جسم کے صحیح حصہ پر بھی ہو، اور اگر پٹی پر بھی مسح کرنا نقصان کرے تو ایسے ہی چھوڑ دے، اور باقی دھونے کے اعضاء کو دھو کر اور مسح کے اعضاء کو مسح کر کے نماز پڑھنے سے نماز ہو جائے گی۔ (۱)

② پٹی کا کھولنا مضر نہ ہو، لیکن کھولنے کے بعد وہ خود باندھ نہ سکے، اور دوسرا

= د مرارة كل حيوان كبوله. (الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة، فصل الاستنجاء ، (۱/ ۳۲۹) ط: سعيد)

د فتح القدير، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس (۲۰۶/۱) ط: دار الكتب العلمية.

(۱) (ويجوز) أي يصح مسحها (ولو شدت بلا وضوء) وغسل دفعا للحرج ، (ويترك المسح كالغسل) إن ضر ...... (ويمسح ...... مفتصد وجريح على كل عصابة ...... إن ضره الماء أو حلها.

وفي الرد : قوله : ويترك المسح كالغسل) أي يترك المسح على الجبيرة كما يترك الغسل لما تحتها.

قوله: على كل عصابة) أي على كل فرد من أفرادها سواء كانت تحتها جراحة وهي بقدرها أو زائدة عليها كعصابة المفتصد ، أو لم يكن تحتها جراحة أصل بل كسر أو كي. (الدر مع الرد: (۲۸۰/۱) كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، مطلب: نواقض المسح، ط: سعيد)

⇔ مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي : (ص: ۱۳۶) كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، فصل في الجبيرة ونحوها ، ط: قديمي .

⇔ تبيين الحقائق : (۵۳/۱) كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، ط: امدادیه ملتان.

⇔ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة ، الباب الخامس، الفصل الثاني ، (۳۵/۱) ط: رشيديه.

⇔ البحر الرائق ، كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، (۱۸۷/۱) ط: سعيد.

کوئی باندھنے والا بھی نہ ہو، تو اسی حالت میں پٹی پر مسح کرے بشرطیکہ نقصان نہ کرے، اگر نقصان کرے گا تو مسح بھی معاف ہو جائے گا۔ (۱)

(۳) تیسری صورت: پٹی کا کھولنا مضر ہو، اور کھولنے کے بعد باندھنے والا وقت بھی نہ ہو تو ایسی حالت میں اگر زخم کا دھونا نقصان نہ کرے، تو پٹی کھول کر تمام عضو کو دھونا ضروری ہے اور اگر زخم کا دھونا نقصان کرے تو زخمی حصہ کو چھوڑ کر باقی عضو دھوئے بشرطیکہ مضر نہ ہو اور زخمی حصہ پر اگر مسح نقصان نہ کرے تو مسح کرے ورنہ پٹی باندھ کر پٹی پر مسح کرے بشرطیکہ مضر نہ ہو، اور اگر مضر ہو تو مسح معاف ہے۔ (۲)

پٹی پر ایک پٹی اور باندھ دی

اگر پٹی پر ایک اور پٹی باندھ دی جائے تو اس پر بھی مسح کرنا درست ہے۔ (۳)

ومن صور المحل أن تكون الجراحة في موضع لو زال عنه الجبيرة أو الرباط لا يمكنه أن يشد بنفسه فإنه يجوز له المسح على الجبيرة والرباط وإن كان لا يضره المسح على الجراحة، ذكره قاضي خان في فتاواه. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، (١/ ١٨٨) ط:سعيد)

رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، (١/ ٢٨١) ط:سعيد

انظر الحاشية السابقة.

وفي شرح الجامع الصغير لقاضي خان: والمسح على الجبائر على وجوه إن كان لا يضره غسل ما تحته يلزمه الغسل وإن كان يضره الغسل بالماء البارد ولا يضره الغسل بالماء الحار يلزمه الغسل بالماء الحار وإن كان يضره الغسل ولا يضره المسح يمسح ما تحت الجبائر أو يمسح فوقها. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين (١/ ١٨٧) ط: سعيد)

رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين (١/ ٢٨٠، ٢٨١) ط: سعيد.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الخامس، الفصل الثاني، (١/ ٣٥) ط: رشيديه

انظر الحاشية السابقة.

والخرق الكبير ... يمنعه إلا أن يكون فوقه خف آخر أو جرموق فيمسح عليه. (قوله: فيمسح عليه) أي على الخف الآخر أو الجرموق، لأن العبرة للأعلى حيث لم تتقرر الوظيفة على الأسفل (الدر مع الرد: (١/ ٢٧٣) كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، شروط المسح على الخفين، ط: سعيد

مجمع الأنهر: (١/ ٧١) كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، ط: دار الكتب العلمية

تبيين الحقائق: (١/ ٥٢) كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، ط: امداديه ملتان

پٹی پر پٹی باندھ دی

"پٹی پر ایک پٹی اور باندھ دی" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/ ۱۷۴)

پٹی کے اوپر سے پیپ ظاہر ہو

"پٹی کے اوپر سے خون ظاہر ہو" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۷۵/۱)

پٹی کے اوپر سے خون ظاہر ہو

زخم پر پٹی باندھ دی گئی، اور خون یا پیپ پٹی کے اوپر سے ظاہر ہوا، تو اگر خون یا پیپ اس قدر ہو کہ اگر پٹی نہ باندھی ہوتی تو خون یا پیپ اپنی جگہ سے بہہ کر دوسری جگہ چلا جاتا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ اور اگر اس سے کم ہوگا تو وضو باقی رہے گا۔ (۱)

پٹی کے بغیر مسح کرنے میں زخم کا خوف ہو

اگر پٹی کے بغیر مسح کرنے میں زخم کا خوف ہو، تو پٹی یا پلاسٹر کر کے اس پر تر

---

(۱) قال في البدائع: ولو ألقى على الجرح الرماد أو التراب فتشرب فيه أو ربط عليه رباطا فابتل الرباط ونفذ قالوا يكون حدثا لأنه سائل وكذا لو كان الرباط ذا طاقين فنفذ الى أحدهما لما قلناه قال في الفتح: ويجب أن يكون معناه اذا كان بحيث لو لا الرباط سال. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، قبيل مطلب في حكم كي الحمصة، (۱/ ۱۳۹) ط:سعيد)

○ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۳۳) ط:سعيد.

○ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، فصل وأما بيان ما ينقض الوضوء، (۱/ ۲۷) ط:سعيد.

○ ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة وفي الرد: وكذا اذا وضع عليه قطنا او شيئا آخر حتى ينشف ثم وضعه ثانيا وثالثا فانه يجمع جميع ما نشف فان كان بحيث لو تركه سال نقض. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الوضوء، مطلب في نواقض الوضوء، (۱/ ۱۳۵) ط:سعيد)

○ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۱) ط: رشيدية.

○ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الوضوء، (۱/ ۳۳) ط: سعيد.

ہاتھ سے مسح کرے (۱) اور سب جگہ پر ہاتھ پھیرے چاہے پانی نہ ٹپکے، پانی نہ
لگے وضو صحیح ہو جائے گا۔ (۲)

اور اگر پٹی زخم کی جگہ سے زائد جگہ پر ہو تب بھی پوری پٹی پر مسح کرے، ضرور
نہیں ہے (۳) اور اگر غسل کی ضرورت ہو تو بھی زخم کی جگہ پر گیلے ہاتھ سے مسح کرے
اور باقی بدن کو دھولے اور پانی بہالے۔ (۴)

---

(۱) والحاصل لزوم غسل المحل ولو بماء حار فان ضره مسحه فان ضر مسحها فان ضر سقط اصلاً. (الدر المختار ، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين (۲۸۰/۱) ط:سعيد)
☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة ، الباب الخامس، الفصل الثاني ، (۳۵/۱) ط: رشيديه.
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين ، (۱۸۷/۱) ط: سعيد.

(۲) هو (المسح) في اللغة امرار اليد على الشيء واصطلاحاً اصابة اليد المبتلة العضو. (البحر الرائق كتاب الطهارة (۱۴/۱) ط:سعيد)
☆ البناية شرح الهداية ، كتاب الطهارة (۹۵/۱) ط: رشيديه.
☆ رد المحتار ، كتاب الطهارة، (۹۹/۱) ط: سعيد.

(۳) ولا يشترط ان تكون الجراحة تحت جميعها بل يكفي ان تكون تحت بعضها جراحة (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين ، (۱۸۷/۱) ط:سعيد)
☆ تبيين الحقائق ، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين ، (۱۵۶/۱) ط:سعيد.
☆ المحيط البرهاني كتاب الطهارات ، الفصل السادس ، (۳۵۹/۱) ط: ادارة القرآن.

(۴) عن جابر قال :خرجنا في سفر فاصاب رجلاً منا حجر فشجه في رأسه ثم احتلم فسأل اصحابه فقال: هل تجدون لي رخصة في التيمم؟ قالوا: ما نجد لك رخصة وانت تقدر على الماء فاغتسل فمات فلما قدمنا على النبي ﷺ اخبر بذلك فقال: قتلوه، قتلهم الله تعالى الا سألوا اذ لم يعلموا؟ فانما شفاء العي السؤال انما كان يكفيه ان يتيمم ويعصر او يعصب - شك موسى - على جرحه خرقة ثم يمسح عليها ويغسل سائر جسده. (سنن ابي داؤد، كتاب الطهارة باب المجروح يتيمم ، (۶۰/۱) ط: رحمانيه)
☆ الجنب المجروح له ان يتيمم ويمسح على الجراحة ويغسل سائر بدنه فيحمل قوله يتيمم ويمسح على ما اذا كان أكثر بدنه جريحاً ويحمل قوله: ويغسل سائر جسده اذا كان أكثره صحيحاً. (البناية شرح الهداية، كتاب الطهارات، باب المسح على الخفين، (۲۰۷/۱) ط: سعيد)
☆ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين ، (۲۸۱/۱) ط:سعيد

پٹی کے درمیان جسم کا صحیح حصہ بھی آ گیا

اگر پٹی اس طرح بندھی ہوئی ہے کہ درمیان میں جسم کا وہ حصہ بھی آ گیا ہے جو صحیح ہے تو اس پر بھی مسح کرے، بشرطیکہ پٹی کھولنا یا کھول کر اس جسم کا دھونا مضر ہو۔ (۱)

پچھلے گناہ معاف

اگر وضو کرنے کے بعد مکروہ وقت نہیں ہے تو خشوع وخضوع کے ساتھ دو رکعت یا چار رکعات نماز پڑھنے سے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے، پھر دو رکعت نماز (خشوع اور توجہ سے) پڑھے کہ اس میں سہو نہ ہو تو اس کے پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ (۱)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص اچھی طرح وضو کرے، پھر دو رکعت یا چار رکعات نماز پڑھے اور رکوع وغیرہ اچھی طرح ادا کرے، اور خشوع

وإذا زادت الجبيرة على نفس الجراحة فإن ضرها الحل والمسح يمسح على ما يوازي الجراحة وما يوازي موضعاً صحيحاً. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الخامس، الفصل الثاني (۱/ ۳۵) ط: رشيديه)

فتح القدير، كتاب الطهارات، باب المسح على الخفين، (۱/ ۱۶۱) ط: دار الكتب العلمية.

رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين (۱/ ۲۸۰) ط: سعيد.

عن زيد بن خالد الجهني رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من توضأ فأحسن الوضوء، ثم صلى ركعتين لا يسهو فيهما غفر له ما تقدم. (الترغيب والترهيب: (۱/ ۷۰) رقم الحديث: ۳۵۸، كتاب الطهارة، الترغيب في ركعتين بعد الوضوء، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

سنن أبي داود: (۱/ ۱۳۸) كتاب الصلاة، باب كراهية الوسوسة وحديث النفس في الصلوة، ط: رحمانيه.

مسند أحمد: (۲۸/ ۲۸۹) رقم الحديث: ۱۷۰۵۳، مسند الشاميين، بقية حديث زيد بن خالد الجهني، ط: مؤسسة الرسالة.

کے ساتھ پڑھے، پھر اللہ سے مغفرت چاہے تو اس کی مغفرت کردی جاتی ہے۔ (۱)

پرندہ ٹینکی میں گر جائے

☆ اگر ٹینکی میں کوئی بھی پرندہ گر کر مر جائے، اور پھول جائے یا پھٹ جائے تو اس کو تین دن کا گرا ہوا سمجھا جائے گا اور تین دن کی نمازیں لوٹائی جائیں گی۔

☆ اور اگر پرندہ گر کر مرنے کے بعد پھولا پھٹا نہیں ہے، تو اس کو ایک دن کا گرا ہوا سمجھا جائے گا اور ایک دن کی نمازیں لوٹائی جائیں گی۔

☆ پرندہ میں اڑنے والے تمام پرندے داخل ہیں، مثلاً کوا، چیل، کبوتر، چڑیا وغیرہ۔ (۲)

---

ت حاشیة الطحطاوی، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۱۳۳) ط: رشیدیة.

ث بہشتی زیور، کتاب الطہارۃ، پانی کے استعمال کے احکام، گیارہواں حصہ، (۱/ ۷۷) ط: دارالاشاعت۔

﴿......ق......﴾

تاجر کتب

☆ تاجران کتب کے لئے بھی بے وضو قرآن مجید کو چھونا جائز نہیں ہے، رومال سے چھوئیں اور چھری اور قلم سے اوراق کھول کر دکھائیں بے وضو ہاتھ نہ لگائیں۔ (۱)

☆ جن کتابوں میں قرآن مجید کی ایک دو آیات لکھی ہوئی ہوں، انہیں بے وضو چھونا اور پڑھنا جائز ہے، البتہ جہاں پر آیت لکھی ہوئی ہے اس کو بے وضو چھونا جائز نہیں ہے۔ (۲)

تالاب

وہ تالاب جو کسی کی ذاتی زمین پر نہیں ہے، اس کے پانی سے عام لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں، کسی کو اس کا پانی استعمال کرنے سے روکنا جائز نہیں ہے۔ (۳)

---

(۱) یجوز للمحدث الذي يقرأ القرآن من المصحف تقليب الاوراق بقلم او عود او سكين. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۰۲/۱) ط:سعيد)

☆ لايجوز لهما وللجنب والمحدث مس المصحف الا بغلاف متجاف عنه كالخريطة والجلد الغير المشرز...... لا بما هو متصل به. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۳۹/۱-۳۸) ط:رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب: يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء، (۱۷۳/۱) ط:سعيد

(۲) لايجوز مس المصحف كله المكتوب وغيره بخلاف غيره فانه لايمنع الا مس المكتوب. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۰۱/۱) ط:سعيد)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۷٦/۱) ط:سعيد.

☆ حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۵۰/۱) ط:رشيدية.

(۳) اعلم ان المياه على انواع ...... والثاني ماء الاودية العظام كجيحون وسيحون ودجلة والفرات للناس فيه حق الشفة على الاطلاق وحق سقي الارض. (الهداية مع نتائج الافكار، =

تالاب کے کنارے پر پاخانہ پیشاب کرنا

''نہر کے کنارے پر پاخانہ پیشاب کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۹۲)

تانبے کے برتن میں بھرے ہوئے پانی سے وضو کرنا

تانبے کے برتن میں پانی لیکر وضو کرنا جائز ہے۔

حضرت عکرمہ نے بیان کیا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما تانبے کے برتن سے وضو فرمالیتے تھے۔ (۱)

حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تانبے کے برتن سے وضو فرماتے تھے۔ (۲)

= کتاب احیاء الموات، فصول فی مسائل الشرب، فصل فی المیاہ، (۱۰/۹۴) ط: دار الکتب العلمیۃ

= ردالمحتار، کتاب احیاء الموات، فصل الشرب، (۶/۴۳۸) ط: سعید.

= تبیین الحقائق، کتاب احیاء الموات، مسائل الشرب، (۷/۸۶) ط: سعید.

(۱) عن عکرمة، عن ابن عباس انه كان يتوضأ في آنية النحاس. (مصنف عبد الرزاق: (۱/۵۹) رقم الحديث: ۱۷۵، كتاب الطهارة، باب الوضوء في النحاس، ط: المكتب الإسلامي بيروت)

= كنز العمال: (۹/۴۷۱) رقم الحديث: ۲۷۰۰۵، من حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأفعال، باب الوضوء، مباح الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة.

= جامع الأحاديث للسيوطي: (۸/۱۵۶) رقم الحديث: ۱۶۰۸۵، مسند عبد الله بن عباس رضي الله عنهما، ط: دار الفكر.

(۲) وفي مسند أحمد بسند صحيح عن زينب بنت جحش انّ النبي صلى الله عليه وسلم كان يتوضأ من مخضب من صفر. الصفر، بضم الصاد: هو النحاس الجيد. (عمدة القاري: (۳/۸۹) كتاب الوضوء، باب الغسل والوضوء في المخضب، ط: دار إحياء التراث العربي، ط: بيروت)

= مسند أحمد: (۴۴/۳۴۴) رقم الحديث: ۲۶۷۵۴، مسند النساء، حديث زينب بنت جحش رضي الله عنها، ط: مؤسسة الرسالة.

= ارواء الغليل في تخريج الأحاديث: (۱/۶۵) كتاب الطهارة، ط: المكتب الإسلامي بيروت.

تحیۃ الوضو

☜ وضو کرنے کے بعد اگر مکروہ وقت نہ ہو تو دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کرنا مستحب ہے۔[(۱)]

☜ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک بار) حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ بلال! مجھے اپنا کوئی ایسا اسلامی عمل بتاؤ جس پر تم کو اجر و ثواب کی امید سب سے زیادہ ہو، کیونکہ میں نے تمہارے چپلوں کی آواز جنت میں اپنے آگے آگے سنی ہے۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ مجھ کو اپنے اعمال میں سب سے زیادہ ثواب کی امید اس عمل پر ہے کہ میں نے دن رات میں جب بھی کسی وقت وضو کیا ہے اسی وضو سے حسب توفیق کچھ نماز ضرور پڑھی ہے۔[(۲)]

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بھی کوئی شخص خوب اچھی طرح وضو کرے اور پھر دو رکعتیں اس طرح پڑھے کہ اس کا دل اور اس کا چہرہ دونوں نماز کی طرف متوجہ ہوں، یعنی ظاہر و باطن

---

(۱) (وندب رکعتان بعد الوضوء) یعنی قبل الجفاف. (تنویر الابصار مع الدر المختار، کتاب الصلاۃ، (۲/ ۲۲) ط: سعید)

☜ الفتاوی الهندیة، کتاب الصلاۃ، الباب التاسع، (۱/ ۱۱۲) ط: رشیدیة.

☜ البحر الرائق، کتاب الصلاۃ، باب الوتر والنوافل، (۲/ ۵۲) ط: سعید.

(۲) ...... عن ابی هریرة ان النبی صلی اللہ علیه وسلم قال لبلال عند صلاة الفجر: یا بلال! حدثنی بارجی عمل عملته فی الاسلام فانی سمعت دف نعلیک بین یدی فی الجنة، قال: ما عملت عملا ارجی عندی انی لم اتطهر طهورا فی ساعة لیل او نهار الا صلیت بذلک الطهور ما کتب لی ان اصلی: (صحیح البخاری، کتاب الصلاۃ، باب التهجد باب فضل الطهور باللیل والنهار، فضل الصلاة بعد الوضوء باللیل والنهار، (۱/ ۱۵۴) ط: قدیمی)

☜ الصحیح لمسلم: (۲/ ۲۹۲) کتاب الفضائل، باب من فضائل ام سلیم ام انس بن مالک و بلال، ط: قدیمی.

وضوؤں کی پوری توجہ اور شوق سے [illegible] ساتھ پڑھے تو اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ (۱)

تربوز کا پانی

تربوز سے جو پانی نکلتا ہے اس سے وضو اور غسل کرنا درست نہیں ہے۔ (۲)

ترتیب

وضوء کے اعضاء دھونے اور مسح کرنے میں ترتیب کا لحاظ رکھنا سنت ہے
فرض نہیں ہے۔ (۳)

ترجمہ

اگر قرآن مجید کا ترجمہ کسی اور زبان میں ہو تو صحیح یہ ہے کہ اس کا وہی حکم ہے جو
قرآن کریم کا ہے یعنی بے وضو، جنابت والے شخص اور حیض والی عورت کا اُسے چھو

(۱) وعن عقبة بن عامر رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ما من مسلم يتوضأ فيحسن الوضوء ، ويصلي ركعتين بقلبه و وجهه عليهما إلا وجبت له الجنة . (الترغيب والترهيب : (۷۰/۱) رقم الحديث : ۳۵۷، كتاب الطهارة ، الترغيب في ركعتين بعد الوضوء،
ط: دار الكتب العلمية)
= الصحيح لمسلم: (۱۲۱/۱) كتاب الطهارة، باب فضل الوضوء والصلاة عقبه ، ط: قديمي
= مشكاة المصابيح : (ص: ۳۹) كتاب الطهارة ، الفصل الأول ، ط: قديمي.

(۲) لايجوز التوضؤ بماء البطيخ والقثاء..... (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث
الفصل الثاني ، (۲۱/۱) ط:رشيدية)
= البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۶۹/۱) ط:سعيد.
= ردالمحتار ، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱۸۰/۱-۱۸۱) ط:سعيد.

(۳) (قوله: والترتيب المنصوص) اى كما ذكر في النص ..... وهو سنة مؤكدة عندنا على
الصحيح. (البحر الرائق. كتاب الطهارة ، (۲۷/۱) ط:سعيد)
= الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الثاني ، (۸/۱) ط:رشيدية.
= ردالمحتار ، كتاب الطهارة ، (۱۲۲/۱) ط:سعيد.

جائز نہیں ہے۔(١)

تری کا نکلنا

اگر کسی کو استنجاء کرنے کے بعد بھی تری نکلتی ہے، ڈھیلہ لینے اور چلنے کے بعد دوبارہ ڈھیلہ لینا پڑتا ہے تو ایسی صورت میں ڈھیلے اور پانی سے استنجاء کرنے کے بعد عضو مخصوص کے سوراخ میں روئی وغیرہ رکھ لے، تاکہ تری نکلنے کا شبہ نہ رہے، اور روئی رکھنے کے بعد وضو کر کے نماز پڑھ لے۔(٢)

تشبیک

وضو کے بعد تشبیک منع ہے، اور تشبیک کا مفہوم یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈالے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم نماز کے لئے وضو کرو تو انگلیوں سے تشبیک نہ کرو۔(٣)

(١) ولو كان القرآن مكتوبا بالفارسية يحرم على الجنب والحائض مسه بالاجماع وهو الصحيح. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (٢٠٢/١) ط:سعيد)

ح ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (٢٩٣/١) ط:سعيد.

ح الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (٣٩/١) ط:رشيدية.

(٢) يستحب للرجل ان يحتشي ان رابه الشيطان ويجب ان كان لاينقطع الا به قدر ما يصلي. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (١٥٠/١) ط:سعيد)

ح الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (٥٠/١) ط:رشيدية.

ح البحر الرائق، كتاب الطهارة، (٣٠/١) ط:سعيد.

(٣) عن ابي هريرة انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا توضا احدكم للصلاة فلايشبك بين اصابعه. (مجمع الزوائد: (٢٣٠/١) رقم الحديث: ١٢٣٢، كتاب الطهارة، باب فيمن لم يحسن الوضوء، ط: مكتبة القدسي، القاهرة)

ح المعجم الأوسط: (٢٥٦/١) رقم الحديث: ٨٣٨، باب الألف، من اسمه احمد، ط: دار الحرمين، القاهرة. =

(نوٹ) مسجد میں بھی تشبیک کرنا منع ہے۔ (۱)

تفسیر

اگر تفسیر کی کتابوں میں قرآن مجید کی آیتوں سے تفسیر کی مقدار زیادہ ہے، تو اس کو بلا وضو ہاتھ لگانا جائز ہے، مگر جہاں پر قرآن لکھا ہوا ہو، وہاں پر وضو کے بغیر ہاتھ لگانا منع ہے۔ (۲)

= کنز العمال: (۵۰۶/۷) رقم الحدیث: ۱۹۹۹۲، حرف الصاد، کتاب الصلاة من قسم الأقوال، الباب الثاني، الفصل الثالث في مفسدات الصلاة ..... الخ، ط: مؤسسة الرسالة.

= عن سعيد بن المسيب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا كان أحدكم في المسجد فلايشبكنّ أصابعه. (مصنف ابن أبي شيبة: (۳۲۰/۱) رقم الحديث: (۳۲۸۵)، كتاب الصلاة، من كره أن يشبك الأصابع في الصلاة في المسجد، ط: مكتبة الرشد، الرياض)

= كنز العمال: (۵۰۸/۷) رقم الحديث: ۲۰۰۰۰، حرف الصاد، كتاب الصلاة من قسم الأقوال، الباب الثاني، الفصل الثالث في مفسدات الصلاة ومحظوراتها وآدابها، ط: مؤسسة الرسالة.

= مسند أحمد: (۳۷۷/۱۷) رقم الحديث: ۱۱۳۸۵، مسند المكثرين من الصحابة، مسند سعيد الخدري رضي الله عنه، ط: مؤسسة الرسالة.

(۲) قد جوز أصحابنا مس كتب التفسير للمحدث ولم يفصلوا بين كون الأكثر تفسيرا أو ... ولو قيل به اعتبارا للغالب لكان حسنا قلت لكنه يخالف ما مر فتدبر.

وفي الرد: وفي السراج عن الإيضاح: ان كتب التفسير لا يجوز مس موضع القرآن منها وله ان يمس غيره وكذا كتب الفقه اذا كان فيها شيء من القرآن بخلاف المصحف فان الكل فيه تبع للقرآن.

والحاصل انه لا فرق بين التفسير وغيره من الكتب الشرعية على القول بالكراهة وعدمه ولهذا قال في النهر: ولا يخفى ان مقتضى ما في الخلاصة عدم الكراهة مطلقا لان من اثبتها حتى في التفسير نظر الى ما فيها من الآيات ومن نفاها نظر الى ان الاكثر ليس كذلك وهذا يعم التفسير ايضا الا ان يقال ان القرآن فيه أكثر من غيره اى فيكره مسه دون غيره من الكتب الشرعية..... قال ط: وما في السراج اوفق بالقواعد. اقول: الاظهر والاحوط القول الثالث اى كراهته في التفسير دون غيره لظهور الفرق فان القرآن في التفسير اكثر منه في غيره وذكره فيه مقصودا استقلالا لا تبعا فشبهه بالمصحف اقرب من شبهه ببقية الكتب. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۷۷/۱ - ۱۷۶) ط: سعيد)

= حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، (۱۰۰/۱) ط: رشيدية.

= الفقه على المذاهب الأربعة: (۵۲/۱) كتاب الطهارة، حكم الوضوء وما يتعلق به من مس مصحف ونحوه، ط: المكتبة الحقيقة.

تفسیر کو بے وضو ہاتھ لگانا

تفسیر کی کتابوں کو بے وضو ہاتھ لگانا مکروہ ہے۔ [۱]

تقاضا کے وقت نماز نہ پڑھنے کی وجہ

"پیشاب، پاخانہ کے تقاضہ کے وقت نماز نہ پڑھنے کی وجہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔

تلاوت کی نیت سے تیمم کیا ہے

☆ اگر کسی مریض کے لئے پانی استعمال کرنا مضر ہے، اور اس نے وضو نہ ہونے کی وجہ سے قرآن مجید تلاوت کرنے کے لئے تیمم کیا تو اس تیمم سے نماز نہیں پڑھ سکتا، نماز کے لئے دوبارہ تیمم کرنا لازم ہوگا۔ [۲]

☆ اور اگر ناپاک مریض نے جس کو نہانے کی حاجت ہو قرآن مجید کی تلاوت کی نیت سے تیمم کیا، تو اس تیمم سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ [۳]

تمباکو

اگر تمباکو کی وجہ سے اتنا نشہ ہوگیا کہ اچھی طرح چلا نہیں جاتا، اور قدم اِدھر اُدھر

---

(۱) انظر إلى الحاشية السابقة، رقم: ۲، على الصفحة: ۲۱۶، (ولذا جوز اصحابنا)

(۲) ولو تيمم للقراءة القرآن عن ظهر القلب او عن المصحف ..... وصلى بذلك التيمم اختلفوا فيه، قال عامة العلماء: لا يجوز. (فتاوى قاضي خان على هامش الهندية، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۵۳-۵۴) ط: رشيدية)

- الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول ، (۲۶/۱) ط: رشيدية.
- البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱۵۰/۱) ط: سعيد.

(۳) و الحق التفصيل فيها فان تيمم لها وهو جنب جاز له ان يصلي به سائر الصلوات، كذا في البدائع. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱۵۰/۱) ط: سعيد)

- بدائع الصنائع، كتاب الطهارة بيان كيفية التيمم ، (۱۷۹/۱) ط: رشيدية.
- ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۲۴۵/۱) ط: سعيد.

بہکتا اور ڈگمگا تا ہے تو وضوٹوٹ جائے گا، اور اگر نشہ نہیں آیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

تنگی وقت کی وجہ سے تیمم کرنا

''وقت کی تنگی کی وجہ سے تیمم کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۲۸٤)

تولیہ سے پانی خشک کرنا

''پانی کو تولیہ وغیرہ سے خشک کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/ ۱۵۷)

تھوک

☆ تھوک نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا، خواہ منہ بھر کر بھی نکلے تب بھی وضو نہیں ٹوٹتا۔

☆ اگر خون ملا ہوا تھوک خارج ہو تو جو غالب ہوگا اس کا حکم ہوگا یعنی اگر خون غالب ہوگا تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر تھوک غالب ہوگا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۲)

☆ اگر تھوک، کھانے یا پت یا ایسی چیز کے ساتھ قے میں نکلے جو پاک ہو، تو ایسی صورت میں اگر تھوک زیادہ ہو اور وہ چیز کم ہو، اور اس قدر ہو جس سے منہ نہ بھر کے تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور اگر تھوک اور دوسری چیز برابر ہو مگر دونوں میں کوئی اس قدر نہ ہو

---

(۱) وینقضه إغماء ... وسكر بأن يدخل في مشيه تمايل ولو بأكل الحشيشة. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱/ ۱۴۳) كتاب الطهارة، مطلب: نوم الانبياء غير ناقض، ط: سعيد)

☆ الإغماء ينقض الوضوء قليله و كثيره و كذا الجنون والغشي والسكر وحد السكر في هذا الباب أن لا يعرف الرجل من المرأة عند بعض المشائخ وهو اختيار الصدر الشهيد. والصحيح ما نقل عن شمس الأئمة الحلواني أنه إذا دخل في بعض مشيه تحرك كذا في الذخيرة. (الفتاوى الهندية: (۱/ ۱۲) كتاب الطهارة، الباب الأول في الوضوء، الفصل الخامس في نواقض الوضوء، ط: رشيدية)

☆ حاشية الشلبي على التبيين: (۱/ ۱۰) كتاب الطهارة، ط: امداديه ملتان.

(۲) وإن خرج من نفس الفم تعتبر الغلبة بينه وبين الريق. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۱) ط: رشيدية)

☆ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، نواقض الوضوء، (۱/ ۱۲۳) ط: رشيدية.

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۳۹-۱۳۸) ط: سعيد.

ہے منہ بھر سکے تب بھی وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

اگر تھوک میں خون معلوم ہو، تو اگر تھوک میں خون بہت کم ہے، اور تھوک کا رنگ سفید یا زردی مائل ہے، تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور اگر خون زیادہ ہے یا برابر اور رنگ سرخی مائل ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲)

تھوکنا

قبلہ کی طرف تھوکنا منع ہے، اگر وضو کرتے ہوئے قبلہ کی طرف منہ ہو مگر نیچے زمین کی طرف تھوکے تو اس میں کوئی کراہت نہیں، چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ نماز میں اگر تھوکنے کی ضرورت پیش آئے تو پاؤں کے نیچے تھوک دے، حالانکہ اس وقت نمازی قبلہ رُخ ہوتا ہے، اس کے باوجود نیچے کی طرف تھوکنے کی اجازت دی گئی ہے۔

---

(۱) (لا) ینقضه قيء من (بلغم) على المعتمد (اصلا) الا المخلوط بطعام فيعتبر الغالب ولو استويا فكل على حدة.

وفي الرد: (قوله: فيعتبر الغالب) فان كانت الغلبة للطعام وكان بحال لو انفرد ملأ الفم نقض وان كانت الغلبة للبلغم وكان بحال لو انفرد ملأ الفم كانت المسألة على الاختلاف. تاتارخانية. (رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱۳۸/۱) ط: سعيد)

ج بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، نواقض الوضوء، (۱۲۶/۱) ط: رشيدية.

ج الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۱/۱) ط: رشيدية.

(۲) ولو بزق فخرج معه الدم ان كانت الغلبة للبزاق لا يكون حدثا لانه ما خرج بقوة نفسه وان كانت الغلبة للدم يكون حدثا لان الغالب اذا كان هو البزاق لم يكن خارجا بقوة نفسه فلم يكن سائلا وان كان الغالب هو الدم كان خروجه بقوة نفسه فكان سائلا وان كانا سواء فالقياس ان لا يكون حدثا وفي الاستحسان يكون حدثا. (بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، نواقض الوضوء، (۱۲۴/۱) ط: رشيدية)

ج الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۱/۱) ط: رشيدية

ج رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱۳۹/۱) ط: سعيد

☆ اپنی جائے نماز وغیرہ پر تھوک سکتا ہے، مسجد کی جائے نماز پر نہیں۔ (۱)

☆ پاخانہ، پیشاب کرتے وقت بلا ضرورت وہاں پر نہ تھوکے۔ (۲)

تیل

اگر ہاتھ یا پیر میں تیل لگایا اور پھر وضو کیا، پانی اس کے اوپر سے بہہ گیا، اور چکنائی کے باعث عضو میں پانی جذب نہ ہوا تو بھی وضو صحیح ہو جائے گا۔ (۳)

---

(۱) عن انس بن مالک ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رای نخامة فی القبلة فشق ذلک علیہ حتی رئی فی وجهه فقام فحکه بیده فقال ان احدکم اذا قام فی صلاته فانه یناجی ربه او ان ربه بینه وبین القبلة فلا یبزقن احدکم قبل قبلته ولکن عن یساره او تحت قدمیه ثم اخذ طرف ردائه فبصق فیه ثم رد بعضه علی بعض فقال او یفعل هکذا. (صحیح البخاری، کتاب الصلاة، باب حک البزاق بالید من المسجد، (۱/۵۸) ط: قدیمی)

☆ ذکر ما یستنبط منه..... وفیه انه اذا بزق یبزق عن یساره ولا یبزق امامه تشریفا للقبلة ولا عن یمینه تشریفا للیمین...... قال النووی هذا فی غیر المسجد اما فیه فلا یبزق الا فی ثوبه. (عمدة القاری، کتاب الصلاة، باب حک البزاق بالید من المسجد، (۴/۱۴۹) ط: دار إحیاء التراث العربی)

☆ مرقاة المفاتیح، کتاب الصلاة، باب المساجد ومواضع الصلاة، الفصل الاول، (۲/۲۰۱) ط: مکتبہ امدادیہ.

(۲) ولا یبزق فی البول. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۳۴۵) ط: سعید)

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰) ط: رشیدیة.

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۲۴۳) ط: سعید.

(۳) قال فی الشرنبلالیة: قال المقدسی: وفی الفتاوی، دهن رجلیه ثم توضأ و امر الماء علی رجلیه ولم یقبل الماء للدسومة جاز لوجود غسل الرجلین. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، مطلب فی ابحاث الغسل، (۱/۱۵۴) ط: سعید)

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول، (۱/۵) ط: رشیدیة.

☆ فتح القدیر (۱/۱۷) کتاب الطهارة، ط: رشیدیة.

تیمم

تیمم ان تمام اعمال کے لئے کرنا جائز ہے جن کے لئے طہارت کی شرط نہیں ہے، لیکن ایسے تیمم سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، مثلاً پانی ہونے کے باوجود سوتے وقت یا سلام کا جواب دینے کے لئے تیمم کرنا جائز ہے مگر اس تیمم سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔[1]

☆ تیمم جائز ہونے کی صورت میں نماز کا وقت داخل ہونے سے پہلے بھی تیمم کرنا جائز ہے۔[2]

☆ اور ایک سے زیادہ فرض نماز پڑھنے کے لئے بھی تیمم کرنا درست ہے۔

☆ نفل نمازوں کی طرح فرض نمازوں کے لئے بھی تیمم کرنا جائز ہے۔

☆ ہمارے نزدیک تیمم وضو اور غسل دونوں کا بدل ہے، لہٰذا ایک تیمم سے جتنی فرض اور نفل نمازیں پڑھنا چاہے پڑھ سکتا ہے، جس طرح ایک وضو سے جتنی

---

(۱) وقالوا: لو تيمم لدخول مسجد او للقراءة ولو من مصحف او مسه او كتابته او تعليمه او لزيارة قبور او عيادة مريض او دفن ميت او اذان او اقامة او اسلام او سلام او رده لم تجز الصلاة به عند العامة، بخلاف صلاة جنازة أو سجدة تلاوة فتاوى شيخنا خير الدين الرملي. قلت: و ظاهره انه يجوز فعل ذلك فتامل.

وفي الرد: اى لفقد الشرط وهو امران كون المنوى عبادة مقصودة وكونها لا تحل الا بالطهارة.

(رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۴۵/۱) ط: سعيد)

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۶/۱) ط: رشيدية.

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۰/۱) ط: سعيد.

(۲) لو تيمم قبل دخول الوقت جاز عندنا هكذا في الخلاصة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۳۰/۱) ط: رشيدية)

☜ المحيط البرهاني، كتاب الطهارات، الفصل الخامس، (۳۰۶/۱) ط: ادارة القرآن.

☜ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۴۱/۱) ط: سعيد.

فرض اور نفل نمازیں پڑھنا چاہے پڑھ سکتا ہے۔ (۱)

تیمم امت محمدیہ کے لئے ایک خاص تحفہ ہے

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمیں (گزشتہ انبیاء کرام کے) لوگوں پر خاص طور پر تین چیزوں کے ذریعہ فضیلت عطا کی گئی ہے۔

① ہماری (نماز یا جہاد کی) صفیں، فرشتوں کی صفوں کی طرح قرار دی گئی ہیں، یعنی جس طرح فرشتوں کو صف باندھ کر عبادت کرنے میں بہت زیادہ قرب اور بزرگی حاصل ہوتی ہے، اسی طرح نماز اور جہاد کی صفیں بنانے سے بھی بہت زیادہ قرب اور بزرگی حاصل ہوتی ہے۔

② ہمارے لئے ساری زمین نماز کی جگہ بنائی گئی ہے۔

③ اس (زمین) کی مٹی کو ہمارے لئے پاک کرنے والی بنایا گیا ہے اس صورت میں کہ پانی ہمیں دستیاب نہ ہو۔

تشریح:

سابقہ انبیاء کرام کی امتوں میں نماز پڑھنے کے لئے جماعت اور صف بندی کی پابندی نہیں تھی، وہ جس طرح چاہتے تھے اسی طرح نماز پڑھ لیتے تھے، ان کی نماز ان کی خاص عبادت گاہ کنائس (چرچ) "بیع" (معبد) کلیسا کے علاوہ کسی اور جگہ پر پڑھنا جائز نہیں ہوتی تھی، اور ان کو تیمم کی سہولت بھی نہیں دی گئی تھی، امت محمدیہ علی صاحبہا التحیۃ والسلام کو سابقہ انبیاء کرام کی امتوں پر جن چیزوں کے ذریعہ امتیازی

---

(۱) ویصلی بالتیمم الواحد ماشاء من الصلوات فرضا او نفلا. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول. (۱/ ۳۰) ط: رشیدیة)

(۲) ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۲۴۱) ط: سعید.

(۳) البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۱۵۶) ط: سعید.

... سے سرفراز کی گئی ہے ان میں سے خاص طور پر یہ تین چیزیں بھی ہیں کہ صف بندی کر کے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا حکم ہوا، اور اس پر فرشتوں کی مانند اجر و ثواب ملنے کی امید دلائی گئی، اور مسلمانوں کو پوری زمین پر جہاں بھی ہو پاک صاف جگہ پر نماز جائز ہونے کی سہولت دی گئی، اور پانی نہ ملنے یا پانی کے استعمال سے معذور ہونے کی صورت میں تیمم کرنے کی اجازت دی گئی۔ (۱)

تیمم ان چیزوں سے جائز نہیں ہے

☆ جو چیز مٹی کی قسم سے نہیں ہے اس سے تیمم کرنا جائز نہیں ہے۔

☆ جو چیزیں آگ میں جلانے سے نرم ہو جاتی ہیں، پگھل جاتی ہیں یا جل کر راکھ ہو جاتی ہیں، اور وہ مٹی کی قسم سے نہیں جیسے کپڑا، لکڑی وغیرہ جل کر راکھ ہو جاتے ہیں اور سونا چاندی وغیرہ جلنے سے نرم ہو کر پگھل جاتے ہیں ان سے تیمم کرنا جائز نہیں ہے۔ (۲)

---

(۱) حدثنا ابوبکر بن ابی شیبۃ قال نا محمد بن فضیل عن ابی مالک الاشجعی عن ربعی عن حذیفۃ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: فضلنا علی الناس بثلاث جعلت صفوفنا کصفوف الملائکۃ وجعلت لنا الارض کلها مسجدا وجعلت تربتها لنا طهورا اذا لم نجد الماء وذکر خصلة اخری. (الصحیح لمسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، (۱/۱۹۹) ط: قدیمی)

☆ ای ثلاث خصال لم تکن لهم واحدۃ منها لان الامم السالفۃ کانوا یصلون فی الصلاۃ کیفما اتفق ولم تجز لهم الصلاۃ الا فی الکنائس والبیع ولم یجز لهم التیمم. (مرقاۃ المفاتیح، کتاب الطهارۃ، باب التیمم، الفصل الاول، (۲/۸۵) ط: مکتبہ امدادیہ)

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارۃ، باب التیمم، (۱/۱۳۸) ط: سعید.

☆ فتح القدیر، کتاب الطهارۃ، باب التیمم، (۱/۱۰۶) ط: رشیدیۃ.

(۲) ولیس بطاهر من جنس الارض، کذا فی التبیین. کل ما یحترق فیصیر رمادا کالحطب والحشیش ونحوهما او ما ینطبع ویلین کالحدید والصفر والنحاس والزجاج وعین الذهب والفضۃ ونحوها فلیس من جنس الارض. (الفتاوی الهندیۃ، کتاب الطهارۃ، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۶) ط: رشیدیۃ)

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارۃ، باب التیمم، (۱/۱۴۷) ط: سعید.

☆ فتح القدیر، کتاب الطهارۃ، باب التیمم، (۱/۱۱۲) ط: رشیدیۃ.

تیمم ان چیزوں سے جائز ہے

☆ مٹی یا مٹی کی قسم سے جو چیزیں ہوں ان سے تیمم کرنا جائز ہے۔

☆ جو چیزیں آگ میں جلانے سے نرم نہیں ہوتی ہیں، اور جل کر راکھ نہیں ہوتی ہیں اور وہ چیزیں مٹی کی قسم سے ہیں تو ان سے تیمم کرنا جائز ہے، جیسے ریت، مختلف قسم کے پتھر عقیق، زبرجد، فیروزہ، سنگ مرمر، ہڑتال، سنکھیا وغیرہ۔ (۱)

☆ جو چیزیں مٹی کی قسم سے نہ ہوں، مگر ان پر گرد وغبار ہو تو گرد وغبار ہونے کی وجہ سے اس سے تیمم کرنا جائز ہے، جیسے کسی کپڑے یا لکڑی یا سونے چاندی وغیرہ پر غبار ہو تو ان سے تیمم کرنا جائز ہے۔ (۲)

☆ کسی ناپاک چیز پر گرد وغبار ہو، تو اگر وہ غبار اس پر خشکی کی حالت میں پڑا ہو، اور اس سے تیمم کرنے میں نجاست کے کسی چیز کے آنے کا خوف نہ ہو تو اس سے تیمم کرنا جائز ہے ورنہ نہیں۔ (۳)

---

(۱) انظر إلى الحاشية السابقة، رقم: ۲، على الصفحة: ۲۲۳، (يتيمم بطاهر من جنس الأرض)

☆ فيجوز التيمم بالرمل والتراب والسبخة المنعقدة من الأرض دون الماء والجص والنورة والكحل والزرنيخ والمغرة والكبريت والفيروزج والعقيق والبلخش والمرد والزبرجد والياقوت والمرجان. (الفتاوى الهندية: (۱/۲۶-۲۷) كتاب الطهارة، الباب الرابع في التيمم، ط: رشيدية

☆ البحر الرائق: (۱/۱۴۷) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد.

☆ فتح القدير: (۱/۱۱۲) كتاب الطهارات، باب التيمم، ط: رشيديه.

(۲) وصورة التيمم بالغبار ان يضرب بيده ثوبا او لبدا او وسادة او ما اشبهها من الاعيان الطاهرة التي عليها غبار فاذا وقع الغبار على يديه تيمم. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر فيما يجوز به التيمم، (۱/۲۴۰) ط: ادرة القرآن)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۳۹) ط: سعيد.

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۷) ط: رشيدية

(۳) اذا تيمم بغبار الثوب النجس لايجوز الااذا وقع التراب بعد ما جف الثوب، كذا في التبيين (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/۲۷) ط: رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۴۱) ط: سعيد. =

☆ کسی حیوان یا انسان یا اپنے اعضاء پر غبار ہو تو اس سے تیمم کرنا جائز ہے، جیسے کسی نے جھاڑو دی، اس سے غبار اڑ کر منہ اور ہاتھوں پر پڑ جائے اور ہاتھ مل لے تو تیمم ہو جائے گا۔ (۱)

☆ اگر کوئی ایسی چیز مٹی سے مل جائے جس سے تیمم کرنا جائز نہیں ہے تو غالب کا اعتبار ہوگا، اگر مٹی وغیرہ غالب ہے تو تیمم جائز ہوگا ورنہ نہیں۔ (۲)

☆ اناج مثلاً گیہوں، جو، باجرہ وغیرہ پر اگر گرد و غبار ہو تو تیمم کرنا جائز ہے ورنہ نہیں۔ (۳)

تیمم ان صورتوں میں جائز ہے

☆ اگر وضو یا غسل کے لئے پانی استعمال کرنے کی صورت میں مریض کے

= د الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر فیما یجوز به التیمم، (۱/ ۲۴۰) ط: ادارة القرآن.

(۱) ولو اصاب الغبار وجهه ویدیه فمسح به ناویا للتیمم یجوز وان لم یمسح لا یجوز، کذا فی الظهیریة. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۷) ط: رشیدیة)

د ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۲۴۱) ط: سعید.

د فتاوی قاضی خان علی هامش الهندیة. کتاب الطهارة، باب التیمم، فصل فی صورة التیمم، (۱/ ۵۳) ط: رشیدیة.

(۲) واذا خالط التراب ما لیس من جنسه فالعبرة للغلبة، هکذا فی الظهیریة. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۷) ط: رشیدیة)

ح ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۲۴۱) ط: سعید.

ح البحرالرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۱۴۸) ط: سعید.

(۳) ولو وضع یدیه علی حنطة او شعیر او غیر ذلک من الحبوب فلصق بیدیه غبار فان بان اثره جاز به التیمم، کذا فی السراج الوهاج. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۷) ط: رشیدیة)

ح ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۲۴۰) ط: سعید.

ح البحرالرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۱۴۸) ط: سعید.

مرجانے یا مرض بڑھ جانے کا اندیشہ ہو یا مرض کے طول پکڑنے کا خوف ہو تو ان سب صورتوں میں تیمم کرنا جائز ہوگا۔

☆ اور اگر کوئی شخص ابھی تندرست ہے لیکن گمان غالب یہ ہے کہ پانی استعمال کرنے سے بیمار ہو جائے گا، تو تیمم کرنا جائز ہے۔

☆ اگر وضو کر سکتا ہے لیکن غسل کرنے سے نقصان ہوتا ہے تو وضو کرلے اور غسل کی جگہ تیمم کرے۔

☆ اگر ٹھنڈے پانی سے مرض وغیرہ کا اندیشہ ہے، اور گرم پانی میسر نہیں آتا، تو تیمم کرنا جائز ہے۔

☆ اگر کسی خاص مقام میں اتفاق سے ایسی سخت سردی ہو کہ گرم پانی سے غسل کرنے میں مرض یا موت کا اندیشہ ہو اور کوئی ایسا کپڑا وغیرہ نہ ہو جس کو وضو یا غسل کے بعد اوڑھ کر گرمائش حاصل کی جائے تو وہاں پر تیمم کرنا جائز ہوگا، خواہ یہ صورت جنگل میں پیش آئے یا بستی میں۔

نوٹ۔ واضح رہے کہ سخت سردی میں ہمیشہ تیمم کرنا جائز نہیں ہوتا کیونکہ سخت سردی میں بھی گرم پانی سے غسل کرنے کی صورت میں آدمی بیمار بھی نہیں ہوتا اور مرتا بھی نہیں، ہاں اگر کوئی خاص ایسا مقام ہے جہاں اتفاق سے ایسی سردی ہو کہ گرم پانی سے بھی ضرر ہو، اور ایسا کپڑا وغیرہ نہ ہو جس کو غسل کے بعد اوڑھ کر گرمائش حاصل کی جائے تو وہاں پر تیمم کرنا جائز ہوگا۔[1]

تیمم بخار میں کرنا

''بخار میں تیمم کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/ ۱۲۰)

---

(۱) تقدم تخريجه تحت العنوان ''پانی کے استعمال سے معذور ہونے کی صورتیں''۔

ماء (۱)

تیمم ٹوٹ جاتا ہے

☆ اگر وضو کا تیمم کیا ہے تو وضو کرنے کی مقدار پانی ملنے سے تیمم ٹوٹ جائے گا، اور اگر غسل کا تیمم ہے تو غسل کرنے کی مقدار پانی ملنے سے تیمم ٹوٹ جائے گا، اور اگر پانی اس مقدار سے کم ملا تو تیمم نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

☆ اگر بیماری کی وجہ سے تیمم کیا ہے، اور بیماری ختم ہوگئی، اب پانی سے وضو اور غسل کرنے میں نقصان نہیں، تو تیمم ٹوٹ جائے گا، اب وضو کرنا اور غسل کرنا واجب ہوگا۔ (۲)

☆ جتنی چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے ان سے تیمم بھی ٹوٹ جاتا ہے، اور استعمال کے لئے پانی مل جانے سے بھی تیمم ٹوٹ جاتا ہے۔ (۳)

☆ جو چیز عذر کی وجہ سے جائز ہوتی ہے، اس عذر کے دور ہو جانے کے بعد وہ باطل ہو جاتی ہے۔ (۴)

---

(۱) وينقضه القدرة على استعمال الماء الكافي الفاضل عن حاجته، كذا في البحر الرائق (الفتاوى الهندية، كتاب التيمم، الباب الرابع، الفصل الثاني، (۱/۲۹) ط: رشيدية)

(۲) الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يبطل به التيمم وما لا يبطله، (۱/۲۳۹) ط: ادارة القرآن.

(۳) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۵۵) ط: سعيد

(۲) اذا زال المرض المبيح ينتقض تيممه. (الفتاوى الهندية، كتاب التيمم، الباب الرابع، الفصل الثاني، (۱/۲۹) ط: رشيدية)

(۳) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۵۱) ط: سعيد.

(۴) البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۵۲) ط: سعيد.

(۳) اعلم ان ما يبطل به الوضوء يبطل به التيمم. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يبطل به التيمم وما لا يبطله، (۱/۲۳۹) ط: ادارة القرآن)

(۲) الفتاوى الهندية، كتاب التيمم، الباب الرابع، الفصل الثاني، (۱/۲۹) ط: رشيدية

(۳) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۵۳) ط: سعيد.

(۴) [illegible]

(۴) لان ما جاز بعذر بطل بزواله. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۵۱) ط: سعيد)

تیمم توڑنے والی چیز پیش نہ آئے

''ناقض تیمم پیش نہ آئے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۲٦٤)

تیمم جائز ہونے کی ایک خاص صورت

☆ تیمم ایسی نمازوں کے لئے بھی کرنا جائز ہے جن کی قضاء اور بدل نہیں ہے، اور وضو کرنے کی صورت میں ان کے فوت ہوجانے کا خوف ہو، جیسا کہ عید اور جنازہ کی نماز شروع ہوگئی، اب اگر وضو کرنے سے عید اور جنازہ کی نماز فوت ہوجانے کا ڈر ہو تو تیمم کر کے نماز میں شامل ہوجانا جائز ہوگا، کیونکہ عید اور جنازہ کی نمازوں کی قضاء اور بدل نہیں ہے۔

☆ سورج اور چاند گہن کی نمازوں کے لئے اگر وضو کرے گا تو وضو کرتے کرتے سورج اور چاند گہن ختم ہوجائے گا اسی طرح سنت مؤکدہ اگر وضو کر کے ادا کرے گا تو وقت نکل جائے گا تو ان صورتوں میں تیمم کر کے نماز ادا کرنا جائز ہوگا۔

مثال کے طور پر پانی ایک میل سے کم دوری پر ہے، ملازم یا خادم پانی لینے گیا ہے لیکن اس آدمی کو یقین یا ظن غالب ہے کہ جب ملازم یا خادم پانی لے کر واپس پہنچے گا تو اس وقت فجر کی نماز کا صرف وضو کر کے مشکل سے صرف فرض ادا کرنے کا وقت ملے گا تو ایسے شخص کے لئے تیمم کر کے فجر کی سنت پڑھنا جائز ہے لیکن فرض نماز وضو کر کے پڑھنا ضروری ہے، کیونکہ سنت کی قضاء نہیں ہے اور فوت ہونے کی صورت میں بدل نہیں ہے، لیکن فرض کا بدل ہے، فوت ہونے کی صورت میں قضاء ہے۔

فجر کی سنت فوت ہوجانے کے خوف کی شرط اس لئے ہے کہ اگر یہ خوف ہو کہ فرض کے ساتھ سنت بھی فوت ہوجائے گی، تو پھر تیمم کرنا جائز نہیں ہوگا، کیونکہ جب فجر کے فرض اور سنت دونوں فوت ہوجاتے ہیں تو اس دن زوال سے پہلے پہلے قضاء

...صورت میں فرض کی قضاء کے ساتھ سنت کی قضا کرنا بھی جائز ہوتا ہے۔ (۱)

تیمم جن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے

☆ جن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے ان سے وضو کا تیمم بھی ٹوٹ جاتا ہے، اور جن چیزوں سے غسل واجب ہوتا ہے ان سے غسل کا تیمم بھی ٹوٹ جاتا ہے۔ (۲)

☆ اگر وضو اور غسل دونوں کے لئے ایک ہی تیمم کیا ہے، تو جب وضو ٹوٹ جائے گا، تو وہ تیمم وضو کے حق میں ٹوٹ جائے گا اور غسل کے حق میں باقی رہے گا جب تک غسل واجب کرنے والی کوئی چیز نہیں پائی جائے گی۔ (۳)

(۱)(و) جاز (لخوف فوت صلاة جنازة) ای کل تکبیراتها ... (او) فوت (عيد) بفراغ امام او زوال شمس (ولو) كان يبني (بناء) بعد شروعه متوضئا وسبق حدثه (بلا فرق بين كونه اماما او م) في الاصح لان المناط خوف الفوات لا الى بدل فجاز لكسوف وسنن رواتب ولو سنة فجر خاف فوتها وحدها.

وفي الرد: (قوله: خاف فوتها وحدها) اى فيتيمم على قياس قولهما اما على قول محمد فلا لانها اذا فاتته لاشتغاله بالفريضة مع الجماعة يقضيها بعد ارتفاع الشمس عنده وعندهما لا يقضيها اصلا بحر. وصورة فوتها وحدها لو وعده شخص بالماء او امر غيره بنزحه له من بئر وعلم انه لو انتظره لا يدرك سوى الفرض يتيمم للسنة ثم يتوضأ للفرض ويصلي قبل الطلوع وصورها شيخنا بما اذا فاتت مع الفرض واراد قضاء ها ولم يبق الى زوال الشمس مقدار الوضوء وصلاة ركعتين فيتيمم ويصليها قبل الزوال لانها لا تقضى بعده ثم يتوضأ ويصلي الفرض بعده وذكر لها ط صورتين أخريين. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۴۳-۲۴۱) ط:سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۵۷-۱۵۹) ط:سعيد.

☆ كتاب المبسوط، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۶۰) ط:المكتبة الغفارية.

(۲) تقدم تخريجه تحت العنوان "تیمم ٹوٹ جاتا ہے"۔

(۳) ---وان نقض تيمم الوضوء كل ما نقض الغسل لكن لا ينقض تيمم الغسل كل ما نقض الوضوء لانه اذا تيمم عن جنابة ثم بال مثلا فهذا ناقض للوضوء لا ينتقض به تيمم الغسل بل تنتقض طهارة الوضوء التي في ضمنه فثبت له احكام الحدث لا احكام الجنابة فقد وجد ناقض الوضوء ولم ينتقض تيمم الجنابة. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۵۴) ط: سعيد)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يبطل به التيمم وما لا يبطله، (۱/۲۴۰) ط:ادارة القرآن. =

☆ جس عذر کے سبب سے تیمم کیا گیا تھا، اس کے زائل ہو جانے سے تیمم ٹوٹ جائے گا، اگرچہ اس کے بعد ہی فوراً دوسرا عذر پیدا ہو جائے، مثلاً کسی نے پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمم کیا تھا، پھر جب پانی ملا تو وہ بیمار ہو گیا، تو پھر نماز وغیرہ کے لئے دوبارہ تیمم کرے۔[1]

☆ اگر کوئی شخص تیمم کرنے کے بعد اس طرح سو رہا تھا جس سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے اس حالت میں یا اونگھتے ہوئے پانی کے پاس سے گذرے تو اس کا تیمم نہیں ٹوٹے گا، اس لئے کہ وہ ایسی حالت میں پانی پر پہونچا تھا جس میں اس کو پانی کے استعمال پر قدرت نہیں تھی۔

یا غسل کے عوض میں تیمم کیا ہو مثلاً کوئی شخص گھوڑے یا گاڑی پر بیٹھا ہوا سو جائے اور راستہ سے گذرتے ہوئے اسے کوئی چشمہ یا ندی وغیرہ ملے تو اس کا تیمم نہیں ٹوٹے گا۔

اور غسل کے تیمم کی شرط اس لئے ہے کہ وضو کا تیمم سونے سے ٹوٹ جاتا ہے۔[2]

[illegible] البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱/۱۵۲) ط:سعيد.

(۱) المسافر اذا تيمم لعدم الماء ثم مرض مرضا يبيح له التيمم لو كان مقيما لم تجز له الصلاة [illegible]ذلك التيمم لان اختلاف اسباب الرخصة يمنع الاحتساب بالرخصة الاولى عن الثانية وتصير الاولى كان لم تكن، كذا في الفصول العمادية في احكام المرضى في كتاب الطهارة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثاني ، (۱/۳۰-۲۹) ط:رشيدية)

= فتاوى قاضي خان على هامش الهندية. كتاب الطهارة، باب التيمم، فصل فيما يجوز له التيمم، (۱/۵۸) ط:رشيدية.

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱/۱۵۲) ط:سعيد.

(۲) واعلم ان مرور الناعس على الماء ينقض تيممه سواء كان عن حدث او عن جنابة متمكنا او لا، ومرور النائم مثله لكن لو كان غير متمكن مقعدته وكان تيممه عن حدث يكون الناقض النوم لا المرور كما يعلم من البحر وبه يعلم ما في كلام الشارح فكان الصواب ان يقول ومرور ناعس مطلقا او نائم متيمم عن جنابة او عن حدث وكان متمكنا فافهم. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۵۷) ط:سعيد) =

☆ اگر کوئی شخص ریل یا جہاز پر سوار ہو اور اس نے پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمم کیا ہے، اور راستہ میں چلتی ہوئی ریل سے اس کو پانی کے چشمے، ندی، نہر وغیرہ نظر آتے ہیں تو اس کا تیمم نہیں ٹوٹے گا کیونکہ اس صورت میں وہ پانی کے استعمال پر قادر نہیں ہے۔(۱)

☆ جس آدمی نے پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمم کیا تھا اگر وہ ایسا پانی دیکھے جس کے استعمال پر قادر ہو تو اس کا تیمم ٹوٹ جائے گا۔

☆ اگر کسی آدمی پر غسل کرنا واجب تھا، اور اس نے شرعی عذر کی وجہ سے تیمم کیا تو اس عذر کے ختم ہونے کے بعد وہ تیمم بھی ٹوٹ جائے گا، مثلاً پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمم کیا تھا، تو اگر پانی مل گیا اور استعمال کرنے پر قدرت ہوگئی تو جنابت کا تیمم ٹوٹ جائے گا، اگر مرض کی وجہ سے تیمم کیا تھا تو جس وقت وہ مرض زائل ہو جائے گا تیمم بھی ٹوٹ جائے گا، یا غسل واجب کرنے والی کوئی بات پائی جائے تو تیمم ٹوٹ جائے گا۔(۲)

جنابت کے غسل کے عوض میں کیا ہوا تیمم وضو توڑنے والی چیزوں سے نہیں ٹوٹے گا، مثلاً کسی مرض کی وجہ سے یا پانی نہ ملنے کی وجہ سے جنابت کا تیمم کیا پھر وضو

(۱) الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثاني، (۱/ ۳۰) ط: رشيدية.
فتاوی قاضي خان على هامش الهندية. كتاب الطهارة، باب التيمم، فصل فيما يجوز له التيمم، (۱/ ۵۶) ط: رشيدية.

(۱) وإن مر على الماء وهو في موضع لا يستطيع النزول إليه لخوف عدو أو سبع لم ينتقض، هكذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثاني، (۱/ ۳۰) ط: رشيدية)
البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۳۲) ط: سعيد.
فتح القدير، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۱۹) ط: رشيدية.

(۲) وينقضه القدرة على استعمال الماء الكافي الفاضل عن حاجته، كذا في البحر الرائق. (الفتاوى الهندية، كتاب التيمم، الباب الرابع، الفصل الثاني، (۱/ ۲۹) ط: رشيدية)
الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يبطل به التيمم وما لا يبطله، (۱/ ۲۴۹) ط: ادارة القرآن.
رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۵۵) ط: سعيد.

توڑنے والی چیز پیش آگئی تو اس سے جنابت کا تیمم نہیں ٹوٹے گا، صرف وضو یہ ٹوٹ جائے گا، غسل کا تیمم باقی رہے گا، وضو کے لئے تیمم دوبارہ کرے، غسل کے لئے دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (۱)

تیمم دوسرے نے کرایا

اگر کسی دوسرے نے اپنے ہاتھ زمین پر مار کر کسی کا تیمم کرا دیا، اور اس مریض نے دوسرے آدمی کا ہاتھ زمین پر مارنے سے پہلے تیمم کا قصد اور نیت کر لی تھی، تو تیمم صحیح ہو جائے گا۔ (۲)

تیمم شرائط کے ساتھ وضو کا قائم مقام ہوتا ہے

پانی دستیاب نہ ہونے یا پانی کے استعمال سے معذور ہونے کی صورت میں تیمم، وضو اور غسل کا قائم مقام ہوتا ہے، اور یہ اللہ تعالیٰ کی ان عظیم نعمتوں میں سے ایک ہے، جو اس نے اپنے فضل و کرم سے صرف امت محمدیہ علی صاحبہا التحیۃ والسلام کو عطا کی، گزشتہ انبیاء کرام علیہم السلام کی امتوں میں تیمم کرنے کی اجازت نہیں تھی۔

---

(۱) فإن تيمم لجنابة، ثم انتقض تيممه لم يعد جنبا، بل يصير محدثا حدثا أصغر، فيجوز له أن يقرأ القرآن، ويدخل المسجد، ويمكث فيه. (الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/۹۷) كتاب الطهارة، مباحث التيمم، مبطلات التيمم، ط: دار الغد الجديد)

(۲) فلو تيمم للجنابة ثم أحدث صار محدثا لا جنبا فيتوضأ. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱/۲۵۵) كتاب الطهارة، باب التيمم، مطلب: فاقد الطهورين، ط: سعيد)

الفقه الإسلامي وأدلته: (۱/۶۰۳) الباب الأول الطهارات، الفصل السادس: التيمم، المطلب السابع: نواقض التيمم أو مبطلاته، ط: دار الفكر.

(۲) فلو أمر غيره بأن يممه جاز بشرط أن ينوي الآمر. (شامي: (۱/۲۳۷) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد)

مريض يممه غيره فالنية على المريض دون الميمم، كذا في القنية. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول: (۱/۲۶) ط: رشيدية)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم: (۱/۱۲۵) ط: سعيد

اور تیمم کرنے کے لئے پاک مٹی وغیرہ پر دو ہاتھوں کو مارا جاتا ہے اور اس مارنے کو "ضرب" کہتے ہیں۔[1]

تیمم صحیح ہونے کی شرطیں

تیمم صحیح ہونے کی شرطیں یہ ہیں:

① مسلمان ہونا، کافر کا تیمم صحیح نہیں، یعنی کفر کی حالت میں تیمم کر کے اسلام قبول کرنے کے بعد، اس تیمم سے نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے، البتہ اسلام قبول کرنے کے وقت جو غسل مستحب ہے، اگر اس کے عوض تیمم کیا ہے تو اس کو مستحب ادا کرنے کا ثواب مل جائے گا۔[2]

② تیمم کی نیت کرنا، جس حدث کی وجہ سے تیمم کیا جائے، یا اس سے طہارت کی نیت کی جائے، یا جس چیز کے لئے تیمم کیا جائے اس کی نیت کی جائے، مثلاً اگر جنازہ کی نماز کے لئے تیمم کر رہا ہے، یا قرآن شریف کی تلاوت کے لئے تیمم کر رہا ہے تو اس کی نیت کی جائے (یعنی جنازہ کی نماز پڑھنے کے لئے تیمم کر رہا ہوں، یا قرآن مجید کی تلاوت کے لئے تیمم کر رہا ہوں) مگر نماز اس تیمم سے صحیح ہوگی جس میں ناپاکی سے پاکی حاصل کرنے کی نیت کی گئی ہو۔ یا کسی ایسی عبادت مقصودہ کی نیت کی گئی ہو جو طہارت کے بغیر نہیں ہو سکتی (عبادت مقصودہ وہ عبادت ہے جس کی مشروعیت صرف ثواب اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور خوشنودی کے لئے ہو، کسی

---

(۱) تقدم تخريجه تحت العنوان: "تیمم امت محمدیہ کے لئے ایک خاص تحفہ ہے" اور "پانی کے استعمال سے معذور ہونے کی صورتیں"۔

(۲) مظاہر حق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۳۸۶،۳۸۳) ط: دار الاشاعت.

والكافر إذا تيمم للإسلام فأسلم لا يجوز له أن يصلي بذلك التيمم عند أبي حنيفة ومحمد كذا في الخلاصة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/ ۲۶) ط: رشيدية)

رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۳۱) ط: سعيد.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۵۱) ط: سعيد.

دوسری عبادت کے ادا کرنے کے لئے اس کی مشروعیت نہ ہو، جیسے نماز، البتہ وضو، قرآن مجید کو چھونے اور مسجد میں جانے کے لئے جو تیمم ہوتا ہے، اس سے صرف ثواب مقصود نہیں ہوتا بلکہ دوسرے عبادتوں کو بھی ادا کرنا مقصود ہوتا ہے)۔

لہٰذا نماز کے تیمم سے قرآن مجید چھونا جائز ہے، لیکن قرآن مجید وغیرہ چھونے کے لئے جو تیمم کیا ہے اس سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ تیمم کرنا ضروری ہے۔ (۱)

③ پورے منہ اور دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا۔ (۲)

④ جسم پر کسی ایسی چیز کا نہ ہونا جو مسح کے لئے مانع ہو، مثلاً تیل، چربی، موم یا تنگ انگوٹھی اور چھلے وغیرہ۔ (۳)

---

(۱) منها النية، و كيفيتها ان ينوى عبادة مقصودة لاتصح الا بالطهارة ونية الطهارة او استباحة الصلاة تقوم مقام ارادة الصلاة۔۔۔ لو تيمم لصلاة الجنازة او لسجدة التلاوة اجزاه ان يصلى به المكتوبة بلاخلاف، كذا في المحيط ولو تيمم لقراءة القرآن عن ظهر القلب او عن المصحف او لزيارة القبور او لدفن الميت او للاذان او للاقامة او لدخول المسجد او لخروجه بان دخل المسجد وهو متوضئ ثم احدث او لمس المصحف وصلى بذلك التيمم قال عامة العلماء لا يجوز كذا في فتاوى قاضيخان (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۶-۲۵) ط: رشيدية)

⇐ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۳۰) ط:سعيد.

⇐ البحرالرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۴۹-۱۵۰) ط:سعيد.

(۲) ومنها الاستيعاب، استيعاب العضوين في التيمم واجب في ظاهر الرواية، كذا في محيط السرخسي، وهو المختار كذا في المضمرات. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۶) ط:رشيدية)

⇐ ردالمحتار، كتاب التيمم، باب التيمم، (۱/ ۲۳۰) ط:سعيد.

⇐ البحرالرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۴۴) ط:سعيد.

(۳) تتمة: زاد في نورالايضاح في الشروط شرطين آخرين۔۔۔ والثاني: زوال مايمنع المسح على البشرة كشمع و شحم لكن يغني عن الثاني الاستيعاب كما لا يخفى. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۳۱) ط:سعيد)

⇐ البحرالرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۴۴) ط:سعيد.

⇐ فتح القدير، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۱۱) ط:رشيدية.

(د) پورے دونوں ہاتھوں سے یا ان کے اکثر حصے سے مسح کرنا۔ (۱)

⑦ تیمم کرتے وقت حدث اکبر یا حدث اصغر والی چیز کا نہ ہونا، مثلاً کوئی حیض یا نفاس والی عورت تیمم کرے گی تو تیمم صحیح نہیں ہوگا۔ (۲)

اور اگر ایسی عبادت کے لئے تیمم کیا ہے جو طہارت کے بغیر صحیح نہیں ہوتی، نماز، قرآن مجید کو چھونا وغیرہ تو تیمم صحیح ہونے کے لئے پانی کے استعمال سے معذور ہونا بھی شرط ہے۔ (۳)

تیمم عذر کے بغیر کرنا

"عذر کے بغیر تیمم کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۷۱/۲)

تیمم کا حکم

☆ جن چیزوں کے لئے وضو فرض ہے ان کے لیے وضوء کا تیمم بھی فرض ہے، اور جن کے لئے وضو واجب ہے ان کے لئے وضو کا تیمم بھی واجب ہے، اور جن

---

(۱) ومنها المسح بثلاثة اصابع لا يجوز المسح باقل من ثلاثة اصابع كمسح الرأس والخفين، كذا في التبيين. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۷/۱) ط: رشيدية)

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۰/۱) ط: سعيد.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۲/۱) ط: سعيد.

(۲) تتمة: زاد في نور الايضاح في الشروط شرطين آخرين، الاول: انقطاع ما ينافيه من حيض او نفاس او حدث. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۱/۱) ط: سعيد)

مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۱۲۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي.

الفقه على المذاهب الأربعة: (۸۹/۱) كتاب الطهارة، مباحث التيمم، شروط التيمم، ط: دار الغد الجديد.

(۳) ومنها عدم القدرة على الماء. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۷/۱) ط: رشيدية)

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۰/۱) ط: سعيد.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۳۹/۱) ط: سعيد.

کے لئے وضو سنت یا مستحب ہے ان کے لئے وضو کا تیمم بھی سنت یا مستحب ہے، یہی حال غسل کے تیمم کا ہے، (مثلاً کوئی وضو کرنے سے معذور ہے اور وہ وضو کے بدلے میں تیمم کرے گا تو وہ تیمم بھی فرض ہی رہے گا) [1]

☆ اگر کسی پر غسل واجب ہو، اس غسل سے پہلے اس کو مسجد میں جانے کی سخت ضرورت ہو تو اس پر تیمم کرنا واجب ہے۔ [2]

☆ جن عبادتوں کے لئے دونوں حدثوں سے طہارت شرط نہیں، جیسے سلام علیہ سلام کا جواب وغیرہ، ان کے لئے وضو و غسل دونوں کا تیمم عذر کے بغیر ہو سکتا ہے۔ [3]

(۱) ينقسم التيمم إلى قسمين : الأوّل : التيمم المفروض ، الثاني : التيمم المندوب ، فيفترض التيمم لكل مايفترض له الوضوء او الغسل من صلاة ومس مصحف ، وغير ذلك ويندب لكل مايندب له الوضوء ، كما إذا اراد ان يصلي نفلا ولم يتوضأ به ، فإنّه يصح له ان يتيمم ويصلي، فالنفل مندوب والتيمم له مندوب ، يعني ان يثاب عليه ثواب المندوب . (الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/ ۸۹) كتاب الطهارة ، مباحث التيمم ، أقسام التيمم ، ط: دار الغد الجديد)

☆ الحنفية زادوا قسماً ثالثاً ، وهو التيمم الواجب ، وقد عرفت مما تقدم في سنن الوضوء أنّ الحنفية قالوا : إنّ الواجب اقلّ من الفرض ، فيجب التيمم لطواف ، بحيث لو طاف بدون وضوء وتيمم فإنّه يصحّ طوافه ولكنه يأثم إثما اقل من إثم ترک الفرض . (الفقه على المذاهب الأربعة (۱/ ۸۹) كتاب الطهارة ، مباحث التيمم ، أقسام التيمم ، ط: دار الغد الجديد)

(۲) ولو احتلم فيه (أي في المسجد) إن خرج مسرعًا تيمم ندبًا، وإن مكث لخوف فوجوبًا. (قوله تيمم ندبًا الخ) افاد ذلك في النهر توفيقًا بين إطلاق مايفيد الوجوب وما يفيد الندب. أقول والظاهر أن هذا في الخروج، امّا في الدخول فيجب كما يفيد ما نقلناه آنفًا عن العناية. (الدر مع الرد: (۱/ ۱۷۲) كتاب الطهارة، باب التيمم، مطلب: يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء، ط: سعيد)

☆ مسافر مر بمسجد فيه عين ماء وهو جنب ولايجد غيره فإنّه يتيمم لدخول المسجد لأنّ الجنابة تمنعه من دخول المسجد على كل حال عندنا سواء قصد المكث فيه او الاجتياز (المبسوط للسرخسي: (۱/ ۱۱۸) باب التيمم ، ط: دار المعرفة)

☆ العناية في شرح الهداية: (۱/ ۱۴۷) كتاب الطهارة، باب الحيض والاستحاضة، ط: رشيدية

(۳) لأنّ المذهب ان التيمم صحيح، وإنّما الكلام في جواز الصلاة به، ولهذا قال قاضيخان في فتاواه: ولو تيمم للسلام او لرده لايجوز له اداء الصلاة بذلك التيمم، ولم يقل لايجوز تيممه فعلم ان جواز الصلاة به حكم آخر. (البحر الرائق: (۱/ ۱۵۰) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد)

اور جن عبادتوں میں صرف حدث اصغر سے طہارت (پاکی) شرط نہ ہو، جیسے قرآن شریف کو ہاتھ لگائے بغیر تلاوت کرنے یا اذان وغیرہ دینے کے لئے طہارت شرط نہیں ہے، ان کے لئے عذر کے بغیر بھی وضو کا تیمم کرنا درست ہے۔ [۱]

☆ اگر کسی کے پاس مشکوک پانی ہو جیسے گدھے کا جھوٹا پانی تو ایسی حالت میں وضو یا غسل کر لے اس کے بعد تیمم کرے۔ [۲]

تیمم کا حکم سرد ملکوں میں

"سرد ملکوں میں تیمم کا حکم" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۴۰۲)

الخانیة علی هامش الهندیة: (۵۴/۱) کتاب الطهارة، باب التیمم، فصل فی صورة التیمم، ط: رشیدیه.

فتح الباری لابن رجب: (۲۳۵/۲) کتاب التیمم، باب التیمم فی الحضر إذا لم یجد الماء و خاف فوت الصلاة، ط: مکتبة الغرباء الأثریة.

(۱) ولو تیمم لدخول المسجد أو الأذان أو الإقامة لا یؤدی به الصلاة؛ لأنها لیست بعبادة مقصودة وإنما هي أتباع لغیرها وفي التیمم لتلاوة القرآن روایتان، وفي العنایة: الصحیح أنه لا یجوز. (قوله: وأنه لا یجوز) أي لجواز القراءة بدون الوضوء. قال في شرح الوقایة: وإن تیمم لدخول المسجد ومس المصحف لا تصح به الصلاة، لأنه لم ینو به قربة مقصودة لکن یحل له دخول المسجد ومس المصحف. (تبیین الحقائق مع حاشیة الشلبي: (۳۹/۱) کتاب الطهارة، باب التیمم، ط: امدادیه ملتان)

البحر الرائق: (۱۵۰/۱) کتاب الطهارة، باب التیمم، ط: سعید.

شرح الوقایة: (۹۹/۱، ۱۰۰) کتاب الطهارة، باب التیمم، ط: امدادیه ملتان.

(۲) وسؤر البغل والحمار مشکوک والصحیح انه طاهر وانما الشک فی طهوریته کذا فی فتاوی قاضی خان وعلیه الجمهور کذا فی الکافی، فان لم یجد غیرهما توضأ بهما وتیمم وایهما قدم جاز، کذا فی السراج الوهاج ولا یجوز الاکتفاء باحدهما کذا فی خزانة المفتین، والأفضل تقدیم الوضوء والاغتسال به عندنا کذا فی البحر الرائق. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثانی، (۲۴/۱) ط: رشیدیة)

فتح القدیر، کتاب الطهارة، باب الماء الذی یجوز به الوضوء، فصل فی الأسآر وغیرها، (۱۰۲/۱) ط: رشیدیة.

البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱۳۵/۱) ط: سعید.

تیمم کا حکم نازل ہونے کا واقعہ

☆ شعبان ٦ ھ میں تیمم کا حکم نازل ہوا۔(۱)

☆ تیمم کا حکم اللہ تعالیٰ کا ایک بہت بڑا احسان اور مسلمانوں کے لئے بہت بڑی نعمت ہے، اس کی ابتداء کا حال حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بیان سے یہ معلوم ہوا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ جب سفر کا ارادہ فرماتے تو ازواج مطہرات کے نام کا قرعہ ڈال لیتے تھے ازواج مطہرات میں سے جس کا نام نکلتا اس کو سفر میں ساتھ لے جاتے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ سفر کا ارادہ فرمایا، اور عادت کے مطابق قرعہ ڈالا تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نام نکلا، (اکثر علماء کے نزدیک یہ ''غزوۂ بنی مصطلق'' کا سفر تھا جس کو ''غزوۂ مریسیع'' بھی کہتے ہیں)، چنانچہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنے ساتھ سفر میں لے لیا۔

سفر سے واپسی میں جب ''ذات الجیش'' کے مقام پر پہنچے، اور ذوالحلیفہ (بیر علی) کے پاس ''صلصل'' نامی جگہ پر قیام فرمایا، (وہاں سے مدینہ منورہ زیادہ دور نہیں تھا) وہاں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ایک ''ہار'' ٹوٹ کر گر گیا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تمام خادموں کے ساتھ وہاں ٹھہر گئے، اور اس کو تلاش کرنے کے لئے جلیل القدر انصاری صحابی حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ اور چند صحابۂ کرام

---

(۱) ثم غزا بنی المصطلق من خزاعة فی شعبان سنة ست ...... وقال موسی بن عقبة سنة اربع، قیل: سنة اربع سبق قلم من الکاتب فی نسخ البخاری والذی فی مغازی موسی بن عقبة من عدة طرق اخرجها الحاکم وابو سعید النیسابوری والبیهقی فی الدلائل وغیرهم سنة خمس ولفظه عن موسی بن عقبة عن ابن شهاب ثم قاتل رسول الله بنی المصطلق و بنی لحیان فی شعبان سنة خمس. (عمدة القاری شرح الصحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوة بنی المصطلق من خزاعة وهی غزوة المریسیع، (۷/۲۳۰) ط: المکتبة السلفیة)

کو مقرر فرمایا، ابھی تک تلاش کرنے پر وہ ہار نہیں ملا تھا کہ فجر کی نماز کا وقت آ گیا، وہاں قریب کہیں پانی بھی نہیں تھا، صحابہ کرام کو فکر ہوگئی کہ کیسے بے موقع پھنسے۔

بعض لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے شکایات کی کہ دیکھئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے لوگوں کو کیسی جگہ روک دیا جہاں پانی کا نام ونشان تک نہیں اور نماز کا وقت آ رہا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے خیمہ میں تشریف لے گئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو جھڑکنا شروع کیا اور کہا کہ تو ہمیشہ لوگوں کو پریشانی میں ڈالتی ہے، ایک ہار کی وجہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی جگہ روک دیا جہاں بالکل پانی نہیں، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پہلو میں کوچیں بھی ماریں، لیکن حضرت عائشہؓ نے کسی بات کا جواب نہیں دیا، اور ذرا ہلیں بھی نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پوری رات کے سفر اور بیداری کی تکلیف اٹھا کر اس وقت ذرا آرام فرما رہے تھے، ہار کو بار بار تلاش کیا مگر کہیں نہیں ملا، اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ وغیرہ بھی کوشش میں ناکام ہوکر واپس آگئے، اور سب لوگوں نے مجبور ہوکر وضو کے بغیر نماز ادا کرلی، اور ہار واپس ملنے سے مایوس ہوکر روانگی کا ارادہ کرلیا، اسی وقت اللہ تعالیٰ نے سورۂ مائدہ کے دوسرے رکوع کی آیتیں نازل فرمائیں، جن میں تیمم کا حکم اس طرح بیان کیا گیا ہے:

وان کنتم مرضی او علی سفر أو جاء احد منکم من الغائط او لمستم النساء فلم تجدوا ماء فتیمموا صعیدًا طیبًا فامسحوا بوجوھکم وایدیکم منه. مایرید اللہ لیجعل علیکم من حرج ولکن یرید لیطھرکم ولیتم نعمته علیکم لعلکم تشکرون.

ترجمہ: اور اگر تم بیمار ہو یا حالت سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی شخص استنجے سے آیا

ہو یا تم نے بیبیوں سے قربت کی ہو پھر تم کو پانی نہ ملے تو تم پاک زمین سے تیمم کر لیا کرو، یعنی اپنے چہروں اور ہاتھوں پر ہاتھ پھیر لیا کرو اس زمین پر سے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ منظور نہیں کہ تم پر کوئی تنگی ڈالیں، لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ تم کو پاک وصاف رکھے، اور یہ کہ تم پر اپنا انعام تام فرمادے تاکہ تم شکر ادا کرو۔

جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو کر فرمایا: اے عائشہؓ! تمہارا ہار نہایت ہی برکت والا ہار تھا، آپ صلی اللہ علیہ سلم کے بیان سے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو نہایت مسرت ہوئی، اور خوشی میں تین بار فرمایا کہ ''اے بیٹی تو نہایت ہی مبارک اور نیک بخت ہے''۔

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ جو ہار کی تلاش میں بہت محنت اٹھا چکے تھے، فرمانے لگے ''اے ابوبکر کی اولاد! یہ تم لوگوں کی کوئی پہلی برکت نہیں ہے، بلکہ اس سے پہلے بھی بارہا تمہاری وجہ سے مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کے احسان ہوتے رہے ہیں''۔

اللہ تعالیٰ کے اس انعام واحسان سے معزز اور مسرور ہو کر سب لوگ اسباب باندھنے اور کجاوے کسنے لگے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی سواری کے اونٹ کو اٹھایا تو ہار اس کے نیچے سے مل گیا، جس سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خوشی دوبالا ہوگئی، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اطمینان ہوگیا، اور سب مسلمان اللہ تعالیٰ کی مہربانی کا شکر ادا کرتے ہوئے خوشی کے ساتھ مدینہ منورہ واپس آگئے، اسی روز سے پانی موجود نہ ہونے اور مرض وغیرہ کی حالت میں پانی استعمال کرنے سے نقصان ہونے کی صورت میں تیمم کا حکم جاری ہوگیا[1]، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اَلصَّعِیْدُ الطَّیِّبُ طَهُوْرُ الْمُسْلِمِ وَاِنْ لَمْ یَجِدِ الْمَاءَ عَشْرَ سِنِیْنَ، فَاِذَا وَجَدَ الْمَاءَ فَلْیَمَسَّهُ

(۱) عن عبدالرحمن بن قاسم عن ابیه عن عائشة زوج النبی صلی الله علیه وسلم قالت: خرجنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فی بعض اسفاره حتی اذا کنا بالبیداء او بذات الجیش انقطع عقد لی =

بَشَرَهٗ". (۱)

ترجمہ: پاک مٹی مسلمان کو پاک کرنے کے لئے کافی ہے، اگر چہ دس سال تک بھی پانی میسر نہ آئے، پھر جب پانی مل جائے تو اس سے وضو یا غسل کر لے۔

تیمم کا حکم نازل ہونے کے وقت چونکہ تمام صحابہ کرام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود نہیں تھے، اس لئے یہ حکم آہستہ آہستہ لوگوں کو معلوم ہوا، بعض دفعہ ناواقفیت کی وجہ سے لوگوں کو دقت پیش آتی تھی، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر صحابہ کرام لوگوں کو موقع محل کی مناسبت سے مختلف اوقات میں تیمم کے بارے میں آگاہ کرتے رہتے تھے۔ (۲)

= فاقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی التماسہ و اقام الناس معہ ولیسوا علی ماء فاتی الناس الی ابی بکر الصدیق فقالوا: الا تری ما صنعت عائشۃ؟ اقامت برسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والناس ولیسوا علی ماء ولیس معھم ماء فجاء ابو بکر ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واضع راسہ علی فخذی قد نام فقال حبست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والناس ولیسوا علی ماء ولیس معھم ماء فقالت عائشۃ فعاتبنی ابو بکر وقال ماشاء اللہ ان یقول وجعل یطعننی بیدہ فی خاصرتی فلا یمنعنی من التحرک الا مکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی فخذی فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین اصبح علی غیر ماء فانزل اللہ عز وجل آیۃ التیمم فتیمموا فقال اسید بن الحضیر ما ھی باول برکتکم یا آل ابی بکر قالت فبعثنا البعیر الذی کنت علیہ فاصبنا العقد تحتہ.

(قولہ: فی بعض اسفارہ) ای فی غزوۃ بنی المصطلق، وھی غزوۃ المریسیع التی کان فیھا قصۃ الافک. ۱۲ فتح الباری (حاشیۃ صحیح البخاری، رقم الحاشیۃ: ۱، ۱/۴۸ ط: قدیمی)

(۱) جامع الترمذي: (۱/۳۲) کتاب المغازي، باب غزوۃ بنی المصطلق من خزاعۃ وھي غزوۃ المریسیع، ط: دار إحیاء التراث العربی.

☆ مشکاۃ المصابیح: (ص: ۵۴) کتاب الطھارۃ، باب التیمم، الفصل الثاني، ط: قدیمی.

☆ مجمع الزوائد: (۱/۵۸۸) رقم الحدیث: ۱۳۰۸، کتاب الطھارۃ، باب التیمم، ط: دار الفکر.

(۲) وعن جابر رضی اللّٰہ عنہ قال: خرجنا في سفر، فاصاب رجلاً حجر، فشجہ في راسہ فاحتلم فسال اصحابہ: ھل تجدون لي رخصۃ في التیمم؟ قالوا: مانجد لک رخصۃ وانت تقدر علی الماء. فاغتسل فمات، فلما قدمنا علی النّبي صلی اللّٰہ علیہ وسلم اخبر بذلک، قال: قتلوہ قتلھم اللّٰہ، الا سالوا إذا لم یعلموا! فإنّما شفاء العيّ السؤال، إنّما کان یکفیہ ان یتیمم، ویعصب علی جرحہ خرقۃ، ثم یمسح علیھا، ویغسل سائر جسدہ. =

تیمم کا مسنون طریقہ

☆ تیمم کا طریقہ یہ ہے کہ "بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھ کر نیت کر کے اپنے دونوں ہاتھوں کو کسی ایسی مٹی پر مارے جس پر نجاست نہ لگی ہو یا نجاست دھو کر زائل کر دی گئی ہو، اپنے دونوں ہاتھوں کو ہتھیلیوں کی جانب سے انگلیوں کو کچھ کھول کر مار کر ملے، اس کے بعد ہاتھوں کو اٹھا کر ان کی مٹی جھاڑ ڈالے، پھر پورے دونوں ہاتھوں کو اپنے پورے منہ پر ملے، اس طرح کہ کوئی جگہ ایسی باقی نہ رہے جہاں ہاتھ نہ پہنچے، پھر اسی طرح دونوں ہاتھوں کو مٹی پر مار کر ملے، اور پھر ان کی مٹی جھاڑ ڈالے، اور بائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اور انگوٹھے کے علاوہ باقی تین انگلیاں دائیں ہاتھ کی انگلیوں کے سرے پر پشت کی جانب رکھ کر کہنیوں تک کھینچ کر لائے اس طرح کہ بائیں ہاتھ کی ہتھیلی بھی لگ جائے اور کہنیوں کا مسح بھی ہو جائے، پھر باقی انگلیوں کو اور ہاتھ کی ہتھیلی کو دوسری جانب رکھ کر انگلی تک کھینچا جائے، اس طرح بائیں ہاتھ کا مسح بھی کر لے۔

= (مشکاۃ المصابیح: (ص: ۵۴) کتاب الطهارة، باب التیمم، الفصل الثاني، ط: قدیمی)

۞ حدثنا أبو معاوية عن الأعمش، عن شقيق قال: قال أبو موسى لعبد الله: ألم تسمع قول عمار: بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم في حاجة فأجنبت، فلم أجد الماء، فتمرغت في الصعيد كما تمرغ الدابة، ثم أتيت النبي صلى الله عليه وسلم، فذكرت ذلك له، فقال: إنّما يكفيك أن تقول بيديك هكذا، ثم ضرب بيديه الأرض ضربة واحدة، ثم مسح الشمال على اليمين وظاهر كفيه و وجهه، فقال عبد الله أو لم تر عمر لم يقنع بقول عمار. (مصنف ابن أبي شيبة: (۱/ ۱۴۶) رقم الحديث: ۱۶۷۷، كتاب الطهارات، باب في التيمم كيف هو؟ ط: مكتبة الرشد)

۞ عن موسى ابن عقبة عن ابن شهاب، ثم قاتل رسول الله صلى الله عليه وسلم بني المصطلق وبني لحيان في شعبان سنة خمس، وقال الواقدي: كانت لليلتين من شعبان سنة خمس في سبعمائة من أصحابه. (عمدة القاري: (۲۰۱/۱۷) كتاب المغازي، باب غزوة بني المصطلق من خزاعة وهي غزوة المريسيع، ط: دار إحياء التراث العربي)

۞ (صحيح البخاري، كتاب التيمم، (۱/ ۴۸) ط: قديمي)

☆ وضو اور غسل دونوں کے تیمم کا طریقہ ایک ہی ہے، اور اگر دونوں کی نیت کی جائے تو ایک ہی تیمم دونوں کے لئے کافی ہے۔ [1]

تیمم کتنا پانی ملنے سے ٹوٹتا ہے

اگر وضو کا تیمم ہے تو وضو کے موافق پانی ملنے سے وضو کا تیمم ٹوٹ جائے گا، اور اگر غسل کا تیمم ہے تو غسل کے موافق پانی ملنے سے غسل کا تیمم ٹوٹ جائے گا، اگر پانی اس سے کم ملا تو تیمم نہیں ٹوٹے گا۔ [2]

تیمم کر کے مرتد ہو گیا

''مرتد ہو گیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۹۴/۲)

---

(۱) سنن التيمم سبع: اقبال اليدين بعد وضعهما على التراب وادبارهما ونفضهما وتفريج الاصابع والتسمية في اوله والترتيب والموالاة كذا في البحر الرائق والنهر الفائق. وكيفية التيمم ان يضرب بيديه على الارض يقبل بهما ويدبر ثم يرفعهما وينفض كذا في التبيين، بقدر ما يتناثر التراب كذا في الهداية. ويمسح بهما وجهه بحيث لا يبقى منه شيء ثم يضرب بيديه على الارض كذلك ويمسح بهما ذراعيه الى المرفقين، كذا في التبيين. قال مشايخنا ويمسح باربع اصابع يده اليسرى ظاهر يده اليمنى من رؤس الاصابع الى المرفقين ثم يمسح بكفه اليسرى باطن يده اليمنى الى الرسغ ويمر باطن ابهامه اليسرى على ظاهر ابهامه اليمنى ثم يفعل باليد اليسرى كذلك وهو الاحوط كذا في محيط السرخسي وهكذا في البدائع. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثالث، (۳۰/۱) ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۶/۱-۱۴۵) ط: سعيد.

☆ كتاب المبسوط، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۴۵/۱) ط: المكتبة الغفارية.

(۲) وينقضه القدرة على استعمال الماء الكافي الفاضل عن حاجته، كذا في البحر الرائق. (الفتاوى الهندية، كتاب التيمم، الباب الرابع، الفصل الثاني، (۲۹/۱) ط: رشيدية)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يبطل به التيمم وما لا يبطله، (۲۳۹/۱) ط: ادارة القرآن.

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۵۵/۱) ط: سعيد.

تیمم کر کے نماز پڑھ لی پھر پانی مل گیا

''نماز کے بعد پانی مل گیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۸۹/۲)

تیمم کر کے نماز پڑھنے کے بعد پانی مل گیا

ایک روایت میں ہے کہ دو صحابۂ کرام سفر میں تھے، وضو کے لئے پانی نہیں ملا تو دونوں نے تیمم کر کے نماز ادا کر لی، لیکن پھر نماز کا وقت نکلنے سے پہلے پانی مل گیا، ان دونوں میں سے ایک صحابی نے وضو کر کے دوبارہ نماز پڑھ لی، دوسرے صحابی نے دوبارہ نماز نہیں پڑھی، دونوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر حال بیان کیا، جس صحابی نے پانی سے وضو کر کے نماز دوبارہ نہیں پڑھی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ تم نے مسنون طریقہ اور شرعی قاعدہ پر عمل کیا اور پہلی ہی نماز کافی ہوگئی، اور دوسرے صحابی کو ارشاد فرمایا کہ تم کو ڈبل ثواب ملا (کیونکہ دوبارہ جو نماز پڑھی وہ نفل ہوگئی، اس کا بھی ثواب حاصل ہوا)۔[1]

تیمم کرنے کے بعد مرض پیش آگیا

اگر کسی نے پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمم کیا تھا، اس کے بعد ایسا مرض پیش آگیا جس میں پانی استعمال کرنا متعذر ہے، لیکن پانی مل گیا، تو اب اس پہلے تیمم سے نماز پڑھنا

(۱) عن ابی سعید الخدری قال خرج رجلان فی سفر فحضرت الصلاۃ ولیس معهما ماء فتیمما صعیدا طیبا فصلیا ثم وجدا الماء فی الوقت فاعاد احدهما الصلاۃ والوضوء ولم یعد الاخر ثم اتیا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فذکرا ذلک له فقال للذی لم یعد اصبت السنة واجزاتک صلاتک وقال للذی توضا واعاد: لک الاجر مرتین. (سنن ابی داود، کتاب الطهارۃ، باب فی المتیمم یجد الماء بعد ما یصلی فی الوقت، (۱/ ۶۱) ط: رحمانیه)

وَ: سنن النسائی، کتاب الطهارۃ، باب التیمم لمن یجد الماء بعد الصلاۃ، (۱/ ۷۵-۷۶) ط: قدیمی.

وَ: السنن الکبری للبیهقی، کتاب الطهارۃ، باب المسافر یتیمم فی اول الوقت برقم الحدیث: ۱۰۳۱، (۱/ ۲۳۱) ط: مکتبة دار الباز، مکة المکرمة.

جائز نہیں ہے، پانی ملنے سے وہ تیمم ختم ہوگیا، اب مرض کے عذر کی وجہ سے دوبارہ تیمم کرے۔[1]

تیمم کرنے کے لئے عذر آدمیوں کی طرف سے ہے

''عذر آدمیوں کی طرف سے ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۷۰/۲)

تیمم کرنے والا امام بن سکتا ہے

تیمم کرنے والا امام بن سکتا ہے، وضو کرنے والوں کو نماز پڑھا سکتا ہے۔[2]

تیمم کرنے والا وضو کرنے والوں کا امام بن سکتا ہے

تیمم کرنے والا وضو کرنے والوں کو نماز پڑھا سکتا ہے۔[3]

تیمم کو مٹی سے خاص کرنے کی وجہ

''مٹی سے تیمم کو خاص کرنے کی وجہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۶/۲)

---

(۱) المسافر اذا تیمم لعدم الماء ثم مرض مرضا یبیح له التیمم لو کان مقیما لم تجز له الصلاة بذلک التیمم لان اختلاف اسباب الرخصة یمنع الاحتساب بالرخصة الاولی عن الثانیة وتصیر الاولی کان لم تکن، کذا فی فصول العمادیة فی احکام المرضی فی کتاب الطهارة. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثانی، (۱/ ۳۰-۲۹) ط:رشیدیة)

☆ فتاوی قاضی خان علی هامش الهندیة. کتاب الطهارة، باب التیمم، فصل فیما یجوز له التیمم، (۱/ ۵۸) ط:رشیدیة.

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۱۵۲) ط:سعید.

(۲،۳) ویجوز ان یؤم المتیمم المتوضئین عند ابی حنیفة و ابی یوسف رحمهما الله تعالی، هکذا فی الهدایة (الفتاوی الهندیة، کتاب الصلاة، الباب الخامس، الفصل الثالث، (۱/ ۸۴) ط: رشیدیة)

☆ الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر ..... وفی امامة المتیمم للمتوضئین، (۱/ ۲۵۷) ط:ادارة القرآن.

☆ الدر المختار مع الرد، کتاب الصلاة، باب الامامة، (۱/ ۵۸۸) ط:سعید.

تیمم کو وضو اور غسل کا خلیفہ ٹھہرانے کی وجہ

☆ اللہ رب العزت کی عادت یہ ہے کہ بندوں پر جو چیزیں دشوار ہوتی ہیں وہ ان پر آسان اور سہل کر دیتا ہے، اور آسانی کی سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ جس کام کو کرنے میں دقت اور پریشانی ہو اس کو ساقط کر کے اس کا بدل دیا جائے، تا کہ اس بدل کی وجہ سے آسانی بھی ہو اور دل میں پریشانی بھی نہ ہو، اور جس نماز کو انتہائی پابندی کے ساتھ ادا کر رہے تھے اچانک متبادل کے بغیر ترک کرنے کی وجہ سے غم اور پریشانی نہ ہو، اور طہارت و پاکی کو چھوڑنے کے لوگ عادی نہ ہو جائیں، اس لئے اللہ تعالیٰ نے ضرورت کے وقت تیمم کو وضو اور غسل کا نائب اور خلیفہ بنا دیا، اور تیمم کو وضو وغیرہ کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے ایک قسم کی طہارت اور پاکی مقرر کر دیا گیا۔ (۱)

☆ مٹی اور پانی سے طہارت حاصل ہونا فطرت مستقیم اور عقل سلیم کے موافق ہے۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿وإن كنتم مرضى او على سفر او جاء احد منكم من الغائط او لمستم النساء فلم تجدوا ماء فتيمموا صعيدا طيبا فامسحوا بوجوهكم وايديكم منه مايريد الله ليجعل عليكم من حرج ولكن يريد ليطهركم وليتم نعمته عليكم ولعلكم تشكرون﴾ [سورة المائدة: ٦]

☜ ثم ذكر تعالىٰ حكمة مشروعية التيمم، وهو التيسير على الناس ودفع الحرج عنهم، فبين انه تعالىٰ مايريد ليجعل عليكم فيما شرعه من احكام الوضوء والغسل والتيمم في هذه الآية وغيرها حرجا اي ادنى ضيق واقل مشقة، لأنه تعالىٰ غني عنكم، فلايشرع لكم إلا ما فيه الخير والنفع لكم ولكن يريد ليطهركم من الدنس والرجس المادى بإزالة الأقذار، والرجس المعنوي بطرد الكسل والفتور الحاصل عقب الجنابة، وبعث النشاط، لتكون النفس صافية مرتاحة في مناجاة ربها. (التفسير المنير للزحيلي: (٦/١١١) سورة المائدة: ٦، ط: دار الفكر، دمشق)

☜ واحسب ان حكمة مشروعية التيمم تقرير لزوم الطهارة في نفوس المؤمنين، وتقرير حرمة الصلاة، وترفيع شأنها في نفوسهم، فلم تترك لهم حالة يعدون انفسهم مصلين بدون طهارة تعظيما لمناجاة الله تعالىٰ، فلذلك شرع لهم عملا يشبه الإيماء إلى الطهارة ليستشعروا انفسهم مطهرين. (التفسير الوسيط للطنطاوي: (٣/١٦٥) سورة النساء: ٤٣، ط: دار نهضة مصر)

☜ التحرير والتنوير: (٥/٦٩) سورة النساء: ٤٣، ط: الدار التونسية، تونس.

☆ اللہ تعالیٰ نے پانی اور مٹی کے درمیان قدرتی اور شرعی طور پر بھائی چارگی ڈالی لہذا ان دونوں کو طہارت کے لئے جمع کیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد کو پانی اور مٹی سے پیدا فرمایا ہے گویا ہمارے والدین اور ان کی اولاد کے لئے مٹی اور پانی گویا کہ والدین ہیں۔ (۱)

تیمم کی اجازت

تیمم کی اجازت صرف اس صورت میں ہے کہ پانی کے استعمال پر قدرت نہ ہو، جو آدمی پانی استعمال کر سکتا ہے اس کا تیمم جائز نہیں ہے، اور اس کی نماز بھی صحیح نہیں ہوگی۔

اور پانی کے استعمال پر قدرت نہ ہونے کی دو صورتیں ہیں: ایک یہ کہ پانی میسر نہ آئے، یہ صورت عام طور پر سفر میں پیش آسکتی ہے، اگر پانی ایک میل دور ہے، یا کنواں تو ہے مگر کنویں سے پانی نکالنے کی کوئی صورت نہیں، یا پانی پر کوئی درندہ بیٹھا ہے یا پانی پر دشمن کا قبضہ ہے، اس کے خوف کی وجہ سے پانی تک پہنچنا ممکن نہیں، تو ان تمام صورتوں میں اس شخص کو گویا کہ پانی میسر نہیں، وہ وضو، غسل کے لئے تیمم کر کے نماز پڑھ سکتا ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ پانی تو موجود ہے مگر وہ بیمار ہے، اور وضو یا غسل سے جان کی ہلاکت کا یا کسی عضو کے تلف ہو جانے کا یا بیماری میں اضافہ ہونے کا یا بیماری

---

(۱) ومما يظن أنه على خلاف القياس باب التيمم.....ولعمر الله إنه خروج عن القياس الباطل المضاد للدين وهو على وفق القياس الصحيح، فإن الله سبحانه جعل من الماء كل شيء حي، وخلقنا من التراب، فلنا مادتان: الماء والتراب، فجعل منهما نشأتنا وأقواتنا، وبهما تطهرنا وتعبدنا. فالتراب أصل ما خلق منه الناس. (إعلام الموقعين: (۱/ ۳۰۰) فصل: ليس في الشريعة شيء على خلاف القياس، فصل: التيمم جار على وفق القياس، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

(۲) تفسير المنار: (۵/ ۱۰۸) سورة النساء: ۴۳، ط: الهيئة المصرية.

کے طول پکڑنے کا اندیشہ ہے، یا خود وضو یا غسل کرنے سے معذور ہے، اور کوئی دوسرا آدمی وضو یا غسل کرانے والا موجود نہیں ہے تو ایسا آدمی تیمم کر سکتا ہے۔ (۱)

تیمم کی اجازت ہونے کے باوجود وضو پر مجبور کرنا

''وضو کرنے کو ہر حال میں لازم سمجھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۲۳۲)

تیمم کی سنت

① تیمم کے شروع میں بسم اللہ کہنا۔

② تیمم میں پہلے منہ کا مسح پھر دونوں ہاتھوں کا مسح ترتیب سے کرنا سنت ہے۔

③ پاک مٹی پر ہتھیلیوں کی اندرونی سطح کو ملنا سنت ہے، پشت کو نہیں۔

④ دونوں ہتھیلیوں کو مٹی پر ملنے کے بعد دونوں ہاتھوں کی مٹی جھاڑنا سنت ہے۔

⑤ مٹی پر ہاتھ مارتے وقت انگلیوں کے درمیان فاصلہ رکھنا سنت ہے تاکہ غبار ان کے اندر بھی پہونچ جائے۔

⑥ کم سے کم تین انگلیوں سے مسح کرنا سنت ہے۔

⑦ پہلے دائیں عضو کا مسح کرنا پھر بائیں عضو کا مسح کرنا سنت ہے۔

⑧ مٹی سے تیمم کرنا سنت ہے، مٹی کے ہم جنس سے نہیں۔

⑨ منہ کے مسح کے بعد داڑھی کا خلال کرنا سنت ہے۔

⑩ تیمم میں ایک عضو کے مسح کے بعد بلا تاخیر دوسرے عضو کا مسح کرنا سنت ہے۔ (۲)

---

(۱) تقدم تخریجه تحت العنوان: ''تیمم ان صورتوں میں جائز ہے''۔

(۲) وسننه ثمانية: الضرب بباطن كفيه واقبالهما وادبارهما ونفضهما وتفريج اصابعه وتسمية وترتيب وولاء.

وفي الرد: وزاد سيدي عبد الغني في السنن ثلاثة: الاولى: التيامن كما في جامع الفتاوى والمجتبى، الثانية: خصوص الضرب على الصعيد لموافقته للحديث قال في الخانية ذكر ☆

تیمم کی نیت کے بارے میں قاعدہ

قاعدہ یہ ہے کہ اگر کسی ایسی عبادت کے لئے تیمم کیا جو خود ذاتی طور پر عبادت ہو کسی اور عبادت کا وسیلہ نہ ہو، اور اس کے لئے طہارت و پاکی بھی ضروری ہو، تو اس تیمم سے نماز پڑھنا صحیح ہے، ورنہ صحیح نہیں ہے، اگر یہ دونوں شرطیں پائی جائیں تو اس سے نماز صحیح ہوگی، اور اگر یہ دونوں شرطیں یا ان میں سے کوئی ایک شرط مفقود ہوگی تو اس تیمم سے نماز پڑھنا صحیح نہیں ہوگا۔

مثلاً اگر بے وضو آدمی نے زبانی تلاوت کے لئے تیمم کیا تو اس میں طہارت ضروری ہونے کی شرط موجود نہیں ہے کیونکہ زبانی تلاوت کرنے کے لئے وضو ضروری نہیں ہے، اور اگر قرآن مجید کو ہاتھ لگانے کے لئے تیمم کیا تو اس میں عبادت مقصودہ ہونے کی شرط مفقود ہے، اس لئے ان دونوں صورتوں میں اس تیمم سے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، البتہ اگر تیمم کرتے وقت طہارت کاملہ کی نیت کرے، صرف تلاوت کی نیت نہ کرے تو اس سے نماز پڑھنا درست ہے۔[1]

= فی الاصل انه یضع یدیه علی الصعید وفی بعض الروایات یضرب یدیه علی الصعید وهذا اولی لیدخل التراب فی اثناء الاصابع اهـ الثالثة ان یکون المسح بالکیفیة المخصوصة التی قدمناها عن البدائع وفی الفیض ویخلل لحیته واصابعه ویحرک الخاتم والقرط کالوضوء والغسل.

قلت: لکن فی الخانیة ان تخلیل الاصابع لا بد منه لیتم الاستیعاب. وقال فی البحر وکذا نزع الخاتم او تحریکه اهـ فیلی تخلیل اللحیة من السنن فصار المزید اربعة ویزاد خامسة وهی کون الضرب بظاهر الکفین ایضا کما علمت تصحیحه ولم ار من ذکر السواک فی السنن مع انهم ذکروه فی الوضوء والغسل فینبغی ذکره. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم: (۱/ ۲۳۲-۲۳۱) ط: سعید)

(۲) الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/ ۳۰) ط: رشیدیة.

(۳) البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم ۱/ ۱۳۶ ط: سعید.

(۱) منها: النیة، وکیفیتها ان ینوی عبادة مقصودة لاتصح الا بالطهارة او نیة الطهارة او استباحة الصلاة للزوم مطلق ارادة الصلاة ..... لو تیمم لصلاة الجنازة او لسجدة التلاوة اجزاه ان یصلی به المکتوبة =

اور اگر جنابت والے ناپاک آدمی نے تلاوت کی نیت سے تیمم کیا تو وہ اس تیمم سے نماز پڑھ سکتا ہے، اس لئے کہ (جنبی کے لئے) تلاوت عبادت مقصودہ میں سے ہے۔ اور اس کے لیے جنابت سے طہارت (پاکی) حاصل کرنا شرط ہے۔ (۱)

تیمم کے بارے میں چند روایات

① ''شریعت کے حکم پر جان بھی قربان''۔(۵۱/۲) ② ''تیمم کر کے نماز پڑھنے کے بعد پانی مل گیا''۔(۲٤٤/۱) ③ ''عمرؓ اور عمارؓ سفر میں گئے'' عنوانوں کے تحت دیکھیں۔(۷۶/۲)

تیمم کے بعد بیماری ختم ہوگئی

اگر بیماری کی وجہ سے تیمم کیا ہے، تو جب بیماری ختم ہو جائے گی، وضو اور غسل سے نقصان نہیں ہوگا تو تیمم ٹوٹ جائے گا، اس کے بعد وضو اور غسل کرنا واجب

= بلاخلاف، كذا في المحيط ولو تيمم لقراءة القرآن عن ظهر القلب او عن المصحف او لزيارة القبور او لدفن الميت او للاذان او للاقامة او لدخول المسجد او لخروجه بان دخل المسجد وهو متوضئ ثم احدث او لمس المصحف وصلى بذلك التيمم قال عامة العلماء لا يجوز كذا في فتاوى قاضيخان. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۶-۲۵) ط: رشيدية

⇐ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۰/۱) ط:سعيد.

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۰/۱) ط:سعيد.

(۱) لان تيمم الجنب لقراءة القرآن، صح له ان يصلي به سائر الصلاة. (الفقه الإسلامي وادلته: (۱/ ۵۸۳) الباب الأول: الطهارات، الفصل السادس: التيمم، المطلب الثالث: النية عند مسح الوجه، ط: دار الفكر، بيروت)

⇐ لو تيمم لصلاة الجنازة او لسجدة التلاوة او لقراءة القرآن بان كان جنبا جاز له ان يصلي به سائر الصلاة، لأن كل واحد من ذلك عبادة مقصودة بنفسها، وهو من جنس اجزاء الصلاة فكان نيتها عند التيمم كنية الصلاة. (بدائع الصنائع: (۵۲/۱) كتاب الطهارة، فصل: واما شرائط الركن، ط: سعيد)

⇐ البحر الرائق: (۱۵۰/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد.

ہوگا۔ (۱)

تیمم کے بعد پانی مل گیا

اگر تیمم کرنے کے بعد نماز پڑھنے سے پہلے پانی مل گیا تو اس کا تیمم باطل ہوجائے گا۔ (۲)

تیمم کے ڈھیلے سے استنجاء کرنا

جس ڈھیلے سے تیمم کیا ہے، اس سے یا اس میں سے توڑ کر اس کے کسی حصہ سے استنجاء کرنا جائز تو ہے مگر اچھا نہیں ہے، فقہاء کرام نے ناپاک جگہ پر وضو کرنے کو ادب کے خلاف کہا ہے، وجہ یہ لکھی ہے کہ وضو کا پانی احترام کے قابل ہے، لہذا تیمم کا ڈھیلہ بھی احترام کے قابل ہوگا۔ (۳)

---

(۱) فلو تیمم لمرض بطل ببرئه او لبرد بطل بزواله. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۲۵٦/۱) ط:سعید)

(۲) اذا زال المرض المبیح ینتقض تیممه. (الفتاوی الهندیة، کتاب التیمم، الباب الرابع، الفصل الثانی، (۲۹/۱) ط:رشیدیة)

(۳) الفقه علی المذاهب الأربعة: (۹۷/۱) کتاب الطهارة، مباحث التیمم، مبطلات التیمم، ط: دار الغد الجدید.

(۲) وینقضه القدرة علی استعمال الماء الکافی الفاضل عن حاجته، کذا فی البحر الرائق. (الفتاوی الهندیة، کتاب التیمم، الباب الرابع، الفصل الثانی، (۲۹/۱) ط:رشیدیة)

(۲) الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر فی بیان ما یبطل به التیمم وما لا یبطله، (۲۴۹/۱) ط:ادارة القرآن.

(۲) ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۲۵۵/۱) ط:سعید.

(۳) ومکروهه ...... التوضؤ ...... فی موضع نجس لان لماء الوضوء حرمة. (الدر المختار مع الرد، کتاب الطهارة، مبحث مکروهات الوضوء، (۱۳۲/۱-۱۳۱) ط:سعید)

(۳) یسن (ان یستنجی بحجر منق) ...... (ونحوه) من کل طاهر مزیل بلاضرر ولیس متقوما ولا محترما. (مراقی الفلاح مع حاشیة الطحطاوی، کتاب الطهارة، فصل فی الاستنجاء، (۲٦/۱) ط: مکتبه غوثیه)

(۳) فتح الملهم، کتاب الطهارة، باب الاستطابة، (۷۱/۲/۲) ط:مکتبه دار العلوم کراچی.

تیمم کے فرائض

① تیمم کرتے وقت نیت کرنا فرض ہے۔
② مٹی یا مٹی کی قسم سے کسی چیز پر دو مرتبہ ہاتھ مارنا فرض ہے۔
③ تمام منہ اور دونوں ہاتھوں کے اکثر حصہ سے ملنا فرض ہے۔
④ اعضاء سے ایسی چیز کا دور کرنا فرض ہے جن کے سبب سے مٹی جسم تک نہ پہنچ سکے جیسے روغن یا چربی وغیرہ۔[1]

تیمم کے لئے ڈھیلہ کتنا بڑا ہو

"ڈھیلہ کتنا بڑا ہو" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۶۰/۱)

تیمم کے لئے مٹی پاک ہونا ضروری ہے

"مٹی پاک ہو" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۶/۲)

تیمم کے لئے مریض کی طبیعت یا ڈاکٹر کے قول کا اعتبار ہے

بیماری کے وقت تیمم جائز ہونے کے لئے مریض کی طبیعت، تجربہ اور گمان غالب کا بھی اعتبار ہے، اور ماہر ڈاکٹر اور طبیب کا قول بھی معتبر ہے، ان میں سے جو بھی پایا جائے تیمم کرنا جائز ہے۔[2]

---

(۱) تقدم تخریجه تحت العنوان: "تیمم صحیح ہونے کی شرطیں"۔

(۲) (من عجز عن استعمال الماء لبعده میلا او لمرض يشتد او يمتد بغلبة ظن او قول حاذق مسلم وفي الرد: (قوله: بغلبة ظن) اى عن امارة او تجربة ، شرح المنية(قوله: او قول حاذق مسلم) اى اخبار طبيب حاذق مسلم غير ظاهر الفسق وقيل عدالته شرط، شرح المنية. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۲۳۳/۱) ط:سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱۴۰/۱) ط:سعيد.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الأول ، (۲۸/۱) ط:رشيدية

تیمم کے مستحبات

① مسح کا اسی خاص طریقہ سے ہونا مستحب ہے جو ''تیمم کا مسنون طریقہ'' عنوان کے تحت لکھا گیا ہے۔ [۱]

② جس شخص کو اخیر وقت تک پانی ملنے کا یقین یا گمان غالب ہو، اس کو نماز کے اخیر وقت تک پانی کا انتظار کرنا مستحب ہے۔

مثال کے طور پر کنویں سے پانی نکالنے کی کوئی چیز نہیں ہے، اور یقین یا گمان غالب ہو کہ اخیر وقت میں رسّی یا ڈول مل جائے گا، یا کوئی شخص ریل میں سوار ہوا اور اس میں وضو کرنے کے لئے پانی نہیں ہے، لیکن یقین یا گمان غالب ہو کہ اخیر وقت تک ریل ایسے اسٹیشن پر پہنچ جائے گی جہاں پانی مل سکتا ہے تو آخر وقت تک پانی کا انتظار کرنا مستحب ہے۔ [۲]

تیمم کے معنی

☆ ''تیمم'' لفظ کا لغوی معنی ہے: ''قصد کرنا''

☆ اور شریعت کی اصطلاح میں تیمم کہا جاتا ہے: ''پاکی حاصل کرنے کی نیت سے، پاک مٹی، یا مٹی کے قائم مقام پتھر، چونا وغیرہ کسی چیز کا قصد کرنا اور اس پاک مٹی وغیرہ کو منہ یا ہاتھوں پر لگانا''۔ [۳]

---

(۱) التقدم تخریجه تحت العنوان: ''تیمم کا مسنون طریقہ''۔

(۲) (وندب لراجیه) رجاء قویا (آخر الوقت) المستحب، ولو لم یؤخر وتیمم وصلی جاز ان کان بینه وبین الماء میل والا لا. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۲۴۹/۱) ط:سعید)

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم: (۱۵۵/۱) ط:سعید.

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۹/۱) ط:رشیدیة.

(۳) (هو) لغة القصد و شرعا (قصد صعید) شرط القصد لانه النیة (مطهر) ...... (واستعماله) حقیقة او حکما لیعم التیمم بالحجر الاملس (بصفة مخصوصة) ......(ل) اجل (اقامة القربة). (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۲۲۹/۱–۲۳۰) ط:سعید) =

تیمم کے واجبات

① اگر کسی قرینہ سے پانی کا قریب ہونا معلوم ہو تو اس کی تلاش میں سو قدم تک خود جانا یا کسی کو بھیجنا واجب ہے۔[1]

② اگر کسی کے پاس پانی ہو اور اس سے ملنے کی امید ہو تو اس سے طلب کرنا واجب ہے۔[2]

تیمم میں پاؤں اور سر پر مسح مشروع نہ ہونے کی وجہ

تیمم ہاتھ اور منہ کے ساتھ خاص ہونے اور پاؤں اور سر پر تیمم مشروع نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ سر پر مٹی ڈالنا پسندیدہ چیز نہیں ہے، کیونکہ مصائب اور تکالیف کے وقت سر پر مٹی ڈالنے کا رواج ہے، اور تیمم کرنا مصائب اور تکالیف کے لئے نہیں ہے، اس لئے سر پر مٹی سے مسح کرنا مشروع نہیں ہوا، کیونکہ یہ بات اللہ تعالیٰ اور لوگوں میں مکروہ اور ناپسندیدہ ہے۔

= ⇦ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، (۴۵/۱) ط: سعيد.

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۳۸/۱) ط: سعيد.

(۱) (ويجب) اى يفترض (طلبه) ولو برسوله (قدر غلوة) ثلاث مائة ذراع من كل جانب ذكره الحلبى وفى البدائع الاصح طلبه قدر ما لا يضر بنفسه و رفقته بالانتظار (ان ظن) ظنا قويا (قربه) دون ميل بامارة او اخبار عدل.

وفى الرد: قال فى النهر: بل معناه انه يقسم الغلوة على هذه الجهات فيمشى من كل جانب مائة ذراع. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۴۶-۲۴۷) ط: سعيد)

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۹/۱) ط: رشيدية.

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۶۱-۱۶۰) ط: سعيد.

(۲) (ويطلبه) وجوبا على الظاهر من رفيقه (ممن هو معه) (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۵۱/۱) ط: سعيد)

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۹/۱) ط: رشيدية.

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۶۲-۱۶۱) ط: سعيد.

اور تیمم میں پیروں پر ہاتھ پھیرنے کا حکم اس لئے نہیں دیا گیا کہ پیر تو خود ہی گرد وغبار سے آلودہ رہتے ہیں، اور ایسی چیز کا حکم دیا جاتا ہے جو پہلے سے نہ پائی جاتی ہو تاکہ نفس میں اس کے کرنے سے تنبیہ پائی جائے۔ (۱)

تیمم میں رکن چھوٹ جائے

تیمم میں رکن اور شرط چھوٹ جانے سے تیمم نہیں ہوتا۔ (۲)

تیمم میں شرط چھوٹ جائے

تیمم میں رکن اور شرط چھوٹ جانے سے تیمم نہیں ہوتا۔ (۳)

تیمم میں مسنون امور چھوٹ جائیں

تیمم کرتے ہوئے بلاضرورت قصداً مسنون چیزوں کو ترک کرنا مکروہ ہے، لیکن تیمم صحیح ہوجاتا ہے۔ (۴)

---

(۱) واما كونه في عضوين ففي غاية الموافقة للقياس والحكمة، فإن وضع التراب على الرؤوس مكروه في العادات، وإنما يفعل عند المصائب والنوائب والرجلان محل ملابسة التراب في أغلب الأحوال، وفي تتريب الوجه في الخضوع والتعظيم لله والذل له والانكسار لله ما هو أحب العبادات إليه وأنفعها للعبد. (إعلام الموقعين: (۳۰۰/۱) فصل ليس في الشريعة شئ على خلاف القياس، فصل: التيمم جار على وفق القياس، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

○ تفسير المنار: (۱۰۸/۵) سورة النساء: ۴۳، ط: الهيئة المصرية.

○ المصالح العقلية للتهانوى: (ص: ۳۵) باب التيمم، ط: دار الإشاعت.

(۲، ۳) ثم الركن ما يكون فرضا داخل الماهية واما الشرط فما يكون خارجها.

وفي الرد: (قوله: داخل الماهية) يعني بان يكون جزءا منها يتوقف تقومها عليه، (وقوله: واما الشرط) وفي الاصطلاح مايلزم من عدمه العدم. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، اركان الوضوء، (۹۴/۱) ط: سعيد)

(۴) ويتبين من بحث سنن التيمم أنه عند الحنفية يكره ترك سنة من السنن المتقدمة. (الفقه الإسلامي وأدلته: (۶۰۴/۱) الباب الأول: الطهارات، الفصل السادس التيمم، المطلب السادس: سنن التيمم ومكروهاته، ط: دار الفكر)

تیمم میں مصلحت

پانی نہ ملنے کی صورت میں تیمم کرنے میں سب سے بڑی مصلحت یہ ہے کہ یہ اللہ پاک کا حکم ہے، اور اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا ذریعہ ہے، اور قرآن مجید میں اس کی مصلحتوں کی طرف اشارہ بھی کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"اللہ یہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی ڈالے، بلکہ وہ یہ چاہتا ہے کہ تم کو پاک کردے اور تم پر اپنی نعمت پوری کردے"۔ (۱)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے پانی نہ ملنے کی صورت میں مٹی کو پاک کرنے والی بنادیا ہے، جس طرح پانی انسانی بدن کو پاک کرنے والا ہے اسی طرح پانی پر قدرت نہ ہونے کی حالت میں مٹی سے تیمم کرنا بھی پاک کرنے والا ہے۔ (۲)

مٹی پاک ہے، اور بعض چیزوں کے لئے پانی کے مانند پاک کرنے والی بھی ہے، مثلاً چمڑے کے موزے، تلوار، آئینہ وغیرہ پر نجاست لگ جائے تو مٹی میں رگڑنے

= ⇐ الفقه على المذاهب الأربعة : (۹۷/۱) كتاب الطهارة ، مباحث التيمم ، مكروهات التيمم، ط: دار الغد الجديد.

(۱) ما يريد الله ليجعل عليكم من حرج ولكن يريد ليطهركم وليتم نعمته عليكم لعلكم تشكرون. [المائدة:٦]

(۲) عن أبي ذر أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال : إنّ الصعيد الطيب طهور المسلم وإن لم يجد الماء عشر سنين ...... الخ . (جامع الترمذي : (۳۲/۱) أبواب الطهارة ، باب التيمم للجنب إذا لم يجد الماء ، ط: قديمي)

⇐ سنن أبي داود: (۵۹/۱) كتاب الطهارة ، باب الجنب يتيمم ، ط: رحمانيه.

⇐ وما شرع التيمم الا لدفع الحرج ، قال الله تعالى: ﴿ ما يريد الله ليجعل عليكم من حرج﴾ [المائدة : ٦] ...... وقال صلى الله عليه وسلم : التراب طهور المسلم ...... التراب بمنزلة سائر المائعات مع الماء في الوضوء فكما يختص الوضوء بالماء دون سائر المائعات فكذلك التيمم وفيه إظهار كرامة الآدمي فإنّه مخلوق من التراب والماء فخصا بكونهما طهورًا لهذا . (المبسوط للسرخسي: (۱۰۸/۱) كتاب الطهارة ، باب التيمم ، ط: دار المعرفة)

سے یہ چیزیں پاک ہوجاتی ہیں،[1] اور اگر نجاست زمین پر گر کر خاک ہوجاتی ہے تو وہ بھی پاک ہوجاتی ہے۔[2]

نیز یہ کہ ہاتھ اور چہرہ پر مٹی ملنے میں عاجزی اور انکساری بھی ہے، اور یہ گناہوں سے معافی مانگنے کی بہتر صورت ہے۔[3]

---

(۱) (ويطهر خف ونحوه) كنعل (تنجس بذي جرم) هو كل مايرى بعد الجفاف ... بدلك يزول به اثرها. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۳۰۹-۳۱۰) ط:سعيد)

☆ تبيين الحقائق، (۱/۷۰) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: امداديه ملتان.

☆ حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۱۶۳) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: قديمي.

(۲) وتطهر نجاسة باستحالة عينها كان صارت ملحًا او ترابًا او ظروفًا، او احترقت بالنّار فتصير رمادًا طاهرًا على الصحيح لتبدل الحقيقة. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۱۶۵) كتاب الطهارة، باب الأنجاس والطهارة عنها، ط: قديمي)

☆ لأن الأرض طهرت حقيقة، لأنّ من طبع الأرض أنّها تحيل الأشياء وتغيرها إلى طبعها، فصارت ترابًا بمرور الزمان ولم يبق نجس اصلاً. (بدائع الصنائع: (۱/۸۵) كتاب الطهارة، فصل: وأمّا بيان شرائط ما يقع به التطهير، ط: سعيد)

☆ لأنّ النجاسة استحالت إلى اجزاء الأرض، لأنّ من شان الأرض جذب الأشياء إلى طبعها، و بالاستحالة تطهر. (الاختيار لتعليل المختار: (۱/۳۳) كتاب الطهارة، باب الأنجاس و تطهير، ط: دار الكتب العلمية)

(۳) فإنّ الله سبحانه وتعالىٰ جعل من الماء كل شئ حي، وخلقنا من التراب، فلنا مادتان: الماء والتراب، فجعل منهما نشأتنا وأقواتنا، وبهما تطهرنا وتعبدنا، فالتراب أصل ما خلق به الناس..... وإن لوث ظاهرًا فإنّه يطهر باطنًا ثم يقوي طهارة الباطن فيزيل دنس الظاهر أو يخففه، وهذا أمر يشهده من له بصر نافذ بحقائق الأعمال وإرتباط الظاهر بالباطن وتأثر كل منهما بالآخر وإنفعاله عنه ..... وفي تتريب الوجه من الخضوع والتعظيم لله والذل له والانكسار لله ما هو من أحب العبادات إليه وأنفعها للعبد. (إعلام الموقعين: (۱/۳۰۰، ۳۰۱) فصل ليس في الشريعة شئ على خلاف القياس، فصل: التيمم جار على وفق القياس، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

☆ تفسير المنار: (۵/۱۰۸) سورة النساء: ۴۳، ط: الهيئة المصرية.

☆ المصالح العقلية: (ص: ۳۵) باب التيمم، ط: دار الاشاعت.

اس سے معلوم ہوا کہ مٹی ظاہری اور باطنی دونوں طرح کی نجاست کو زائل کرتی ہے اس لئے معذوری کے وقت پانی کے قائم مقام ایسی چیز بنائی گئی ہے جو پانی سے بھی زیادہ آسانی سے ملے، اور ہر جگہ دستیاب ہو، اور زمین ایسی ہی ہے اور وہ ہر جگہ موجود ہے۔ (۱)

ان تمام باتوں کے ساتھ ساتھ مٹی انسان کی اصل ہے، اور اپنی اصل کی طرف رجوع کرنے میں گناہوں اور خرابیوں سے بچاؤ ہے۔ (۲)

تیمم میں وہم کا اعتبار نہیں

☆ اگر پانی استعمال کرنے کی صورت میں صرف مرض بڑھنے یا بیمار ہوجانے کا وہم ہو تو اس صورت میں وضو اور غسل کے لئے تیمم کرنا جائز نہیں ہوگا، محض وہم کا اعتبار نہیں، اگر کسی شخص کی واقعی حالت ایسی ہو کہ وہ گرم پانی سے بھی غسل کرلے تو بیماری بڑھ جائے یا بیمار پڑ جانے کا غالب گمان ہو تو اس کو وضو اور غسل کی جگہ تیمم کی

---

(۱) انظر المرجع السابق.

⇦ وكذلك كان يتيمم بالأرض التي يصلي عليها ترابًا كانت أو سبخة أو رملاً. وصح عنه أنه قال: حيثما أدركت رجلاً من أمتي الصلاة فعنده مسجده وطهوره. (زاد المعاد: (۱/۱۹۳) فصول في هديه صلى الله عليه وسلم في العبادات، فصل في هديه صلى الله عليه وسلم في التيمم، ط: مؤسسة الرسالة، بيروت)

⇦ المصالح العقلية: (ص: ۳۵) باب التيمم، ط: دار الاشاعت.

(۲) فالتراب أصل ما خلق به الناس ...... وإن لوث ظاهرًا فإنه يطهر باطنًا ثم يقوي طهارة الباطن فيزيل دنس الظاهر أو يخففه، وهذا أمر يشهده من له بصر نافذ بحقائق الأعمال وارتباط الظاهر بالباطن وتأثر كل منهما بالآخر وانفعاله عنه. (إعلام الموقعين: (۱/۳۰۰) فصل ليس في الشريعة شيء على خلاف القياس، فصل: التيمم جار على وفق القياس، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

⇦ تفسير المنار: (۵/۱۰۸) سورة النساء: ۴۳، ط: الهيئة المصرية.

⇦ المصالح العقلية: (ص: ۳۵) باب التيمم، ط: دار الاشاعت.

اجازت ہے،[1]
اور غسل کا تیمم وہی ہے جو وضو کا ہے۔[2]

تیمم واجب ہونے کی شرطیں

تیمم واجب ہونے کی شرطیں یہ ہیں:

① مسلمان ہونا، کافر پر تیمم واجب نہیں۔

② بالغ ہونا، نابالغ پر تیمم واجب نہیں۔

③ عاقل ہونا، دیوانہ، مست اور بے ہوش پر تیمم واجب نہیں۔

④ حدث اصغر یا حدث اکبر کا پایا جانا، یعنی وضو یا غسل کی حاجت ہونا، اور جس کو وضو یا غسل کی ضرورت ہی نہ ہو، یعنی پاک ہو اس پر تیمم کرنا واجب نہیں۔[3]

⑤ جن چیزوں سے تیمم کرنا جائز ہے، ان کے استعمال پر قادر ہونا، جس شخص کو ان چیزوں کے استعمال پر قدرت نہ ہو اس پر تیمم واجب نہیں ہے۔

⑥ نماز کے وقت کا تنگ ہو جانا، یعنی نماز کا اس قدر وقت ملنا کہ جس میں تیمم کرکے نماز پڑھنے کی گنجائش ہو شروع وقت میں تیمم واجب نہیں۔

---

(۱) الثاني: العذر المبيح للتيمم ...... ومن العذر حصول مرض يخاف منه اشتداد المرض أو بطء برء لو تحركه كالمحموم والمبطون، ومن الأعذار برد يخاف منه بغلبة الظن التلف لبعض الأعضاء أو المرض إذا كان خارج المصر يعني العمران ولو القرى التي يوجد بها الماء المسخن. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۱۱۴، ۱۱۵) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي)
☆ حلبي كبير: (ص: ٦٥) فصل في التيمم، ط: سهيل اكيلمى لاهور.
☆ البحر الرائق: (۱۴۱/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد.

(۲) والتيمم من الجنابة والحدث سواء يعني فعلا ونية. (الجوهرة النيرة: (۲۵/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: حقانيه)
☆ اللباب في شرح الكتاب: (۵۲/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي.
☆ فتح القدير: (۱۰۹/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي.

(۳) تقدم تخريجه تحت العنوان: "تیمم صحیح ہونے کی شرطیں" و "تیمم کے مستحبات"۔

⑦ نماز کا اس قدر وقت ملنا کہ جس میں تیمم کرکے نماز پڑھنے کی گنجائش ہو، اگر کسی کو اتنا وقت نہ ملے تو اس پر تیمم واجب نہیں۔ (۱)

تیمم وضو اور غسل کے لئے ایک ہی ہے

غسل اور وضو کا تیمم ایک ہی ہے، ایک تیمم دونوں کے لئے کافی ہے۔ (۲)

تیمم وقت سے پہلے کرنا

تیمم کے جائز ہونے کی صورت میں نماز کے وقت سے پہلے بھی تیمم کرنا جائز ہے۔ (۳)

---

(۱) شروط وجوب فقط ، وهي ثلاثة : البلوغ ، والقدرة على استعمال الصعيد و وجود الحدث الناقض ، أمّا الوقت فهو شرط لوجوب الأداء لا لأصل الوجوب ، فلايجب أداء التيمم إلاّ إذا دخل الوقت ، ويكون الوقت موسعًا في أوّل الوقت ، ومضيقًا إذا ضاق الوقت . (الفقه على المذاهب الأربعة : (۱/ ۹۰) كتاب الطهارة ، مباحث التيمم ، الأسباب الّتي تجعل التيمم مشروعًا، ط: دار الغد الجديد)

(۲) و لايجب التمييز بين الحدث والجنابة حتى لو تيمم الجنب يريد به الوضوء جاز كذا في التبيين وفي النصاب وعليه الفتوى. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲٦) ط:رشيدية)

☆ (والحدث والجنابة فيه سواء) وكذا الحيض والنفاس لما روى ان قوما جاء وا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وقالوا انا قوم نسكن هذه الرمال ولانجد الماء شهرا او شهرين وفينا الجنب والحائض والنفساء فقال عليه السلام: عليكم بارضكم (فتح القدير ، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۰۹) ط:رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۱/ ۱۴٦) ط:سعيد.

(۳) ويجوز الاتيان به قبل دخول الوقت كالطهارة بالماء . (كشف الأسرار : (۳/ ۱٦۳) باب شرائع من قبلنا، باب معرفة أقسام الأسباب والعلل والشروط ، ط: دار الكتاب الإسلامي)

☆ لو تيمم قبل دخول الوقت جاز عندنا . (الفتاوى الهندية : (۱/ ۳۰) كتاب الطهارة ، الباب الرابع ف التيمم ، الفصل الثالث في المتفرقات ، ط: رشيديه)

☆ الفقه على المذاهب الأربعة : (۱/ ۸۹) كتاب الطهارة ، مباحث التيمم ، شروط التيمم ، ط: دار الغد الجديد.

تین بار دھونے کی حکمت

☆ وضو میں ہر عضو کو تین مرتبہ دھونے کی حکمت یہ ہے کہ تین مرتبہ سے کم دھونے میں نفس پر پورا پورا اثر پیدا نہیں ہوتا، اور تفریط (کمی) میں داخل ہے، اور زیادہ دھونے میں افراط (زیادتی، اعتدال کی حد سے آگے نکل جانا) اور اسراف ہے، کیونکہ اگر دھونے میں ایک حد متعین نہ ہوتی تو وہمی لوگ سارا دن ہاتھ پاؤں ہی دھونے میں گذار دیتے، ہوسکتا ہے وہم کے دباؤ میں آکر پانی میں غوطہ لگا لیتے، اور ان کی نماز کا وقت بھی گذر جاتا، یہی وجہ ہے کہ ایک صحابی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کیا کہ کیا وضو میں بھی اسراف ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ہاں بے شک وضو میں بھی اسراف (فضول خرچی) ہوتا ہے خواہ (وضو کرنے والا) جاری نہر کے کنارے پر بیٹھ کر وضو کرے۔[1]

تین بار سے زیادہ دھونا

☆ وضو کے اعضاء کو ثواب یا سنت کے اعتقاد سے تین بار سے زیادہ دھونا مکروہ تحریمی ہے، اور اس اعتقاد کے بغیر بلا وجہ تین مرتبہ سے زیادہ دھونا مکروہ تنزیہی

(۱) وعن عبد الله عمرو بن العاص انّ النبي صلى الله عليه وسلم: مر بسعد وهو يتوضأ، فقال: ما هذا السرف يا سعد! قال: أفي الوضوء سرف؟ قال: نعم، وإن كنت على نهر جار. (مشكاة المصابيح: (ص: ۴۷) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثالث، ط: قديمي)

(۲) سنن ابن ماجه: (ص: ۳۴) أبواب الطهارة، وسننها، باب ماجاء في القصد في الوضوء، وكراهية التعدي فيه، ط: قديمي.

(۳) مسند أحمد: (۱۱/۶۳۷) رقم الحديث: ۷۰۶۶، مسند عبد الله بن عمرو بن العاص رضي الله عنه، ط: مؤسسة الرسالة.

(۴) والأصل في الوضوء غسل الأطراف فضبط الوجه واليدين إلى المرفقين؛ لأنّ دون ذلك لايحس أثره، والرجلين إلى الكعبين؛ لأنّ دون ذلك ليس بعضو تام. (حجة الله البالغة: (۱/۲۹۵) أبواب الطهارة، ط: دار الجيل)

ہے، اور شک دور کرنے اور قلبی اطمینان کے لئے تین بار سے زیادہ دھونا بلا کراہت جائز ہے، البتہ مسجد اور مدرسہ کے وقف پانی سے زیادہ دھونا درست نہیں ہے۔ (۱)

☆ عام طور پر وضو کے اعضاء کو تین دفعہ سے زائد دھونا وسوسہ کی وجہ سے ہوتا ہے، اور وسوسہ کی وجہ سے تین مرتبہ سے زائد دھونا منع ہے۔ (۲)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو

(۱) ومن المكروهات ان يزيد عن ثلاث مرات في غسل وجهه ويديه، فإن زاد على ذلك كان غسل وجهه لربع مرات، أو خمس مرات، فلايخلو إمّا أن يعتقد أن هذه الزيادة مطلوبة منه في الوضوء أو غير مطلوبة، فإن اعتقد أنّها مطلوبة منه في أعمال الوضوء كانت الكراهة تحريمية وإن اعتقد انّها غير مطلوبة وإنّما يفعل ذلك لتبرد في زمن الحر، أو النظافة أو نحو ذلك، فإن الكراهة تكون تنزيهية..... وهذا كله فيما إذا كان الماء الّذي يتوضأ منه مملوكًا له. أمّا إذا كان موقوفًا كماء دورات المساجد ونحوها، فإنّ الاسراف فيه حرام على كل حال. (الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/۶۹) كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، مكروهات الوضوء، ط: دار الغد الجديد)

⇐ (والاسراف) ومنه الزيادة على الثلاث. فيه تحريمًا ولو بماء النهر، والمملوك له. امّا الموقوف على من يتطهر به، ومنه ماء المدارس فحرام.

وفي الرد: (قوله: والاسراف) اى بان يستعمل منه فوق الحاجة الشرعية لما اخرج ابن ماجة وغيره عن عبدالله بن عمرو بن العاص ان رسول الله صلى الله عليه وسلم مر بسعد وهو يتوضا فقال: ما هذا السرف؟ فقال: افي الوضوء اسراف؟ فقال: نعم، وان كنت على نهر جار، حلية. (قوله: ومنه) اى ومن الاسراف الزيادة على الثلاث اى في الغسلات مع اعتقاد ان ذلك هو السنة لما قدمناه من ان الصحيح ان النهي محمول على ذلك، فاذا لم يعتقد ذلك وقصد الطمانينة عند الشك او قصد الوضوء على الوضوء بعد الفراغ منه فلا كراهة كما مر تقريره. (رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في الاسراف في الوضوء، (۱/۱۳۲) ط: سعيد)

(۲) عن عمران بن حصين قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا وسواس الماء، فإنّ للماء وسواسًا وشيطانًا. (السنن الكبرى للبيهقي: (۱/۳۰۲) رقم الحديث: ۹۵۱، كتاب الطهارة، باب النهي عن الإسراف في الوضوء، ط: دار الكتب العلمية)

⇐ سنن ابن ماجه: (ص: ۳۴) أبواب الطهارة وسننها، ماجاء في القصد في الوضوء وكراهية التعدي فيه، ط: قديمي.

⇐ مشكاة المصابيح: (ص: ۴۷) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثاني، ط: قديمي.

کیا اور اعضاء کو تین تین مرتبہ دھویا۔ (۱)

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے وضو کیا اور تمام اعضاء کو تین تین مرتبہ دھویا اور فرمایا کہ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا۔ (۲)

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں ایک جماعت پیدا ہوگی جو طہارت اور دعا میں بہت تجاوز کرے گی۔ (۳)

---

(۱) عن علي رضي الله عنه أنّ النّبي صلى الله عليه وسلم: توضأ ثلاثًا ثلاثًا ...... والعمل على هذا عند عامة أهل العلم: أنّ الوضوء يجزئ مرة مرة، ومرتين أفضل، وأفضله ثلاث، وليس بعده شيء. (سنن ترمذي: (۱۷/۱) أبواب الطهارة، باب ماجاء في الوضوء ثلاثًا، ط: سعيد)

☆ المعجم الأوسط: (۱۱۹/۷) رقم الحديث: ۷۰۳۰، حرف الميم، من اسمه محمد، ط: دار الحرمين، القاهرة.

☆ سنن الدار قطني: (۱۵۷/۱) رقم الحديث: ۳۰۰، كتاب الطهارة، باب تجديد الماء للمسح، ط: مؤسسة الرسالة، بيروت.

(۲) عن ابن شهاب أنّ عطاء بن يزيد أخبره أنّ حمران مولى عثمان أخبره أنّه رأى عثمان بن عفان دعا بإناء فأفرغ على كفيه ثلاث مرار فغسلهما ثم أدخل يمينه في الإناء فمضمض واستنشق ثم غسل وجهه ثلاثًا ويديه إلى المرفقين ثلاث مرار ثم مسح برأسه ثم غسل رجليه ثلاث مرار إلى الكعبين ثم قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من توضأ نحو وضوئي هذا ثم صلى ركعتين لايحدث فيهما نفسه غفر له ماتقدم من ذنبه. (صحيح البخاري: (۲۷/۱) كتاب الوضوء، باب الوضوء ثلاثًا ثلاثًا، ط: قديمي)

☆ سنن أبي داود: (۱۵/۱) كتاب الطهارة، باب صفة وضوء النّبي صلى الله عليه وسلم، ط: حقانيه.

☆ صحيح المسلم: (۱۱۹/۱) كتاب الطهارة، باب صفة الوضوء وكماله، ط: قديمي.

(۳) عن أبي نعامة أنّ عبد الله بن مغفل سمع ابنه يقول: اللّهم إنّي أسئلك القصر الأبيض عن يمين الجنة إذا دخلتها، فقال: أي بني سل الله الجنة وتعوذ به من النّار فإنّي سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: سيكون في هذه الأمة قوم يعتدون في الطهور والدعاء. (سنن أبي داود: (۲۳/۱) كتاب الطهارة، باب الإسراف في الوضوء، ط: رحمانيه)

☆ مشكاة المصابيح: (ص: ۴۷) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثاني، ط: قديمي.

☆ السنن الكبرى للبيهقي: (۳۰۲/۱) رقم الحديث: ۹۳۷، كتاب الطهارة، باب النهي عن الإسراف في الوضوء، ط: دار الكتب العلمية.

تین مرتبہ کلی کرنا

''کلی تین مرتبہ کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۷/۲)

تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالنا

''ناک میں تین مرتبہ پانی ڈالنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۴/۲)

فائدہ

ٹخنوں تک پاؤں دھونے کا راز

☆ پاؤں کو ٹخنوں تک دھونے میں راز یہ ہے کہ وہ رگیں جو پاؤں سے دماغ کو پہنچتی ہیں وہ کچھ پاؤں کی انگلیوں سے شروع ہوتی ہیں، اور ان تمام رگوں کو دھونے سے دماغ کے خراب بخارات بجھ جاتے ہیں، اس وجہ سے وضو میں پاؤں کا ٹخنوں تک دھونا مقرر ہوا۔

☆ عام حالات میں پاؤں ٹخنوں تک کھلے رہتے ہیں اور ان پر تکلیف پہنچانے والی چیزیں اور گرد وغبار پڑتا رہتا ہے، اور جراثیم کا گذر ہوتا ہے، اس لئے پاؤں کو ٹخنوں تک دھونے کا حکم ہوا ہے۔

☆ پاؤں کو ٹخنوں تک دھونے میں یہ راز بھی ہے کہ اس سے کم میں عضو نامکمل ہوتا ہے اس لئے وضو میں پورا عضو دھونے کا حکم ہوا، تا کہ دھونے کا اثر پورے عضو پر ہو۔ (۱)

ٹخنہ

دونوں پیروں کے ٹخنوں کا دھونا واجب ہے اگر چمڑے کے موزے نہ پہنے ہوئے ہوں۔ (۲)

---

(۱) والمسل الوضوء غسل الأطراف فضبط لوجه واليدين إلى المرفقين ، لأنّ دون ذلك لايحس كثره، والرجلين إلى الكعبين ، لأنّ دون ذلك ليس بعضو تام . (حجة الله البالغة : (۲۹۵/۱) أبواب الطهارة ، ط: دار الجيل)

: المصالح العقلية: (ص: ۳۰) باب الوضوء ، عنوان: "وضو میں پاؤں کو ٹخنوں تک دھونے کا راز". ط: دار الاشاعت.

(۲) والثالث غسل الرجلين، ويدخل الكعبان في الغسل عند علمائنا الثلاثة والكعب هو العظم الناتي في الساق الذي يكون فوق القدم، كذا في المحيط. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول ، (۵/۱) ط: رشيدية) =

☆ وضو کے فرائض میں سے تیسرا فرض یہ ہے کہ دونوں پیروں کو ٹخنوں تک دھویا جائے، ''ٹخنہ'' اس ہڈی کو کہتے ہیں جو پنڈلی کے نچلے کنارے پر پیر کے اوپر ابھری ہوئی ہوتی ہے۔

☆ وضو کرنے والے وضو کرتے وقت ایڑھی کے ڈھلوان کی طرف خاص دھیان دیں، اسی طرح قدم کے نچلے حصے میں جو چپٹن ہو اس کو دھونے کی طرف خاص توجہ دیں، تا کہ کوئی جگہ خشک نہ رہے، ورنہ وضو صحیح نہیں ہوگا۔ (۱)

☆ اگر پیر ٹخنہ سمیت کٹ گیا ہے تو دھونا ساقط ہو جائے گا۔ (۲)

ٹخنہ کٹا ہوا ہو

''مصنوعی پاؤں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۳۲/۲)

= ⇦ ردالمحتار، كتاب الطهارة ،اركان الوضوء ، (۹۸/۱) ط:سعيد.

⇦ الهداية : (۱٦/۱) كتاب الطهارة ، ط: المصباح.

⇦ ومذهب الجمهور على أنّ الفرض في الرجلين الغسل دون المسح ، وهو الثابت من فعل النّبي صلى اللّٰه عليه وسلم ودلت الآية أرجلكم على قراء ة الجر أو الخفض على مشروعية المسح على الرجلين إذا كان عليهما خفان. (التفسير المنير للزحيلي : (۱۱۲/٦) سورة المائدة : ٦، فقه الحياة والأحكام ، ط: دار الفكر)

⇦ فالأرجل مغسولة على كلتا القراء تين ولا يجوز المسح عليها إلاّ في حالة التخفف. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ٥٩) كتاب الطهارة ، فصل في أحكام الوضوء ، ط: قديمي.

(۱) نفس المرجع السابق.

(۲) (قوله: ولو قطع) قال في البحر: ولو قطعت يده او رجله فلم يبق من المرفق والكعب شئ سقط الغسل ولو بقي وجب. ط. (ردالمحتار ، كتاب الطهارة، اركان الوضوء، (۱۰۲/۱) ط: سعيد)

⇦ (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول ، (٥/۱) ط:رشيدية)

⇦ البحر الرائق : (۱۳/۱) كتاب الطهارة ، ط: سعيد .

ٹخنہ کٹ گیا

اگر کسی کا پیر ٹخنہ سمیت کٹ گیا ہے اور دوسرے پیر میں موزہ پہنا ہو، تو اس آدمی کے لئے صرف ایک ہی موزہ پر مسح کرنا جائز ہے۔ (۱)

ٹخنے سے اوپر پنڈلی کی طرف پانی پہنچانا

ٹخنے سے اوپر پنڈلی کی طرف پانی پہنچانا مستحب ہے، اس سے قیامت کے دن یہ اعضاء زیادہ روشن ہوں گے اور چمکیں گے۔

نعیم بن عبد اللہ المجمر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا کہ دائیں پیر کو دھویا اور پنڈلی کی جانب تک پانی پہنچایا، پھر بائیں پیر کو دھویا اور پنڈلی کی جانب تک پانی پہنچایا اور کہا کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح وضو فرماتے ہوئے دیکھا۔ (۲)

---

(۱) تقدم تخريجه تحت العنوان: "ٹخنہ"۔

(۲) عن نعيم بن عبد الله المجمر قال: رأيت أبا هريرة توضأ فغسل وجهه، فأسبغ الوضوء ثم غسل يده اليمنى حتى أشرع في العضد، ثم يده اليسرى حتى أشرع في العضد ثم مسح برأسه، ثم غسل رجله اليمنى حتى أشرع في الساق، ثم غسل رجله اليسرى حتى أشرع في الساق، ثم قال: هكذا رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ، وقال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أنتم الغر المحجلون يوم القيامة من إسباغ الوضوء فمن استطاع منكم فليطل غرته وتحجيله. (الصحيح لمسلم: (۱۲۶/۱) كتاب الطهارة، باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل، ط: قديمى)

☆ السنن الكبرى للبيهقي: (۷۷/۱) كتاب الطهارة، باب استحباب الإشراع في الساق، ط: دار الإشاعت.

☆ اعلم أن هذه الأحاديث مصرحة باستحباب تطويل الغرة والتحجيل ...... وأما تطويل التحجيل فهو غسل ما فوق المرفقين والكعبين، وهذا مستحب بلا خلاف بين أصحابنا. (شرح النووي على الصحيح لمسلم: (۱۲۶/۱) كتاب الطهارة، باب استحباب إطالة الغرة والتحجيل في الوضوء، ط: قديمى)

ٹشو پیپر

''کاغذ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲٦/۲)

ٹوتھ برش

☆ اگر ٹوتھ برش حرام بال کا بنا ہوا نہ ہو تو اس کا استعمال جائز ہے، لیکن اس سے مسواک کی سنت ادا نہیں ہوگی۔ [۱]

ٹوتھ برش سے مسواک کی سنت ادا نہیں ہوگی

ٹوتھ برش سے صرف صفائی کی سنت ادا ہوگی، مسواک کی سنت ادا نہیں ہوگی، مثلاً پیلو یا کڑوے درخت کی مسواک ہونا، اور ابتداء ایک بالش لمبی اور چھوٹی انگلی کی مقدار موٹی ہونا وغیرہ، یہ سنتیں ٹوتھ برش سے ادا نہیں ہوں گی۔ [۲]

---

(۱) وإن كانت السنة تحصل بكل ما يزيل صفرة الأسنان فينظف الفم كالفرشة ونحوها. (فقه السنة لسيد السابق: (۳٥/۱) كتاب الطهارة، سنن الوضوء، ط: دار الكتاب العربي)

⇦ ويستحب أن يكون السواك عودًا لينا ينقي الفم، ولا يجرحه، ولا يضره، ولا يتفتت فيه كالأراك والعرجون، ولا يستاك بعود الرمان ولا الآس ولا الاعواد الذكية ...... وإن استاك بإصبعه أو خرقة، فقد قيل: لا يصيب السنة؛ لأنّ الشرع لم يرد به، ولا يحصل الانقاء به حصوله بالعود، والصحيح أنّه يصيب بقدر ما يحصل من الانقاء، ولا يترك القليل من السنة للعجز عن كثيرها. (المغني لابن قدامة: (۷۲/۱) كتاب الطهارة، باب السواك وسنة الوضوء، مسألة السواك سنة، ط: مكتبة القاهرة)

⇨ الشرح الكبير على متن المقنع: (۱۰۲/۱) كتاب الطهارة، باب السواك وسنة الوضوء، ط: دار الكتاب العربي.

(۲) (و) ندب إمساكه (بيمناه) وكونه لينا، مستويًا بلاعقد، في غلظ الخنصر وطول شبر ويكره بمرقد. (الدر المختار) قوله: وطول شبر) الظاهر أنّه في ابتداء استعماله فلا يضر نقصه بعد ذلك بالقطع منه لتسويته. قوله: ويكره بمرقد) ...... ويستاك بكل عود إلاّ الرمان والقصب. وأفضله الأراك ثم الزيتون. (الدر مع الرد: (۱۱٤/۱، ۱۱٥) كتاب الطهارة، مطلب في منافع السواك، ط: سعيد)=

ٹھنڈک کے زمانہ میں وضو کا ثواب

''سردی میں وضو کا ثواب'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/٤٠٤)

ٹھہرا ہوا پانی

ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب، پاخانہ کرنا منع ہے، اور ٹھہرا ہوا پانی وہ ہے جو بہتا نہ ہو، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث روایت فرمائی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہے۔

پیشاب کرنے کی ممانعت میں پاخانہ کرنا بھی شامل ہے کیونکہ یہ اس سے بھی بڑی برائی ہے، لہذا اس کی ممانعت زیادہ سختی سے ہوگی۔

واضح رہے کہ وہ پانی جو نفع پہنچانے کے لئے ہے اس کو گندہ کرنا بہت ہی زیادہ بری بات اور خراب خصلت ہے، مزید یہ کہ اس سے متعدی امراض وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔[1]

= تقدم تخريجه تحت العنوان "[illegible]"

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (١/٧) ط: رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (١/٢٠) ط: سعيد.

انظر أيضًا الحاشية السابقة.

[1] (وكذا يكره ...... بول و غائط في ماء ولو جاريًا) في الأصح، وفي البحر: أنها في الراكد تحريمية، وفي الجاري تنزيهية. (قوله: في ماء ولو جاريًا ...... الخ) لما روى عن جابر بن عبد الله رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم: أنه نهى أن يبال في الماء الراكد، رواه مسلم والنسائي وابن ماجه، وعنه قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يبال في الماء الجارى، رواه الطبراني في الاوسط بسند جيد. والمعنى فيه أن يقذره وربما أدى إلى تنجيسه. وأما الراكد القليل فيحرم البول فيه، لأنه ينجسه ويتلف ماليته ويغر غيره باستعماله. والتغوط في الماء أقبح من البول، وكذا إذا بال في إناء ثم صبه في الماء أو بال بقرب النهر فجرى إليه. =

ٹھہرے ہوئے پانی میں پاخانہ پیشاب کرنا

ٹھہرے ہوئے پانی میں پاخانہ پیشاب کرنا حرام ہے، زیادہ ٹھہرے ہوئے پانی میں مکروہ تحریمی ہے، اور جاری پانی میں مکروہ تنزیہی ہے۔[1]

ٹینکی گرم ہونے کی وجہ سے پانی گرم ہوگیا

''دھوپ میں ٹینکی گرم ہوئی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۵۱/۱)

ٹینکی میں پرندہ گرجائے

''پرندہ ٹینکی میں گرجائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۷۸/۱)

ٹی وی سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں

''فلم بینی سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۶/۲)

= لكنه ملزوم لقبح منهي عنه. (الدر مع الرد: (۳۴۲/۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، ط: سعيد)

ح البحر الرائق: (۸۷/۱) ط: كتاب الطهارة، ط: سعيد.

ح حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ۵۳) كتاب الطهارة، فصل فيما يجوز به الاستنجاء، ط: قديمي.

(۱) نفس المرجع السابق.

ج

جاذب

"خاص حصہ میں روئی وغیرہ جاذب رکھنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۱۸/۱)

جانور نے خون پی لیا

"جونک" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۸۶/۱)

جانوروں کے درمیان پیشاب پاخانہ کرنا

جانوروں کے درمیان میں پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ [1]

جراثیم سے نجات

☆ اسلام نے زندگی کے ہر شعبے میں طہارت اور پاکی قائم کرنے کو بڑا اہم قرار دیا ہے، کیونکہ پاکی اور صفائی انسانی زندگی کا ایک لازمی جزء ہے، اس لئے اسلام نے اپنے ماننے والوں کو جسم، لباس، گھربار، گلی بازار، جذبات وخیالات، مسجد ومکتب، آفس، دفاتر، گویا کہ انسان کا جس چیز سے بھی تعلق ہے اسے پاک صاف رکھنے کا حکم دیا ہے، اور جسم، لباس اور جگہ کی طہارت اور صفائی کا جو معیار اسلام نے قائم کیا ہے وہ دنیا کے کسی اور مذہب میں نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ شریعت میں قدم قدم پر پاکی پر زور دیا گیا ہے، اور قرآن مجید اور احادیث شریف میں جگہ جگہ تاکید کی گئی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ انسانی زندگی کا اصل مقصد اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اس کی

(۱) ویکره ...... و بین الدواب. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس، (۲۴۳/۱) ط: سعید)
(۲) الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۵۰/۱) ط: رشیدیة.
(۳) رد المحتار، کتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل فی الاستنجاء، (۳۴۳/۱) ط: سعید.

اطاعت ہے، اور یہ دونوں حکم یعنی عبادت واطاعت اسی وقت انسان پر لاگو ہوتے ہیں جب انسان تندرست اور طاقتور ہو، اور جو انسانی جسم لاغر، کمزور اور معذور ہو تو اس پر شریعت نے نرمی کا اصول رکھا ہے۔

۱ صحت اور تندرستی باقی رہنے کے لئے صفائی اور پاکی بہت ضروری ہے، اگر انسان اپنے جسم، لباس، خوراک، رہنے سہنے اور عبادت کرنے کی جگہ کو پاک صاف نہیں رکھے گا تو وہ آئے دن مختلف قسم کی بیماریوں کا شکار ہو کر کمزور اور لاغر ہو جائے گا، اور عبادت کرنے کے قابل نہیں رہے گا، اس لئے اسلام نے وضو، غسل، ضرورت پوری کرنے کے آداب اور نجاستوں سے پاک صاف ہونے کے احکام دیئے ہیں، تاکہ جراثیم مرجائیں اور انسان اپنی صحت اور تندرستی کو برقرار رکھ سکے جو ہزار نعمتوں سے بہتر ہے اور خبیث، مہلک بیماریوں سے محفوظ رہے۔ (۱)

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿فیه رجال یحبون ان یتطهروا والله یحب المطهرین﴾. [التوبة: ۱۰۸]

⇐ وقال أیضا: ﴿وثیابک فطهر﴾. [سورة المدثر: ۴]

⇐ وعن أبي مالک الأشعري رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الطهور شطر الإیمان...... الخ. (الصحیح لمسلم: (۱/۱۱۸) کتاب الطهارة، باب فضل الوضوء، ط: قدیمی)

⇐ تنظفوا بکل ما استطعتم فإنّ الله تعالیٰ بنی الإسلام علی النظافة ولن یدخل الجنة إلاّ کل نظیف. طهروا هذه الاجساد طهرکم الله، فإنّه لیس عبد یبیت طاهرًا الاّ بات معه ملک في شعاره، ولا ینقلب ساعة من اللیل إلاّ قال: اللّهم اغفر لعبدک فإنّه بات طاهرًا. (کنز العمال: (۹/ ۲۷۷) رقم الحدیث: ۲۶۰۰۱، ۲۶۰۰۲، کتاب الطهارة، الباب الأوّل في فضل الطهارة، ط: مؤسسة الرسالة)

⇐ قال النّبي صلی اللّه علیه وسلم: الطهور شطر الإیمان. أقول: المراد بالإیمان ههنا هیأة نفسانیة مرکبة من نور الطهارة والإخبات، والإحسان أوضح منه في هذا المعنی، ولا شک أن الطهور شطره. قوله: صلی الله علیه وسلم: من توضأ فأحسن الوضوء خرجت الخطایا من جسده حتی تخرج من أظفاره. أقول: النظافة المؤثرة في جذر النفس تقدس النفس وتلحقها بالملائکة، وتنسی کثیرًا من الحالات الدنیة فجعلت خاصیتها خاصیة الوضوء هو شبحها ومظنتها وعنوانها. (حجة الله البالغة: (۱/۲۹۵) أبواب الطهارة، فصل في الوضوء، ط: دار الجیل)

جزدان

اگر قرآن مجید جزدان میں ہے، تو اس کو بے وضو چھونا مکروہ نہیں ہے۔[1]

جسم ایک مشین ہے

انسان کا جسم ایک مشین کی طرح ہے، اگر مشین کو گردوغبار سے صاف نہ کیا جائے، تو کچھ دن گذرنے کے بعد مشین گندگی کی وجہ سے کام کرنا چھوڑ دے گی، ایسے ہی مسلسل محنت اور کام کاج کرنے سے انسان کا جسم گندہ ہو جاتا ہے، یا کسی اور وجہ سے جسم پر گندگی لگ جاتی ہے، اگر اس کو صاف نہ کیا جائے تو جسم سے بدبو آنے لگے گی، اور مختلف قسم کے جراثیم پیدا ہو کر انسان بیماریوں کا شکار ہو جائے گا، اگر منہ کی صفائی کا خیال نہ کریں تو معدے، جگر اور گلے کی بہت سی بیماریاں جسم میں پیدا ہو جائیں گی، اگر دانتوں کی صفائی نہ کی جائے تو انسان پائیر، یا گھٹنے اور جوڑوں میں درد وغیرہ کی خبیث اور موذی بیماریوں کا شکار بن جائے گا۔

اگر ناک کو غلیظ مواد اور اس کی ریزش سے صاف نہ کیا جائے تو ذہن کی بلادت، حافظہ کی کمزوری، عقل کی سبکی وغیرہ کی شکایات رونما ہو جائیں گی، ہاتھ، منہ نہ دھوئیں تو گردوغبار جمع ہو کر اس کا رنگ وروپ بگاڑ دیں گے، خون میں فساد پیدا

[1] (ولا یجوز لهم) ای للجنب والحائض والنفساء (مس المصحف الا بغلافه)..... (وكذلك لایجوز مس المصحف الا بغلافه .....(للمحدث) ایضا لما تقدم من الدلیل لانه غیر طاهر (هذا) یعنی جواز الاخذ بالغلاف (اذا كان الغلاف غیر مشرز) ای غیر مجبوك مشدود بعضه الی بعض مشتق من الشیرازة وهی اعجمیة (وان كان الغلاف مشرزا) لایجوز الاخذ به ولا مسه قال فی الهدایة هو الصحیح یعنی ان الغلاف ما یكون متجافیا لا ما یكون متصلا به لانه صار تبعا للمصحف. (حلبی كبیر : (ص: ۵۹-۵۸) ط: سهیل اكیڈمی.

[2] ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحیض، (۱۷۳/۱) ط: سعید.

[3] الفتاوی التاتارخانیة، كتاب الطهارة، الفصل الثانی، بیان احكام المحدث، (۱۴۷/۱) ط: ادارة القرآن.

ہو جائے گا اور انسان پھوڑے، پھنسی، دانے وغیرہ کا ہمیشہ شکار رہے گا۔

غرض یہ کہ جسمانی صحت وتندرستی کے لئے ان اعضاء کو بار بار دھونا، ان پر پانی بہانا اور تر رکھنا ضروری ہے جو غبار آلودہ ہوتے رہتے ہیں۔ (۱)

جسم کی حفاظت

''جسم ایک مشین ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۷۳/۱)

جگر میں درد پیدا ہوتا ہے

''دیر تک نہ بیٹھے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۵۱/۱)

جلد جدا کر دی

''چھلکا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۹۸/۱)

جلدی جلدی وضو کرنا

بعض لوگ وضو کرتے ہوئے اعضاء میں اچھی طرح پانی پہنچانے کا اہتمام نہیں کرتے، جلدی جلدی وضو کر کے نماز کے لئے دوڑتے ہیں، جس کی وجہ سے بعض اعضاء خشک رہ جاتے ہیں، حالانکہ اگر کسی عضو کی بال برابر جگہ بھی خشک رہے گی تو وضو صحیح نہیں ہوگا، اگر وضو صحیح نہیں ہوگا تو نماز صحیح نہیں ہوگی، اور آخرت میں سخت عذاب

(۱) وعنه (أي عن أبي هريرة رضي الله عنه) قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا استيقظ أحدكم من منامه فتوضأ فليستنثر ثلاثا، فإن الشيطان يبيت على خيشومه، متفق عليه.
(مشكاة المصابيح: (ص: ۴۵) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الأول، ط: قديمي)

(۲) (قوله صلى الله عليه وسلم فإن الشيطان يبيت على خيشومه. أقول: معناه أن اجتماع المخاط والمواد الغليظة في الخيشوم سبب لتبلد الحس وفساد الفكر، فيكون أمكن لتأثير الشيطان بالوسوسة وصده عن تدبر الأذكار. (حجة الله البالغة: (۲۹۷/۱) أبواب الطهارة، صفة الوضوء، ط: دار الجيل)

(۳) انظر أيضا الحاشية السابقة.

ہوگا۔ (۱)

اس لئے وضو کرتے وقت جلد بازی نہ کریں، بلکہ تمام اعضاء میں اچھی طرح پانی پہنچانے کا اہتمام کریں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایڑھیوں کے خشک رہ جانے والوں پر جہنم کی ہلاکت ہے۔ (۲)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سفر کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز سے اعلان کروایا کہ ایڑھیوں کے خشک رہ جانے والے پر جہنم کی ہلاکت ہے۔ (۳)

---

(۱) في فتاوی ما وراء النهر: إن بقي من موضع الوضوء قدر رأس إبرة أو لزق بأصل ظفره طين يابس أو رطب لم يجز. (الفتاوى الهندية: (۳/۱) كتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الأوّل في سنن الوضوء، ط: رشيديه)

☆ الصلاة بغير طهارة معصية. (المبسوط للسرخسي: (۱۱۶/۱) باب التيمم، ط: دار المعرفة)

☆ قوله صلى الله عليه وسلم: لا يقبل الله صلاة بغير طهور ولا صدقة من غلول. هذا الحديث نص في وجوب الطهاة للصلاة، وقد اجمعت الأمة على أنّ الطهارة شرط في صحة الصلاة...... واجمعت الأمة على تحريم الصلاة بغير طهارة من ماء أو تراب...... ولو صلى محدثًا متعمدًا بلا عذر أثم. (شرح النووي على الصحيح لمسلم: (۱۱۹/۱) كتاب الطهارة، باب وجوب الطهارة للصلاة، ط: قديمی)

(۲) حدثنا محمد بن زياد قال: سمعت أبا هريرة وكان يمر بنا والنّاس يتوضؤون من المطهرة. قال: أسبغوا الوضوء، فإنّ أبا القاسم صلى الله عليه وسلم قال: ويل للأعقاب من النّار. (الصحيح للبخاري: (۲۸/۱) كتاب الوضوء، باب غسل الأعقاب، ط: قديمی)

☆ الصحيح لمسلم: (۱۲۵/۱) كتاب الطهارة، باب غسل الرجلين بكمالهما، ط: قديمی.

☆ سنن الترمذي: (۶۱/۱) أبواب الطهارة، باب ماجاء ويل للأعقاب من النّار، ط: سعيد.

(۳) عن عبد الله بن عمرو رضی الله عنه قال: تخلف النّبي صلى الله عليه وسلم عنا في سفرة فأدركنا وقد أرهقنا العصر فجعلنا نتوضأ ونمسح على أرجلنا، فنادى بأعلىٰ صوته ويل للأعقاب من النّار مرتين أو ثلاثًا. (الصحيح للبخاري: (۲۸/۱) كتاب الوضوء، باب غسل الرجلين ولايمسح على القدمين، ط: قديمی) =

جماعت فوت ہونے کا ڈر ہو تب بھی وضو کامل کرے

"وضو کامل کرنا ضروری ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۲۸/۲)

جما ہوا خون ناک سے نکلا

"ناک صاف کیا جما ہوا خون نکلا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۶۹/۲)

جمعہ کی نماز فوت ہونے کا خطرہ ہو

اگر جمعہ کی نماز فوت ہونے کا خطرہ ہو تو تیمم کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ اگر جمعہ کی نماز ایک جگہ فوت ہو جائے تو دوسری جگہ پڑھنا ممکن ہے، اور اگر دوسری جگہ بھی نہ ملے تو ظہر کی نماز پڑھ لے، تیمم کی اجازت نہیں ہے۔ (۱)

جمعہ کی نماز کے لئے تیمم کرنا

اگر جمعہ کی نماز فوت ہو جانے کا ڈر ہو تو تیمم کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ جمعہ کی

= ۞ صحيح ابن خزيمة: (۸٦/۱) رقم الحديث: ۱٦٦، كتاب الوضوء، باب التغليظ في المسح على الرجلين ...... الخ، ط: المكتب الإسلامي.

۞ السنن الكبرى للبيهقي: (۱۱۲/۱) رقم الحديث: ۳۲۰، كتاب الطهارة، جماع أبواب سنة الوضوء وفرضه، ط: باب التكرير في غسل الرجلين، ط: دار الكتب العلمية، بيروت.

(۱) الحنفية قالوا: إنّ الصلاة بالنسبة لهذه الحالة ثلاثة أنواع: نوع لايخشى فواته أصلاً ...... ونوع يخشى فواته لبدل وذلك كالجمعة والمكتوبات، فإن للجمعة بدلاً عنها، وهو الظهر ...... وأمّا الجمعة فإنّه لايتيمم لها مع وجود الماء، بل بفوتها، ويصلي الظهر بدلها بالوضوء. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۹۲/۱، ۹۳) كتاب الطهارة، مباحث التيمم، الأسباب التي تجعل التيمم مشروعًا، ط: دار الغد الجديد)

۞ البحر الرائق: (۱۵۷/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد.

۞ الدر مع الرد: (۲۴٦/۱) كتاب الطاهرة، باب التيمم، مطلب في تقدير الغلوة، ط: سعيد.

۞ مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۱۱۸) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي.

نماز کا بدل ظہر کا فرض قضاء کی صورت میں موجود ہے۔[1]

جنابت کے غسل سے پہلے وضو کر لیا کرے

☆ جنابت کے غسل سے پہلے وضو کر لینا چاہئے، اگرچہ اس سے پاکی حاصل نہیں ہوتی، لیکن حدث (ناپاکی) میں کچھ تخفیف ہو جاتی ہے، اگر شریعت کے کسی حکم کی حکمت سمجھ میں نہ آئے تو یہ ہمارا قصور ہے شریعت کا قصور نہیں ہے۔[2]

☆ اگر رات کو کسی وجہ سے غسل کی حاجت ہوئی، اور اسی وقت غسل کرنے میں کوئی مشکل نہیں ہے تو غسل کر لینا بہتر ہے، لیکن اگر غسل نہ کرے تو استنجاء اور وضو کر کے سو جائے یہ طریقہ مسنون اور پسندیدہ ہے۔[3]

(۱) وكذا لا يجوز التيمم في الجمعة و سائر الصلوات عند خوف الجمعة والجماعة. (كشف الأسرار: (۲۴۳/۱) العبادات نوعان مطلقة ومؤقتة وهي أنواع، النوع الثاني من المؤقتة لما جعل الوقت معيارًا له ...... الخ، ط: دار الكتاب العربي)

☆ انظر الحاشية السابقة.

(۲) ولتقديم الوضوء على الاغتسال في الجنابة سنة. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثالث، نوع آخر في بيان فرائض الغسل و سننه، (۱۵۱/۱) ط: ادارة القرآن)

☆ حلبي كبير، كتاب الطهارة، (ص: ۵۱) ط: سهيل اكيڈمي.

☆ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، (۳۴/۱) ط: سعيد.

☆ واختلف العلماء في حكمة هذا الوضوء، فقال أصحابنا: لأنه يخفف الحدث فإنه يرفع الحدث عن أعضاء الوضوء. (شرح النووي: (۱۴۳/۱) كتاب الحيض، باب جواز نوم الجنب واستحباب الوضوء---. الخ)

☆ فتح الباري: (۳۹۴/۱) كتاب الغسل، باب نوم الجنب، ط: دار المعرفة.

☆ شرح أبي داود للعيني: (۴۹۵/۱) كتاب الطهارة، باب الجنب ينام، ط: مكتبة الرشد.

(۳) عن عمر انه سئل النبي ﷺ: أ ينام أحدنا وهو جنب؟ قال: نعم، إذا توضأ. (سنن الترمذي، كتاب الطهارة، باب الوضوء للجنب اذا اراد ان ينام، (۳۲/۱) ط: قديمي)

☆ ولا بأس للجنب ان ينام و يعاود اهله قبل ان يغتسل او يتوضأ...... قالت عائشة كان رسول الله ﷺ اذا كان جنبا فاراد ان ياكل او ينام توضأ وضوئه للصلاة، متفق عليه. (حلبي كبير، كتاب الطهارة، (ص: ۵٦) ط: سهيل اكيڈمي)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثاني، الفصل الثالث، (۱٦/۱) ط: رشيدية.

جنازہ اٹھانے سے پہلے وضو کرنا

جنازہ اٹھانے سے پہلے وضو کر لینا مستحب ہے، تا کہ بعد میں وضو کرنے کے لئے جانے کی صورت میں جنازہ کی نماز فوت نہ ہو جائے۔ (۱)

جنازہ کی نماز کے لئے تیمم کرنا

☆ قاعدہ یہ ہے کہ اگر کسی عبادت کے فوت ہو جانے کا خطرہ ہو، اور اس کی قضاء بھی نہ ہو تو پانی موجود ہونے کے باوجود تیمم کرنا جائز ہے، اس لئے اگر جنازہ کی نماز کی آخری تکبیر سے پہلے شرکت کی امید ہو تو تیمم کرنا جائز نہیں ہے، ورنہ تیمم کر کے شریک ہو سکتا ہے، بشرطیکہ میت کا ولی نہ ہو، کیونکہ ولی بعد میں بھی پڑھ سکتا ہے۔ (۲)

☆ اگر جنازہ کی نماز میں تکبیرات چھوٹ جانے کا خوف ہو تو تیمم کر سکتا ہے، اگر چہ تیمم کرنے والا اجنبی مرد یا عورت ہو، لیکن اگر ایسا نہیں ہے بلکہ جنازہ کی نماز کی آخری تکبیر سے پہلے شرکت کی امید ہو، یا یہ معلوم ہو کہ اس کے لئے لازمی طور پر

---

(۱) فالذي في فتح القدير أنّ المندوبات نيف و عشرون: ترك الإسراف، والتقتير ...... و ...ب بالوضوء قبل الوقت. (البحر الرائق: (۲۸/۱) كتاب الطهارة، ط: سعيد)

☆ فتح القدير: (۳۲/۱) كتاب الطهارة، ط: رشيديه.

☆ البناية شرح الهداية: (۲۵۰/۱) كتاب الطهارات، سنن الطهارة، ط: دار الكتب العلمية.

(۲) (قوله: وخوف فوت صلاة الجنازة) أي يجوز التيمم لخوف فوت صلاة الجنازة، أطلقه وقيده في الهداية بأربعة أشياء: حضور الجنازة وكونه صحيحا، وكونه في المصر وكونه ليس بولي ـــ ولا بد من خوف فوت التكبيرات كلها لو اشتغل بالطهارة فإن كان يرجو أن يدرك البعض لا يتيمم، لأنه لا يخاف الفوت، لأنه يمكنه أداء الباقي وحده ...... والأصل في هذه المسائل أن كل موضع يفوت الأداء لا إلى خلف يجوز له التيمم وفي كل موضع لا يفوت الأداء لا يجوز. (البحر الرائق: (۱۵۷/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، (۳۱/۱) كتاب الطهارة، الباب الرابع في التيمم، الفصل الثالث: المتفرقات، ط: رشيديه.

☆ مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۱۱۷) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي.

انتظار کیا جائے گا تو ان صورتوں میں تیمم کرنا جائز نہیں ہوگا بلکہ وضو کر کے نماز میں شریک ہونا پڑے گا۔ (۱)

☆ شرائط کے مطابق تیمم کر کے ایک جنازہ کی نماز تیمم سے پڑھ چکا تھا، اس دوران دوسرا جنازہ لایا گیا، تو اگر اس تیمم کرنے والے کو ان دونوں جنازوں کے درمیان وضو کرنا ممکن ہوا تھا، مگر پھر یہ امکان یا وقت ختم ہوگیا، تو دوسرے جنازہ کے لئے دوبارہ تیمم کرے، اگر دونوں جنازوں کے درمیان وضو کرنے کی قدرت پیدا نہیں ہوئی تو دوبارہ تیمم کرنے کی ضرورت نہیں ہے، پہلے ہی تیمم سے دوسرے جنازہ کی نماز پڑھ سکے گا۔ (۲)

جنازہ کی نماز کے لئے تیمم کیا

اگر وضو کرنے کی صورت میں جنازہ کی نماز فوت ہونے کے خوف سے جلدی سے تیمم کر کے جنازہ کی نماز میں شریک ہوگیا تو جنازہ کی نماز صحیح ہو جائے گی، لیکن اس تیمم سے پانچ وقت کے فرض نماز نہیں پڑھ سکتا، وضو کر کے وقتیہ نماز پڑھنا ضروری

---

(۱) (و) جاز (لخوف فوت صلاة جنازة) ای کل تکبیراتها.
وفی الرد: (قوله: ای کل تکبیراتها) فان کان یرجو ان یدرک البعض لا یتیمم لانه یمکنه اداء الباقی وحده. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/ ۲۴۱) ط:سعید)
☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم (۱/۱۵۷) ط:سعید.
☆ بدائع الصنائع، کتاب الطهارة (۱/ ۵۱) ط:سعید.
(۲) صلی علی جنازة بتیمم ثم اتی باخری فان کان بین الثانیة والأولی مقدار مدة یذهب و یتوضا ثم یاتی و یصلی اعاد التیمم وان لم یکن مقدار ما یقدر علی ذلک صلی بذلک التیمم، وعلیه الفتوی. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/ ۳۱) ط:رشیدیة)
☆ الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر من هذا الفصل فی المتفرقات، (۱/ ۲٦۱) ط:ادارة القرآن.
☆ حلبی کبیر، کتاب الطهارة، (ص: ۸۴) ط:سهیل اکیڈمی.

ہے۔ (۱)

جنازہ کی نماز میں بناء کرنے کے لئے تیمم کرنا

☆ اگر وضو کر کے جنازہ کی نماز شروع کی تھی، درمیان میں وضو ٹوٹ گیا، اب اگر وضو کرے گا تو نماز فوت ہوجانے کا ڈر ہے تو ایسی صورت میں تیمم کر کے جنازہ کی نماز میں شامل ہوجانا درست ہے۔

☆ اگر جنازہ کی نماز کے دوران وضو ٹوٹ جائے اور وضو کرنے کی صورت میں جنازہ کی نماز فوت ہوجانے کا ڈر ہو تو امام اور مقتدی دونوں تیمم کر سکتے ہیں۔ (۲)

جنازے کی نماز میں قہقہہ لگانا

جنازے کی نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا، لیکن جنازہ کی نماز باطل ہوجاتی ہے۔

واضح رہے کہ جنازے کی نماز عبادت ہے، اس میں قہقہہ لگانا بالکل مناسب

(۱) وجاز لخوف فوت صلاة جنازة ...... وإن لم تجز الصلاة به. (الدر المختار مع رد المحتار: (۱/ ۲۴۱، ۲۴۳) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد)

☜ قوله: بخلاف صلاة الجنازة) أي فإن تيممها تجوز به سائر الصلوات لكن عند فقد الماء، أما عند وجوده إذا خاف فوتها فإنّما تجوز به الصلاة على جنازة أخرى إذا لم يكن بينهما فاصل كما مر، ولايجوز به غيرها من الصلوات. (شامي: (۱/۲۴۵) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: سعيد)

☜ البحر الرائق: (۱/ ۱۵۱) كتاب الصلاة، باب التيمم، ط: سعيد.

(۲) (و) جاز (لخوف فوت صلاة الجنازة) ...... (ولو) كان يبني (بناء) بعد شروعه متوضأ وسبق حدثه (بلا فرق بين كونه إماما أو لا) في الأصح لأن المناط خوف الفوات لا إلى بدل. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۴۱-۲۴۲) ط: سعيد)

☜ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان ما يتيمم عنه، (۱/ ۲۴۸) ط: ادارة القرآن.

☜ حلبي كبير، كتاب الطهارة، (ص: ۸۳) ط: سهيل اكيدمي.

نہیں۔[1]

جنبی

☆ جنبی (ناپاک مرد وعورت) کے لئے قرآن کریم کی طرح تورات اور تمام آسمانی کتابوں کو ہاتھ لگانا مکروہ ہے۔

☆ جس آدمی پر غسل واجب ہے، جب تک وہ غسل نہ کرے قرآن مجید کی تلاوت حرام ہے۔[2]

جنبی کا وضو

جنبی جنابت کی حالت میں وضو کرے تو وضو درست نہیں ہوگا۔[3]

---

(۱) ولو قهقه في سجدة التلاوة أو في صلاة الجنازة تبطل ما كان فيها ولا تنقض الطهارة، كذا في التبيان. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۲/۱) ط: رشيدية)

ﻫ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع منه في القهقهة، (۱۳۸/۱) ط: ادارة القرآن.

ﻫ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، (۳۲/۱) ط: سعيد.

(۲) (و) يحرم به (تلاوة القرآن)...... (بقصده) ...... (ومسه)......

(قوله: ومسه) أي مس القرآن وكذا سائر الكتب السماوية، قال الشيخ اسماعيل: وفي المبتغى: ولا يجوز مس التوراة والانجيل والزبور وكتب التفسير. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۷۳/۱) ط: سعيد)

ﻫ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثالث، نوع آخر من هذا الفصل في المتفرقات، (۱۶۲/۱) ط: ادارة القرآن.

ﻫ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۳۸-۳۹/۱) ط: رشيدية.

(۳) يشترط لصحة الوضوء شروط ثلاثة عند الحنفية...... ۳: عدم المنافي للوضوء أو انقطاع الناقض من خارج أو غيره أي انقطاع كل ما ينقض الوضوء قبل البدء به، لغير المعذور من حيض و نفاس وبول ونحوهما. (الفقه الإسلامي وأدلته: (۱/ ۳۹۱، ۳۹۲) الباب الأوّل: الطهارات، الفصل الرابع: الوضوء وما يتبعه، المبحث الأوّل، المطلب الثالث...... ثانيًا: شروط الصحة، ط: رشيديه)

ﻫ وأمّا شروط وجوبه وصحته معًا، فمنها العقل ...... ومنها نقاء المرأة من دم الحيض والنفاس، فلا يجب الوضوء على حائض ولا نفساء، ولا يصح منهما بحيث إذا توضأت وهي حائض، =

جنبی کو پانی نہ ملے تو

''پانی نہ ملے تو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۶۶/۱)

جنبی کو سردی سے مرض کا خطرہ ہے

جنبی کو سردی سے مرض کا خطرہ ہو، اور گرم پانی میسر نہ ہو، اور ٹھنڈے پانی سے ضرر ہونے کا گمان غالب ہو تو تیمم کرنا جائز ہے۔[۱]

جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی مسنون طریقے سے وضو کرے، اور اس کے بعد کلمۂ شہادت پڑھے اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے، جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔[۲]

= لم ارتفع حيضها ، فإن وضوءها لايجبر لعدم صحته . (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/ ۳۰) كتاب الطهارة ، مباحث الوضوء ، شروط الوضوء ، ط: مكتبه شان اسلام)

ﻫ وشرط صحة عموم البشرة بمائه الطهور ثم في المرأة فقد نفاسها و حيضها. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة ، (۸۷/۱) ط:سعيد)

ﻫ البحر الرائق ، كتاب الطهارة، (۹/۱) ط:سعيد

(۱) ويجوز التيمم إذا خاف الجنب إذا اغتسل بالماء أن يقتله البرد أو يمرضه ، هذا إذا كان خارج المصر إجماعًا فإن كان في المصر فكذا عند أبي حنيفة خلافًا لهما ، والخلاف فيما إذا لم يجد مايدخل به الحمام فإن وجد لم يجز اجماعًا ، وفيما إذا لم يقدر على تسخين الماء ، فإن قدر لم يجز ، هكذا في السراج الوهاج . (الفتاوى الهندية : (۲۸/۱) كتاب الطهارة ، الباب الرابع في التيمم ، الفصل الأوّل ، ط: رشيديه)

ﻫ الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة ، باب التيمم ، (۲۳۳/۱) ط: سعيد .

ﻫ كتاب الفقه على المذاهب الأربعة : (۱۵۴/۱) كتاب الطهارة ، مباحث التيمم ، الأسباب التي تجعل التيمم مشروعا ، ط: دار الفكر .

(۲) عن عقبة بن عامر قال: كانت علينا رعاية الابل فجاءت نوبتي فروحتها بعشي فادركت رسول الله ﷺ قائما يحدث الناس فادركت من قوله: مامن مسلم يتوضأ فيحسن وضوءه ثم يقوم =

جنت واجب ہے

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے، اور دو رکعت نماز نہایت ہی خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھے تو اس کے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ [1]

جن چیزوں سے تیمم ٹوٹ جاتا ہے

"تیمم جن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۲۹/۱)

جنگل میں تھوڑا پانی ملا

اگر جنگل میں کہیں تھوڑا پانی ملا، تو جب تک اس کی نجاست کا یقین نہ ہو جائے، تب تک اس سے وضو کرے، صرف اس وہم پر وضو کرنا ترک نہ کرے کہ شاید جنگلی جانوروں کے آنے جانے کی وجہ سے ناپاک نہ ہو گیا ہو، اگر ایسا پانی موجود

= فيصلي ركعتين مقبل عليهما بقلبه ووجهه الا وجبت له الجنة، قال: فقلت ما اجود! فاذا قائل بين يدي يقول: التي قبلها اجود، فنظرت فاذا عمر قال: اني قد رايتك جئت آنفا، قال: ما منكم من احد يتوضا فيبلغ او فيسبغ الوضوء ثم يقول: اشهد ان لا اله الا الله وان محمدا عبد الله ورسوله الا فتحت له ابواب الجنة الثمانية يدخل من ايها شاء. (الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب الذكر المستحب عقب الوضوء، (۱۲۲/۱) ط: قديمي)

☆ سنن ابي داود: (۳۵،۳۴/۱) كتاب الطهارة، باب ما يقول الرجل إذا توضأ، ط: رحمانيه)

☆ مشكوة المصابيح: (ص: ۳۹) كتاب الطهارة، الفصل الأوّل، ط: قديمي.

(۱) عن عقبة بن عامر رضي الله عنه قال: كانت علينا رعاية الإبل فجاءت نوبتي فروحتها بعشي فادركت رسول الله صلى الله عليه وسلم قائمًا يحدث الناس فادركت من قوله: ما من مسلم يتوضا فيحسن وضوئه فيصلي ركعتين، مقبل عليهما بقلبه و وجهه إلاّ وجبت له الجنة. (الصحيح لمسلم: (۱۲۲/۱) كتاب الطهارة، باب الذكر المستحب عقب الوضوء، ط: قديمي)

☆ الترغيب والترهيب: (۶۹/۱) رقم الحديث: ۳۵۷، كتاب الطهارة، الترغيب في ركعتين بعد الوضوء، ط: دار الكتب العلمية.

☆ سنن النسائي: (۳۶/۱) كتاب الطهارة، باب ثواب من احسن الوضوء ثم صلى ركعتين، ط: قديمي.

ہونے کے باوجود تیمم کرے گا تو تیمم درست نہیں ہوگا۔ (۱)

جنگل میں مویشی کو خطرہ ہے

''مویشی کو خطرہ ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۴۹)

جنوب کی طرف منہ کر کے پیشاب پاخانہ کرنا

''شمال کی طرف منہ کر کے پیشاب پاخانہ کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

جنون

☆ وضو کرنے کے بعد جنون طاری ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، جنون ختم ہونے کے بعد نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضو کرنا لازم ہے۔

☆ جنون خواہ تھوڑی ہی دیر رہا ہو، وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲)

جواب وسلام

''سلام وجواب'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۳۱۷)

---

(۱) لو وجد ماء قليلا ولم يتيقن بوقوع النجاسة فيه يتوضأ به و يغتسل ولا يتيمم لأن الأصل الطهارة فكان متيقنا فلا يزول بالشک. (حلبی كبير، كتاب الطهارة، (ص:۹۲) ط:سهيل اكيلمی)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثانى، (۲۵/۱) ط:رشيدية.

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة،الفصل الرابع، نوع آخر في ماء الحيض والغدران والعيون، (۱۷۹/۱) ط:ادارة القرآن.

(۲) (و) ينقضه (إغماء) ومنه الغشي (وجنون و سكر)

وفي الرد: (قوله:والجنون) صاحبه مسلوب العقل بخلاف الاغماء فانه مغلوب والاطلاق دالّ على أن القليل من كل منهما ناقض لأنه فوق النوم مضطجعا. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۴۴) ط:سعيد)

☆ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، ، (۳۰/۱) ط:سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۹/۱) ط:سعيد

جوتا

عام طور پر جوتوں کے اندر نجاست نہیں ہوتی، اس لئے وضو کے بعد جوتے پہننے سے دوبارہ وضو کرنا لازم نہیں ہوگا۔ (۱)

جوتا کنویں میں گرا

اگر کنویں میں ایسا جوتا گر گیا ہے جس میں گوبر وغیرہ لگا ہوا ہونے کا احتمال ہے تو کنویں کا پانی ناپاک نہیں ہوگا، احتیاطاً بیس، تیس ڈول نکال لیں تو بہتر ہے۔ (۲)

عن عبيد بن جريج، قال: قلت لابن عمر: رأيتك تلبس هذه النعال السبتية وتتوضأ فيها؟ قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يلبسها ويتوضأ فيها. (سنن النسائي: (۱/ ۳۱) كتاب الطهارة، باب الوضوء في النعل، ط: قديمي)

ومسند احمد: (۸/ ۲۹۷) رقم الحديث: ۴۳۷۲، مسند عبد الله بن عمر رضي الله عنه، ط: مؤسسه الرسالة.

والمعجم الكبير للطبراني: (۱۲/ ۳۵۰) رقم الحديث: ۱۳۳۱۴، مسند عبيد بن جريج عن ابن عمر، ط: مكتبه ابن تيميه، قاهره.

(وينقضه خروج نجس منه) أي وينقض الوضوء خروج نجس، فدخل تحت هذه الكلمة جميع النواقض الحقيقية. (تبيين الحقائق: (۱/ ۷) كتاب الطهارة، ط: امداديه ملتان)

والحاصل أن الصوم يبطل بالدخول، والوضوء بالخروج. (شامي: (۱/ ۱۳۹) كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعات الخلاف إذا لم يرتكب مكروه و مذهبه، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۱/ ۲۹) كتاب الطهارة، ط: سعيد.

وبعر الابل والغنم اذا وقع في البئر لا يفسده ما لم يكثر هكذا في فتاوى قاضي خان وعن ابي حنيفة رحمه الله ان الكثير ما استكثره الناظر والقليل ما استقله وعليه الاعتماد، هكذا في التبيين. الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱/ ۱۹) ط: رشيدية)

ولو وقعت الشاة وخرجت حية ينزح عشرون دلوا لتسكين القلب لا للتطهير حتى لو لم ينزح الماء وتوضأ جاز، كذا في فتاوى قاضي خان. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱/ ۲۱) ط: رشيدية)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب، (۱/ ۷۵) ط: سعيد

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع، نوع آخر في ماء الآبار، النوع الأول، (۱/ ۱۸۳) ط: ادارة القرآن

جوس

جوس سے وضو اور غسل کرنا درست

پھل، درخت، پتے اور گنے وغیرہ کے جوس سے وضو اور غسل کرنا درست نہیں ہے۔ (۱)

جونک

☆ جونک یا کھٹل یا اور کوئی جانور اگر اس قدر خون پئے کہ اگر وہ جسم پر چھوڑا جائے تو اپنی جگہ سے بہہ کر دوسری جگہ چلا جائے گا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

☆ جونک، چھپکلی سے چھوٹا ایک جانور ہوتا ہے، پانی میں یا گیلی جگہ میں رہتا ہے، خون چوستا ہے، اگر کسی نے جونک لگوائی، یا خود لگ گیا، اور اس میں اتنا خون بھر گیا کہ اگر بیچ میں سے اس کو کاٹ دیا جائے تو خون بہہ پڑے، تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر اتنا نہیں پیا بلکہ بہت ہی کم پیا ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۲)

---

(۱) (و) لا (بمعتصرنبات) اي معتصر من شجر او ثمر لانه مقيد. (ردالمحتار، كتاب الطهارة باب المياه، (۱/۱۸۰) ط:سعيد)

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع، نوع آخر في بيان المياه التي لا يجوز الوضوء بها على الوفاق وعلى الخلاف، (۱/۲۰۷) ط:ادارة القرآن.

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۱/۲۱) ط:رشيدية.

(۲) (وينقضه خروج) كل خارج (نجس) بالفتح ويكسر (منه) اى من المتوضي الحي معتادًا اولامن السبيلين اولا (الى مايطهر) اى يلحقه حكم التطهير ...... (و كذا ينقضه علقة مصت عضوا وامتلأت من الدم ومثلها القراد ان) كان (كبيرا) لانه حينئذ (يخرج منه دم مسفوح) سائل (والا) تكن العلقة والقراد كذلك (لا) ينقض.

وفي الرد: (قوله: علقة) دويبة في الماء تمص الدم (قوله: وامتلأت) كذا في الخانية، وقال: لأنها لو شقت يخرج منها دم سائل. (الدرالمختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب نواقض الوضوء، (۱/۱۳۹-۱۳۳) ط:سعيد)

⇐ البحرالرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۹) ط:سعيد.

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱/۱۱-۱۰) ط:رشيدية.

☆ جونک کے ذریعے خون نکالنے سے اگر نکلا ہوا خون بہہ پڑنے کی مقدار ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[۱]

جھاڑا نہیں

اگر تیمم کرتے وقت دونوں ہاتھوں کو زمین پر مارنے کے بعد گرد و غبار کو جھاڑا نہیں اور منہ اور ہاتھوں پر اچھی طرح مٹی مل لی، تب بھی تیمم صحیح ہو جائے گا لیکن ایسا کرنا مکروہ ہے۔[۲]

جھاڑنا

وضو کرنے کے بعد وضو کا پانی جو ہاتھ منہ پر ہوتا ہے، اس کو جھاڑنے کے بارے میں ہدایت یہ ہے کہ اگر قریب کوئی آدمی ہے تو ہاتھ اور منہ سے پانی نہ جھاڑے تاکہ قریب والے آدمی پر پانی نہ گرے اور تکلیف کا باعث نہ بنے، بلکہ یونہی چھوڑ دے کہ خود بخود خشک ہو جائے یا کپڑے سے خشک کر لے اور اگر سردی کا زمانہ ہے یا کسی پر پانی گرنے کا احتمال نہ ہو پھر اعضاء سے پانی جھاڑنا درست ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

(۱) نفس المرجع السابق.

(۲) سنن التیمم ...... و نفضهما. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/ ۳۰) ط: رشیدیة.

رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۳۱) ط: سعيد.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۴۶) ط: سعيد.

يتبين من بحث التيمم أنه عند الحنفية يكره ترك سنة من السنن المتقدمة. (الفقه الإسلامي وأدلته: (۱/ ۲۰۴) الباب الأول: الطهارات، الفصل السادس التيمم، المطلب السادس: سنن التيمم ومكروهاته، ط: دار الفكر)

كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/ ۹۷) كتاب الطهارة، مباحث التيمم، مكروهات التيمم، ط: دار الغد الجديد.

فرمایا جب تم وضو کرو تو اپنے ہاتھوں سے (وضو کے پانی کو) مت جھاڑو کہ یہ شیطان کا پنکھا ہے۔(۱)

جھاڑی ہوئی مٹی پر تیمم کرنا

اگر کسی جگہ پر تیمم کرنے والوں کے ہاتھ کی جھاڑی ہوئی کافی مٹی جمع ہوجائے تو اس مٹی پر بھی تیمم کرنا جائز ہے۔(۲)

جھوٹ

جھوٹ بولنا بہت بڑا گناہ ہے، اس سے بچنا لازم ہے۔(۳)

---

(۱) روی انّه صلی اللّٰه علیه وسلم قال: إذا توضأ احدکم فلاتنفضوا ایدیکم فانّها مراوح الشیطان. قال ابن الملقن رواه ابن ابي حاتم في علله وابن حبان في ضعفائه من روایة ابي هریرة وضعفاه. (اتحاف السادة المتقین: (۳۷۰/۲) کتاب اسرار الطهارة، باب آداب قضاء الحاجة، کیفیة الوضوء، ط: مؤسّسة التاریخ العربی)

ﻫ علل الحدیث لابن ابي الحاتم: (۵۰۶/۱) رقم الحدیث: ۴۳، بیان علل اخبار رویت في الطهارة، ط: مطابع الحمیضي.

ﻫ التلخیص الحبیر: (۲۹۶/۱) رقم الحدیث: ۱۱۴، کتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، ط: دار الکتب العلمیة.

(۲) ولو تیمم اثنان من مکان واحد جاز لانه لم یصر مستعملا لان التیمم انما یتأدی بما التزق بیده لا بما فضل کالماء الفاضل في الاناء بعد وضوء الاول. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/ ۱۴۷) ط: سعید)

ﻫ ردالمحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۲۵۴/۱) ط: سعید.

ﻫ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۳۱/۱) ط: رشیدیة.

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿لعنة الله علی الکاذبین﴾. [العمران: ۶۱]

ﻫ وعن ابي هریرة رضي الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آیة المنافق ثلاث ..... إذا حدث کذب وإذا وعد اخلف وإذا ائتمن خان. (مشکاة المصابیح: (ص: ۱۷) کتاب الإیمان، باب الکبائر و علامات النفاق، الفصل الأوّل، ط: قدیمی)

ﻫ لأنّ عین الکذب حرام. (الدر المختار مع الرد: (۴۲۷/۶) کتاب الحظر والإباحة، فصل في البیع، ط: سعید)=

البتہ وضو کرنے کے بعد جھوٹ بولنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا، اس وضو سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ (۱)

جھومنا

اگر کوئی شخص بیٹھنے کی ایسی حالت میں سو گیا کہ وہ نیند سے بوجھل ہو کر جھوم رہا تھا، پھر وہ گر پڑا اور گرتے ہی اس کی آنکھ کھل گئی تو اس کا وضو نہیں ٹوٹا۔ (۲)

---

(۱) فإن الكذب حرام لا رخصة فيه. (المبسوط السرخسي: (۳/۲۱۱) كتاب الحيل، ط: دار المعرفة)

(۲) ولا ينقض بكلام محرم كالكذب والغيبة والقذف والسب ونحوها. (الفقه الاسلامي وادلته، كتاب الطهارة، (۱/۲۸۳) ط: دار الفكر)

ومندوب في نيف وثلاثين موضعا ذكرتها في الخزائن منها بعد كذب وغيبة وقهقهة وشعر — (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/۸۹) ط: سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/۹) ط: رشيدية.

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه، (۱/۱۱۳) ط: ادارة القرآن.

(۲) وإن نام جالسا وهو يتمايل بل ربما تزول مقعدته عن الأرض وربما لا تزول قال شمس الأئمة الحلواني: ظاهر المذهب انه لا يكون حدثا ولو وضع يده على الأرض فاستيقظ لا ينتقض الوضوء. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۹) ط: سعيد)

وإن سقط النائم ان انتبه بعد ما سقط على الأرض فعليه الوضوء وإن انتبه قبل السقوط فلا وضوء عليه. (حلبي كبير، كتاب الطهارة، (ص: ۱۴۰) ط: سهيل اكيلمى)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۲) ط: رشيدية.

﴿……چ……﴾

چاند بادل کی آڑ میں ہو

''سورج بادل کی آڑ میں ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٤٢١/٢)

چاند کی طرف رخ کر کے پیشاب کرنا

''سورج کو سامنے لے کر پیشاب پاخانہ کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

چاند کی طرف منہ یا پیٹھ کر کے پیشاب یا پاخانہ کرنا

چاند کی طرف منہ یا پیٹھ کر کے پیشاب یا پاخانہ کرنا مکروہ ہے۔[1]

چاندی کے برتن سے وضو کرنا

''سونے کے برتن سے وضو کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٤٢٧/١)

چاندی کے لوٹے سے وضو کرنا

''سونے کے برتن سے وضو کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٤٢٧/١)

چپل وغیرہ کو وضو خانے میں دھونا

اگر جوتا یا چپل خراب ہو جائے، اور گیلی مٹی وغیرہ لگ جائے، یا خراب پانی

(۱) (وكذا يكره …… استقبال شمس وقمر لهما) أي لأجل بول أو غائط). (قوله: واستقبال شمس وقمر) لأنهما من آيات الله الباهرة، وقيل: لأجل الملائكة الذين معهما، سراج. ونقل سيدي عبد الغني عن المفتاح: ولا يقعد مستقبلاً للشمس والقمر، ولا مستدبراً لهما للتعظيم اهـ.
أقول: والظاهر أن الكراهة هنا تنزيهية مالم يرد نهي. (الدر مع الرد: (٣٤٢/١) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، مطلب إذا دخل المستنجي في ماء قليل، ط: سعيد)
(۲) البحر الرائق: (٢٤٣/١) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: سعيد.
(۳) مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ٥٣) كتاب الطهارة، فصل: فيما يجوز به الاستنجاء، ط: قديمي.

میں گر جائے، تو اس قسم کی چیزوں کو مسجد کے وضو خانے میں دھونا مناسب نہیں ہے،[1] تاہم اگر ضرورت کے وقت وہاں جوتے اور چپل وغیرہ دھو لئے جائیں تو مضائقہ نہیں،[2] البتہ اس جگہ کو صاف کر دینا چاہئے تا کہ نمازیوں کو تکلیف نہ ہو۔[3]

چت لیٹنا

چت لیٹ کر سونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ اس صورت میں قوت ماسکہ (روکنے والی قوت) باقی نہیں رہتی، اور اگر ایسی نیند ہو کہ اس سے قوت ماسکہ

---

(۱) وفي التوضؤ من السقاية إذا اتخذها للشرب اختلاف المشائخ ، ولو اتخذها للتوضؤ لايجوز الشرب منه بالاجماع. وفي الاستقاء من السقاية وإسقاء الدواب اختلاف ، والأصح أنه لايجوز، وفي الاستقاء للشرب إذا كان قليلاً ، لأنه في معنى الشرب ، والأصح عدم الجواز . (البحر الرائق: (۵/ ۲۷۵) كتاب الوقف ، ط: سعيد)

﴿ لايجوز الوضوء من الحياض المعدة للشرب في الصحيح ، ويمنع من الوضوء منه وفيه وحمله لأهله إن مأذونًا وإلاّ لا . (الدر المختار : (۶/ ۴۲۷) كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، ط: سعيد)

﴿ الهندية : (۲/ ۴۶۵) كتاب الوقف ، الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر والخانات والحياض والطرق ، ط: رشيديه .

(۲) الضرورات تبيح المحظورات. اي انّ الأشياء الممنوعة تعامل كالأشياء المباحة وقت الضرورة. (شرح المجلّة لسليم رستم باز : (۱/ ۲۳) رقم المادة : ۲۱ ، المقالة الثانية في بيان القواعد الكلية الفقهية ، ط: مكتبه فاروقيه)

﴿ الاشباه والنظائر : (ص: ۸۷) القاعدة الخامسة : الضرر يزال ، ط: قديمي)

(۳) عن ابي بكر الصديق رضى الله عنه ، قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ملعون من ضار مؤمنا او مكر به. (جامع الترمذي: (۱/ ۱۵) ابواب البر والصلة، باب ماجاء في الخيانة والغش، ط: سعيد)

﴿ مشكلة المصابيح : (ص: ۴۲۸) كتاب الأداب ، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات، الفصل الثاني، ط: قديمي.

﴿ كنز العمال : (۳/ ۵۴۵) رقم الحديث : ۷۸۲۱ ، حرف الهمزة ، الكتاب الثالث في الأخلاق، الفصل الثاني : في الأخلاق والأفعال المذمومة ، ط: إدارة تاليفات .

باقی رہتی ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[1]

چڑیا ٹینکی میں گر جائے

''پرندہ ٹینکی میں گر جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۷۸/۱)

چشمہ

کسی شخص کی ذاتی زمین میں پانی کا چشمہ ہو تو دوسرے لوگوں کو پانی پینے سے یا جانوروں کو پلانے سے یا وضو یا غسل وغیرہ کرنے سے منع نہیں کرسکتا۔[2]

چلتے چلتے استنجاء خشک کرنا

بعض لوگ راستہ میں چلتے چلتے باتیں کرتے ہوئے استنجاء خشک کرتے ہیں یہ طریقہ غلط ہے، بے حیائی کی بات ہے، اور اسلام کی بدنامی کا سبب ہے۔[3]

---

(۱) (و) ينقضه حكما (نوم يزيل مسكه) اي قوته الماسكة بحيث تزول مقعدته من الأرض وهو النوم على احد جنبيه او وركيه او قفاه او وجهه (والا) يزول مسكه (لا) ينقض. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۴۱/۱) ط:سعيد)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۷/۱) ط:سعيد.

⇐ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، (۳۱/۱) ط:سعيد.

(۲) ولو اراد رجل اجنبي ان ياخذ من النهر الخاص او من حوض رجل او من بئر رجل ماء بالجرة للوضوء او لغسل الثياب هل له ذلك؟ ذكر الطحاوي انه له ذلك، وعليه اكثر المشايخ. (الفتاوى الهندية، كتاب الشرب، الباب الأول، (۳۹۱/۵) ط:رشيدية)

⇐ البحر الرائق، كتاب احياء الموات، مسائل الشرب، (۲۱۳/۸) ط:سعيد.

⇐ ردالمحتار، كتاب احياء الموات، فصل الشرب، (۴۳۸/۶) ط:سعيد.

(۳) عن زيد بن طلحة بن ركانة يرفعه إلى النبي صلى الله عليه وسلم قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لكل دين خلق و خلق الإسلام الحياء. (مؤطا الإمام مالك: (ص: ۵۶۴) كتاب حسن الخلق، باب ماجاء في الحياء، ط: مكتبه فاروقيه)

⇐ مشكاة المصابيح: (ص: ۴۳۲) كتاب الآداب، باب الرفق والحياء وحسن الخلق، الفصل الثالث، ط: قديمي. =

چوٹ

اگر وضو کے بعد چوٹ لگی اور خون نکل آیا تو وضو ٹوٹ گیا، البتہ اگر خون زخم کے منہ پر ہی رہے، زخم کے منہ سے آگے نہ بڑھے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

چونا

خشک چونے پر بھی تیمم کرنا درست ہے۔ (۲)

لقوله صلى الله عليه وسلم: "إنّ الله حي ستير" تفسيره: يحب الحياء والستر. (حجة الله البالغة: (۳۰۲/۱) أبواب الطهارة، صفة الغسل، ط: دار الجيل)

المخامسة والخمسون: إذا قام للاستبراء فلا يخرج بين النّاس وذكره في يده وإن كانت تحت ثوبه فإنّ ذلك شوه ومثلة، وكثيرًا ما يفعله بعض النّاس، وهذا وقد نهي عنه، وإن كانت له ضرورة في الاجتماع بالنّاس إذ ذاک فليجعل على فرجه خرقة يشدها عليه ثم يخرج فإذا رجع من ضرورته تنظف إذ ذاک. (المدخل لابن الحاج: (۳۱/۱) فصل في الاستبراء وكيفية النية فيه، ط: دار التراث)

(۱) (وينقضه خروج) كل خارج (نجس) بالفتح ويكسر (منه) اى من المتوضى الحي معتادًا اولا من السبيلين او لا (الى ما يطهر) اى يلحقه حكم التطهير ...... ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة ......

وفي الرد: (قوله: عين السيلان) اختلف في تفسيره ففي المحيط عن ابي يوسف ان يعلو و ينحدر وعن محمد اذا انتفخ على رأس الجرح وصار اكثر من رأسه نقض والصحيح لا ينقض. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱۳۵/۱-۱۳۴) ط: سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۹/۱) ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۰/۱) ط: رشيدية

(۲) يتيمم بطاهر من جنس الارض، كذا في محيط السرخسي ...... فيجوز التيمم بالتراب ...... والجص والنورة ...... (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۶/۱) ط: رشيدية)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۷/۱) ط: سعيد

فتح القدير، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۱۲/۱) ط: رشيدية

چونا بھری ہوئی دیوار

چونا بھری ہوئی دیوار پر تیمم کرنا درست ہے۔(۱)

چھاتی

اگر چھاتی سے پانی نکلتا ہے اور درد بھی ہوتا ہے تو وہ ناپاک ہے، اس سے وضو ٹوٹ جائے گا اور اگر درد نہیں ہے تو ناپاک نہیں ہے اور اس سے وضو بھی نہیں ٹوٹے گا۔(۲)

چھالا

"پھوڑا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸٤/۱)

چہرہ

چہرہ کی چاروں طرف کی حدود یہ ہے کہ اگر ڈاڑھی نہیں ہے تو چہرے کی حد لمبائی میں پیشانی کے اوپر اس کنارہ سے شروع ہوتی ہے جہاں بال اگتے ہیں، اور

---

(۱) ویجوز التیمم عند أبي حنیفة ومحمد رحمهما الله تعالیٰ بکل ما کان من جنس الأرض کالتراب والرمل والحجر والجص والنورة والکحل والزرنیخ. (الهدایة: (۵۱/۱) کتاب الطهارة، باب التیمم، ط: المصباح)

☆ إلّا رماد الحجر فیجوز کحجر مدقوق أو مغسول، وحائط مطین أو مجصص. (الدر المختار مع رد المحتار: (۲۴۰/۱) کتاب الطهارة، باب التیمم، ط: سعید)

☆ الهندیة: (۲۷/۱) کتاب الطهارة، الباب الرابع في التیمم، الفصل الأوّل، ط: رشیدیه.

☆ انظر أیضًا الحاشیة السابقة.

(۲) (کما) لا ینقض (لو خرج من أذنه) ونحوها کعینه وثدیه (قیح) ونحوه کصدید وماء سرة وعین (لا بوجع وإن) خرج (به) أي بوجع (نقض) لأنه دلیل الجرح. (رد المحتار، کتاب الطهارة، (۱۴۷/۱) ط: سعید)

☆ حاشیة الطحطاوي علی مراقي الفلاح، کتاب الطهارة، (۳۸/۱) ط: قدیمی.

☆ الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الثاني، (۱۲۵/۱) ط: ادارة القرآن.

نیچے کی حد ٹھوڑی کے نیچے تک، اور چہرے کی حد چوڑائی میں ایک کان کی جڑ سے دوسرے کان کی جڑ تک ہے، اور ٹھوڑی اور کان کے درمیان کی جو خالی جگہ ہے وہ بھی قدرتی طور پر چہرے میں شامل ہے، اس کا دھونا بھی واجب ہے۔

☆ چہرے کی جھریوں میں بھی پانی پہنچانا واجب ہے۔ (۱)

چہرہ اور ہاتھوں کے مسح میں وقفہ دینا

اگر تیمم کرتے وقت چہرہ پر مسح کر کے وقفہ دیدیا اور اتنی دیر وقفہ دے کر ہاتھوں پر مسح کیا کہ اگر بالفرض چہرہ پانی سے دھلا ہوتا تو اب تک خشک ہو جاتا تب بھی تیمم صحیح ہو جائے گا، لیکن اتنا وقفہ دینا مناسب نہیں ہے۔ (۲)

چہرہ پر پانی آہستہ سے مارے

وضو کے دوران چہرہ دھوتے وقت دائیں ہاتھ میں پانی لیکر آہستہ سے چہرے پر مارے تاکہ قریب بیٹھ کر وضو کرنے والے پر چھینٹ نہ پڑے۔ (۳) اور دونوں ہاتھوں سے چہرے پر پانی ملے۔

---

(۱) (لغسل الوجه مرة وهو من مبدأ سطح جبهته الى اسفل ذقنه طولا وما بين شحمتي الأذنين عرضا فيجب غسل المياقي ومابين العذار والأذن) لدخوله في الحد. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/۹۶-۹۷) ط:سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۱/۳-۴) ط:رشيدية

☆ حلبى كبير، كتاب الطهارة، (ص:۱۵) ط:سهيل اكيڈمى

(۲) (وسننه لماتية الضرب بباطن كفيه واقبالهما وادبارهما ونفضهما وتفريج اصابعه والتسمية والترتيب والولاء. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۳۱) ط:سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/۳۰) ط:رشيدية

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۳۶) ط:سعيد.

(۳) عن ابي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده...... الحديث. (مشكاة المصابيح: (ص: ۱۵) كتاب الإيمان، الفصل الثاني، ط: قديمى) =

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا آپ کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا طریقہ نہ دکھاؤں۔ (چنانچہ اس میں ہے کہ) دائیں ہاتھ میں پانی لیا اور چہرہ پر مارا۔ [1]

چہرہ پر مسح کرنے کے بعد ہاتھوں پر مسح کرنے میں دیر نہ کرے

''چہرہ اور ہاتھوں کے مسح میں وقفہ دینا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۵/۱)

چہرہ کو تین مرتبہ دھونا

وضو کے دوران پورے چہرہ کو ایک مرتبہ دھونا فرض ہے، اور دو مرتبہ دھونا جائز ہے، اور تین مرتبہ دھونا سنت ہے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ انہوں نے کلی کی، ناک

= ☆ الفوائد...... ۲: النهي عن إيذاء المسلمين بأي وجه من الوجوه من قول أو فعل أو إشارة. (الأحاديث الأربعين النووية مع ما زاد عليها ابن رجب: (۲۸/۱) تحت الحديث الخامس والثلاثون، ط: الجامعة الإسلامية، المدينة المنورة)

☆ فإنّ إيذاء المسلم حرام محذور. (إحياء علوم الدين: (۳۳۰/۲) كتاب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، ط: دار المعرفة، بيروت)

(۱) عن ابن عباس رضي الله عنه قال: دخل عليّ (رضي الله عنه) عليّ بيتي وقد بال فدعا بوضوء فجئناه بقعب يأخذ المد أو قريبه حتى وضع بين يديه، فقال: يا ابن عباس الا أتوضأ لك وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ فقلت: بلى فداك ابي وامي قال: فوضع له إناء فغسل يديه، ثم مضمض واستنشق واستنثر، ثم أخذ بيمينه - يعني الماء - فصك بها وجهه. وذكر الحديث. (صحيح ابن خزيمة: (۷۹/۱) كتاب الوضوء، جماع أبواب الوضوء وسننه، باب استحباب صك الوجه بالماء عند غسل الوجه، ط: المكتب الإسلامي بيروت)

☆ صحيح ابن حبان: (۳۶۲/۳) رقم الحديث: ۱۰۸۰، كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، ذكر استحباب صك الوجه بالماء للمتوضي، ط: مؤسسة الرسالة.

☆ السنن الكبرى للبيهقي: (۱۲۰/۱) رقم الحديث: ۳۵۰، كتاب الطهارة، باب قراءة من قرأ ﴿وارجلكم﴾ نصباً، ط: دار الكتب العلمية.

میں پانی ڈالا پھر چہرے کو تین تین مرتبہ دھویا۔ (۱)

حضرت عبداللہ بن زید کی روایت میں ہے کہ انہوں نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کو نقل کرتے ہوئے فرمایا کہ کلی اور ناک میں تین مرتبہ پانی ڈالنے کے بعد چہرہ تین مرتبہ دھویا۔ (۲)

چہرہ کی حدود

چہرہ کی حد یہ ہے کہ پیشانی کے بال جہاں ہیں، ان کے نیچے سے لے کر تھوڑی تک اوپر نیچے لمبائی میں، اور ایک کان سے لے کر دوسرے کان کی حد تک

(۱) عن حمران مولیٰ عثمان بن عفان انّه رای عثمان دعا بوضوء فافرغ علی یدیه من إنائه فغسلهما ثلث مرات ثم أدخل یمینه في الوضوء ثم تمضمض واستنشق واستنثر ثم غسل وجهه ثلثا... الحدیث. (صحیح البخاري: (۱/۲۸) کتاب الوضوء، باب المضمضة في الوضوء، ط: قدیمی)

☆ صحیح ابن خزیمة : (۱/۳) رقم الحدیث : ۳، کتاب الوضوء ، باب ذکر فضل الوضوء ثلاثا ثلاثا ، ط: المکتب الإسلامي .

☆ السنن الکبری (۱/۵۳، ۵٦) کتاب الطهارة ، جماع أبواب سنة الوضوء ، باب التکرار في غسل الوجه ، ط: دار الإشاعت .

☆ قال أصحابنا : الأولیٰ فرض ، والثانیة مستحبة والثالثة سنة ، وقیل : الأولیٰ فرض والثانیة سنة والثالثة إکمال السنة ، وقیل : الثانیة والثالثة سنة . (عمدة القاري : (۲/۲۳۲) کتاب الوضوء ، باب ماجاء في الوضوء ، ط: دار إحیاء التراث العربي)

(۲) عن عمرو بن یحییٰ المازني عن أبیه أنّ رجلاً قال لعبد الله بن زید وهو جد عمرو بن یحییٰ أتستطیع أن تریني کیف کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتوضأ ، فقال عبد الله بن زید : نعم فدعا بماء فأفرغ علی یدیه فغسل یدیه مرتین ثم مضمض و استنثر ثلثا ثم غسل وجهه ثلثا...... الحدیث . (صحیح البخاري : (۱/۳۱) کتاب الوضوء ، باب مسح الرأس کله ، ط: قدیمی)

☆ سنن أبي داود : (۱/۲۷) کتاب الطهارة ، باب صفة وضوء النّبي صلی الله علیه وسلم ، ط: رحمانیه .

☆ سنن الترمذي : (۱/۱۷) أبواب الطهارة ، باب من توضأ بعض وضوئه مرتین وبعضه ثلثا ، ط: سعید .

دائیں بائیں چوڑائی میں اس کو اس طرح دھونا فرض ہے کہ پانی کا قطرہ ٹپکے، محض بھگے اور گیلے ہاتھ یا کپڑے سے پونچھ لینے سے وضو صحیح نہیں ہوگا۔ (۱)

چھلکا

اگر وضو کے اعضاء پر زخم ہو، اور وضو کے بعد اس زخم کے اوپر کی کھال (چھلکا) الگ کر دی تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا، اور اس مقام کو دوبارہ دھونے کی ضرورت نہیں ہوگی، خواہ کھال جدا کرنے میں تکلیف ہو یا نہ ہو۔ (۲)

چھوٹا بچہ دودھ الٹی کرتا ہے

اگر چھوٹا بچہ منہ بھر کر دودھ الٹی کرتا ہے تو وہ ناپاک ہے، اگر کپڑے یا بدن پر لگ

---

(۱) ﴿فاغسلوا وجوهكم﴾ الغسل هو الإسالة ، وحدها عندهما أن يتقاطر الماء ولو قطرا وعند أبي يوسف يجزي إذا سال على العضو ولو لم يقطر كذا في شرح الهداية لابن الهمام وحد الوجه تقريبًا ما بين قصاص الشعر وأسفل اللقن وشحمتي الأذنين وتحقيقًا ما بين ملتقى عظمي الجبهة والقحف وملتقى اللحيين و شحمتي الأذنين . (حلبي كبير : (ص: ١٥) فرائض الوضوء ، ط: سهيل اكيڈمی لاهور)

☆ والغسل بإسالة الماء على المحل بحيث يتقاطر ، وأقله قطرتان في الأصح ولاتكفي الإسالة بدون التقاطر والوجه مايواجه به الإنسان ...... وحده ... طولاً من مبدأ سطح الجبهة إلى أسفل اللقن ...... وحده ...... عرضًا ...... ما بين شحمتي الأذنين . (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ٥٧) كتاب الطهارة ، فصل في أحكام الوضوء ، ط: قديمی)

☆ الدر مع الرد : (٩٦/١) كتاب الطهارة ، مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام، ط: سعيد.

(٢) وان قشرت نفطة وسال منها ماء او صديد او غيره ان سال عن رأس الجرح نقض وان لم يسل لا ينقض. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس ، (١١/١) ط: رشيدية)

☆ وعلى هذا مسائل منها نفطة قشرت فسال منها ماء او دم او صديد ان سال عن رأس الجرح نقض وان لم يسل لا. (حلبي كبير، كتاب الطهارة ، (ص: ١٣٠) ، ط: سهيل اكيڈمی)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (٣٣/١) ، ط: سعيد

جائے تو اس کو دھونا ضروری ہے، ورنہ دھوئے بغیر نماز پڑھنے سے نماز صحیح نہیں ہوگی۔

اور اگر منہ بھر کر الٹی نہیں کی تو وہ ناپاک نہیں ہے، اگر یہ کپڑے یا بدن پر گر جائے، اور دھوئے بغیر نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوگی تاہم نماز سے پہلے دھو لینا بہتر ہے، یہ نظافت کا تقاضا ہے۔[1]

چھوٹا بچہ قے کرے

"چھوٹا بچہ دودھ الٹی کرتا ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۸/۱)

چھوٹی انگلی سے پیر کی انگلیوں کا خلال کرنا

مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے پیر کی انگلیوں کا خلال فرما رہے تھے۔[2]

چھونا

مرد کا عورت کو، یا عورت کا خاص حصہ یا کسی کا مشترک حصہ، یا اپنا خاص حصہ چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، اسی طرح عورت کا مرد کو یا مرد کا خاص حصہ یا مشترک حصہ

---

(۱) (وينقضه قيء ملأ فاه من مرة أو علق أو طعام أو ماء) اذا وصل الى معدته وان لم يستقر وهو نجس مغلظ ولو من صبي ساعة ارتضاعه، هو الصحيح لمخالطة النجاسة. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۳۸) ط:سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۳۳) ط:سعيد.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۱) ط:رشيدية.

(۲) عن المستورد بن شداد القرشي قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يدلك بخنصره ما بين أصابع رجليه. (السنن الكبرى للبيهقي: (۱/ ۱۲۳) كتاب الطهارة، باب كيفية التخليل، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)

جامع الترمذي: (۱/ ۱۶) أبواب الطهارة، باب تخليل الأصابع، ط: سعيد.

سنن أبي داود: (۱/ ۳۱) كتاب الطهارة، باب غسل الرجلين، ط: رحمانيه.

یا اپنا خاص حصہ یا مشترک حصہ چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۱)

چھینٹا

"پانی کا چھینٹا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۶/۱)

چھینٹیں

"پیشاب کی باریک چھینٹیں" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۰۲/۱)

چھینٹیں مارنا پیر پر

گرد و غبار یا سردی کے زمانہ میں اعضاء میں خشکی کی وجہ سے بسا اوقات پیر اچھی طرح دھلتا نہیں ہے اس لئے اچھی طرح وضو کرنے کے لیے بہتر یہ ہے کہ پیر کو پہلے چھینٹیں مار کر بھگو لیا جائے، پھر دھویا جائے، اس میں سہولت رہتی ہے، اور کوئی جگہ خشک رہنے کا ڈر نہیں ہوتا۔ (۲)

---

(۱) مس الرجل المرأة او المرأة الرجل لا ينقض الوضوء. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر من هذا الفصل، (۱۳۳/۱) ط: ادارة القرآن)

ب ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۴۸/۱) ط: سعيد

د البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۴۵/۱-۴۳) ط: سعيد

ت عشرة أشياء لاتنقض الوضوء منها: ظهور دم لم يسل عن محله ...... ومنها: مس ذكره و دبر و فرج مطلقًا ...... ومنها مس امرأة غير محرم. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۹۳) كتاب الطهارة، فصل: عشرة أشياء لاتنقض الوضوء، ط: قديمي)

ح البحر الرائق: (۴۳/۱) كتاب الطهارة، ط: سعيد.

خ مجمع الانهر: (۲۱/۱) كتاب الطهارة، ط: دار الكتب العلمية.

(۲) قوله: ثم رش على رجله اليمنى، قال المؤلف: دلالته على الباب ظاهرة. وقال الشيخ: وتقييده في الدر المختار بالشتاء يدل على كون هذا الرش من الأدب إذا كان في الرجلين ما يحتمل عدم وصول الماء إليهما، وأمّا المنقول من الفقهاء رشهما في بدء الوضوء، والثابت بالحديث رشهما في أثناء الوضوء، فكيف يدلّ عليه الحديث؟ فالأصل أنّ المقصود هو الرش لسهولة في وصول الماء، كيف ما كان، وبأي وجه حصل هذا المقصود ودلالة الحديث ٭

حضرت ابوالنضر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے وضو کا پانی منگوایا، وہاں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ موجود تھے، یہ سب دیکھ رہے تھے، انہوں نے دائیں پیر پر پھر بائیں پیر پر چھینٹے مارا پھر دونوں کو تین مرتبہ دھویا۔ (۱)

چھینک آئے تو

اگر پیشاب، پاخانہ کرتے وقت چھینک آئے تو زبان سے "الحمدلله" نہ

= على هذا المقصود ظاهرة . (إعلاء السنن : (۱/۱۳۳) كتاب الطهارة ، باب استحباب رش الماء على الرجلين قبل غسلهما ، ط: إدارة القرآن)

ومن الآداب...... غسل رجليه بيساره وبلهما عند ابتداء الوضوء في الشتاء. (قوله: وبلهما الخ) أي الرجلين لكن في البحر عن الكلام على غسل الوجه عن خلف بن أيوب أنه قال: ينبغي للمتوضئ في الشتاء أن يبل أعضاءه بالماء شبه الدهن ثم يسيل الماء عليها؛ لأن الماء يتجافى عن الأعضاء في الشتاء اهـ (الدر مع الرد: (۱/۱۳۱) كتاب الطهارة، مطلب: التمسح بمنديل، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۱/۱۱) كتاب الطهارة ، ط: سعيد .

(۱) عن أبي النضر أن عثمان دعا بوضوء وعنده طلحة والزبير وعلي و سعد ، ثم توضأ وهم ينظرون فغسل وجهه ثلاث مرات ، ثم أفرغ على يمينه ثلاث مرات ، ثم أفرغ على يساره ثلاث مرات ثم رش على رجله اليمنى ثم غسلها ثلاث مرات ، ثم رش على رجله اليسرى ثم غسلها ثلاث مرات ، ثم قال للذين حضروا: أنشدكم الله أتعلمون أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يتوضأ كما توضأت الآن ؟ قالوا : نعم وذلك لشئ بلغه عن وضوء رجال . (كنز العمال : (۹/۸۲۰) رقم الحديث : ۲۶۹۰۷ ، حرف الطاء ، كتاب الطهارة ، باب سنن الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة)

إعلاء السنن : (۱/۳۳) كتاب الطهارة ، باب استحباب رش الماء على الرجلين قبل غسلهما، ط: إدارة القرآن .

بغية الباحث عن زوائد مسند الحارث : (۱/۲۱۲) رقم الحديث : ۷۳ ، كتاب الطهارة ، باب ماجاء في الوضوء و فضله ، ط: مركز خدمة السنة والسيرة النبوية .

کہے، اور "یرحمک اللہ" بھی زبان سے نہ کہے۔ (۱)

چھینک کا جواب

"چھینک آئے تو" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۰۱/۱)

چیچڑی

☆ چیچڑی ایک کیڑا ہے جو کتے، گائے اور بھینس کے بدن میں لگ جاتا ہے، اور خون چوستا ہے، اور اگر انسان گائے بھینس کے قریب رہے تو اس کے جسم میں بھی نرم جگہ دیکھ کر خون چوسنا شروع کر دیتا ہے اور خون چوسنے کے بعد اس کا پیٹ خون سے بھر جاتا ہے اور دیکھنے میں ایسا لگتا ہے کہ ایک چھوٹے سے غبارہ میں خون بھرا ہوا ہے۔

☆ اگر چیچڑی بڑی نہ ہو، اس سے بہتا ہوا خون نہ نکلے تو اس کے کاٹنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا، اور اگر چیچڑی بڑی ہے، اس سے بہتا ہوا خون نکلے تو اس کے کاٹنے سے وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲)

چیچک

☆ اگر کسی کے آدھے سے زیادہ بدن پر زخم ہو یا چیچک نکلی ہو تو غسل کرنا واجب نہیں بلکہ تیمم کر لینا کافی ہے۔

☆ اگر بدن پر جا بجا زخم ہیں یا چیچک نکلی ہوئی ہے، تو تیمم کرنا جائز ہے، اگر

---

(۱) ولا يذكر الله تعالى ولا يشمت عاطسا. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۵۰/۱) ط:سعيد)

٭ مراقي الفلاح، كتاب الطهارة، (۱۰۶/۱) ط:قديمي

٭ الفقه الاسلامي وادلته، كتاب الطهارة، (۵۳۵/۱) ط:دار الفكر

(۲) تقدم تخريجه تحت العنوان: "جونک". رقم الحاشية: ۲، على الصفحة: ۲۸۶.

جابجا نہیں ہیں ایک جگہ بدن کے آدھے حصے سے زیادہ پر ہیں، تب بھی غسل کی جگہ تیمم کرنا جائز ہے، اور باقی اعضاء کو دھونے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر چار اعضاء میں سے صرف ایک عضو اچھا ہے، تو وضو کی جگہ تیمم کرسکتا ہے، اس ایک عضو کو دھونے کی ضرورت نہیں ہے، مثلاً چہرہ صحیح ہے، ہاتھ، پاؤں، سر زخمی ہیں تو تیمم کرے، چہرہ دھونے کی ضرورت نہیں ہے، ایسے ہی اگر ہاتھ، پاؤں، چہرہ زخمی ہے صرف سر صحیح باقی ہے تو تیمم جائز ہے، سر کا مسح نہ کرے۔ (۱)

چیل ٹینکی میں گر جائے

"پرندہ ٹینکی میں گر جائے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۷۸/۱)

---

(۱) (تیمم لو كان أكثره) أي أكثر أعضاء الوضوء عددا وفي الغسل مساحة (مجروحا) أو به جدري اعتبارا للأكثر (وبعكسه يغسل) الصحيح ويمسح الجريح. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۵۷/۱) ط: سعيد)

○ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز له، (۲۴۲/۱) ط: ادارة القرآن.

○ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۶۳/۱) ط: سعيد.

ح

حافظہ میں اضافہ

"قوتِ حافظہ میں اضافہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۸/۲)

حجامت

موجودہ دور میں جدید طریقے سے بدن سے خراب خون نکالا جاتا ہے اس کو حجامت کہتے ہیں، اگر حجامت کے ذریعہ بدن سے خون نکالا گیا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[1]

حج کا ثواب

"باوضو گھر سے مسجد جانے پر حج کا ثواب" عنوان کے تحت دیکھیں۔

حدث اصغر

وضو ٹوٹنے سے انسان کے جسم میں جو شرعی حالت پیدا ہوتی ہے وہ "حدث اصغر" ہے، یعنی بے وضو ہونے کو "حدث اصغر" کہتے ہیں۔[2]

---

(۱) (وكذا ينقضه علقة مصت عضوا وامتلأت من الدم ومثلها القراد ان) كان (كبيرا) لانه حينئذ (يخرج منه دم مسفوح) سائل (والا) تكن العلقة والقراد كذلك (لا) ينقض. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱/۱۳۹-۱۳۳) ط: سعيد)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۹) ط: سعيد.

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱/۱۱-۱۰) ط: رشيدية.

(۲) والنجاسة الحكمية هي امر اعتباري يقوم بالاعضاء يمنع من صحة الصلاة حيث لا مرخص، ويشمل الحدث الأصغر الذي يزول بالوضوء والحدث الأكبر (الجنابة) الذي يزول بالغسل. (الفقه الاسلامي وادلته، كتاب الطهارة، الفصل الثاني: النجاسة، المبحث الأول، (۱/۲۵۹) ط: دار الفكر)

⇐ الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، اقسام الطهارة، (۱/۹) ط: دار الغد الجديد.

⇐ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۳۰۸) ط: سعيد.

حدث اصغر کی حالت میں قرآن لکھنا

''وضو نہ ہونے کی حالت میں قرآن لکھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۸۰/۲)

حدث اصغر کی حالت میں نماز پڑھنا

حدث اصغر کی حالت میں نماز پڑھنا حرام ہے، خواہ نفل ہو یا فرض، پانچ وقت کی نماز ہو یا عیدین کی ہو یا جنازہ کی، بہرصورت حرام ہے۔ (۱)

حدود چہرہ

''چہرہ کی حدود'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۹۷/۱)

حدیث دوسری زبانوں میں تحریر ہو

اگر حدیث دوسری زبانوں میں تحریر ہو تو اس کی تعظیم کرنا بھی واجب ہے۔ (۲)

(۱) الشرط الثاني: الطهارة عن الحدثين: الأصغر و الأكبر (الجنابة و الحيض و النفاس) بالوضوء والغسل أو التيمم...... والطهارة عن الحدث شرط في كل صلاة مفروضة أو نافلة، كاملة أو ناقصة كسجدة التلاوة و سجدة الشكر، فاذا صلى بغير طهارة لم تنعقد صلاته. (الفقه الاسلامي و أدلته، الباب الثاني: الصلاة، الفصل الرابع: شروط الصلاة، شروط صحة الصلاة، (۶۹۳/۱) ط: دار الفكر)

☆ الفقه على المذاهب الأربعة: (۱۰۵/۱) كتاب الصلاة، مباحث الصلاة، شروط الصلاة، ط: دار الغد الجديد.

☆ الدر مع الرد: (۴۰۲/۱) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ط: سعيد.

(۲) ويكره مس المصحف كما يكره للجنب و كذا كتب الأحاديث والفقه عندهما والأصح انه لا يكره عنده اهـ قال في شرح المنية: وجه قوله انه لا يسمى ماسا للقرآن لأن ما فيها منه بمنزلة التابع اهـ ومشى في الفتح على الكراهة فقال: قالوا: يكره مس كتب التفسير والفقه والسنن لأنها لا تخلو عن آيات القرآن وهذا التعليل يمنع من شروح النحو اهـ (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۷۶/۱) ط: سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۰۲/۱) ط: سعيد.

☆ فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۵۰/۱) ط: سعيد.

حدیث کی کتاب

حدیث کی کتابوں کو بے وضو چھونا جائز ہے۔ (۱)

حدیث کی کتابوں کو بے وضو ہاتھ لگانا

حدیث کی کتابوں کو اگرچہ بے وضو ہاتھ لگانا جائز ہے لیکن وضو کے ساتھ بہتر ہے اور یہ ادب کا تقاضا ہے۔ (۲)

حرام مال سے کنواں بنایا

حرام مال سے جو کنواں تیار ہو اس کے پانی سے وضو کر کے نماز ادا کی جائے تو نماز ہو جائے گی لیکن اگر حلال مال سے تیار کیا ہوا کنواں موجود ہے تو حرام مال سے تیار کیے ہوئے کنویں کے پانی سے وضو نہ کرے۔ (۳)

ھقعہ

''مقعد'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۲٤۲)

---

(۱) نفس المرجع السابق.

(۲) ویکره مس التفسیر بدون الوضوء، لما غیره من کتب الفقه والحدیث ونحوها، فإنه یجوز مسها بدون وضوء من باب الرخصة. (کتاب الفقه علی المذاهب الأربعة: (۱/۳۳) کتاب الطهارة، مباحث الوضوء، شروط الوضوء، ط: دار الغد الجدید)

(۳) قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: إن الماء طهور لاینجسه شيء. (جامع الترمذي: (۱/۲۱) أبواب الطهارة، باب ماجاء أنّ الماء لاینجسه شيء، ط: قدیمی)

() سنن ابی داود: (۱/۲۱) کتاب الطهارة، باب ماجاء في بئر بضاعة، ط: رحمانیه.

() فتاویٰ رشیدیہ: (ص:۵۷۱) کتاب: جواز وحرمت کے مسائل، عنوان: حرام مال سے کنواں بنوانا، ط: عالمی مجلس تحفظ اسلام۔

() امداد الفتاویٰ: (۴/۱۲۵) مال حرام ومشتبہ کے احکام، عنوان: فاحشہ عورت یا کفار کے بنائے ہوئے کنویں سے پانی پینا، ط: دار العلوم کراچی۔

حقہ

☆ اگر وضو کرنے کے بعد حقہ پینے سے نشہ نہیں ہوا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، لیکن نماز سے پہلے منہ کی بدبو کا دور کرنا ضروری ہے، اگر منہ سے حقہ کی بدبو آتی ہے تو نماز مکروہ ہوگی۔ (۱)

☆ اور اگر حقہ پینے سے اتنا نشہ ہوگیا کہ اچھی طرح چلا نہیں جاتا اور قدم ادھر اُدھر لڑھکتا اور ڈگمگاتا ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲)

حواس میں خلل ہو جائے

اگر کسی کے حواس میں خلل ہو جائے لیکن یہ خلل جنون اور مدہوشی کی حد تک نہ

(۱) عن جابر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من أکل من هذه الشجر المنتنة فلایقربنّ مسجدنا فإنّ الملائکة تتأذّی مما تاذی منه الإنس. متفق علیه (مشکاة المصابیح: (ص: ٦٨) کتاب الطهارة، باب المساجد ومواضع الصلاة، الفصل الأوّل، ط: قدیمی)

☆ (قوله: وأکل نحو ثوم) أي کبصل ونحوه مما له رائحة کریهة، للحدیث الصحیح في النهي عن قربان آکل الثوم والبصل المسجد ...... علة النهي اذی الملائکة و اذی المسلمین...... ویلحق بمانص علیه في الحدیث کل ما له رائحة کریهة ماکولا او غیره. (ردالمحتار، کتاب الطهارة، مطلب في الغرس في المسجد، (١/ ٦٦١) ط: سعید)

☆ عمدة القاري: (٦/ ١٤٦) کتاب الأذان، باب ماجاء في الثوم النئ والبصل والکراث...... الخ، ط: دار إحیاء التراث العربي.

(۲) وینقضه إغماء ...... وسکر بأن یدخل في مشیه تمایل ولو بأکل الحشیشة. (الدر المختار مع رد المحتار: (١/ ١٤٣) کتاب الطهارة، مطلب: نوم الأنبیاء، غیر ناقض، ط: سعید)

☆ الإغماء ینقض الوضوء قلیله وکثیره، وکذ الجنون والغشي والسکر، وحد السکر في هذا الباب أن لایعرف الرجل من المرأة عند بعض المشائخ وهو اختیار الصدر الشهید، والصحیح ما نقل عن شمس الأئمة الحلواني أنه إذا دخل في بعض مشیه تحرک، کذا في الذخیرة. (الفتاویٰ الهندیة: (١/ ١٢) کتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الخامس: في نواقض الوضوء، ط: رشیدیه)

☆ حاشیة الشلبي علی التبیین: (١/ ١٠) کتاب الطهارة، ط: امدادیه ملتان.

پہنچا ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[۱]

حوض

☆ بڑا حوض جو کم سے کم دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا ہے، اور اتنا گہرا ہے کہ اگر چلو سے پانی اٹھائیں یعنی لیں تو نیچے کی زمین نظر نہ آئے تو یہ بھی بہتے ہوئے جاری پانی کے حکم میں ہے، ایسے حوض کو فارسی زبان میں دہ دردہ (10×10) کہتے ہیں، اگر اس میں نجاست گر جائے تو اس سے وضو کرنا درست ہے، البتہ اگر نجاست گرنے کے بعد رنگ یا مزہ بدل جائے یا بدبو آنے لگے تو پانی ناپاک ہو جائے گا۔[۲]

☆ دہ دردہ (10×10) حوض میں جہاں پر ہاتھ اور چہرہ وغیرہ دھونے کے بعد استعمال کیا ہوا پانی گرا ہے اگر وہیں سے پھر پانی اٹھالے تو بھی جائز ہے۔[۳]

---

(۱) (و) ينقضه (اغماء) ومنه الغشي (وجنون و سكر)

وفي الرد: (قوله: والجنون) صاحبه مسلوب العقل بخلاف الاغماء فانه مغلوب والاطلاق دال على أن القليل من كل منهما ناقض لأنه فوق النوم مضطجعا. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۴۴) ط: سعيد)

ت بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، ، (۱/ ۳۰) ط: سعيد.

ت البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۳۹) ط: سعيد.

(۲) وعن أبي يوسف رحمه الله أن الغدير العظيم كالجاري لايتنجس الا بالتغير من غير فصل، هكذا في فتح القدير، والفاصل بين الكثير والقليل أنه اذا كان الماء بحيث يخلص بعضه الى بعض بأن اتصل النجاسة من الجزء المستعمل الى الجانب الآخر فهو قليل والا فكثير قال أبو سليمان الجوزجاني ان كان عشرا في عشر فهو مما لايخلص و به أخذ عامة المشايخ رحمهم الله، هكذا في المحيط. والمعتبر في عمقه أن يكون بحال لا ينحسر بالاغتراف، هو الصحيح، كذا في الهداية. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱/ ۱۸) ط: رشيدية)

ت ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱/ ۱۹۱–۱۹۰) ط: سعيد

ت البحر الرائق، كتاب الطهارة، ، (۱/ ۷۶–۷۵) ط: سعيد

(۳) وكذا يجوز (رفع الحدث) براكد كثير كذلك أي وقع فيه نجس لم ير أثره ولو في موضع وقوع المرئية به يفتى بحر. =

☆ کسی شخص کی ذاتی زمین میں حوض ہے، تو دوسرے لوگوں کو پانی پینے سے یا جانوروں کو پانی پلانے سے یا وضو یا غسل کرنے سے منع نہیں کرسکتا۔ (۱)

حوض پر چھت ہے

اگر حوض پر چھت پڑی ہوئی ہے تو اس کے پانی سے وضو کرنا جائز ہے۔

اگر پانی چھت سے لگا ہوا نہ ہو تب تو کوئی اختلاف نہیں ہے، اور اگر پانی چھت سے لگا ہوا ہو یعنی چھت سے لگے ہوئے ہونے کی وجہ سے پانی نہ ہلتا ہو تو اس میں اختلاف ہے، حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے جائز ہونے کا فتوی دیا ہے، ایسا حوض نہ بنانا بہتر ہے۔ (۲)

= وفي الرد: قال في الخزائن : والفتوىٰ على عدم التنجس مطلقًا إلاّ بالتغير بلا فرق بين المرئية وغيرها لعموم البلوى حتى قالوا : يجوز الوضوء من موضع الاستنجاء قبل التحرك كما في المعراج عن المجتبى اه. وقال في الفتح : وعن أبي يوسف أنّه كالجاري لاينجس إلاّ بالتغير وهو الذي ينبغي تصحيحه فينبغي عدم الفرق بين المرئية وغيرها ، لأنّ الدليل إنّما يقتضي عند الكثرة عدم التنجس إلاّ بالتغير من غير فصل اهـ . (الدر مع الرد : (۱/۱۹۰، ۱۹۱) كتاب الطهارة ، مطلب لو ادخل الماء من أعلىٰ الحوض وخرج من أسفله فليس بجار ، ط: سعيد)

○ البحر الرائق : (۱/۸۳) كتاب الطهارة ، ط: سعيد .

= الفتاوىٰ الهندية : (۱/۱۸) كتاب الطهارة ، الباب الثالث في المياه ، الفصل الأوّل : فيما يجوز به التوضؤ ، ط: رشيديه .

(۱) تقدم تخريجه تحت العنوان: ''چشمہ''. رقم الحاشية: ۲، على الصفحة: ۲۹۲.

(۲) ولو جمد ماؤه فثقب، ان الماء منفصلا عن الجمد جاز لأنه كالمسقف وان متصلا لا لأنه كالقصعة حتى لو ولغ فيه كلب تنجس.

(قوله: منفصلا عن الجمد) اي متسفلا عنه غير متصل به بحيث لو حرك تحرك (قوله: وان متصلا لا) اي لا يجوز الوضوء منه وهو قول نصير والاسكاف وقال ابن المبارك و ابو حفص الكبير : لا بأس به و هذا اوسع و الأول الأحوط، وقالوا اذا حرك موضع الثقب تحريكا بالغا يعلم عنده ان ما كان راكدا ذهب و هذا ماء جديد يجوز بلا خلاف اهـ بدائع وفي الخانية: ان حرك الماء عند ادخال كل عضو مرة جاز اهـ والظاهر أن القول الأول هو الأشبه كما مر عن السراج الهندي لم رايته في المنية صرح بان الفتوى عليه، وفي الحلية أن هذا مبني على نجاسة الماء المستعمل. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه ، (۱/۱۹۳) ط:سعيد) =

حوض سے وضو کرتے وقت

حوض سے وضو کرتے وقت احتیاط سے کام لینا چاہئے تا کہ حوض میں استعمال کئے ہوئے پانی کی چھینٹیں نہ گریں، لیکن ان چھینٹوں سے حوض ناپاک نہیں ہوتا ہے۔[1]

حوض کوثر

''امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پہچان'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۸/۱)

حوض کی پیمائش

☆ شرعی حوض کی لمبائی اور چوڑائی ہر طرف سے برابر ہونا ضروری نہیں ہے کمی بیشی کی گنجائش ہے، جس طرح دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا شرعی حوض ہے اسی طرح پانچ ہاتھ چوڑا اور بیس ہاتھ لمبا، یا چار ہاتھ چوڑا اور پچیس ہاتھ لمبا، اور دو ہاتھ چوڑا اور پچاس ہاتھ لمبا حوض بھی شرعی حوض ہے، گہرائی خواہ کتنی ہی ہو زیادہ ہو یا کم اس کا اعتبار نہیں، لمبائی اور چوڑائی ملا کر چالیس ہاتھ ہونا ضروری ہے، البتہ گہرائی کم از کم اتنی ضروری ہے کہ چلو سے پانی لیا جائے تو زمین نظر نہ آئے۔

☆ اگر حوض گول ہے تو اس کے چاروں طرف کی پیمائش چھتیس ہاتھ ہو، اور صاحب محیط کے قول کے مطابق ۴۸ ہاتھ ہو۔

= البحر الرائق، کتاب الطہارۃ، (۷۶/۱-۷۵) ط: سعید.
الفتاوی الہندیۃ، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱۸/۱) ط: رشیدیۃ.
امداد الفتاوی، کتاب الطہارۃ، (۸۶،۸۵/۱)، بعنوان: سقف حوض کے پانی سے وضو جائز ہے، ط: دار العلوم کراچی.

(۱) جنب المغتسل فانتضح من غسله شيء في انائه لم يفسد عليه الماء. (خلاصة الفتاوی، کتاب الطهارة، (۸/۱) ط: رشیدیة)

البحر الرائق: (۷۱/۱) کتاب الطہارۃ، ط: سعید.
الفتاوی الہندیۃ، کتاب الطہارۃ، الباب الثاني، الفصل الثالث، (۲۳/۱) ط: رشیدیۃ.

☆ اور اگر حوض مثلث (△) تین گوشہ والا ہو تو ہر جانب سے ساڑھے پندرہ ہاتھ ہونا ضروری ہے۔(۱)

حوض کے اندر جانور مر گیا

اگر شرعی حوض (دہ دردہ) کے اندر کوئی جانور گر کر مر گیا، اور گل سڑ گیا، اگر اس کے گل سڑ جانے سے پانی کا رنگ یا بو یا مزہ بدل گیا ہے تو حوض کا پانی ناپاک ہو جائے گا، اور اگر ان تینوں اوصاف میں سے کوئی بھی وصف نہیں بدلا تو حوض دہ دردہ ہونے کی وجہ سے ناپاک نہیں ہوگا۔

اور جب اس کا رنگ یا مزہ بدل جائے گا تو پانی ناپاک ہو جائے گا، اس سے وضو غسل اور استنجاء کرنا صحیح نہیں ہوگا، اگر کیا جائے گا تو پاکی حاصل نہیں ہوگی، لہٰذا اگر اس ناپاک پانی سے استنجاء کرنے کے بعد (جان بوجھ کر ہو یا لاعلمی میں) وضو کر کے

---

(۱) لكن في النهر: وأنت خبير بأن اعتبار العشر أضبط ولاسيما في حق من لا رأي له من العوام فلذا أفتى به المتأخرون الأعلام أي في المربع بأربعين و في المدور بستة و ثلاثين و في المثلث من كل جانب خمسة عشر و ربعا وخمسا بذراع الكرباس، ولو له طول لا عرض لكنه يبلغ عشرا في عشر جاز تيسيرا. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱/۱۹۲، ۱۹۳) ط: سعيد)

☆ وإن كان الحوض مدورا يعتبر ثمانية و أربعون ذراعا، كذا في الخلاصة وهو الأحوط كذا في محيط السرخسي. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱/۱۸) ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۷۷-۷۶) ط: سعيد)

☆ لما إذا كان عشرًا في عشر بحوض مربع أو ستة وثلاثين في مدورة وعمقه أن يكون بحال لا تنكشف أرضه بالغرف منه على الصحيح ...... فلا ينجس إلا بظهور وصف للنجاسة فيه حتى موضع الوقوع وبه أخذ مشائخ بلخ توسعة على النّاس، والتقدير بعشر في عشر هو المفتى به.

قوله: أو ستة و ثلاثين في مدور) هذا القدر إذا ربع يكون عشرًا في عشر، وفي المثلث كل جانب منه يكون ذرعه خمسة عشر ذراعًا و ربعًا وخمسًا. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ۲۷) كتاب الطهارة، ط: قديمي)

نماز پڑھائی ہے یا پڑھی ہے تو نماز نہیں ہوگی، اس نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہے۔ (۱)

حیض

☆ حیض والی عورت کے لئے قرآن کریم کی طرح توارت اور تمام آسمانی کتابوں کو ہاتھ لگانا مکروہ ہے۔

☆ حیض والی عورت پر حیض کا خون بند ہونے کے بعد غسل کرنے سے پہلے قرآن مجید کی تلاوت کرنا حرام ہے۔ (۲)

(۱) الماء الراكد اذا كان كثيرا فهو بمنزلة الجاري لاينجس ...... الا أن يتغير لونه او طعمه او ريحه وعلى هذا اتفق العلماء. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱/ ۱۸) ط:رشيدية)

= ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱/ ۱۹۳) ط:سعيد

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۷۵) ط:سعيد

= انه صلى الله عليه وسلم نهى عن الاستنجاء بالروث والرمة، ولأن النجاسة لاتزول بالنجس كما لا تزول بالماء النجس. (فتح العزيز بشرح الوجيز: (۱/ ۴۹۱) كتاب الطهارة، ط: دار الفكر)

= بيان استنباط الأحكام: الأول: فيه منع الاستنجاء بالروث ......الثاني: فيه منع الاستنجاء بالنجس، فإن الركس هو النجس كما ذكرناه. (عمدة القاري: (۲/ ۳۰۴) كتاب الوضوء، باب لايستنجى بالروث، ط: دار إحياء التراث العربي)

= وأما حكم الماء المتنجس، فإنه لايجوز استعماله في العبادات، ولا في العادات فكما لايصح التوضؤ أو الاغتسال به، فكذلك لايصح استعماله في الطبخ والعجين ونحوهما وإذا استعمل في شيء من ذلك فإنه ينجسه. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/ ۴۷، ۴۸) كتاب الطهارة، مباحث الماء الطهور، حكم الماء الطاهر، والماء النجس، ط: مكتبة الحقيقة)

= فإن كان توضأ رجل منها بعد ما ماتت الفارة فيها فعليه إعادة الوضوء والصلوات جميعا، لأنه تبين أنه توضأ بالماء النجس. (المبسوط للسرخسي: (۱/ ۵۹) كتاب الصلاة، باب الوضوء والغسل، ط: دار المعرفة)

(۲) (و) يحرم به (تلاوة القرآن) ...... (بقصده) ...... (ومسه)......

(قوله: ومسه) أي مس القرآن وكذا سائر الكتب السماوية، قال الشيخ اسماعيل: وفي المبتغي: ولا يجوز مس التوراة والانجيل والزبور وكتب التفسير. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/ ۱۷۳) ط:سعيد)=

حیض کی حالت میں طواف زیارت کیا

☆ اگر کوئی عورت مسئلہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے حیض کی حالت میں طواف زیارت کرے گی تو حج ادا ہو جائے گا، لیکن گناہگار ہوگی، توبہ استغفار کرنا لازم ہوگا، اور حرم کی حدود میں اونٹ یا گائے ذبح کر کے دم دینا لازم ہوگا۔ (۱)

حیض کی حالت میں وضو کیا

اگر حیض کی حالت میں وضو کیا اور پھر حیض سے پاک ہوگئی، تو اس وضوء کا اعتبار نہیں ہے کیونکہ وہ سرے سے درست ہی نہ تھا۔ (۲)

= الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثالث، نوع آخر من هذا الفصل في المتفرقات، (۱/ ۱۶۲) ط:ادارة القرآن

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/ ۳۹-۳۸) ط:رشيدية

(۱) (و) يمنع ...... حل (الطواف) ولو بعد دخولها المسجد وشروعها فيه.

وفي الرد: (قوله: وحل الطواف) لأن الطهارة له واجبة فيكره تحريما وان صح كما في البحر وغيره. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/ ۲۹۲-۲۹۱) ط:سعيد)

ولو طاف طواف الزيارة محدثا أو جنبا خرج عن احرامه. (الفتاوى الهندية، كتاب المناسك، الباب الخامس، (۱/ ۲۳۲) ط:رشيدية)

ولو طاف طواف الزيارة محدثا فعليه شاة وان كان جنبا فعليه بدنة. (الفتاوى الهندية، كتاب المناسك، الباب الثامن، الفصل الخامس، (۱/ ۲۴۵) ط:رشيدية)

ويمنع الحيض الطواف بالبيت وكذا الجنابة ...... ولو فعلته كانت عاصية معاقبة وتتحلل به من احرامها بطواف الزيارة وعليها بدنة كطواف الجنب. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/ ۱۹۷) ط:سعيد)

(۲) ومنها (أي من شروط وجوبه وصحته) نقاء المرأة من دم الحيض والنفاس فلايجب الوضوء على حائض ولا نفساء ولا يصح منهما بحيث إذا توضأت وهي حائض لم ارتفع حيضها، فإن وضوءها لايعتبر لعدم صحته. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۱/ ۵۶) كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، شروط الوضوء، ط: مكتبة الحقيقة)

وتفصيل هذه الممنوعات في حالة الحيض و مثله النفاس..... ۱. الطهارة غسلا أو وضوء في =

حیض والی عورت وضو کرے تو

☆ حیض یا نفاس والی عورت وضو کرے تو وضو درست نہیں۔

☆ اگر حیض یا نفاس کی حالت میں وضو کیا، پھر حیض اور نفاس سے پاک ہوگئی، تو اس وضو کا اعتبار نہیں ہے، کیونکہ وہ سرے سے درست ہی نہیں تھا، پاک ہونے کے بعد دوبارہ وضو کرنا پڑے گا۔ (۱)

= رأي الشافعية والحنابلة فاذا حاضت المرأة حرم عليها الطهارة للحيض لأن الحيض ومثله النفاس يوجب الطهارة وما أوجب الطهارة منع صحتها كخروج البول أي أن انقطاعه شرط لصحة الطهارة له. (الفقه الاسلامي وادلته، كتاب الطهارة، الفصل السابع، المبحث الثالث، ما يحرم بالحيض والنفاس ، (۱/۶۲۵) ط: دار الفكر)

⟸ رد المحتار ، كتاب الطهارة، (۱/۸۶) ط: سعيد.

(۱) نفس المرجع السابق .

﴿......خ......﴾

خارش کی پھنسیاں

''زخم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۸۲/۱)

خاص حصہ سے دوائی وغیرہ نکل آئی

مرد یا عورت پچکاری سے یا کسی اور طرح سے اپنے خاص حصہ میں تیل یا کوئی دوا یا پانی ڈالیں، اور وہ باہر نکل آئے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا، اس لئے کہ خاص حصہ میں نجاست نہیں رہتی، اور دواء وغیرہ ناپاک ہو کر نکلنے کا احتمال نہیں ہوتا۔ [1]

خاص حصہ سے کوئی چیز کچھ نکل کر پھر اندر چلی جائے

☆ اگر کوئی چیز مشترک یا خاص حصہ سے کچھ نکل کر پھر اندر چلی جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

☆ عورت کے خاص حصہ سے بچہ کا کوئی جزء سر وغیرہ نکل کر پھر اندر چلا جائے اور خون نہ نکلے خواہ وہ جزء جو باہر نکلا تھا آدھا ہو یا آدھا سے کم یا زیادہ وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر اس کے ساتھ خون نکلے گا تو یہ حدث اکبر ہوگا یعنی خون بند ہونے کے بعد غسل کرنا لازم ہوگا۔ [2]

(۱) اذا قطر في احليله ثم خرج لا ينقض كما في الصوم، كذا في الظهيرية. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۰/۱) ط: رشيدية)
(۲) وان قطر الدهن في احليله فعاد فلا وضوء عليه عند ابي حنيفة خلافا لهما ...... وذلك لأنه لم يستتبع شيئا من النجاسة اذ ليس في قصبة الذكر نجاسة. (حلبي كبير، كتاب الطهارة، (ص: ۱۲۱) ط: سهيل اكيڈمي)
(۳) البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۰/۱) ط: سعيد.
(۴) بلسوري خرج من دبره ان ادخله بيده انتقض وضوءه وان دخل بنفسه لا، وكذا لو خرج بعض الدودة فدخلت. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۵۰/۱) ط: سعيد) =

☆ مرد یا عورت کے مشترک حصہ سے پاخانہ وغیرہ کا کوئی حصہ باہر نکل کر اندر چلا گیا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

☆ آنت وغیرہ کا کوئی حصہ مشترک حصہ سے باہر نکل کر اندر چلا گیا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲)

خاص حصہ سے کوئی چیز نکلے

☆ زندہ آدمی کے خاص حصہ سے کوئی چیز نکلے تو وضو ٹوٹ جائے گا، خواہ وہ

= ⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۰/۱) ط: رشيدية.

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۱/۱) ط: سعيد.

⇐ والنفاس ..... هو الدم الخارج من الفرج عقب الولادة أو خروج أكثر الولد ولو سقطا استبان بعض خلقه، فإن نزل مستقيمًا فالعبرة بصدره وإن نزل منكوسا برجليه فالعبرة بسرته فما بعده نفاس ..... وإذا لم تر دمًا بعده لاتكون نفساء في الصحيح ولا يلزمها إلا الوضوء عندهما ولمنا لزوم غسلها احتياطًا عند الإمام. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: (ص: ۱۴۰) كتاب الطهارة، باب الحيض والنفاس والاستحاضة، ط: قديمي)

⇐ البحر الرائق: (۲۱۸/۱) كتاب الطهارة، باب الحيض، ط: سعيد.

⇐ الدر مع الرد: (۲۸۵/۱) كتاب الطهارة، باب الحيض، ط: سعيد.

(۱) الغائط يوجب الوضوء قل أو كثر. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۰/۱) ط: رشيدية)

⇐ ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب: نواقض الوضوء، (۲۳۴/۱) ط: سعيد

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۱/۱) ط: سعيد

(۲) وإذا خرج دبره إن عالجه بيده أو بخرقة حتى أدخله تنتقض طهارته؛ لأنه يلتزق بيده شيء من النجاسة، وذكر شيخ الإمام شمس الأئمة الحلواني رحمه الله تعالىٰ: أن بنفس خروج الدبر ينتقض وضوءه ..... والدودة إذا خرجت من الدبر فهو حدث وإن خرجت من قبل المرأة أو الذكر فكذلك، وكذلك الحصاة. (الفتاوى الهندية: (۱۰/۱) كتاب الطهارة، الباب الأول في الوضوء، الفصل الخامس في نواقض الوضوء، ط: رشيديه)

⇐ البحر الرائق: (۳۱/۱) كتاب الطهارة، سعيد.

⇐ المحيط البرهاني: (۱۹۶/۱) كتاب الطهارات، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، نوع آخر فيما يوجب الفطر، ط: إدارة القرآن.

چیز پاک ہو جیسے کنکر، پتھر وغیرہ، یا ناپاک ہو جیسے پیشاب، مذی، ودی وغیرہ۔ [۱]
اور اگر شہوت کے ساتھ منی نکلے گی تو غسل کرنا لازم ہوگا۔ [۲]

☆ اگر کوئی چیز خاص حصہ سے کچھ نکل کر پھر اندر چلی جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ [۳]

خاص حصہ کے قریب زخم ہو

"زخم خاص حصہ کے قریب ہو" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۸٤/۱)

---

(۱) (وینقضه خروج) كل خارج (نجس) بالفتح ويكسر (منه) اى من المتوضى الحى معتادا او لا من السبيلين او لا (الى ما يطهر) اى يلحقه حكم التطهير
وفي الرد: (قوله: معتادا) كالبول والغائط او لا كالدودة والحصاة. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب نواقض الوضوء، (۱/۱۳۵-۱۳۴) ط:سعيد)
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲۹/۱) ط:سعيد.
☆ الفتاوى الهندية ، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس ،(۱۰/۱) ط:رشيدية.

(۲) الفصل الثالث في المعاني الموجبة للغسل وهي ثلاثة: منها الجنابة وهي تثبت بسببين احدهما خروج المني على وجه الدفق والشهوة من غير ايلاج باللمس او النظر او الاحتلام او الاستمناء، كذا في محيط السرخسي. (الفتاوى الهندية ، كتاب الطهارة، الباب الثاني، الفصل الثالث ،(۱۴/۱) ط:رشيدية)
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۵۳/۱) ط:سعيد.
☆ رد المحتار، كتاب الطهارة ، (۱۵۹/۱) ط:سعيد.

(۳) إذا خرج دبره إن عالجه بيده او بخرقة حتى ادخله تنتقض طهارته ؛ لأنه يلتزق بيده شئ من النجاسة ، وذكر شيخ الإمام شمس الأئمة الحلواني رحمه الله تعالىٰ : أن بنفس خروج الدبر ينتقض وضوءه ...... الدودة إذا خرجت من الدبر فهو حدث وإن خرجت من قبل المرأة او الذكر فكذلك، وكذلك الحصاة . (الفتاوىٰ الهندية : (۱۰/۱) كتاب الطهارة ، الباب الأوّل في الوضوء ، الفصل الخامس في نواقض الوضوء ، ط: رشيديه)
☆ البحر الرائق : (۳۱/۱) كتاب الطهارة ، سعيد .
☆ المحيط البرهاني : (۱۹۶/۱) كتاب الطهارات ، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء ، نوع آخر فيما يوجب القطر ، ط: إدارة القرآن .

خاص حصہ کے قریب سوراخ ہو

''زخم خاص حصہ کے قریب ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۸٤/۱)

خاص حصہ مشترک حصہ سے مل کر ایک ہو گیا

''دونوں راستے مل گئے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲٤۷/۱)

خاص حصہ میں روئی وغیرہ جاذب رکھنا

☆ اگر کوئی مرد یا عورت اپنے خاص حصہ میں کوئی چیز مثلاً روئی، کپڑا یا پیڈ وغیرہ رکھ لیں، اور ناپاکی اندر سے نکل کر اس کپڑے، روئی وغیرہ کو گیلا کردے تو وضو نہیں ٹوٹے گا، بشرطیکہ کپڑے کے باہر کی طرف نجاست کا کوئی اثر نہ ہو یا وہ کپڑا وغیرہ اس خاص حصہ میں اس طرح رکھا ہو کہ باہر سے نظر نہ آئے۔

مثال کے طور پر کسی مرد نے اپنے خاص حصہ میں روئی رکھ لی اور پیشاب یا منی نے اپنے خاص مقام سے آکر اس روئی کو تر کر دیا، مگر اس روئی کا وہ حصہ جو باہر سے دکھائی دیتا ہے تر نہیں ہوا یا وہ روئی اس خاص حصہ میں ایسی چھپی ہوئی ہے کہ باہر سے بالکل نظر نہیں آتی، تو اس صورت میں اگر پوری روئی تر ہو جائے تب بھی اس مرد کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔

یا کسی عورت نے اپنے خاص حصہ میں دوائی یا کپڑا رکھ لیا اور پیشاب یا حیض کے خون نے اپنے مقام سے آکر اس روئی یا کپڑے کو تر کر دیا، مگر روئی یا کپڑے کا وہ حصہ جو باہر سے دکھلائی دیتا ہے تر نہیں ہوا، یا وہ روئی اور کپڑا اس خاص حصہ میں ایسا چھپ گیا کہ باہر سے بالکل نظر نہیں آتا، تو اس صورت میں اگر پوری روئی یا کپڑا تر ہو جائے تب بھی اس عورت کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔

☆ اگر کوئی مرد یا عورت اپنے خاص حصہ میں روئی یا کپڑا وغیرہ رکھ لے، اور

اس روئی یا کپڑے کا وہ حصہ جو اندر ہے نجاست سے تر ہو جائے، مگر وہ حصہ جو باہر ہے تر نہ ہو یا وہ بھی تر ہو جائے اور وہ روئی وغیرہ خاص حصہ میں ایسی چھپ گئی ہو کہ باہر سے نظر نہ آتی ہو تو ان سب صورتوں میں وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۱)

خاص حصہ میں کپڑا رکھ دیا

مرد یا عورت اگر اپنے خاص حصہ میں کپڑا یا روئی وغیرہ رکھیں، اور وہ خاص حصہ کے اندر چھپا ہوا نہ ہو، پھر وہ کپڑا یا روئی پیشاب سے تر ہو جائے، اور کپڑے یا روئی کے باہر کی جانب اس کا اثر معلوم ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

اور اگر یہ کپڑا اور روئی خاص حصہ کے اندر چھپا ہوا ہو، تو اندر تر ہونے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

خلاصہ یہ کہ اگر نجاست جسم سے جدا ہو کر باہر ظاہر ہو تو وضو ٹوٹ جاتا ہے ورنہ نہیں۔ (۲)

خالص پانی بدن سے نکلے

"بدن سے خالص پانی نکلے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۲۱/۱)

ختنہ نہیں ہوا

غیر مختون کے قلفہ کی کھال کو بھی پیشاب کی آلودگی سے پاک کرنا ضروری

(۱، ۲) (كما) ينقض (لو حشا احليله بقطنة و ابتل الطرف الظاهر) هذا لو القطنة عالية او محاذية لرأس الاحليل وان متسفلة عنه لا ينقض. وكذا الحكم في الدبر والفرج الداخل (وان ابتل الطرف (الداخل لا) ينقض ولو سقطت فان رطبة انتقض والا لا. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، ۱/۱۴۹-۱۴۸) ط:سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۰) ط:سعيد.

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، (۱/۱۲۱) ط: ادارة القرآن.

ہے، اگر ایک درہم سے زیادہ مقدار جگہ پر پیشاب لگ جائے تو اس کو دھونا فرض ہے، ڈھیلے اور ٹشو وغیرہ سے رگڑ کر صاف کرنا کافی نہیں ہے اگر چہ (اس سے نجاست اور بدبو دونوں دور ہو جاتی ہیں)۔ (۱)

خشک رہ گیا

☆ اگر وضو کے دوران کوئی حصہ خشک رہ گیا تو دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں ہے، صرف اتنے حصے کو دھولینا کافی ہے، لیکن اس خشک حصہ پر پانی بہانا ضروری ہے صرف گیلا ہاتھ پھیر لینا کافی نہیں ہے۔ (۲)

☆ وضو کے دوران عضو کے جس حصہ پر پانی نہیں پہونچا اور خشک رہ گیا، صرف اس حصے پر پانی بہادینے سے وضو صحیح ہو جائے گا، پورا وضو شروع سے دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ (۳)

---

(۱) وإذا أصاب طرف الإحليل من البول أكثر من الدرهم يجب غسله هو الصحيح ولو مسحه بالمدر قيل يجزئه قياسا على المقعد وقيل لا وهو الصحيح.

أقول: والظاهر أنه لو أصاب فلقة الأليف القدر المانع فحكمه كذلك. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۳۳۸/۱) ط:سعيد)

⇦ البحرالرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۳۲/۱) ط:سعيد.

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۳۸/۱) ط:رشيدية.

(۲) (ولو تركها) أي ترك المضمضة أو الاستنشاق أو لمعة من أي موضع كان من البدن (ناسيا فصلى ثم تذكر) ذلك (يتمضمض) أو يستنشق أو يغسل اللمعة ويعيد ما صلى. (حلبي كبير: (ص:۵۰) سنن الغسل، ط:سهيل اكيڈمی)

⇦ (وصح نقل بلة عضو إلى) عضو (آخر فيه) بشرط التقاطر (لا في الوضوء) لما مر أن البدن كله كعضو واحد. (قوله: إلى عضو آخر) مفاده أنه لو اتحد العضو صح في الوضوء أيضًا. (الدر مع الرد: (۱۵۹/۱) كتاب الطهارة، مطلب في تحرير الصاع والمد والرطل، ط: سعيد)

⇦ فتح القدير: (۵۰/۱) كتاب الطهارة، فصل في الغسل، ط: رشيديه.

⇦ فتاوی دارالعلوم دیوبند: (۱۰۷/۱) کتاب الطہارۃ، فصل ثانی: سنن غسل، عنوان: وضو میں تقاطر کا شرط ہونا، ط: دارالاشاعت۔

(۳) (ولو تركها) أي ترك المضمضة الاستنشاق أو لمعة من أي موضع كان من البدن =

اور اگر کوئی عضو یا حصہ دھلنے اور تر ہونے کے بعد خشک ہو گیا تو اس سے وضو میں خلل نہیں آئے گا اور وضو صحیح ہوگا۔ (۱)

☆ وضو کرتے وقت ایڑی پر یا کسی اور جگہ پر پانی نہیں پہنچا اور وضو کرنے کے بعد معلوم ہوا تو وہاں پر صرف گیلا ہاتھ پھیر دینا کافی نہیں ہے بلکہ پانی پہنچانا اور بہانا ضروری ہے۔ (۲)

= (ناسیًا فصلى ثم تذكر) ذلک (يتمضمض أو يستنشق أو يغسل اللمعة (ويعيد ما صلى).
(حلبی کبیر: (ص: ۵۰) سنن الغسل، ط: سہیل اکیڈمی لاہور)
☆ جنب اغتسل وبقي لمعة وفني ماؤه يتيمم لبقاء الجنابة ..... فإن وجد ماء يكفيهما صرف إليهما. (الفتاوى الهندية: (۲۹/۱) كتاب الطهارة، الباب الرابع في التيمم، الفصل الثاني فيما ينقض التيمم، ط: رشيديه)
☆ جنب اغتسل فبقي بيده لمعة لم يصبها الماء فإنّه يتيمم و يصلي..... فإن وجد الماء بعد ذلک غسل ذلک الموضع. (المبسوط للسرخسي: (۱۲۳/۱) باب التيمم، ط: دار المعرفة)

(۱) والحنفية قالوا: إن الموالاة بين هذه الأعضاء سنة لا فرض فيكره أن يغسل العضو بعد جفاف الماء الّذي على العضو الّذي قبله، بل السنة أن ينتقل من غسل وجهه مثلاً إلى غسل يديه فورًا وينتقل إلى مسح رأسه قبل أن يجف ذراعه، وهكذا فإذا غسل وجهه ثم انتظر حتى جف الماء الّذي غسل به ثم غسل ذراعيه فإنّ الوضوء صحيح مع الكراهة. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: (۶۷/۱) كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، خلاصة لم تقدم من فرائض الوضوء، ط: مكتبة الحقيقة)
☆ الفتاوى الهندية: (۸/۱) كتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الثاني في سنن الوضوء، ط: رشيديه.
☆ ترک السنة لا يوجب فسادًا ..... بل إساءة لو عامدًا غير مستخف. وقالوا: الإساءة أدون من الكراهة. (الدر المختار: (۴۷۳/۱) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب في قولهم الإساءة دون الكراهة، ط: سعيد)

(۲) (وصح نقل بلة عضو إلى) عضو (آخر فيه) بشرط التقاطر (لا في الوضوء) لما مر أن البدن كله كعضو واحد. (قوله: إلى عضو آخر) مفاده أنّه لو اتّحد العضو صح في الوضوء أيضًا.
(الدر مع الرد: (۱۵۹/۱) كتاب الطهارة، مطلب في تحرير الصاع والمد والرطل، ط: سعيد)
☆ فتح القدير: (۵۰/۱) كتاب الطهارة، فصل في الغسل، ط: رشيديه.
☆ فتاویٰ دار العلوم دیو بند: (۱۰۷/۱) کتاب الطہارۃ، فصل ثانی: سنن غسل، عنوان: وضو میں تقاطر کا شرط ہونا، ط: دار الاشاعت۔

خشک کرنا

''اعضاء کو خشک کرتے جانا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۹۱/۱)

خشک ہو گیا

اگر وضو یا غسل کے دوران کوئی عضو یا حصہ دھونے یا تر ہونے کے بعد خشک ہو گیا تو اس سے وضو اور غسل میں خلل نہیں آئے گا وضو اور غسل صحیح ہو جائے گا۔ (۱)

خضاب والی داڑھی

بالوں پر خضاب لگانے سے کوئی تہہ نہیں بنتی، اس لئے ایسے رنگ کی موجودگی میں وضو اور غسل دونوں صحیح ہیں، اور اگر ایسا رنگ ہو جس کی تہہ بن جانے کی وجہ سے پانی پہنچنا ممکن نہ ہو تو اس کو ہٹانا ضروری ہے، اس کی موجودگی میں وضو غسل درست نہیں۔ (۲)

---

(۱) انظر إلى الحاشية السابقة، رقم: ۱، على الصفحة: ۳۲۱. (والحشية الاول)

(۲) (و) لا يمنع (ما على ظفر صباغ و) لا (طعام بين اسنانه) او في سنه المجوف به يفتى، وقيل ان صلبا منع وهو الاصح. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۵۴) ط: سعيد)

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، (۱/۴) ط: رشيدية

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، ، (۱/۱۳) ط: سعيد

⇦ ولا ما على ظفر الصباغ من صبغ للضرورة وعليه الفتوى. مراقي الفلاح، (ص ۳۱) فصل في تمام احكام الوضوء، ط: المكتبة العصرية)

⇦ والخضاب إذا تجسد ويبس يمنع تمام الوضوء والغسل كذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية: (۱/۴) كتاب الطهارة، الباب الأوّل: في الوضوء، الفصل الأوّل في فرائض الوضوء، ط: رشيديه)

⇦ الجوهرة النيرة: (۱/۳) كتاب الطهارة، ط: حقانيه پشاور.

⇦ حاشية الشلبي على التبيين: (۱/۱۳) كتاب الطهارة، ط: امداديه ملتان

خلال تین دفعہ کرنا

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے وضو کیا، تو پیر کی انگلیوں کا خلال تین مرتبہ کیا اور فرمایا کہ اسی طرح سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو فرماتے دیکھا تھا جیسے میں نے کیا۔ (۱)

خلال کا فائدہ

☆ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو فرماتے تو انگلیوں کا خلال فرماتے، ایڑھیوں کو رگڑتے اور فرماتے انگلیوں کا خلال کرو اللہ تعالیٰ ان کے درمیان جہنم کی آگ داخل نہیں کرے گا۔ (۲)

(۱) عن شقیق بن سلمة قال: رأیت عثمان بن عفان توضأ فغسل کفیه ثلاثا، ومضمض واستنشق ثلاثا، وغسل وجهه و ذراعیه ثلاثا، ومسح رأسه واذنیه ظهورهما و باطنهما، وخلل لحیته ثلاثا، وغسل قدمیه وخلل اصابع قدمیه ثلاثا وقال: رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم فعل کما فعلت. (سنن الدار قطني: (۱۵۰/۱) رقم الحدیث: ۲۸۷، کتاب الطهارة، باب ما روی في الحث على المضمضة والاستنشاق والبداءة بهما أوّل الوضوء، ط: مؤسّسة الرسالة بیروت)

☆ کنز العمال: (۸۱۲/۹) رقم الحدیث: ۲۶۸۸۴، حرف الطاء، کتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، ط: مؤسّسة الرسالة.

☆ السعایة: (۱۲۸/۱) کتاب الطهارة، تخلیل اللحیة والأصابع، ط: سعید.

(۲) عن عائشة قالت: کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتوضأ ویخلل بین اصابعه ویدلک عقبیه، ویقول: خللوا بین اصابعکم، لایخلل الله تعالیٰ بینهما بالنّار، ویل للأعقاب من النّار. (سنن الدار قطني: (۱۶۶/۱) رقم الحدیث: ۳۱۷، کتاب الطهارة، باب وجوب غسل القدمین والعقبین، ط: مؤسّسة الرسالة)

☆ فیض القدیر: (۳۵۱/۳) رقم الحدیث: ۶۵۹۰، حرف الخاء، ط: المکتبة التجاریة الکبری مصر.

☆ کنز العمال: (۳۰۱/۹) رقم الحدیث: ۲۶۰۹۹، حرف الطاء، کتاب الطهارة من قسم الأقوال، الباب الثاني في الوضوء، الفصل الثاني: في آداب الوضوء، التخلیل في الوضوء، ط: مؤسّسة الرسالة.

☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انگلیوں کے درمیان خلال کرو، اللہ پاک قیامت کے دن جہنم کی آگ ان کے درمیان داخل نہیں فرمائے گا۔[1]

خلال کرنا

وضو میں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھونے کے بعد انگلیوں کا خلال کرنا افضل ہے، اسی طرح پاؤں کو دھونے کے بعد انگلیوں کا خلال کرنا افضل ہے۔[2]

ہاتھ دھوتے وقت انگلیوں کا خلال کرے یا بعد میں دونوں طرح درست ہے۔[3]

☆ خلال کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ ہاتھ کی انگلیوں میں تشبیک کریں، یعنی ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں داخل کریں، اور پیر کی انگلیوں کے خلال کا طریقہ یہ ہے کہ بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کو دائیں پیر کی چھوٹی انگلی سے خلال کرنا شروع کریں اور انگوٹھے تک لائیں، پھر بائیں پیر کے انگوٹھے سے خلال

---

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : خللوا بين أصابعكم لاتخللها الله عزّ وجلّ يوم القيامة في النّار . (سنن الدار قطني : (۱/۱٦٦) رقم الحديث : ۳۱۸، كتاب الطهارة ، باب وجوب غسل القدمين والعقبين ، ط: مؤسسة الرسالة ، بيروت)

☆ فيض القدير للمناوي : (۳/۵۱۳) رقم الحديث : ۳۵۹۱ ، حرف الخاء ، ط: المكتبة التجارية الكبرى ، مصر .

☆ كنز العمال : (۹/۳۰۱) رقم الحديث : ۲٦۱۰۰ ، حرف الطاء ، كتاب الطهارة ، من قسم الأقوال ، الباب الثاني في الوضوء ، الفصل الثاني : في آداب الوضوء ، التخليل في الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة ، بيروت .

(۳،۲) والثاني عشر : تخليل الأصابع في اليدين والرجلين بعد إيصال الماء إلى ما بين الأصابع والتخليل للمبالغة سنة . (تحفة الفقهاء : (۱/۱۳) كتاب الطهارة ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

☆ وسنته أيضًا تخليل اللحية...... وتخليل الأصابع من اليد والرجلين بعد التثليث . (درر الحكام شرح غرر الأحكام : (۱/۱۱) كتاب الطهارة ، سنن الوضوء ، ط: دار إحياء الكتب العربية)

☆ الدر مع الرد : (۱/۱۱۸) كتاب الطهارة ، مطلب في منافع السواك ، ط: سعيد .

کرنا شروع کریں، اور آخر میں چھوٹی انگلی تک لائیں، اس طرح دائیں پیر کی چھوٹی انگلی سے شروع ہو کر بائیں پیر کی چھوٹی انگلی پر ختم ہو جائے گا۔ (۱)

☆ اگر پیر کی انگلیاں بالکل چپکی اور ملی ہوئی ہوں تو خلال کے ذریعہ پانی پہنچانا فرض ہوگا۔ (۲)

خلال کرنا چھوٹی انگلیوں سے

”چھوٹی انگلی سے پیر کی انگلیوں کا خلال کرنا“ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۹۸)

(۱) ويسنّ أن يخلل الأصابع ...... والأحب في كيفية التخليل أن يخلل باليد اليسرى من أسفل أصابع الرجل اليمنى ويبدأ بالخنصر من الرجل اليمنى ويختم بالخنصر من اليسرى . وعبارة الرافعي : يخلل بخنصر اليد اليسرى من أسافل الأصابع مبتدئا بخنصر الرجل اليمنى مختتما بخنصر اليسرى ورد الخبر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم كذلك ذكره الأئمة ...... وهل التخليل من خاصية أصابع الرجلين أم هو مستحب في أصابع اليدين أيضًا معظم أئمة المذهب ذكروه في أصابع الرجلين وسكتوا عنه في اليدين ، لكن ابن كج قال : أنّه مستحب فيهما لما روي أنه صلى الله عليه وسلم ، قال للقيط بن صبرة : إذا توضأت فخلل الأصابع فإن لفظ الأصابع يشملهما ، وروى الترمذي عن ابن عباس رفعه : إذا توضأت فخلل بين أصابع يديك ورجليك . وعلى هذا فالذي يقرب من الفهم ههنا أن يشبك بين الأصابع ولا تعود فيه الكيفية المذكورة في الرجلين . (إتحاف السادة المتقين بشرح إحياء علوم الدين : (۳٦٥/۲) كتاب أسرار الطهارة ، باب آداب قضاء الحاجة ، كيفية الوضوء ، ط: مؤسّسة الرسالة)

ومثله في معارف السنن : (۱۸۳/۱) أبواب الطهارة ، باب في تخليل الأصابع ، ط: سعيد .

ومثله في الدر مع الرد : (۱۱۸/۱) كتاب الطهارة ، مطلب في منافع السواک ، ط: سعيد .

ومثله في حلبي كبير : (ص: ۳۴) ومن الآداب أن يستاک ، ط: سهيل اكيڈمى لاهور.

(۲) وهذا بعد دخول الماء خلالها ، فلو منضمة فرض . (قوله : فرض) أي التخليل ؛ لأنّه حينئذ لا يمكن إيصال الماء إلاّ به فالفهم . (الدر مع الرد : (۱۱۸/۱) كتاب الطهارة ، مطلب : في منافع السواک ، ط: سعيد)

ومثله في إتحاف السادة المتقين : (۳٦٥/۲) كتاب أسرار الطهارة ، باب آداب قضاء الحاجة ، كيفية الوضوء ، ط: مؤسّسة التاريخ العربي .

ومثله في تحفة الفقهاء : (۱۳/۱) كتاب الطهارة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت .

ومثله في معارف السنن : (۱۸۵/۱) أبوب الطهارة ، باب في تخليل الأصابع ، ط: سعيد .

خلاء

''خلاء'' کا معنی خالی ہونا، اور فقہاء کرام کی زبان میں ''خلاء'' سے مراد وہ جگہ جہاں قضائے حاجت کی جائے، جس کو عرف عام میں ''بیت الخلاء'' یا ''فلش'' یا ''واش روم'' وغیرہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ (۱)

خواب سچا ہوتا ہے

''سوتے وقت وضو کی فضیلت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۱۹/۱)

خوشبو کا استعمال

وضو کر کے فارغ ہونے کے بعد خوشبو لگا کر مسجد میں جانا بہتر ہے، جلیل القدر صحابی حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ جب وضو سے فارغ ہوتے تو مشک ہاتھ میں مل کر داڑھی پر لگاتے۔ (۲)

---

(۱) اذا أراد الانسان دخول الخلاء وهو بيت الغوط ...... (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۳۳/۱) ط: سعيد)

⇐ (خلا) خلا المكان و الشيء يخلو خلوا خلاء و اخلى اذا لم يكن فيه أحد ولا شيء فيه وهو خال والخلاء من الأرض قرار خال. (لسان العرب، الواو والياء، المادة: خلا، (۲۳۷/۱۴) ط: دار صادر، بيروت)

(۲) عن يزيد بن أبي عبيد أن سلمة بن الأكوع كان إذا توضأ يأخذ المسك، فيدیفه في يده، ثم يمسح به لحيته. (مجمع الزوائد: (۲۴۰/۱) رقم الحديث: ۱۲۲۳، كتاب الطهارة، باب الطيب بعد الوضوء، ط: مكتبة القدس، القاهرة)

⇐ المعجم الكبير للطبراني: (۵/۷) رقم الحديث: ۶۲۲۰، باب السين، من اسمه: سلمة، سلمة بن عمرو بن الأكوع الأسلمي من اخباره، ط: مكتبة ابن تيمية، القاهرة.

⇐ كنز العمال: (۱۲۳/۷) رقم الحديث: ۱۸۲۹۲، حرف الشين، كتاب الشمائل، الباب الثالث في شمائل تتعلق بالعادات المعيشة، ط: مؤسسة الرسالة، بيروت.

خون

زندہ آدمی کے جسم سے اگر خون یا پیپ یا کوئی ناپاک چیز نکلے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے، بشرطیکہ وہ چیز انسان کے جسم سے ٹپک جائے، یا اپنے مقام سے بہہ کر اس مقام پر پہونچ جائے جس کا دھونا وضو یا غسل میں فرض یا واجب ہے۔ (۱)

☆ جس طرح بدن سے خون نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اسی طرح بدن میں خون داخل کرنے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

☆ جس طرح بدن سے خون نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اسی طرح بدن سے خون نکالنے سے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۲)

خون بند نہیں ہو رہا

''زخم کا خون بند نہیں ہو رہا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۸۹/۱)

خون ٹیسٹ کرنا

خون ٹیسٹ کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۳)

---

(۱) ومنها ما يخرج من غير السبيلين و يسيل الى ما يظهر من الدم و القيح و الصديد و الماء لعلة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۰/۱) ط: رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۳۴/۱) ط: سعيد.

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۱/۱) ط: سعيد.

(۲) (والمخرج) بعصر (والخارج) بنفسه (سيان) في حكم النقض على المختار كما في البزازية، قال: لأن في الاخراج خروجا فصار كالفصد وفي الفتح عن الكافي انه الأصح واعتمده القهستاني، وفي القنية و جامع الفتاوى أنه الأشبه ومعناه انه الأشبه بالمنصوص رواية والراجح دراية فيكون الفتوى عليه. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۳۷/۱-۱۳۶) ط: سعيد)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، (۱۲۳/۱) ط: ادارة القرآن

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۳/۱) ط: سعيد.

☆ احسن الفتاویٰ: (۲۳/۲) کتاب الطہارۃ، عنوان: ''وریدی انجکشن ناقض وضو ہے''، ط: سعید۔

(۳) تقدم تخريجه تحت العنوان: ''خون''.

خون چڑھانا

خون چڑھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔[۱]

خون داخل کرنا

بدن میں خون داخل کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔[۲]

خون رستا ہے

''زخم سے خون رستا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۸۸/۱)

خون زخم کے منہ پر تھا

''زخم کے منہ پر خون تھا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۹۰/۱)

خون نتھنے میں آجائے

اگر خون ناک سے نکل کر نتھنے میں آجائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔

اور ''نتھنا'' ناک کے اس نرم حصہ کو کہتے ہیں جس کو غسل میں دھونا واجب ہے۔[۳]

خون نکالنا

بدن سے خون نکالنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔[۴]

(۱، ۲، ۴) تقدم تخريجه تحت العنوان: ''خون''.

(۳) ولو نزل الدم من الراس الى موضع يلحقه حكم التطهير من الأنف و الأذنين نقض الوضوء" كذا في المحيط. والموضع الذي يلحقه حكم التطهير من الأنف ما لان منه ، كذا في الملتقط.

(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث ، (۱۱/۱) ط:رشيدية)

ﷺ البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۳۲/۱) ط:سعيد.

ﷺ ردالمحتار، كتاب الطهارة ، (۱۳۴/۱) ط:سعيد.

خون نکل کر پھیل جانے سے وضو ٹوٹتا ہے

اگر خون یا پیپ زخم کے منہ سے نکل کر اطراف میں پھیل جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے، ورنہ وضو نہیں ٹوٹے گا۔[1]

خون نکلنا

بدن سے خون نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔[2]

خون نکلوایا

اگر کسی نے زخم یا رگ وغیرہ سے خون نکلوایا تو وضو ٹوٹ جائے گا، البتہ اگر خون زخم کے منہ پر ہی رہے، زخم کے منہ سے آگے نہ بڑھے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[3]

---

(۱) تقدم تخریجه تحت العنوان: "چوٹ".

۵ (وينقضه) خروج منه كل خارج (نجس)...... (منه) اى من المتوضئ الحى معتادا أو لا، من السبيلين أو لا (الى مايطهر)...... اى يلحقه حكم التطهير. (الدر مع الرد: (۱/ ۱۳۴). كتاب الطهارة، نواقض الوضوء، ط: سعيد)

د قوله: وفي السراج عن الينابيع: الدم السائل على الجراحة إذا لم يتجاوز قال بعضهم: هو طاهر ...... الخ. ومقتضاه أنّه غير ناقض؛ لأنّه بقي طاهرًا بعد الإصابة وإن المعتبر خروجه إلى محل يلحقه حكم التطهير من بدن صاحبه. (الشاميه: (۱۳۵/۱) كتاب الطهارة، مطلب: نواقض الوضوء، ط: سعيد)

ح حلبی كبير: (ص: ۱۳۱) فصل في نواقض الوضوء، ط: سهيل اكيڈمی لاهور.

(۲) تقدم تخریجه تحت العنوان: "خون".

(۳) تقدم تخریجه تحت العنوان: "خون" و "چوٹ".

داڑھی دھونا

داڑھی کی دو قسمیں ہیں: گھنی اور ہلکی، اگر بالوں کے درمیان سے چہرے کی کھال نظر آتی ہے تو ایسی داڑھی ہلکی شمار ہوتی ہے، ایسی داڑھی اور نظر آنے والی کھال کو دھونا فرض ہے۔

اور جس داڑھی میں چہرے کی کھال نظر نہیں آتی ہے وہ گھنی داڑھی شمار ہوتی ہے، اور اس میں چہرے کی حدود میں جو داڑھی واقع ہو اس کا دھونا فرض ہے اور جو داڑھی لٹکی رہے اس کا دھونا فرض نہیں، صرف مسح کرنا کافی ہے۔ (۱)

داڑھی کا خلال

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب وضو کرتے تو داڑھی کا اور انگلیوں کا خلال

(۱) والصحیح وجوب غسلها بمعنی افتراضه..... وهذا كله في الكثة اما الخفيفة التي ترى بشرتها فيجب ايصال الماء الى ما تحتها وهذا كله في غير المسترسل واما المسترسل فلا يجب غسله ولا مسحه لكن ذكر في منية المصلي انه سنة. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱٦) ط: سعيد)

⇦ ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۰۰) ط: سعيد.

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول، (۱/ ۳) ط: رشيدية.

⇦ ثم لا خلاف ان المسترسل لا يجب غسله ولا مسحه بل يسن وان الخفيفة التي ترى بشرتها يجب غسل ما تحتها. (قوله المسترسل) اي الخارج عن دائرة الوجه وفسره ابن حجر في شرح المنهاج بما لو مد من جهة نزوله لخرج عن دائرة الوجه. (الدر مع الرد: (۱/ ۱۰۰)، كتاب الطهارة، فرائض الوضوء، ط: سعيد)

: وروى عن ابي حنيفة ومحمد رحمهما الله تعالى انه يجب امرار الماء على ظاهر اللحية هو الاصح كذا في التبيين وهو الصحيح هكذا في الزاهدي، والشعر المسترسل من الذقن لا يجب غسله كذا في المحيطين. (هندية، (۱/ ۴) كتاب الطهارة، الباب الاول، ط: رشيدية)

(البحر: (۱/ ۱٦)، كتاب الطهارة، فرائض الوضوء، ط: سعيد)

کرتے اور کہتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح (وضو میں) کرتے تھے۔ (۱)

داڑھی کا خلال کرنا سنت ہے

وضو کے دوران منہ دھوتے وقت داڑھی کا خلال کرنا سنت ہے۔ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم داڑھی خلال فرماتے تھے۔ (۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو فرماتے تو ہتھیلی میں پانی لیتے اسے ٹھوڑی سے نیچے داخل کرتے ہوئے (انگلیوں سے) خلال فرماتے، اور فرماتے کہ اسی طرح میرے رب نے حکم دیا ہے۔ (۳)

(۱) وعن نافع: عن ابن عمر رضی اللہ عنهما انه كان إذا توضا خلل لحيته و اصابع رجليه، ويزعم انه راى رسول الله صلى الله عليه وسلم يفعل ذلك. (مجمع الزوائد: (۱/۲۳۵) رقم الحديث: ۱۲۰۷، كتاب الطهارة، باب التخليل، ط: مكتبة القدس، القاهرة)
مصنف ابن ابي شيبة: (۱/۲۰) رقم الحديث: ۱۱۵، كتاب الطهارات، في تخليل اللحية في الوضوء، ط: مكتبة الرشد.
المعجم الأوسط: (۲/۹۳) رقم الحديث: ۱۳۶۳، باب الألف، من اسمه: احمد، ط: دار الحرمين القاهرة.

(۲) عن ابي وائل عن عثمان بن عفان انّ النّبي صلى الله عليه وسلم: كان يخلل لحيته. (جامع الترمذي: (۱/۱۳) ابواب الطهارة، باب في تخليل اللحية، ط: سعيد)
سنن ابن ماجه: (ص: ۳۴) ابواب الطهارة، باب ماجاء في تخليل اللحية، ط: قديمي.
صحيح ابن خزيمة: (۱/۷۸) رقم الحديث: ۱۵۲، كتاب الوضوء، باب تخليل اللحية في الوضوء، ط: المكتب الإسلامي.

(۳) عن انس بن مالك انّ رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم كان إذا توضا اخذ كفًا من ماء، فادخله تحت حنكه فخلل به لحيته، وقال: هكذا امرني ربي عزّ وجلّ. (السنن الكبرى للبيهقي: (۱/۵۴) كتاب الطهارة، باب تخليل اللحية، ط: دار الإشاعت)
مجمع الزوائد: (۱/۲۳۵) رقم الحديث: ۱۱۹۸، كتاب الطهارة، باب التخليل، ط: مكتبة القدس، القاهرة.
سنن ابي داود: (۱/۳۱) كتاب الطهارة، باب تخليل اللحية، ط: رحمانيه.
فتح القدير: (۱/۳۰) كتاب الطهارات، ط: دار الفكر.

واضح رہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی گھنی تھی، اس لئے آپ داڑھی کا خلال فرماتے، جن کی داڑھی گھنی ہو، کھال نظر نہ آتی ہو، ان کے لئے داڑھی کا خلال کرنا سنت ہے۔

اور اگر داڑھی گھنی نہیں ہے تو کھال تک پانی پہنچانا فرض ہے۔ (۱)

دامن سے پانی خشک کرنا

اگر وضو کرنے کے بعد اتفاقی طور پر کبھی دامن سے پانی خشک کرلے تو منع نہیں ہے۔

لیکن ہمیشہ وضو کا پانی دامن سے خشک کرنے کی عادت بنالینا نحوست ہے۔ (۲)

(۱) فإن كانت اللحية كثيفة لاترى بشرتها، فيجب فقط غسل ظاهرها، ويسن تخليل باطنها، ولا يجب إيصال الماء إلى بشرة الجلد لعسر إيصال الماء إليه ولما روى البخاري أنه صلى الله عليه وسلم توضأ فغرف غرفة غسل بها وجهه و كانت لحيته الكريمة كثيفة، وبالغرفة الواحدة لايصل الماء إلى ذلك غالبًا. (الفقه الإسلامي وأدلته: (۳۶۹/۱) الباب الأول: الطهارات، الفصل الرابع: الوضوء وما يتبعه، ثالثًا: غسل اليدين إلى المرفقين مرة واحدة، ط: دار الفكر، دمشق)

⇐ السعاية: (۱۲۷/۱) كتاب الطهارة، تخليل اللحية والأصابع، ط: سعيد.

⇐ الدر مع الرد: (۱۰۱/۱) كتاب الطهارة، مطلب في معنى الاشتقاق وتقسيمه إلى ثلاثة أقسام، ط: سعيد.

(۲) عن معاذ بن جبل رضي الله عنه، قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم: إذا توضأ مسح وجهه بطرف ثوبه. هذا حديث غريب وإسناده ضعيف، ورشدين بن سعد و عبد الرحمن بن زياد بن أنعم الأفريقي يضعفان في الحديث. (سنن الترمذي: (۱۸/۱) أبواب الطهارة، باب المنديل بعد الوضوء، ط: سعيد)

⇐ مشكاة المصابيح: (ص: ۴۷) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثاني، ط: قديمي.

⇐ كان يمسح على وجهه بطرف ثوبه في الوضوء، أي ينشف به، و لضعف هذا الخبر ذهب الشافعية إلى أن الأولى ترك التنشيف بلا عذر بل كرهه بعضهم بطرف ثوبه أو ذيله لما قيل إنه يورث الفقر. (فيض القدير للمناوي: (۶۸۰/۲، ۶۸۱) رقم الحديث: ۷۱۲۶، حرف الكاف، ط: دار الحديث القاهرة)

⇐ الشمائل الشريفة: (۳۷۰/۱) رقم الحديث ۷۰۲، ط: دار طائر العلم.

دانت

☆ اگر کوئی شخص کسی چیز کو دانت سے کاٹے یا پکڑے، اور اس پر خون کا اثر ظاہر ہو، تو کپڑا یا ہاتھ دانتوں پر رکھ کر دیکھے، اگر اس پر خون نہ نکلے تو وضو باقی رہے گا، اور اگر کپڑا یا ہاتھ دانتوں پر رکھنے کے بعد خون نکلا ہے تو وضو ٹوٹ گیا، نماز کے لئے دوبارہ وضو کرنا لازم ہوگا۔

☆ دانتوں میں کسی نے خلال کیا، اور خلال میں خون کی سرخی دکھائی دی، یا دانت سے کوئی چیز کاٹی اور اس چیز پر خون کا دھبہ نظر آیا لیکن تھوک میں خون کا رنگ بالکل نظر نہیں آیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

☆ اگر کسی شخص نے روٹی یا کوئی پھل وغیرہ کھایا، اس میں خون کا اثر نظر آیا جو مسوڑھوں سے آرہا تھا تو اس کو چاہئے کہ وہاں پر انگلی رکھ کر دیکھے، اگر انگلی میں خون کا اثر دکھائی دے تو وضو ٹوٹے گا ورنہ نہیں۔ (۱)

دانت ٹوٹے ہوئے ہوں

''مسواک نہ ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۲۷/۲)

دانت سے خون نکلنا

اگر دانت سے خون نکل کر تھوک کا رنگ سرخی مائل ہو جائے، یا منہ میں خون کا

(۱) المتوضئ اذا عض شيئا فوجد فيه أثر الدم أو استاك بسواك فوجد فيه أثر الدم لا ينتقض مالم يعرف السيلان، كذا في الظهيرية. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۱/۱) ط: رشيدية)

(۲) البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۲/۱) ط: سعيد.

(۳) الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، (۱۲۷/۱) ط: ادارة القرآن.

ذائقہ آنے لگے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

دانت گر گیا

اگر کچھ دانت گر جانے کی وجہ سے مسواک استعمال کرنا مشکل ہو تو منجن یا پیسٹ وغیرہ سے دانت صاف کرنے سے مسواک کا ثواب ملے گا، اور اگر مجبوری نہیں ہے تو منجن یا پیسٹ وغیرہ سے دانت صاف کرنے کی صورت میں مسواک کا ثواب نہیں ملے گا۔ (۲)

دانت میں چاندی بھری ہوئی ہو

دانتوں میں کیڑا لگ جانے کی صورت میں ڈاکٹر حضرات علاج کے طور پر اندر صفائی کر کے چاندی یا کوئی اور دھات بھر کر فلم کر دیتے ہیں اور فلم فکس ہو جاتی ہے تو اس پر وضو اور غسل دونوں صحیح ہیں۔ (۳)

---

(۱) وان خرج من نفس الفم تعتبر الغلبة بينه و بين الريق فان تساويا انتقض الوضوء ويعتبر ذلك من حيث اللون فان كان احمر انتقض وان كان اصفر لاينتقض، كذا في التبيين. المرغيني إذا عض شيئاً فوجد فيه اثر الدم او استاك بسواك فوجد فيه اثر الدم لاينتقض مالم يعرف السيلان. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱۱/۱) ط:رشيدية)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۳/۱) ط:سعيد.

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، (۱۲۷/۱) ط:ادارة القرآن.

(۲) وعند فقده او فقد اسنانه تقوم الخرقة الخشنة او الأصبع مقامه. (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۱۵/۱) ط:سعيد)

⇐ الحلبي كبير، كتاب الطهارة، (ص:۳۲) ط:سهيل اكيدمي.

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۷/۱) ط:رشيدية.

(۳) (و) لا يمنع (ما على ظفر صباغ و) لا (طعام بين اسنانه) او في سنه المجوف، به يفتى، وقيل ان صلباً منع وهو الاصح. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱۵۳/۱-۱۵۴) ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، (۴/۱) ط:رشيدية.

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱۳/۱) ط:سعيد. =

دانت میں فلم ہو

''دانت میں چاندی بھری ہوئی ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۳۳٤)

دانتوں پر مسّی جم جائے

اگر دانتوں پر مسّی جم جائے تو اس پر وضو ہو جائے گا لیکن غسل صحیح نہیں ہوگا۔(۱)

دانت ملتے ہوں

''مسواک نہ ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

دایاں پیر پہلے پھر بایاں پیر دھوئے

پیر دھونے کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ پہلے دائیں پیر پر دائیں ہاتھ سے پانی گرا کر بائیں ہاتھ سے تین مرتبہ دھوئے پھر دائیں ہاتھ سے بائیں پیر پر پانی گرا کر بائیں ہاتھ سے دھوئے۔

حضرت عبد خیر نے ذکر کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ سلم کے وضو کو دکھاتے ہوئے یہ کہا کہ دائیں پیر کو ٹخنے تک تین مرتبہ دھویا، پھر بایاں

قال محمد رحمه الله تعالى في الجامع الصغير: ولا يشد الأسنان بالذهب ويشدها بالفضة يريد به إذا تحركت الأسنان وخيف سقوطها فأراد صاحبها أن يشدها يشدها بالفضة ولا يشدها بالذهب وهذا قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى، وقال محمد رحمه الله تعالى يشدها بالذهب أيضا. (الفتاوى الهندية، كتاب الكراهية، الباب العاشر، (۵/۳۳٦) ط: رشيدية)

امداد الفتاوى، (۱/۷۷) كتاب الطهارة، فصل في الغسل، ط: مكتبه دار العلوم.

(۱) (ولا يمنع) (ما على ظفر صباغ و) لا (طعام بين أسنانه) أو في سنه المجوف، به يفتى، وقيل إن صلبا منع وهو الأصح. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۵۴-۱۵۲) ط: سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، (۱/۳) ط: رشيدية.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۱۳) ط: سعيد.

پیر تین مرتبہ ٹخنے تک دھویا۔[1]

دایاں دھوئے

☆ وضو، غسل اور دیگر شرف وزینت کے امور میں پہلے دایاں عضو پھر بایاں اختیار کرنا مسنون ہے، اس کے خلاف کرنا مکروہ ہے۔[2]

اور وضو کے دوران ہاتھوں اور پیروں میں پہلے دائیں ہاتھ اور دایاں پیر دھونا مسنون ہے، باقی کانوں، ہتھیلیوں اور دونوں گالوں میں دائیں جانب کو مقدم کرنا سنت نہیں ہے، بلکہ دونوں کو ایک ساتھ دھونا اور مسح کرنا سنت ہے۔[3]

---

(۱) عن عبد خير، عن علي رضي الله عنه أنه دعا بوضوء، فأتي بإناء فيه ماء، فذكر الحديث إلى أن قال: ثم صب بيده اليمنى ثلاث مرات على قدمه اليمنى ثم غسلها بيده اليسرى، ثم صب بيده اليمنى على قدمه اليسرى ثلاث مرات ثم غسلها بيده اليسرى، ثم قال: هذا طهور رسول الله صلى الله عليه وسلم (السنن الكبرى للبيهقي: (۱۲۰/۱) رقم الحديث: ۳۵۱، كتاب الطهارة، جماع أبواب سنة الوضوء باب قراءة من قرأ ﴿وأرجلكم﴾ نصبا وأن الأمر رجع إلى الغسل، ط: دار الكتب العلمية، بيروت)
⇐ سنن الدار قطني: (۱۵۵/۱) رقم الحديث: ۲۹۹، كتاب الطهارة، باب صفة وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم، ط: مؤسسة الرسالة بيروت.
⇐ مسند أحمد: (۳۵۰/۲) رقم الحديث، ۱۱۳۳، مسند علي بن أبي طالب رضي الله عنه، ط: مؤسسة الرسالة.

(۲) وقال النووي: أجمع العلماء على أن تقديم اليمين في الوضوء سنة: من خالفها فاته الفضل وتم وضوءه..... وقال النووي: واعلم أن الابتداء باليسار وإن كان مجزئا، فهو مكروه. (عمدة القاري: (۳۲/۳) كتاب الوضوء، باب التيمن في الوضوء والغسل، ط: دار إحياء التراث العربي)
⇐ شرح النووي على المسلم: (۱۳۲/۱) كتاب الطهارة، باب الستطابة، ط: قديمي.
⇐ عون المعبود: (۱۸۸۷/۲) كتاب اللباس، باب في الانتعال، ط: دار ابن حزم.

(۳) وأجمع العلماء أن تقديم اليمين على اليسار من اليدين والرجلين في الوضوء سنة..... ثم اعلم أن من أعضاء الوضوء ما لا يستحب فيه التيامن وهو الأذنان والكفان والخدان بل يطهران دفعة واحدة (شرح النووي على الصحيح لمسلم: (۱۳۲/۱) كتاب الطهارة، باب الاستطابة، ط: قديمي)
⇐ عمدة القاري: (۳۲/۳) كتاب الوضوء، باب التيمن في الوضوء والغسل، ط: دار إحياء التراث العربي.
⇐ عون المعبود: (۱۸۸۷/۲) كتاب اللباس، باب في الانتعال، ط: دار بن حزم.

☆ اگر کسی نے بایاں ہاتھ یا بایاں پیر پہلے دھولیا تو دوبارہ دھونے کی ضرورت نہیں۔ (۱)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم وضو کرو تو دایاں دھو۔ (۲)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو جوتا پہنے، کنگھی کرنے اور طہارت کے مسئلہ میں بلکہ ہر کام میں دایاں جانب پسند تھا۔ (۳)

دائیں بائیں دیکھنا

پیشاب، پاخانہ کرتے وقت بلا ضرورت دائیں بائیں نہ دیکھے۔ (۴)

دائیں کی فضیلت

عبادات کے مقام میں دائیں کو بائیں پر فضیلت ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ

(۱) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۲، على الصفحة: ۳۳۶. (وقال النووي:)

(۲) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا توضأتم فابدء وا بميامنكم، (سنن ابن ماجه: (ص: ۳۳) أبوب الطهارة، التيمن في الوضوء، ط: قديمي)

ﺩ فيض القدير للمناوي: (۳۲۲/۱) رقم الحديث: ۳۵۵، حرف الهمزة، ط: المكتبة التجارية، مصر.

ﮦ عمدة القاري: (۳۲/۳) كتاب الوضوء، باب التيمن في الوضوء والغسل، ط: دار إحياء التراث العربي.

(۳) عن عائشة رضي الله عنها قالت: كان النّبي صلى الله عليه وسلم يعجبه التيمن في تنعله وترجله وطهوره وفي شأنه كله. (صحيح البخاري: (۲۹/۱) كتاب الوضوء، باب التيمن في الوضوء والغسل، ط: قديمي)

ﺝ الصحيح لمسلم: (۱۳۲/۱) كتاب الطهارة، باب النهي عن الاستنجاء باليمين، ط: قديمي.

ﻥ سنن ابن ماجه: (ص: ۳۲) أبواب الطهارة، التيمن في الوضوء، ط: قديمي.

(۴) ولا يكثر الالتفات. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/ ۵۰) ط: رشيدية)

ﺝ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۴۳/۱) ط: سعيد.

ﻥ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء، (۳۴۵/۱) ط: سعيد.

سے مروی ہے کہ مسجد کا دایاں حصہ بہتر ہے۔

ابن المسیب مسجد کے دائیں حصہ میں نماز پڑھتے تھے۔

ابراہیم نخعی کو امام کا دایاں جانب پسند تھا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ دائیں حصہ میں نماز پڑھتے تھے۔

اسی طرح حسن اور ابن سیرین مسجد کی دائیں طرف نماز پڑھتے تھے۔ (۱)

حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ مسجد کی دائیں طرف اور امام کے دائیں جانب ہونا مستحب ہے۔ (۲)

دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنا

☆ کسی عذر اور مجبوری کے بغیر دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنا مکروہ ہے۔ (۳)

☆ اگر کوئی عذر ہے تو دائیں ہاتھ سے استنجاء کرسکتا ہے۔ (۴)

(۱) عن ابن عمر قال: خير المسجد المقام ثم ميامن المسجد . وكان سعيد بن المسيب يصلي في الشق الأيمن من المسجد ، وكان إبراهيم النخعي يعجبه أن يقوم عن يمين الإمام ، وكان أنس يصلي في الشق الأيمن وكذا عن الحسن وابن سيرين . (عمدة القاري: (۳/۳۲) كتاب الوضوء، باب التيمن في الوضوء والغسل ، ط: دار إحياء التراث العربي ، بيروت)

⇦ شرح صحيح البخاري لابن بطال : (۲/۷۸) كتاب الوضوء ، باب التيمن في الوضوء والغسل ، ط: مكتبة الرشد ، الرياض .

(۲) واستدلّ به على استحباب الصلاة عن يمين الإمام وفي ميمنة المسجد . (فتح الباري : (۱/ ۲۷۰) كتاب الوضوء ، باب التيمن ، ط: دار المعرفة)

(۳) (وكره) تحريما ...... (..... وبيمين) ولا عذر بيسراه . (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء ، (۱/ ۳۴۰) ط:سعيد)

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ، (۱/ ۵۰) ط: رشيدية.

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس ، (۱/ ۲۴۳) ط: سعيد.

(۴) وفي فوائد ابي حفص الكبير انه سئل عن رجل شلت يده اليسرى ولا يقدر ان يستنجي بها كيف يستنجي بها؟ قال: يستنجي بيمينه. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول، نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه ، (۱/ ۱۰۳) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية) =

درخت کے نیچے پیشاب پاخانہ کرنا

☆ ایسے درخت کے نیچے پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے جس کے سایہ میں لوگ بیٹھتے ہیں۔

☆ پھول اور پھل والے درخت کے نیچے پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ (۱)

درود شریف پڑھنا وضو کے بعد

وضو کے بعد درود شریف پڑھنے سے ثواب ملتا ہے، اور رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جب تم وضو سے فارغ ہو تو "اشهد ان لا إله إلاّ الله وانّ محمدا عبده ورسوله" پڑھو، پھر مجھ پر درود بھیجو، ایسا کرو گے تو رحمت کے دروازے کھل جائیں گے۔ (۲)

= ☆ وان كان بالبسرى علر يمنع الاستنجاء بها جاز ان يستنجي بيمينه من غير كراهة، كذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰) ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۲۴۲) ط:سعيد.

(۱) عن معاذ بن جبل قال: قال رسول الله ﷺ: اتقوا الملاعن الثلاثة: البراز في الموارد وقارعة الطريق والظل. (سنن ابي داود، كتاب الطهارة، باب المواضع التي نهى عن البول فيها، (۱/۱۵) ط: رحمانيه)

☆ ويكره على طرف نهر او بئر او حوض او عين او تحت شجرة مثمرة او في زرع او في ظل ينتفع بالجلوس فيه. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۲۴۳) ط:سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰) ط:رشيديه.

☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، (۱/۳۴۳) ط:سعيد.

(۲) عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا فرغ احدكم من طهوره فليقل لا إله إلاّ الله وانّ محمدا عبده ورسوله، ثم ليصل عليّ فإذا قال ذلك فتحت له ابواب الرحمة. (القول البديع: (۱/۱۷۶) الباب الخامس في الصلاة عليه في أوقات مخصوصة، بعد الفراغ من الوضوء، ط: دار الريان للتراث) =

دریا

''دریا'' کا پانی خواہ میٹھا ہو یا نمکین ہر حال میں پاک ہے، اس سے وضو اور غسل کرنا جائز ہے۔[۱]

اور دریا کے پانی سے عام لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں، کسی کو دریا کا پانی استعمال کرنے سے منع کرنے کا حق نہیں ہے۔[۲]

دستانے پہن کر بلا وضو قرآن چھونا

☆ بدن میں پہنی ہوئی چیزوں سے بلا وضو قرآن چھونا جائز نہیں ہے، اور جو چیز بدن سے الگ ہو پہنی ہوئی نہ ہو جیسے رومال وغیرہ اس سے بے وضو بھی قرآن

= ⇐ كنز العمال : (۲۸۲/۹) رقم الحديث : (۲۶۰۳۲) حرف الطاء ، كتاب الطهارة ، الباب الأوّل ، الفصل الأوّل ، الفرع الأوّل في وجوب الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة .

⇐ اتحاف السادة المتقين : (۳۶۹/۲) كتاب الطهارة ، باب آداب قضاء الحاجة ، كيفية الوضوء ، ط: مؤسسة التاريخ العربي .

⇐ جلاء الأفهام : (۴۲۶/۱) الموطن التاسع والعشرون من مواطن الصلاة صلى الله عليه وسلم بعد الفراغ من الوضوء ، ط: دار العروبة ، الكويت.

(۱) (الطهارة من الأحداث جائزة بماء السماء والأودية والعيون والآبار والبحار) لقوله تعالى: وأنزلنا من السماء ماء طهورا و لقوله عليه السلام :الماء طهور لا ينجسه شيئ الا ما غير لونه أو طعمه أو ريحه و لقوله عليه السلام في البحر : هو الطهور ماؤه والحل ميته ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه. (الهداية مع فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لايجوز ، (۶۰/۱-۶۱) ط:رشيدية)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۶۶/۱) ط:سعيد.

⇐ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه ، (۱۷۹/۱) ط:سعيد.

(۲) اعلم ان المياه اربعة انواع، الأول: ماء البحار ولكل احد فيها حق الشفة و سقي الأراضي فلا يمنع من الانتفاع على أي وجه شاء. (ردالمحتار، كتاب احياء الموات، فصل الشرب ، (۴۳۸/۱) ط:سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الشرب ، (۳۹۰/۵) ط:رشيدية.

⇐ البحر الرائق، كتاب احياء الموات، مسائل الشرب، (۲۱۳/۸) ط:سعيد.

مجید کو چھونا جائز ہے۔

☆ دستانے بدن میں پہنے ہوئے ہوتے ہیں اس لئے اس سے بلا وضو قرآن مجید چھونا جائز نہیں ہے، البتہ رومال وغیرہ جو بدن سے الگ ہے اس سے بے وضو بھی قرآن مجید کو چھونا جائز ہے۔

☆ اگر عاقل بالغ مرد یا عورت کو قرآن مجید حفظ کرنے کی غرض سے بار بار چھونا پڑتا ہے تو وضو کرکے ہاتھ لگائے، بے وضو دستانہ پہن کر قرآن مجید کو نہ چھوئے۔ (۱)

دس نیکیاں ملتی ہیں وضو پر وضو کرنے سے

"وضو پر وضو کرنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۳۰۳)

دعا پڑھنا بھول گیا

"بیت الخلاء میں جانے سے پہلے دعا پڑھنا بھول گیا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۱۳۸)

---

(۱) ولایجوز لهم مس المصحف بالثیاب التي هم لابسوها . (الفتاوى الهندية : (۱/۳۹) كتاب الطهارة ، الباب السادس في الدماء المختصة بالنساء ، الفصل الرابع في أحكام الحيض والنفاس والاستحاضة ، ط: رشيديه)

☆ (ولا يجوز لهم) اى للجنب والحائض والنفساء (مس المصحف الا بغلافه)...... (وكذلك) لايجوز مس المصحف الا بغلافه ......(للمحدث) ايضا لما تقدم من الدليل لانه غير طاهر (هذا) بمعنى جواز الاخذ بالغلاف (اذا كان الغلاف غير مشرز) اى غير محبوك مشدود بعضه الى بعض مشتق من الشيرازة وهي اعجمية (وان كان الغلاف مشرزا) لايجوز الاخذ به ولا مسه قال في الهداية هو الصحيح يعني ان الغلاف ما يكون متجافيا لا ما يكون متصلا به لانه صار تبعا للمصحف ...... ويكره مسه بالكم هو الصحيح ...... ؛ لأنّ الثوب تبع للماس . (حلبى كبير : (ص:۵۹-۵۸) ط: سهيل اكيڈمى)

☆ ردالمحتار ، كتاب الطهارة، باب الحيض ، (۱/۱۷۳) ط: سعيد)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني ، بيان احكام المحدث، (۱/۱۳۷) ط: ادارة القرآن

دعاء توبہ پڑھنے کا راز

''وضو کے ختم پر دعاء توبہ پڑھنے کا راز'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۲۵۰)

دعا کب پڑھے

بیت الخلاء (واش روم) میں قدم رکھنے سے پہلے اور جنگل میں یا خالی میدان میں ستر، پاجامہ، شلوار اور دھوتی کھولنے سے پہلے دعا پڑھی جائے۔[1]

دعا کے لئے وضو کرنا

جو دعائیں کسی وقت کے ساتھ خاص نہیں ہیں ان دعاؤں سے قبل وضو کرلینا مستحب ہے، اور جو دعائیں اوقات اور احوال کے ساتھ خاص ہیں جیسے پاخانہ، پیشاب، بازار آنے جانے، گھر میں داخل ہونے اور نکلنے کے وقت، کھانے سے پہلے اور فارغ ہونے کے بعد اور سونے سے پہلے اور بیدار ہونے کے بعد وغیرہ ان دعاؤں سے پہلے وضو کرنا ثابت نہیں ہے۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابو عامر نے مجھ سے کہا کہ میرا اسلام، میرے لئے مغفرت کی دعا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کردینا، چنانچہ

---

(۱) (وسنته ...... والبداءة بالتسمية قولاً ...... قبل الاستنجاء وبعده) إلاّ حال انكشاف وفي محل نجاسة فيسمي بقلبه.

قوله: إلاّ حال انكشاف ...... الخ) الظاهر انّ المراد انّه يسمي قبل رفع ثيابه إن كان في غير المكان المعد لقضاء الحاجة، وإلاّ فقبل دخوله. (الدر مع الرد: (۱/ ۱۰۹) كتاب الطهارة، مطلب سائر بمعنى باقي لابمعنى جميع، ط: سعيد)

(۲) قوله: قبل دخوله) الأولىٰ التفصيل وهو إن كان المكان معدًا للملك يقول قبل الدخول وإن كان غير معد له كالصحراء ففي أوان الشروع كتشمير الثياب مثلاً قبل كشف العورة. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: (ص: ۵۱) كتاب الطهارة، فصل فيما يجوز به الاستنجاء، ط: قديمي)

(۳) حاشية الطحطاوي على الدر المختار: (۱/ ۶۷) كتاب الطهارة، ط: المكتبة العربي.

میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کی چارپائی پر تشریف فرما تھے، جس کے نشان جسم اطہر پر نمایاں تھے، میں نے ان کا سلام اور دعا پیش کر دی، تو آپ نے پانی منگایا، وضو کیا اور دعا کی کہ اے اللہ ابو عامر کی مغفرت فرما، اور اسے قیامت میں لوگوں سے فائق و بلند فرما۔ (۱)

دعا وضو کے شروع میں

"وضو کے شروع میں کیا دعا پڑھے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۵۸/۲)

